تفاسیر قرآن مجید

اور

مرزائی شبہات

جلد اول

مولانا شاہ عالم گورکھپوری

شاہی کتب خانہ دیوبند

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

تفصیلات

نام کتاب : تفاسیر قرآن مجید اور مرزائی شبہات

نام مرتب : مولانا شاہ عالم گورکھپوری نائب ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند

تعداد صفحات : ۳۲۸

سن طباعت : نومبر ۲۰۰۲ء

باہتمام : حافظ ابوبکر شاہی، منیجر، شاہی کتب خانہ دیوبند

کتابت : شاہی کمپیوٹر سینٹر، دیوبند

ناشر : شاہی کتب خانہ دیوبند۔ فون نمبر +01336,220345

قیمت : 110

ملنے کے پتے

1- دفتر، کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند

۲۔ مکتبہ دارالعلوم دیوبند

۳۔ دیوبند کے تمام کتب خانوں سے

۴۔ مدرسہ نورالاسلام، رامپور بلڈیہا، ضلع مہراج گنج (یوپی)

۵۔ ملی تعلیمی کونسل، ۵۵۲۔بی، موتی مسجد روڈ ذاکر نگر اوکھلائی دہلی۔۲۵
فون نمبر 011-6924730

19153
1724
کتب خانہ
عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ ملتان پاکستان

انتساب

دو شفیق ہستیوں کے نام

۱۔ حضرت والد ماجد محمد حدیث صاحب رحمۃ اللہ علیہ رحمۃً واسعۃً
جن کی حسن نیت آج بھی ہماری زندگی کے ہر موڑ پر کارفرما ہے۔

۲۔ استاذ مکرم حضرت مولانا قاری سید محمد عثمان صاحب مدظلہٗ،
ناظم کل مجلس تحفظ ختم نبوت و نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند
جن کی مربیانہ شفقتوں نے تحفظ ختم نبوت اور رد قادیانیت کے
میدان میں کچھ کر گذرنے کا حوصلہ بندھایا ہوا ہے۔

شاہ عالم گورکھپوری

کتاب میں مندرج تفاسیر کی تفصیلات

ترجمہ: شیخ الہند مولانا محمود الحسن دیوبندی: متوفی ۱۸ ربیع الثانی ۱۳۳۹ھ
(مطبوعہ خادم حرمین شریفین، شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس، مدینہ منورہ)

معارف القرآن مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مفتی اعظم ہندوپاکستان:
متوفی، ۱۱ شوال ۱۳۹۶ھ ۱۶ اکتوبر ۱۹۷۶ء (مطبوعہ دیوبند)

بیان القرآن: حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی: متوفی ۱۵ ارجب ۱۳۶۲ھ
(مندرجہ، معارف القرآن)

تفسیر ماجدی: مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی: متوفی، ۷ جنوری ۱۹۷۷ء
(مطبوعہ۔ لاہور)

ترجمہ کنز الایمان: مولانا مولوی مفتی شاہ محمد احمد رضا خانصاحب:
متوفی ۲۵ صفر۔ ۱۳۴۰ھ۔ ۱۹۲۱ء (مطبوعہ، تاج کمپنی لاہور، و کراچی)

خزائن العرفان: تفسیر مولانا مولوی سید محمد نعیم الدین صاحب: متوفی ۱۹۴۸ء

تفسیر ثنائی: مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری: متوفی۔ ۱۹۴۸ء (مطبوعہ چشم نور امرتسر)

تفہیم القرآن: مولانا ابوالاعلیٰ مودودی صاحب: متوفی ۲۲ ستمبر۔ ۱۹۷۹ء
(مطبوعہ: ادارہ ترجمان القرآن لاہور ۱۹۸۹ء)

جامع البیان: امام ابو جعفر محمد بن جریرؒ الطبری: متوفی ۳۱۰ھ
(مطبوعہ: دارالفکر بیروت، ۱۹۹۵ء)

کشاف: علامہ جار اللہ محمود بن عمرؒ زمخشری: متوفی ۵۳۸ھ
(مطبوعہ..........)

معالم التنزیل: محی السنۃ ابو محمد الحسین بن مسعودؒ الفراء البغوی:
متوفی ۵۱۶ھ (مطبوعہ مکتبۃ العلم، ملتان)

التفسیر الکبیر: امام فخر الدینؒ رازی متوفی ۶۰۶ھ (احیاء التراث العربی)

ابن کثیر: حافظ عماد الدین ابو الفداء اسماعیل بن کثیرؒ القرشی:
متوفی ۷۷۴ھ (مطبوعہ، مؤسسۃ الریان بیروت، الطبعۃ الرابعۃ)

اجمالی فہرست

آیت(۱) صِرَاطَ الَّذِیْنَ .... الضَّآلِّیْنَ .	۲۹
کیافرماتے ہیں مفسرین	۳۷
آیت(۲) وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ .... یُوْقِنُوْنَ.	۷۰
کیافرماتے ہیں مفسرین:	۷۸
آیت(۳) "وَاِذِابْتَلٰیٓ اِبْرَاهِیْمَ رَبُّه' ...... عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ.	۹۲
کیافرماتے ہیں مفسرین	۹۶
آیت(۴) 'وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ......مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ .	۱۴۹
کیافرماتے ہیں مفسرین۔	۱۵۴
آیت(۵) مَاکَانَ اللّٰهُ لِیَذَرَ الْمُؤْمِنِیْنَ...... فَلَکُمْ اَجْرٌ عَظِیْمٌ.	۱۸۱
کیافرماتے ہیں مفسرین۔	۱۸۵
آیت(۶) مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ......وَحَسُنَ اُولٰئِکَ رفیقا	۱۹۹
کیافرماتے ہیں مفسرین	۲۱۶
آیت(۷) اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ ......فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ.	۲۴۶
کیافرماتے ہیں مفسرین	۲۵۰
آیت(۸) "یٰبَنِیٓ اٰدَمَ اِمَّایَاْتِیَنَّکُمْ...... فِیْهَا خٰلِدُوْنَ.	۲۸۰
کیافرماتے ہیں مفسرین:	۲۸۸
آیت(۹) اُدْعُوْا رَبَّکُمْ ...... من المحسنین	۲۹۴
کیافرماتے ہیں مفسرین:۔	۲۹۷
آیت(۱۰) ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ ......اَنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ .	۳۱۶
کیافرماتے ہیں مفسرین:	۳۱۹

تفصیلی فہرست مضامین

وجہ تالیف وتقریظات	۱۲_۲۹
آیت نمبر ۱، اِھدِ ناالصّراطَ المُستقیم صراط الذین انعمت علیھم	۲۹
ترجمہ:	۲۹
خلاصہ:	۲۹
قادیانی استدلال۔	۳۱
جوابات	۳۲
قابل غور ٹھوکر اور گرو چیلا،	۳۵
کیا فرماتے ہیں مفسرین کرام۔	۳۷
معارف القرآن۔	۳۷
ہدایت کے معنی اور اس کے اقسام	۳۷
ہدایت کی تشریح اور اس کے فوائد	۴۲
تفسیر ماجدی۔	۴۳
ترجمہ:	۴۳
تفسیر۔	۴۳
ترجمہ کنزالایمان۔	۴۴
ترجمہ۔تفسیر	۴۴
تفسیر ثنائی۔	۴۵
ترجمہ	۴۵
تفسیر	۴۵
حاشیہ: بسلسلہ نظریہ سرسید احمد	۴۵
تفسیر تفہیم القرآن	۴۷
ترجمہ	۴۷
تفسیر	۴۷
تفسیر جامع البیان	۴۷
تفسیر کشاف	۵۵
تفسیر معالم التنزیل	۵۶
تفسیر کبیر: امام رازیؒ	۵۷
تفسیر ابن کثیر	۶۵
آیت ۲ ویومنون بما اُنزل الیک وما اُنزل من قبلک و بالآخرۃ ھم یو قنو ن	۷۰
ترجمہ۔	۷۰
خلاصہ	۷۰
قادیانی استدلال اور اسکے جوابات	۷۰
تفسیر مرزا قادیانی	۷۱
تفسیر حکیم نورالدین	۷۱
قادیانی علم ومعرفت	۷۲
مغالطہ نمبر ۱، اور اس کا جواب	۷۲
مغالطہ نمبر ۲، اور اسکے جوابات	۷۳
مغالطہ نمبر ۳، اور اس کا جواب	۷۵
مغالطہ نمبر ۴، اور اس کے جوابات	۷۶
کیا فرماتے ہیں مفسرین	۷۸
معارف القرآن	۷۸
مسئلہ ختم نبوت کی واضح دلیل	۷۹
تفسیر ماجدی	۸۱
ترجمہ	۸۱
تفسیر	۸۲
ترجمہ کنزالایمان تفسیر خزائن العرفان	۸۳
تفسیر ثنائی	۸۳
ترجمہ وتفسیر	۸۳
تفہیم القرآن	۸۳
ترجمہ وتفسیر	۸۳
جامع البیان	۸۵
کشاف	۸۶
معالم التنزیل	۸۶
تفسیر کبیر	۸۷
ابن کثیر	۸۹

آیت ۳ واذ ابتلیٰ ابراهیم ربه بکلمت فاتمهن قال انی جاعلک ۹۲

ترجمه	۹۲
خلاصه	۹۲
قادیانی استدلال	۹۲
جوابات	۹۳
قادیانی مغالطہ	۹۴
جوابات	۹۴
کیافرماتے ہیں مفسرین	۹۶
معارف القرآن بیان القرآن	۹۶
احکام ومسائل	۹۶
چند باتیں غور طلب	۹۶
پہلی بات	۹۷
دوسرا سوال	۹۷
تیسرا سوال	۱۰۳
چوتھا سوال	۱۰۳
پانچواں سوال	۱۰۴
تفسیر ماجدی	۱۰۴
ترجمہ وتفسیر	۱۰۴
ترجمہ کنزالایمان	۱۰۸
تفسیر خزائن العرفان	۱۰۸
تفسیر ثنائی	۱۰۹
ترجمہ	۱۰۹
تفسیر	۱۰۹
تفہیم القرآن	۱۱۰
ترجمہ وتفسیر	۱۱۰
جامع البیان	۱۱۰
کشاف	۱۲۲
معالم التنزیل	۱۲۴
تفسیر کبیر	۱۲۵
ابن کثیر	۱۴۱

آیت ۴: واذ اخذ الله میثاق النبیین لما آتیتکم من کتاب وحکمة ۱۴۹

ترجمہ	۱۴۹
خلاصہ	۱۴۹
قادیانی استدلال	۱۴۹
جوابات	۱۵۰
قادیانی مغالطہ	۱۵۲
جواب	۱۵۲
کیافرماتے ہیں مفسرین	۱۵۴
معارف القرآن بیان القرآن	۱۵۴
معارف ومسائل	۱۵۴
اللہ تعالیٰ کے تین عہد	۱۵۴
میثاق سے کیا مراد ہے اور کہاں ہوا	۱۵۵
تمام انبیاء سے ایمان کے مطالبہ کا فائدہ	۱۵۶
حضور ﷺ کی نبوت عامہ	۱۵۶
تفسیر ماجدی ترجمہ	۱۵۷
تفسیر	۱۵۷
کنزالایمان	۱۵۸
ترجمہ	۱۵۸
تفسیر	۱۵۸
تفسیر ثنائی	۱۵۹
ترجمہ تفسیر	۱۵۹
شان نزول	۱۵۹
تفہیم القرآن	۱۶۰
ترجمہ	۱۶۰
تفسیر	۱۶۰
جامع البیان	۱۶۱
کشاف	۱۶۷
معالم التنزیل	۱۶۸
تفسیر کبیر	۱۷۰
ابن کثیر	۱۷۸
حیات عیسیٰؑ اور مرزائی مغالطہ	۱۸۰

آیت نمبر۵:ماکان اللہ لیذر المؤ منین علی ما انتم علیہ، ۱۸۱
ترجمہ ۱۸۱
خلاصہ ۱۸۱
قادیانی استدلال ۱۸۲
جوابات ۱۸۲
آیت کا صحیح ترجمہ ومطلب ۱۸۴
کیا فرماتے ہیں مفسرین ۱۸۵
معارف القرآن ۱۸۵
بیان القرآن ۱۸۵
معارف ومسائل ۱۸۵
مومن ومنافق میں امتیاز عمل طور پر ۱۸۶
امور غیب پر اطلاع اور علم غیب ۱۸۶
تفسیر ماجدی ۱۸۷
ترجمہ ۱۸۷
تفسیر ۱۸۷
کنزالایمان ۱۸۸
ترجمہ ۱۸۸
تفسیر ۱۸۸
شان نزول ۱۸۸
تفسیر ثنائی ۱۸۹
ترجمہ ۱۸۹
تفسیر ۱۸۹
تفہیم القرآن ۱۹۰
ترجمہ ۱۹۰
تفسیر ۱۹۰
جامع البیان ۱۹۰
کشاف ۱۹۳
معالم التنزیل ۱۹۴
تفسیر کبیر ۱۹۵
ابن کثیر ۱۹۸

آیت۶ و من یطع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم ۱۹۹
ترجمہ ۱۹۹
خلاصہ ۱۹۹
قادیانی استدلال ۲۰۰
جوابات ۲۰۰
امام فخرالدین رازی کا قول ۲۰۰
حدیث نمبر۱ ۲۰۱
حدیث نمبر۲ ۲۰۱
حدیث نمبر۳ ۲۰۲
درجات کے ملنے کا تذکرہ ۲۰۲
نبوت وہبی چیز ہے ۲۰۵
علامہ شعرانی فرماتے ہیں ۲۰۵
قاضی عیاض لکھتے ہیں ۲۰۵
مرزا قادیانی کا اقرار ۲۰۶
مرزائی عذر۱ ۲۰۶
جواب ۲۰۶
مرزائی عذر۲ ۲۱۱
جوابات ۲۱۱
مرزائی عذر۳ ۲۱۳
ڈھول کا پول ۲۱۴
پہلا قرینہ ۲۱۴
دوسرا قرینہ ۲۱۴
مرزائی عذر۴ ۲۱۵
جوابات ۲۱۵
مرزائی عذر۵ ۲۱۵
جوابات ۲۱۵
کیا فرماتے ہیں مفسرین ۲۱۶
معارف القرآن،
بیان القرآن ۲۱۶
ربط آیات ۲۱۶

معارف مسائل	۲۱۷
خلاصہ	۲۱۷
شان نزول	۲۱۷
جنت میں ملاقات کی چند صورتیں	۲۱۸
قرب کی شرط محبت ہے	۲۱۹
رسول ﷺ کی رفاقت رنگ ونسل پر موقوف نہیں	۲۲۰
درجات کی تفصیل	۲۲۱
صدیقین کی تعریف	۲۲۲
شہدا کی تعریف	۲۲۳
صالحین کی تعریف	۲۲۳
تفسیر ماجدی	۲۲۳
ترجمہ	۲۲۳
تفسیر	۲۲۴
کنزالایمان	۲۲۵
ترجمہ	۲۲۵
تفسیر	۲۲۵
تفسیر ثنائی	۲۲۶
ترجمہ	۲۲۶
شان نزول	۲۲۶
تفسیر	۲۲۶
تفہیم القرآن	۲۲۷
ترجمہ	۲۲۸
تفسیر	۲۲۸
جامع البیان	۲۲۸
کشاف	۲۳۱
معالم التنزیل	۲۳۲
تفسیر کبیر	۲۳۳
ابن کثیر	۲۴۱
آیت ۷: الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی	۲۴۶
ترجمہ وخلاصہ	۲۴۶
قادیانی استدلال	۲۴۶
جواب	۲۴۷
قادیانی مغالطہ	۲۴۷
جوابات	۲۴۷
مغالطہ۲ اور اس کا جواب	۲۴۸
کیا فرماتے ہیں مفسرین	۲۵۰
معارف القرآن، بیان القرآن	۲۵۰
معارف ومسائل	۲۵۰
شان نزول	۲۵۱
عید، تہوار منانے کا اسلامی اصول	۲۵۲
خلاصہ	۲۵۳
تفسیر ماجدی	۲۵۸
ترجمہ	۲۵۸
تفسیر	۲۵۸
کنزالایمان	۲۵۹
ترجمہ وتفسیر	۲۵۹
شان نزول	۲۵۹
مسئلہ	۲۶۱
تفسیر ثنائی	۲۶۱
ترجمہ	۲۶۱
شان نزول وتفسیر	۲۶۱
تفہیم القرآن	۲۶۱
ترجمہ وتفسیر	۲۶۲
جامع البیان	۲۶۳
کشاف	۲۷۰
معالم التنزیل	۲۷۱
تفسیر کبیر	۲۷۲
ابن کثیر	۲۷۶

آیت ۸:یا بنی آدم اما یاتینکم رسل منکم ۲۸۰
ترجمہ ۲۸۰
خلاصہ ۲۸۰
قادیانی استدلال ۲۸۰
جوابات ۲۸۱
ضروری وضاحت ۲۸۱
شعر میں تاویل۲ ۲۸۵
تاویل کا تجزیہ ۲۸۵
مغالطہ۲ ۲۸۶
جواب ۲۸۶
مغالطہ۳ ۲۸۷
جواب ۲۸۷
کیا فرماتے ہیں مفسرین ۲۸۸
معارف القرآن، بیان القرآن ۲۸۸
تفسیر ماجدی ۲۸۸
ترجمہ و تفسیر ۲۸۸
کنز الایمان ۲۸۹
ترجمہ ۲۸۹
تفسیر ۲۸۹
تفسیر ثنائی ۲۸۹
ترجمہ ۲۸۹
تفسیر ۲۸۹
تفہیم القرآن ۲۸۹
ترجمہ ۲۸۹
تفسیر ۲۹۰
جامع البیان ۲۹۰
کشاف ۲۹۱
معالم التنزیل ۲۹۱
تفسیر کبیر ۲۹۲
ابن کثیر ۲۹۳

آیت ۹: ان رحمة الله قریب من المحسنین ۲۹۴
ترجمہ ۲۹۴
خلاصہ ۲۹۴
قادیانی استدلال ۲۹۴
جوابات ۲۹۴
کیا فرماتے ہیں مفسرین ۲۹۷
معارف القرآن ۲۹۷
بیان القرآن ۲۹۷
معارف و مسائل ۲۹۸
تفسیر ماجدی ۳۰۳
ترجمہ ۳۰۳
تفسیر ۳۰۳
کنز الایمان ۳۰۳
ترجمہ ۳۰۳
تفسیر ۳۰۳
تفسیر ثنائی ۳۰۳
ترجمہ ۳۰۳
تفسیر ۳۰۳
تفہیم القرآن ۳۰۳
ترجمہ ۳۰۳
تفسیر ۳۰۵
جامع البیان ۳۰۶
کشاف ۳۰۸
معالم التنزیل ۳۰۹
تفسیر کبیر ۳۱۰
ابن کثیر ۳۱۵

آیت ۱۰:ذلک بأن اللہ لم یک مغیرا

نعمۃ ۳۱۶
ترجمہ ۳۱۶
خلاصہ ۳۱۶
قادیانی استدلال ۳۱۷
جواب ۳۱۷
قادیانی مغالطہ ۳۱۷
جوابات ۳۱۷
کیافرماتے ہیں مفسرین ۳۱۹
معارف القرآن ۳۱۹
بیان القرآن ۳۱۹
معارف ومسائل ۳۱۹
تفسیر ماجدی ۳۲۲
ترجمہ ۳۲۲
تفسیر ۳۲۳

کنزالایمان ۳۲۳
ترجمہ ۳۲۳
تفسیر ۳۲۳
تفسیر ثنائی ۳۲۴
ترجمہ ۳۲۴
تفسیر ۳۲۴
تفہیم القرآن ۳۲۴
ترجمہ ۳۲۴
تفسیر ۳۲۴
جامع البیان ۳۲۵
کشاف ۳۲۵
معالم ۳۲۶
تفسیر کبیر ۳۲۶
ابن کثیر ۳۲۷
ہم ضرور پڑھیں اور یہ بھی یاد رکھیں ۳۲۸

رابطہ کے لئے ای۔میل

shahalamgorakhpuri@rediffmail.com

ویب سائٹ برائے معلومات تحفظ ختم نبوت وردقادیانیت

www.mtkn-deoband.org

ویب سائٹ دارالعلوم دیوبند برائے معلومات تحفظ ختم نبوت وردقادیانیت

www.darululoom-deoband.org
www.darululoom-deoband.com

Phone (Resi) 01336-220345 Fax 01336-220603

نوٹ: کتاب میں دیئے گئے حوالوں میں ﴿خ،ص﴾ سے مراد ان کتابوں کے صفحات ہیں جن میں قادیانیوں نے مرزا غلام احمد قادیانی کی تمام تصنیفات کو شامل کر کے روحانی خزائن کے نام سے شائع کیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب کی تالیف

ضروریات اور تقاضے

کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند کی زیرنگرانی جب تحفظ ختم نبوت اور ردقادیانیت کے موضوع پر کام بڑھا اور باضابطہ فضلاء دارالعلوم کے لئے یک سالہ اور دیگر مدارس کے اساتذہ کے لئے سہ ماہی کورس کا کامیاب نصاب تجویز ہوا، تو درس میں قادیانی استدلال اور اس کے جواب اور جواب الجواب کی تقریر کے بعد زیر بحث قرآنی آیات اور احادیث سے متعلق اِس تحقیق کی بھی ضرورت پیش آتی ہے کہ ہندوستان میں پائے جانیوالے دیگر مکاتب فکر کے مفسرین حضرات کا موقف کیا ہے۔ اوران کی تشریحات کیا ہیں؟

اس میں سالانہ کورس میں شریک طلبہ تو وقت ہونے کے باعث تلاش وورق گردانی کی دقتوں کے باوجود حسب ضرورت کتب خانہ دارالعلوم سے تمام تفاسیر کی طرف مراجعت کر لیتے ہیں، لیکن سہ ماہی کورس والوں کے لئے قلت وقت کے باعث یہ کام مشکل ہوجاتا ہے۔

اسی لئے ایک ایسے مجموعہ کی سخت ضرورت تھی جو دونوں کی مشکلات کو حل کر سکے اور مختصر وقت میں تمام مقاصد کے حصول میں معاون ہوسکے۔

تحفظ ختم نبوت کے میدان میں کام کرنے والے بعض علماء نے بتایا کہ قادیانیوں نے ایک آیت سے غلط اور گمراہ کن استدلال کیا، میں نے اپنے حلقہ میں دستیاب کتب تفاسیر کی روشنی میں اُس آیت کے معنی ومطلب کو سمجھا کر صحیح جواب دیدیا مگر قادیانیوں نے عوام کے دل ودماغ میں وسوسہ پیدا کرنے کے لئے یہ شوشہ چھوڑا کہ فلاں مفسر نے اس آیت کے یہ معنی ومطلب بیان کیے ہیں اور فلاں نے یہ مطلب بتایا ہے، اب ہم کس کی مانیں۔ موقع پر یہ اصولی جواب دینا تو آسان ہے کہ ہمارے مخالف مکاتب فکر کی تفسیریں ہمارے خلاف حجت

نہیں ہوسکتیں۔ تاہم یہ ضرورت تو باقی رہتی ہی ہے کہ یہ دیکھا جائے کہ واقعی انھوں نے ایسا کہا بھی ہے یا موروثی فطرت کے مطابق دفع الوقتی کے لئے قادیانیوں نے اُن مفسرین پر محض اتہام باندھا اور اپنا پیچھا چھڑایا ہے جیسا کہ مرزا قادیانی کیا کرتا تھا۔

اب دشواری یہ ہیکہ ایک تفسیر دستیاب ہے تو دوسری نہیں اور تلاش بسیار کے بعد وہ مل بھی گئی تو تیسری نہیں ملتی۔ اسطرح کی بیشمار دشواریاں سامنے آتی ہیں۔ لہٰذا اسکا کوئی حل نکلنا چاہئے۔

خود راقم سطور کے ساتھ، قصبہ رڑکی، ضلع ہریدوار میں ایک ایسا ہی واقعہ پیش آیا۔ قادیانی پوپ دھڑا دھڑ شیعی روایتیں اور کبھی چکڑالوی روایتیں اور کبھی دیگر مکاتب فکر کی تفسیریں پیش کرتا اور تمام تر اختلافات پیش کر کے مرزا کو حکم بنانے کی کوشش کرتا۔ مگر ہوتا یہ کہ اپنے حکم (مرزا جی) کے بدنما کیریکٹر اور ہفوات کے جال میں خود پھنس کر شرمندہ ہو جاتا۔ اور اس کے سارے تانے بانے بکھر جاتے۔

بہر کیف اس موقع پر بندہ کو اس کا احساس ہوا کہ ردقادیانیت کے میدان میں کام کرنے والوں کے سامنے ایک ایسا مجموعہ ہونا چاہئے جس سے آسانی سے اس طرح کی قادیانی دسیسہ کاریوں پر قابو پایا جاسکے، نیز عوام کو اس طرح کی مرزائی تلبیسات سے محفوظ رکھنے کے لئے دیگر مکاتب فکر کے موقف سے صحیح واقفیت حاصل کی جاسکے۔

بعض علاقوں میں خطابت اور وعظ وتقریر کا بڑا زور ہے۔ رمضان المبارک میں تراویح کے بعد تفسیر قرآن سننے اور سنانے کا بھی بہترین ماحول بنتا جارہا ہے۔ بندۂ ناچیز نے بعض ائمہ اور مقررین کو اس طرف توجہ دلائی کہ تفسیر کے سبق میں عقائد پر بھی کچھ روشنی ڈالا کریں بالخصوص ردقادیانیت کے موضوع پر۔ تو ان میں سے بعض کا جواب یہ تھا کہ قادیانیت کیا ہے؟ وہ کن آیات واحادیث کو اپنے استدلال کی بنیاد بناتے ہیں؟ ہمیں معلوم نہیں۔ جبکہ بعضوں کا یہ کہنا تھا کہ ردقادیانیت کے موضوع پر ہمیں کچھ تو معلومات حاصل ہیں لیکن کتب تفاسیر ہمارے پاس موجود نہیں اور صرف چند آیات کی وجہ سے کئی کئی جلدوں کی تفسیریں خریدنا اور پھر ان کا مطالعہ کرنا ایک دشوار کن امر ہے۔

یہاں بھی ایک ایسے مجموعہ کا تقاضا سامنے آیا جس سے ائمہ کرام، واعظین ومقررین حضرات کی یہ ضرورتیں پوری ہوں اور رمضان میں تفسیر سنانے والے اُس کی روشنی میں قادیانی عقائد باطلہ کی تردید کرسکیں اور عوام کو قادیانی فتنہ سے محفوظ رکھ سکیں۔

ہر جگہ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کا جال پھیلا ہوا ہے بلکہ ضرورت زندگی اور افادہ واستفادہ کا اہم ذریعہ بنتا جارہا ہے۔آج لوگ گھر بیٹھے دنیا کی بڑی بڑی لائبریریوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔کم وقت اور کم خرچ میں بہت سی معلومات جمع کر لیتے ہیں۔اس کے پیش نظر بھی ایک ایسے مجموعے کی ضرورت محسوس ہوئی جس میں وہ تمام آیات واحادیث اور انکی مستند تفاسیر وتشریحات جمع ہوں جن میں قادیانی دجل وتلبیس سے کام لیتے ہیں.تا کہ اگر اس مجموعہ کوانٹرنیٹ پرنشر کر دیا جائے تو دنیا کا ہر شخص جب چاہے اور جہاں سے چاہے بآسانی قادیانیوں کی دجل وتلبیس سے آگاہ ہوسکے۔اور صحیح اسلامی علم وعقائد سے واقف ہوسکے۔

ہاں! قادیانی جن جن تفاسیر کو اپنی تحریف کا شکار بناتے ہیں یا بنا سکتے ہیں وہ تو محدود نہیں کہ ان سب کو جمع کیا جاسکے البتہ ابتک جن آیات واحادیث کو انھوں نے مشق ستم بنایا ہے ان کا استقراء کرتے ہوئے چند تفاسیر شامل اشاعت ہیں۔اِن کے علاوہ اگر کسی اور تفسیر کا قادیانی حوالہ دیتے ہیں تو ضرورت مند حضرات بندہ سے رابطہ کر کے مطلوبہ تفاسیر دارالعلوم دیوبند کی ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔

اِس مجموعے کی ترتیب میں بندہ نے حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب مدظلہ کی کتاب ''قادیانی شبہات کے جوابات'' سے بھر پور فائدہ اٹھایا ہے اللہ انھیں جزاء خیر دے حضرت موصوف کی جمع وترتیب نے ہمارے کام کونہایت سہل بنا دیا۔کتاب میں جواب اور جواب الجواب ''قادیانی شبہات کے جوابات'' سے ہی لئے گئے ہیں،البتہ بعض مرزائی مغالطّوں کے جوابات جواُس میں نہیں تھےاُن کا اضافہ کردیا گیا ہے۔

اردو تفاسیر میں ان مکاتب فکر کی تفسیروں کو شامل کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جن کے معتقدین کی ایک معتد بہ تعداد ہے اور جو تحفظ ختم نبوت کے پلیٹ فارم پر متحد اور متفق ہیں تا کہ دیگر مسلکی اختلافات سے بالاتر ہو کر عقیدہ ختم نبوت کے سلسلہ میں کسی بھی مکتب فکر سے متعلق افراد کی ، بلکہ ایک عام آدمی کی بھی حقیقت تک رسائی ہوسکے۔اور عربی تفسیروں میں جن تفاسیر کا انتخاب بندہ نے کیا ہے ان میں سے ہر تفسیر ماشاءاللہ اپنی جگہ ایک علاحدہ خوبی اور خصوصیت کی حامل ہے جنھیں شمار کرانے کا یہاں موقع نہیں۔ضرورت مند حضرات اس

فن کی کتابوں کی طرف رجوع کریں۔اُن تفاسیر کی تفصیلات صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیے

یہ مجموعہ ختم نبوت کے موضوع پر صرف دس آیات پر مشتمل ہے۔آئندہ بھی یہی کوشش رہے گی کہ ہر جلد دس آیتوں پر مشتمل رہے تاکہ جلدیں زیادہ ضخیم بھی نہ ہوں اور زیادہ ہلکی بھی نہ رہیں۔بسہولت ہر آدمی ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

یہ وہ مختلف ضرورتیں تھیں اور مختلف نوعیت کے حالات اور تقاضے تھے جو اس مجموعہ کی ترتیب پر آمادہ کرتے رہے۔اور آج الحمدللہ وہ مجموعہ جیسا بھی ہے آپ کے سامنے ہے اس کا کوئی جزو اگر آپ کے کام آجائے تو یقیناً یہ ہمارے لئے دنیا میں باعث مسرت اور آخرت میں باعث نجات ہوگا۔(انشاءاللہ) ہم اپنے قارئین سے یہ امید رکھتے ہیں کہ وہ ہمیں اس کی کوتاہیوں اور کمیوں پر مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کرلی جائے۔

اب اخیر ہم اپنے معاونین ومخلصین بالخصوص استاذ گرامی حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب بستوی مدظلہ اور فاضل نوجوان جناب مولانا محمد وارث مظہری قاسمی صاحب مدظلہ کے ممنون ہیں جنہوں نے حرفاً حرفاً قادیانی استدلال اور اسکے جواب وجواب الجواب کو بغور ملاحظہ فرمایا اور اپنے مفید مشوروں سے نوازا۔نیز شعبہ میں داخل سالانہ کورس میں شریک طلبہ کے علاوہ اس سال کے سہ ماہی کورس میں شریک (مرکز المعارف برانچ بمبئی کی زیرنگرانی انگریزی زبان میں تحفظ ختم نبوت کے موضوع پر ریسرچ کرنیوالے) مولانا معین الدین اور مولانا رفیق الاسلام آسامی نے اور مولانا عبدالرشید قاسمی (راجستھان) نے بھی حوالوں کی مراجعت میں تعاون دیا اور دوران سبق کتاب سے فائدہ اٹھایا،فجزاھم اللّٰہ

اور بڑی ناسپاسی ہوگی اس موقع پر اگر ہم اپنے محسن ومربی حضرت مولانا قاری سید محمد عثمان صاحب مدظلہ اور حضرت مولانا بدرالدین اجمل صاحب مدظلہ رکن شوری دارالعلوم دیوبند کے شکرگزار نہ ہوں کہ جن کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی ہمہ وقت ہمارے ساتھ ہے۔

شاہ عالم گورکھپوری
نائب ناظم مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دعائیہ کلمات

ہندوستان میں مساعی تحفظ ختم نبوت کی نشأۃ ثانیہ کے محرک اول، جانشین شیخ الاسلام

حضرت مولانا سید اسعد مدنی صاحب مدظلہ

امیر الہند، صدر جمعیۃ علماء ہند و رکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند

حضرت خاتم النبیین جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی پیشین گوئی کے مطابق قیامت سے پہلے ظاہر ہونے والے تیس بڑے دجالوں میں ایک دجال مرزا غلام احمد قادیانی نے ۱۹۰۱ء میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا اس نے اپنے دعوی نبوت و دیگر دعاوی باطلہ کو دجل وفریب کے ذریعہ قرآنی آیات کی غلط تشریح کا سہارا لیکر ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی اور آج تک اس کی ذریت اسی دجالی مشن میں لگی ہوئی ہے، جس کی وجہ سے بعض پڑھے لکھے لوگ بھی اس کے فریب میں آجاتے ہیں، اس لئے ان آیات کریمہ کو سلف و خلف کی تفاسیر کی روشنی میں سمجھنے کی ضرورت ہے تاکہ اس گروہ کا دجل وفریب آشکارا ہو سکے۔

جناب مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری نائب ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت کو چند سال پہلے اس ضرورت کا شدید احساس ہوا کہ ان آیات میں قادیانی تحریفات کے مسکت جوابات کے ساتھ ساتھ ان آیات کی صحیح تفسیریں حوالوں کے ساتھ جمع کردی جائیں اسی وقت سے موصوف نے اس موضوع پر کام شروع کردیا تھا جس کے سلسلہ کی پہلی کڑی ''تفاسیر قرآن مجید اور قادیانی شبہات'' کے نام سے سامنے آرہی ہے۔

اس تالیف سے واضح ہوگا کہ قادیانی دسیسہ کاریوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر کے علماء کا موقف یکساں ہے اور سب کے نزدیک یہ گروہ دائرہ اسلام سے خارج، مرتد اور زندیق ہے۔ اسی لئے شروع سے ہی قادیانی فتنہ کے تعاقب میں ان علماء نے مشترکہ جدوجہد کی ہے۔

اس طرح کی کتاب کی واقعی ضرورت تھی تاکہ جس مکتب فکر کا مسلمان بھی قادیانیت سے متاثر ہو وہ متقدمین مفسرین اور اپنے مکتب فکر کے علماء کی تحریروں کو پڑھ کر قادیانیت کے کفر وزیغ وضلال سے واقف ہو جائے اور اپنے ایمان وعقیدہ کی حفاظت کرے۔

خداوند کریم مولانا شاہ عالم صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور انکی اس اہم دینی خدمت کو قبولیت سے نواز کر قادیانیت سے فریب خوردہ لوگوں کیلئے ہدایت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

اسعد غفرلہٗ
۱۵؍رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ
مدنی منزل دیوبند سہارنپور

رائے گرامی

محب العلماء گرامی قدر مولانا بدر الدین اجمل صاحب قاسمی

صدر آل انڈیا مرکز المعارف ورکن شوریٰ دار العلوم دیوبند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری نے تمام اسلامی مکاتب فکر کے علماء کی تفسیروں کو جمع کر کے ایک بہترین کام انجام دیا ہے جس سے مختلف موضوعات پر فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے۔ دیگر مکاتب فکر کے علماء کی تائیدات بھی شامل کر لی جائیں، یہ بندہ کی رائے ہے۔

والسلام
بدر الدین اجمل قاسمی
کتبہٗ: مزمل علی آسامی
مہتمم جامعۃ الشیخ حسین احمد المدنی دیوبند
۲۲؍شعبان ۱۴۲۳ھ

تائیدو تحسین

گرامی قدر جناب مولانا عبدالوہاب خلجی صاحب

☆ صدر معہد الاسلام ابوالوفا ثناء اللہ امرتسری ☆ سابق ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہلحدیث ہند
☆ معاون سکریٹری جنرل آل انڈیا ملی کونسل ☆ نائب صدر جمعیت فضلاء سعودیہ
☆ ورکن آل آنڈیا مسلم پرسنل لابورڈ

برصغیر میں انگریزی اقتدار کی آخری نصف صدی مذہبی اعتبار سے بڑی ہنگامہ خیز تھی۔ اس دور میں کئی فتنوں نے جنم لیا، کئی تحریکیں اٹھیں، باطل پرستوں نے بھی معرکہ آرائی شروع کی، انگریز نے اپنے استعماری تسلط کو برقرار رکھنے کے لئے مال ومتاع کے ذریعہ انتشار وافتراق کے مختلف حربوں کا استعمال کیا۔ اپنے مقاصد کے حصول کے لئے اپنے ذہن وفکر کے مطاق لوگوں کی پرورش و پرداخت شروع کردی۔ ایسے ہی لوگوں میں اسے صوبۂ پنجاب کے قصبہ قادیان سے مرزا غلام احمد نامی شخص دستیاب ہوگیا۔ جس کے جھوٹی نبوت کے دعوی نے قصر ختم نبوت پر حملہ کر کے انگریز کے حکم کی بجاآوری کے ذریعہ جہاں اس کے تسلط کے امتداد کیلئے موقعہ فراہم کیا وہیں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ایک فتنہ کا دروازہ کھول دیا۔

برصغیر کے علمائے حق نے اس فتنہ کے پیدا ہوتے ہی اسکی سرکوبی کے لئے ایسا وار کیا جس سے انگریز اور اس کے پروردہ تلملا اٹھے، اور اس معرکۂ حق وباطل میں اسے بری طرح پسپائی ہوئی، علمائے صدق وصفا کے اس گروہ حقانی نے اللہ کے نازل کردہ دین اسلام کی رہنمائی وکالت اس کے دفاع اور اس فتنہ کے استیصال کے لئے پوری قوت اور جرأت کا مظاہرہ کیا۔ تقریر وتحریر، بحث ومباحثہ، مناظرہ ومجادلہ اور مباہلہ تک سے گریز نہیں کیا اور قصر ختم نبوت کی حفاظت کے لئے بھرپور طریقہ استعمال کئے۔

فتنہ قادیانیت کے قلع وقمع اور رد کے لئے جن علمائے اسلام نے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ان میں برصغیر کے علمائے اہل حدیث کو برتری وتفوق حاصل ہے۔

شیخ الکل فی الکل علامہ سید نذیر حسین محدث دہلوی میاں صاحب، ان کے شاگرد رشید مولانا محمد حسین بٹالوی، شیخ الاسلام مولانا ابوالوفا ثناء اللہ امرتسری، مولانا محمد بشیر سہسوانی، مولانا عبدالجبار غزنوی، مولانا محمد ابراہیم سیالکوٹی، مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری، مولانا عبداللہ، مولانا ابوالقاسم سیف بنارسی جیسے اساطین علم بیشمار ایسے علماء ہیں جنہوں نے قادیانی امت کو ہر محاذ پر پسپا کیا اور تحریک تحفظ ختم نبوت کی آبیاری کی بقول علامہ سید سلیمان ندوی ''جس نے اسلام اور پیغمبر اسلام کے خلاف آواز اٹھائی اس آواز کو دبانے کے لئے سب سے پہلے میدان میں مولانا ثناء اللہ مرحوم آتے تھے'' جبکہ آغا شورش کاشمیری لکھتے ہیں ''علمائے اہل حدیث نے مرزا کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا، مرزا قادیانی اس فتوی سے تلملا اٹھا اور میاں صاحب کو مناظرے کا چیلنج کر دیا...... جن علمائے اہل حدیث نے مرزا اور اس کے بعد قادیانی گروہ کو زیر کیا، ان میں مولانا محمد بشیر سہسوانی، قاضی محمد سلیمان منصور پوری، مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی سرفہرست ہیں، لیکن جس شخصیت کو علماء اہل حدیث میں فاتح قادیاں کا لقب ملا وہ ''مولانا ثناء اللہ امرتسری تھے'' اسی مرد مجاہد کے مباہلے کا نتیجہ تھا کہ قصر ختم نبوت کا حملہ آور مرزا غلام احمد قادیانی نے ۱۵/اپریل ۱۹۰۷ء کو اپنے ہاتھ سے لکھے خط کے بعد صرف ایک سال ایک ماہ اور بارہ دن بعد لاہور میں اپنے میزبان کے گھر بیت الخلاء میں دم توڑ دیا، جبکہ علامہ امرتسری اس کی عبرتناک موت کے چالیس سال بعد تک محمدی جرنیل کا کردار ادا کرتے ہوئے ناموس رسالت کے دفاع کے صف اول میں بے مثال خدمات انجام دیتے رہے۔

زیر نظر کتاب برصغیر میں تحفظ ختم نبوت کے سلسلے میں جاری ان کوششوں کا ایک تسلسل ہے جو علمائے اسلام اس فتنے کے سدباب کے لئے انجام دے رہے ہیں، ایک ایسے وقت میں جبکہ قادیانی امت کے زرخرید کارندے مال ومتاع کے طمع ولالچ کے ساتھ ساتھ حقائق کو توڑ مروڑ کر شکوک وشبہات اور وساوس سے جبرا اپنا دام مکر وفریب پھیلا کر عامۃ الناس کو گمراہ کر رہے ہیں۔ یہ کتاب ان کے لئے مشعل راہ ہوگی تاکہ وہ براہ راست علماء امت کے ان جوابات سے مستفید ہوسکیں جو اس بحر ذخار میں موجود ہیں۔

مولانا شاہ عالم قاسمی ایک باہمت حوصلہ منداور فکر مند نوجوان عالم ہیں، دارالعلوم دیو بند سے فراغت کے بعد ہی وہ ایک تحریکی ذہن کے ساتھ میدان عمل میں سرگرم عمل ہیں انہوں نے نہ صرف اس سلسلے میں کافی مطالعہ کیا ہے بلکہ میدان میں اتر کر اسکا مشاہدہ بھی کیا ہے اس طرح وہ گھر کے بھیدی اور خبیر کی حیثیت رکھتے ہیں، جس طرح ماضی میں قافلۂ روحانیت کے شہسوار اعظم حضرت مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ (جن کے خود مولانا شاہ عالم قاسمی بڑے مداح وقدرداں ہیں) نے متحدہ ہندوستان کے مختلف مکاتب فکر کے علمائے اسلام کا ردقادیانیت میں فتوی لیکر شائع کیا تھا۔ مولانا شاہ عالم قاسمی وفقہ اللہ نے زیرنظر تالیف لطیف میں عرب وعجم کے علماء کی ردقادیانیت مین آیات قرانیہ کی تفسیرات کو یکجا جمع کر کے نہ صرف اِس اولین فتوے کی یاد تازہ کردی، بلکہ اس فکر کو بھی پیش کردیا کہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف دشمنان وباغیان اسلام کی یورش کے سامنے تمام علماء خود سیسہ پلائی دیوار کی طرح متحد وصف بستہ ہیں۔

اس کے لئے مولانا موصوف تبریک وتہنیت اور تحسین کے مستحق ہیں، اللہ تعالی ان کی یہ کاوش قبول فرمائے اور ملت اسلامیہ کے لئے مفید ومثمر بنائے ہر مسلمان کو زیغ وضلال سے محفوظ رکھے نیز پیغمبر آخرالزماں ختمی مرتبت حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا پیروکار بنائے اور ختم نبوت کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

عبدالوہاب خلجی

۲۶رشعبان ۱۴۲۳ھ

تائید و پیغام

شہنشاہ خطابت گرامی قدر جناب مولانا عبید اللہ اعظمی صاحب

چشتی، سہروردی، برکاتی، ممبر پارلیمنٹ (راجیہ سبھا)

مجھے یہ جان کر بیحد خوشی ہوئی کہ، مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری، ردِ قادنیت پر پوری طرح کمر بستہ ہیں۔

تاریخی طور پر یہ حیثیت اظہر من الشمس ہو چکی ہے کہ قادیانی مذہب حکومت برطانیہ کی جھولی سے نکلا ہوا ایک زبردست ابلیسی فتنہ ہے۔ انگریزوں کا مقصد تھا کہ ایک ایسا فرضی نبی پیدا کیا جائے جو حکومت برطانیہ کی غلامی کا حق ادا کرتے ہوئے مسلمانوں کے اندر سے جہاد کی اسپرٹ ختم کر دے تاکہ انگریزوں کی سامراجی گورنمنٹ کیخلاف مسلمانوں کی طرف سے بغاوت کا جذبہ سرد پڑ جائے۔ ان ساری باتوں کے لئے ہمیں باہر سے کوئی گواہی نہیں چاہئے، خود کذاب زمانہ مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنے حکم سے سارے ثبوت فراہم کر دئے ہیں۔ مرزا جی کی یہ تحریر ان کی جھوٹی نبوت کا کس طرح پردہ فاش کر رہی ہے ملاحظہ ہو۔

میں اپنے کام کو نہ مکہ میں اچھی طرح چلا سکتا ہوں، نہ مدینہ میں، نہ روم میں، نہ شام میں، نہ ایران میں، نہ کابل میں، مگر اس انگریز گورنمنٹ میں، جسکے اقبال کے لئے دعا کرتا ہوں۔

(اشتہار مرزا جی مندرجہ تبلیغ رسالت جلد ۶ ص ۶۹)

مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری نے جس طرح انگریزوں کے دلال مرزا غلام احمد قادیانی کا تعاقب فرمایا ہے، پوری ملت اسلامیہ پر فرض ہے کہ بلا اختلاف مسلک اس قادیانی فتنے کے تابوت میں آخری کیل ٹھونکنے کیلئے کمر بستہ رہے، خداوند عالم اس سمت میں ہر کوشش خواب کو شرمندۂ تعبیر فرمائے آمین۔

عبید اللہ خاں اعظمی

ممبر پارلیمنٹ نئی دہلی

۹ رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ

تائیدوتاثرات

گرامی قدر جناب مولانا محمد شفیع مونس صاحب

نائب صدر جماعت اسلامی ہند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تفاسیر قرآن اور مرزائی شبہات کے ایک جز کو سنا اور اس سلسلے میں بصورت گفتگو بھی معلومات حاصل ہوئیں۔ جیسا کہ اسلام میں علماء کرام کی رہنمائی میں ملت قادیان کو مسلم حکومتوں نے خارج از ملت قرار دیا ہے۔ لیکن اس کے باوجود ان کے متعلقین ہم عوام کو فریب دے کر اپنا ہم عقیدہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ پنجاب اور جنوبی ہند کے ریاستوں میں یہ فتنہ پھر سر اٹھاتا نظر آتا ہے۔ اس وجہ سے جن حضرات کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی توفیق سے عوام کو باخبر کرنے کا موقع نصیب ہے ان کی خدمات قابل قدر بھی ہیں اور لائق شکر گزاری بھی۔

مولانا شاہ عالم گورکھپوری بھی ان اہل علم ودانش حضرات میں شامل ہیں جو اس سلسلے میں قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آپ دارالعلوم دیوبند کے کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت کے شعبہ میں نائب ناظم کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ دعاء ہے کہ اللہ تعالی ان کی خدمات لائقہ کو شرف قبول بخشے اور توفیق مزید عطا کرے۔

والسلام

محمد شفیع مونس

۱۴/۱۱/۲۰۰۲ء

تقریظ

حضرت مولانا سید محمد اسماعیل صاحب کٹکی

نائب صدر کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت،

رکن شوری دارالعلوم دیوبند و امیر شریعت کٹک

''قرآنی تفاسیر اور مرزائی شبہات'' نامی تالیف کا مسودہ ملاحظہ کیا۔ یہ کتاب مولانا شاہ عالم نائب ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند کی تالیف ہے۔ مذہب مرزائیت صرف دھوکہ دہی، غلط بیانی، غلط سلط حوالے، مکروفریب کاری کا معجون مرکب ہے۔ مثال کے طور پر ایک حوالہ دیتا ہوں۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنی کتاب شہادۃ القرآن میں لکھا ہے کہ ''بخاری شریف'' جو اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہے اس میں یہ حدیث موجود ہے کہ امام مہدی کے لئے آسمان سے آواز آئیگی '' هذا خليفة الله المهدي'' حالانکہ یہ سراسر جھوٹ ہے بخاری شریف میں یہ حدیث نہیں ہے۔ مرزا غلام احمد نے آیات قرآنی اور ان کی تفاسیر میں جا بجا اپنی طرف سے اضافہ وکتر بیونت کی ہے۔ میں نے اس دجالی مذہب کے خلاف اپنی زندگی کا پورا حصہ صرف کیا ہے اور درجنوں تقریری وتحریری مناظرے کئے ہیں اور مرزا کی کل کتابوں کا بہ نظر غائر مطالعہ کیا ہے۔ اکثر مناظرے میں یہ منظر میں نے دیکھا ہے کہ اپنی بات کو صحیح ثابت کرنے کیلئے قادیانی مناظر تفسیر کبیر، تفسیر ابن کثیر وغیرہ کا غلط حوالہ دیتے ہیں۔ اسکا الزامی جواب ہم اکثر دیتے ہیں۔ مگر مولانا شاہ عالم صاحب نے ان کے شبہات کا تحقیقی جواب دیا ہے۔ اس کتاب کی اہم ضرورت تھی تاکہ ہمارا مناظر الزامی جواب کے ساتھ تحقیقی جواب بھی دیکر مرزائیت کے تابوت میں کیل ٹھونکے۔

احقر محمد اسماعیل عفی عنہ

۲۲ رشعبان المعظم ۱۴۲۳ھ

تاثرات

امیر شریعت حضرت مولانا مفتی سید نظام الدین صاحب

امیر شریعت پھلواری شریف پٹنہ و جنرل سکریٹری آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی ورسولہ الکریم

مرزا غلام احمد قادیانی کے خارج از اسلام ہونے میں تمام علماء کرام کا اتفاق ہے، مرزا نے قرانی آیات کی تفسیر کے سلسلہ میں جگہ جگہ دجل وفریب سے کام لیا ہے۔ لائق مبارک باد مولانا شاہ عالم صاحب زید مجدہ ہیں جنہوں نے تمام معتبر تفسیروں کو سامنے رکھ کران آیتوں کی تفاسیر کو حوالہ کے ساتھ جمع کر دیا ہے جس سے مرزا کا فریب کھل کر سامنے آ گیا ہے۔ مولانا موصوف نے اس میں کافی محنت کی ہے، امت کی طرف سے انہوں نے اس فریضہ کو بڑی خوش اسلوبی سے ادا کر دیا ہے، اللہ تعالیٰ انکی اس محنت کو قبول فرمائے اور ان کے لئے زادِ آخرت بنائے۔

ردقادیانیت کے سلسلہ میں اس کتاب کا مطالعہ تمام اہل علم کیلئے ضروری ہے بالخصوص جن حضرات کو اس فن سے لگاؤ ہے اور جو اس خدمت میں مشغول ہیں۔

سید نظام الدین

۲؍رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ

تقریظ

گرامی قدر مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب

شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ ریوڑی تالاب بنارس ورکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند

نحمده ونصلي على رسوله الكريم..........**امابعد**......!

مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری، نائب ناظم کل ہند تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند کی تازہ تالیف ''تفاسیر قرآن مجید اور قادیانی شبہات'' نظر نواز ہوئی۔ مؤلف نے بڑی ہی عرق ریزی اور جانفشانی سے قرآنِ پاک کی ان آیات کی مستند اور معتبر تفسیر کا بیڑا اٹھایا ہے جن آیات سے قادیانی اپنے باطل مزعومات کے سلسلے میں تلبیس اور تحریف کے ذریعہ استدلال کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

مولانا موصوف نے خاص کام یہ کیا ہے کہ ہر آیت کی تفسیر میں تمام اسلامی مکاتب فکر کے علمائے کرام کی تفسیروں کو جمع کر دیا ہے، کیونکہ ختم نبوت اہل اسلام کا متفقہ عقیدہ ہے اور اس مسئلہ میں تمام مکاتب فکر کے علماء متفق ہیں۔ اس طرح کسی قادیانی کو یہ کہنے کا موقع نہیں ملے گا کہ یہ تفسیر فلاں مسلک کے عالم کی ہے۔

کتاب علمائے کرام اور خاص طور سے ردقادیانیت کے سلسلے میں کام کرنے والے حضرات کیلئے بے حد مفید ہے۔ چونکہ مولانا شاہ عالم صاحب کو اس کام کا کافی تجربہ ہے اس لئے قادیانیوں کے دجل وفریب سے بھی خوب آگاہ ہیں اور ان کے تعاقب میں بھی پورے طور پر کامیاب ہیں۔

میری دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی کتاب کو قبول عام عطا فرمائے اور مؤلف کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین والسلام

ابوالقاسم نعمانی غفرلہ

خادم جامعہ اسلامیہ ریوڑی تالاب بنارس

۲۲؍شعبان المعظم ۱۴۲۴ھ

تقریظ

محسن ملت جناب مولانا اسرارالحق صاحب قاسمی

صدر آل انڈیا ملی وتعلیمی فاؤنڈیشن، ایڈیٹر ماہنامہ ملی اتحاد دہلی،

اسسٹنٹ سکریٹری آل انڈیا ملی کونسل

قادیانی فتنہ اسلام کا لبادہ اوڑھ کر امت مسلمہ کی جڑیں کو کھلی کر رہا ہے، گرچہ علماء اسلام نے متفقہ طور پر قادیانیوں کو خارج از اسلام قرار دیا ہے پھر بھی یہ فتنہ اسلام ہی کے نام پر سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرنے میں سرگرم عمل ہے۔

قادیانیت کی بڑھتی ریشہ دوانیوں کا احساس صرف ایک مکتب فکر یا جماعت کو نہیں بلکہ بلا امتیاز مسلک ومشرب پوری قوم مسلم کو ہے، امت مسلمہ کی تمناؤں کا مرکز دارالعلوم دیوبند نے اپنی سابقہ روایات کے مطابق فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے لئے باضابطہ کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت کے نام سے ایک مجلس تشکیل دے رکھی ہے، دارالعلوم دیوبند کا یہ شعبہ قادیانیت کی سرکوبی کے لئے پیہم کوشاں ہے اور اس کے ذمہ داروں کی مخلصانہ جدوجہد کے نتیجے میں اب تک بے شمار لوگوں کو قادیانی فتنہ سے تائب ہونے کی توفیق ملی ہے۔

مختلف علاقوں کے دورہ کرتے وقت مجھے بھی قادیانیت کی زہرناکیوں کا شدت سے احساس ہے، بحث ومباحثہ کے دوران قادیانی مبلغین، علماء اسلام کی مختلف تفاسیر کے پس پردہ علماء اہل حق کو فریب میں مبتلا کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں، اس پس منظر میں ضرورت اس کی تھی کہ جن آیتوں سے قادیانی استدلال کرتے ہیں، ان کے ضمن میں سبھی مکاتب فکر کے علماء کی تفاسیر جمع کردی جائیں، خدا کا شکر ہے کہ اس ضرورت کی تکمیل مادر علمی دارالعلوم دیوبند سے جناب مولانا شاہ عالم صاحب نائب ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت کے ذریعہ انجام پذیر ہوئی، اس کام کیلئے جس عزم وحوصلہ، علمی نکتہ سنجی، وسعت مطالعہ، کام کی لگن، ذہنی وفکری بلندی، اور دیگر مسلک ومشرب کے علماء کو جوڑنے کے صلاحیت ہونی چاہئے وہ بدرجہ اتم مولانا موصوف میں موجود ہے۔ ہمارے اس نظریہ کو تقویت بخشنے کے لئے موصوف کی پیش نظر تازہ تالیف کافی ہے جس میں انہوں نے ہر مکتب فکر کے کلیدی علماء کی تفاسیر کی روشنی میں قادیانی مستدلات کا دندان شکن جواب دے کر اپنی نہ صرف وسعت ظرفی بلکہ اس موضوع پر گہری بصیرت کا بھرپور ثبوت پیش کیا ہے۔

امید ہیکہ یہ کتاب ہر طبقہ میں قبولیت حاصل کریگی اور طلبہ واساتذہ سبھی کیلئے یکساں طور پر مفید ہوگی۔

والسلام

اسرارالحق، دہلی

۶ رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ

تائید وتبریک

پیر طریقت جناب مولانا پیرزادہ شبیر نقشبندی صاحب

صدر آل انڈیا ریلیجس لیڈرس ایسوسی ایشن وبانی فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على رسوله خاتم النبيين صلى الله عليه وسلم.. اما بعد!

مرزا غلام احمد قادیانی کے ماننے والے ہندوستان کے مختلف علاقوں میں اسلام اور مسلمانوں کے لبادہ میں مسلمانوں کو گمراہ کر رہے ہیں محض ناواقفیت اور جہالت کی وجہ سے ہر طبقہ کے مسلمان اس فتنہ سے متاثر ہو رہے ہیں ان حالات میں اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ بلا اختلاف مسلک ومشرب تحفظ ختم نبوت کے پلیٹ فارم پر متحد ہو کر قادیانی فتنہ کا مقابلہ کیا جائے۔ جیسا کہ شیخ طریقت صوفی غلام دستگیر قصوری رحمۃ اللہ علیہ، مشہور صوفی حضور مہر علی شاہ صاحب گولڑہ شریف امام اہل سنت مولانا احمد رضا خاں صاحب چشتی سہروردی قادری، برکاتی اسی طرح ہمارے سلسلہ کے تمام بزرگوں نے دین اسلام کی خدمت کے لئے ہر طرح کی قربانیاں دی ہیں اور حضور تاجدار مدینہ ﷺ کے عشق ومحبت کو اپنے دل میں بسا کر آپ کو آخری نبی مانا اور اس عقیدہ پر نہ صرف یہ کہ قائم رہے بلکہ اس عقیدہ کے خلاف اٹھنے والے تمام فتنوں کا بھرپور مقابلہ کیا۔ بنابریں ہمارے لئے بھی قادیانی کا مقابلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق وایمان کی علامت ہے۔

دارالعلوم دیوبند کے نوجوان فاضل جناب مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری کے خیالات اور ان کی تیار کردہ تازہ کتاب ''تفاسیر قرآن مجید اور مرزائی شبہات'' دیکھ کر ہمیں بے حد مسرت ہوئی تمام مسالک کی تفاسیر کو جمع کر کے یقیناً مولانا موصوف نے ملت کی ایک اہم اور ضروری خدمت انجام دی ہے۔ فجزاہم اللہ خیر الجزاء انشاء اللہ یہ کتاب ہر خاص وعام کے لئے مفید ہوگی۔

فقط خادم القرآن خاکپائے حضور سرور کائنات صلعم السید شبیر نقشبندی

پیرزادہ شبیر نقشبندی

۱۴/۱۱/۲۰۰۲ء

تائیدوتاثرات

شیخ عبدالرؤف، سیداحمدنصر شیخ حسین ابراہیم الشامی

من متخرجي جامعه ازهر شريف مصر ومبعوث وزارة الأوقاف جمهوريه مصر عربيه لاحياء ليالى شهر رمضان المبارك بالهند

بسم الله الرحمن الرحيم

قال الله تعالى في تنزيله العزيز: ماكان محمدأبا أحد من رجالكم ولكن رسول الله وخاتم النبين، وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أنا خاتم النبين لانبيبعدي...... اتفقت الأمة على أن سلسلة النبوة قد انتهت نبينا محمد صلى الله عليه وسلم ولن يأتي نبي أورسول بعده الى يوم القيامة. هذه عقيدة من عقائد الاسلام الأساسية... وعليه فان كل من ينكر ذلك أو يعتقد على عكس ماعليه أهل السنة والجماعة في هذا الباب، لايمت بصلة الى الإسلام.

وقد إطلعنا على أن الشيخ شاه عالم القاسمي ألف كتابا حول هذا الموضوع الهام باللغة الأردية، جمع فيه آراء وتصريحات لعديد من المفسرين باللغتين العربية والأردية فيما يتعلق بهذا الموضوع حتى يغدو الأمر جليا وواضحا في أعين الناس خاصة البسطاء الذين لايعرفون القضية حق معرفة ويمكن لهم أن يقعوا بسهولة في فخ القاديانية المرتدة.

ونظراإلى أهمية وقيمة هذا الكتاب فانا نقدم كل تقديرنا وثنا ئنا للمؤلف راجيا الله سبحانه وتعالىٰ أن يتقبله قبولا حسنا ويجعله سبب هداية لعباده المؤمنين اللهم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعه وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنا به. وصلى الله على النبي الكريم وعلى آله وصحبه وسلم تسليما.

عبد الرؤف محمد سيد احمد نصر — حسين ابراهيم الشامي

۹/رمضان المبارک — ۹/ رمضان المبارک

آیت (۱)

اِهْدِنا الصِراط المُستقیم صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْہِمْ غَیْرِ المَغْضُوْبِ عَلَیْہِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ (سورہ فاتحہ:۶،۷)

ترجمہ: بتلا ہم کو راہ سیدھی راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے فضل فرمایا۔
جن پر نہ تیرا غصہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔

خلاصہ:۔

اللہ تعالیٰ کی جانب سے بندوں کو سکھلائی گئی یہ ایک جامع اور اہم ترین درخواست ہے، جس میں پہلے جملہ میں بندہ ،عقائد واعمال اور زندگی کے دیگر تمام شعبوں میں اپنے رب سے رہنمائی اور ہدایت طلب کرتا ہے اور دوسرے جملے میں مزید اس کی وضاحت وتشریح کرتے ہوئے خدا کے مقبول اور منظور نظر بندوں یعنی حضرات انبیاء علیہم السلام ،صدیقین ،شہدا اور صالحین کی پیروی ،اور نافرمانوں یعنی یہود ونصاریٰ سے علاحدگی مانگتا ہے۔تاکہ صراط مستقیم پر چلنا آسان سے آسان تر ہو جائے۔

تمام مفسرین ومجددین امت نے آج تک اس آیت کا یہی معنی ومطلب سمجھا اور سمجھایا ہے جیسا کہ آپ تفاسیر کے باب میں ملاحظہ فرمالیں گے۔خود فرنگی نبی مرزا غلام احمد قادیانی بھی ایک زمانہ تک یہی معنی ومفہوم مراد لیتا رہا ہے۔لیکن جب اس کا ذہن بیمار ہوا اور اس پر ضلالت کا دور آیا تو وہ شتر بے مہار ہو بیٹھا۔

نہ رسول کا نہ خدا کا ڈر، اسے عیب کہئے، یا ہنر،
بے پاؤں سر کے زبان پر جو بات آئی وہ کہہ دیا

مرزا قادیانی نے اپنی تصنیفات میں تقریباً ۲۰ سے زائد مقامات پر اس آیت سے استدلال کیا ہے۔جبکہ دس جلدوں پر مشتمل اس کے ملفوظات میں ۳۸ سے زائد مقامات پر اس آیت سے استدلال ملتا ہے۔لیکن اس کی متضاد تحریریں خود اس کے ذہنی مریض ہونے اور اس کے استدلالات کی ضلالت وگمراہی پر واضح دلیل ہیں ۔جیسا کہ اس کی نشاندہی اسی کے چیلے مسٹر محمد علی نے بھی کی ہے۔

چنانچہ مرزا قادیانی براہین احمدیہ میں اس آیت کی مراد کو ''علم وحکمت'' کے ساتھ خاص کرتا ہے۔ جیسا کہ اس نے لکھا ہے'' چونکہ اہل کمال لوگوں کا صراط مستقیم یہی ہے کہ وہ علی وجہ البصیرت حقائق کو معلوم کرتے ہیں نہ اندھوں کی طرح...... سو دیکھئے اس دعا میں بھی علم اور حکمت ہی خدا سے چاہی ہے اور وہ علم مانگا ہے جو تمام دُنیا میں متفرق تھا'' (خ ص ۵۰۲ تا ۵۰۵ ج ۱) اور کبھی انبیاء، صدیقین، شہدا اور صالحین کا راستہ مراد لیتا ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے'' اب میں سورہ فاتحہ کی طرف رجوع کر کے کہتا ہوں اھدنا الصراط المستقیم میں انعمت علیھم کی راہ طلب کی گئی ہے (ملفوظات ۵۶ ج ۳ ۱۴۲ مئی ۱۹۰۰ء) گویا کہ یہ ایک درخواست اور دعا ہے، جو عام ہے اور اس کا مانگنا، تمام مسلمانوں کے لئے ضروری ہے۔ اور کبھی کہتا ہے کہ'' دل میں یہی ملحوظ رکھو کہ میں صحابہ اور مسیح موعود کی جماعت کی راہ طلب کرتا ہوں۔ (تحفہ گولڑویہ' روحانی' خ ص ۲۱۸ ج ۱۷) گویا کہ اس سے مسیح موعود یعنی خود مرزا قادیانی اور اس کی جماعت کا ہی کا راستہ مراد ہے۔

لیکن جب مرزا سے سوال ہوا کہ جو لوگ آپ کو نہیں مانتے وہ انعمت علیھم کے نیچے ہیں یا نہیں؟ تو قادیانیوں کو اپنے نبی مرزا کادیانی کا فیصلہ یاد رکھنا چاہئے، مرزا نے واضح لفظوں میں یہ فیصلہ سنایا ہے

''انعمت علیھم میں تو میں اپنی جماعت کو بھی شامل نہیں کرسکتا'' (ملفوظات ص ۲۱۶ / ۲۱۷ ج ۲، ۲۰ / فروری ۱۹۰۱ء)''

اور چند ہی یوم کے بعد ۲۶ فروری ۱۹۰۱ء میں مرزا نے کیا گل کھلایا، ملاحظہ فرمایئے

''فرمایا: اھدنا الصراط المستقیم کی دعا سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ظلی سلسلہ پیغمبروں کا اس امت میں قائم کرنا چاہتا ہے۔ (ملفوظات ۲۲۳ ج ۲ / ۱۳۸ ج ۲)

گویا آیت کا منشاء مرزا کے اس قول کے مطابق اب یہ طے ہوا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ نبوت جاری ہونے کی اور ظلی نبیوں کے آنے کی خبر دے رہے ہیں۔ لہذا یہ آیت یا تو اب دعا، و درخواست نہ رہی اور اگر رہی بھی، تو ہر شخص کے مانگنے کی چیز نہ رہی۔ یہ ہیں اس کے متضاد اقوال۔

مرزا کے ذہنی بیمار ہونے کے ثبوت میں ایک قول اور ملاحظہ فرمایئے:

''عرب صاحب نے سوال کیا کہ مسیح موعود کے متعلق قرآن میں کہاں کہاں ذکر ہے۔ فرمایا سورہ نور میں سورہ تحریم وغیرہ میں سورہ فاتحہ میں تو اھدنا الصراط المستقیم۔''

(ملفوظات ج۴ص ۳۸۵)

مرزا کے اس قول کا خلاصہ یہ نکلا کہ صراط مستقیم کا مصداق کل مرزا قادیانی ہے۔ نہ اس میں نبوت جاری ہونے کی خبر ہے نہ منعم علیہم گروہ کا راستہ اس کا مصداق ہے۔ جبکہ ایک طرف مرزا کے اخص الخاص مرید مسٹر محمد علی لاہوری کا کہنا یہ ہے کہ اس سے نبوت کا جاری سمجھنا یا اس پر استدلال کرنا حماقت وگمراہی ہے۔ اور قادیانی نبی کے چیلے اپنا یہ طنبورا بجاتے ہیں کہ اس سے تو کھلے طور پر بروزی نہیں بلکہ عام نبوت کا جاری ہونا ثابت ہوتا ہے۔ گویا جتنے منہ اتنی بات کا معاملہ ہے۔ جس کے جی میں جو آیا وہ بک دیا۔ نعوذ باللہ من ذلک۔

یہاں پہ کچھ، وہاں پہ کچھ، اور کہیں کچھ
ہم ایسے داغ داغ چلن کے خلاف ہیں

بہرکیف۔ پہلے آپ قادیانی استدلال اور اس کے جوابات دیکھیں اس کے بعد حضرات مفسرین کی آیت سے متعلق آراء ملاحظہ فرمائیں۔

قادیانی استدلال۔

''اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ (الفاتحہ ۶، ۷)

کہ اے اللہ! ہم کو سیدھا راستہ دکھا۔ ان لوگوں کا رستہ جن پر تو نے اپنی نعمت نازل کی، گویا ہم کو بھی وہ نعمتیں عطا فرما۔ جو پہلے لوگوں کو تو نے عطا فرمائیں۔ اب سوال ہوتا ہے کہ وہ نعمتیں کیا تھیں؟ قرآن مجید میں ہے:۔ یٰقَوۡمِ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ اِذۡ جَعَلَ فِيۡكُمۡ اَنۡۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمۡ مُّلُوۡكًا۔ (المائدہ: ۲۱) موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا۔ اے قوم! تم خدا کی اس نعمت کو یاد کرو۔ جب اس نے تم میں سے نبی بنائے اور تم کو بادشاہ بنایا، ثابت ہوا کہ نبوت اور بادشاہت دو نعمتیں ہیں جو خدا تعالیٰ کسی قوم کو دیا کرتا ہے۔ اللہ

تعالٰی نے سورہ فاتحہ میں صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ کی دعا سکھائی ہے اور خود ہی نبوت کو نعمت قرار دیا ہے۔ اور دعا کا سکھانا بتاتا ہے کہ خدا تعالٰی اسکی قبولیت کا فیصلہ فرما چکا ہے۔ لہٰذا امت محمدیہ میں نبوت ثابت ہوئی۔ (تبلیغی پاکٹ بک ص ۲۶۰)

جواب نمبر ا۔

اس آیت میں منعم علیہم کی راہ پر چلنے اور منعم علیہم گروہ کی طرح استقامت کی راہ پر قائم رہنے کی دعا ہے نہ کہ نبی بننے کی۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے طریق عمل کو نمونہ بنایا جائے، جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے "لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ" (احزاب ۲۱) کیونکہ جو ممکن انعامات ہیں، مثلاً ہر قسم کے انوار و برکات، محبت و یقین کامل، تائیدات سماویہ اور قبولیت، معرفت تامہ، عزیمت و استقامت وغیرہ کے انعام، جو امت محمدیہ کے لئے مقرر ہیں اسی راہ پر ملیں گے۔

۲- نعمت سے مراد نبوت کا ملنا نہیں۔ کیوں کہ یہ نعمت حضرت مریم علیہا السلام پر بھی نازل ہوئی "اُذْکُرْ نِعْمَتِیْ عَلَیْکَ وَعَلٰی وَالِدَتِکَ (المائدہ ۱۱۰) اے عیسی میری نعمت کو یاد کرو جو میں نے تجھ پر اور تیری ماں پر کی۔ ایسا ہی زید ابن حارثہؓ پر انعام ہوا "اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْهِ (الاحزاب: ۳۷) اسی طرح سب مسلمانوں پر انعام الٰہی ہوا کہ بھائی بھائی بن گئے "وَاذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ کُنْتُمْ اَعْدَاءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا" (آل عمران: ۱۰۳) ان سب مقامات پر نعمت ملنے کا ذکر ہے۔ لیکن اس سے نبوت لازم نہیں آتی اسی طرح زیر بحث آیت میں بھی نعمت سے مراد نبوت ملنا لازم نہیں۔

۳- نبوت دعاؤں سے نہیں ملا کرتی۔ اگر نبوت دعاؤں سے ملے تو نبوت کسبی ہو جائیگی۔ حالانکہ نبوت وہبی ہے۔ اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ (انعام: ۱۲۴) جیسا کہ مرزا قادیانی نے بھی نبوت کو وہبی تسلیم کیا ہے۔ لہذا اس آیت سے استدلال مرزا کے مسلمات کے خلاف ٹھہرا۔ مرزا نے لکھا ہے:

''نبوت کیا ہے ایک جوہر خداداد ہے۔اگر کسب سے ہوتا تو سب ڈگ نبی ہوجاتے'' (ملفوظات ص۳۵۹ ج۱)

۴-''اِهْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ'' یہ دعاء نبی کریم ﷺ نے بھی مانگی بلکہ یہ دعاء مانگنا آپ ﷺ نے امت کو سکھلایا۔لیکن یہ دعا آپ ﷺ نے اس وقت مانگی جب آپ ﷺ نبی منتخب ہو چکے تھے۔قرآن مجید آپ ﷺ پر اترنا شروع ہو چکا تھا۔ظاہر ہے کہ نبی کریم ﷺ اس دعا سے نبی نہیں بنے تو پھر قادیانی عقائد ونظریات کے حساب سے اس دعا کا فائدہ کیا ہوا؟ علاوہ ازیں آپ ﷺ کا ہر نماز میں اِهْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ کے الفاظ سے دعا کرنا اس امر کی واضح دلیل ہے کہ اس سے حصول نبوت مراد نہیں۔

۵- قادیانی فلسفہ کے مطابق اگر دعاء اور انبیاء کی پیروی سے آدمی نبی بن سکتا ہے تو کیا خدا کی پیروی سے خدا بن جائیگا؟ جیسا کہ خدا کا فرمان ہے اِنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِيْماً فَاتَّبِعُوْهُ (انعام:۱۵۳) اور کیا گورنر کے راستہ پر چلنے والے کے لئے گورنر بن جانا لازم ہے؟ کیا مرزا کے راستہ پر چلنے والا مرزا بن جاتا ہے؟

وہ سنگ آج بھی حائل تمہاری راہ میں ہے
جسے ہٹانے چلے تھے،اسے ہٹا نہ سکے

۶- نبوت اور بادشاہت دونوں خدا کی نعمت ہیں جیسا کہ مرزائی استدلال میں بھی اعتراف کیا گیا ہے۔تو مرزائی بتائیں کہ ان کے قول کے مطابق مرزا نبی تو بنا مگر بادشاہ نہ بنا تو کیا آدھی دعا قبول ہوئی؟ اور آدھی مردود؟

۷- شریعت اور کتاب بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت بلکہ نعمت عظمیٰ ہے۔جیسا کہ ارشاد باری ہے وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَا اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنَ الْكِتٰبِ وَ الْحِكْمَةِ (بقرۃ:۲۳۱) تو پھر قادیانیوں کے ہاں اس پر پابندی کیوں ہے؟ اگر دعا سے نبوت لینی ہے تو پھر نعمت تامہ یعنی تشریعی نبوت لینی چاہیئے تا کہ مکمل نعمت حاصل ہو حالانکہ مرزائی اس کے قائل نہیں۔

۸- مرزا قادیانی اس آیت کے تحت لکھتا ہے۔

''پس اس آیت سے بھی کھلے کھلے طور پر یہی ثابت ہوا کہ خدا تعالی اس امت کو ظلی طور پر تمام انبیاء کا وارث ٹھہراتا ہے تا انبیاء کا وجود ظلی طور پر ہمیشہ باقی رہے اور دنیا اُن کے وجود سے کبھی خالی نہ ہو'' (شہادت القرآن خ ص ۳۵۲ ج ۶)

اس آیت سے مراد مرزا قادیانی وہ ظلی نبی لیتا ہے جو ہمیشہ ہمیشہ دنیا میں چلے آتے ہیں جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ مگر مرزا کی امت، حضور ﷺ کے بعد اور مرزا سے پہلے کسی کو بھی نبی تسلیم نہیں کرتی۔ معلوم ہوا کہ مرزا کچھ کہتا ہے اور اسکی امت کچھ کہتی ہے۔ اب مرزائی خود فیصلہ کریں کہ وہ درست کہتے ہیں یا انکا متنبّی مرزا؟

تیری تضاد بیانی پہ کیا کہوں ناصح۔ پتہ نہیں ہے کہ تو کون سی خمیر کا ہے

۹- مرزا سے پہلے تیرہ سو برس میں اگر کوئی نبی نہ بنا جیسا کہ مرزائیوں کا ماننا ہے تو سوال یہ ہے کہ کیا کسی کی بھی دعا قبول نہ ہوئی؟ جس مذہب میں کروڑوں لوگوں کی دعا قبول نہ ہو وہ خیر امت نہیں کیسے ہوسکتی ہے؟۔ ہرگز نہیں۔ اور اگر مرزائی کہیں کہ صرف مرزا کی دعا قبول ہوئی۔ تو پھر یہ سوال ہوتا ہے کہ اگر مرزا کے حق میں قبول ہوئی تو مکمل کیوں نہ قبول ہوئی؟ کیوں کہ بادشاہت اور نبوت مستقلہ بھی نعمت ہیں یہ دونوں نعمتیں مرزا کو کیوں نہ ملیں؟ مرزا میں وہ کون سی خامیاں تھیں جن کی وجہ سے مرزا کو ان نعمتوں سے محروم رکھا گیا؟

۱۰- اِھْدِنا میں ''نا'' ضمیر منصوب جمع ہے یعنی اللہ تعالیٰ ہم سب کو نبی بنائے۔ اس سے پتہ چلا کہ اللہ تعالیٰ نے مرزا قادیانی کی بھی دعا قبول نہ کی۔ کیوں کہ اگر دعا قبول ہوئی ہوتی تو مرزا قادیانی کے سب پیروکاروں کو نبی ہونا چاہئے تھا۔ مگر ایسا نہ ہوا۔ اور اگر سب نبی ہی بن جائیں تو سوال یہ ہے کہ پھر امتی کہاں سے آتے؟ کیا مرزائیوں میں سے کوئی نبوت چھوڑ کر امتی بننے کے لئے تیار ہے؟

۱۱- یہی دعا عورتوں کو بھی سکھائی گئی ہے۔ تو کیا وہ بھی منصب نبوت پر فائز ہو سکتی ہیں؟ اگر جواب نفی میں ہے تو پھر یہ دعا انھیں کیوں سکھائی گئی ہے؟ اور اگر ہاں میں

ہے تو یہ تمہارے خلاف ہے۔

۱۲- اگر نبوت طلب کرنے کی دعا ہے تو غلام احمد قادیانی نبی بن جانے کے بعد یہ دعا کیوں مانگتا تھا۔ کیا اسے اپنی نبوت پر یقین نہ تھا؟۔

۱۳- مرزا قادیانی نے لکھا:

> "اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ" تو دل میں یہی ملحوظ رکھو کہ میں صحابہ اور مسیح موعود کی جماعت کی راہ طلب کرتا ہوں۔
>
> (تحفہ گولڑویہ، روحانی خ ص ۲۱۸ ج ۱۷)

مسیح موعود کی پخ تو خر دجال (مرزا قادیانی) نے خود لگائی ہے لیکن "اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ" کا معنی گویا یہ ہوا مرزا کی راہ طلب کرنا نہ کہ مرزا کی طرح مسیح موعود بننا۔ پس مرزا کے اس اقرار سے مرزائیوں کی دلیل کا مرزائیوں کے دلوں کی طرح خانہ خراب ہوگیا۔ اور یہ بات واضح ہوگئی کہ اس آیت میں منعم علیہم کی نعمت طلب کرنے کی تعلیم نہیں دی گئی ۔ بلکہ ان کے راستے پر چلنے کی دعاء سکھلائی گئی ہے ۔ انبیاء کا راستہ شریعت ومذہب ہے کہ وہ اس کی پابندی اور اتباع کی طرف لوگوں کو دعوت دیتے ہیں ۔ اگر نبوت طلب کرنے کی تعلیم دینی مقصود ہوتی تو "صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ" کی بجائے: "اَعْطِنَا مَا اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ" ہوتا۔

قابل غور ٹھوکر اور گرو، چیلا۔

"مرزائیوں کے لاہوری گروپ کے گرو مسٹر محمد علی لاہوری نے اپنی نام نہاد تفسیر "بیان القرآن" ص ۵ ج ۱، میں لکھا ہے۔

> یہاں (منعم علیہم میں) نبی کا لفظ آجانے سے بعض لوگوں کو یہ ٹھوکر لگی ہے کہ خود مقام نبوت بھی اس دعا کے ذریعہ سے مل سکتا ہے۔ اور گویا ہر مسلمان ہر روز بار بار مقام نبوت کو ہی اس دعا کے ذریعہ سے طلب کرتا ہے۔ یہ ایک اصولی غلطی ہے اس لئے کہ نبوت محض موہبت ہے اور نبوت میں انسان کی جدوجہد اور اس کی سعی کو کوئی دخل نہیں ۔ ایک وہ چیزیں ہیں جو موہبت سے ملتی ہیں اور ایک وہ جو انسان کی جدوجہد سے ملتی ہیں ۔ نبوت اوّل میں سے ہے۔"

محمد علی لاہوری کا کہنا کہ ''بعض لوگوں کو ٹھوکر لگی، یہ اصولی غلطی ہے، یہ ٹھوکر کسی اور کو آج تک کبھی نہیں لگی یہ تو صرف اور صرف محمد علی کے چیف گرو مرزا قادیانی کو لگی اس اصولی غلطی اور ٹھوکر کا مرتکب صرف مرزا ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں مرزا کی تحریر ملاحظہ ہو

''افسوس کہ حال کے نادان مسلمانوں نے اپنے اس نبی مکرم کا کچھ قدر نہیں کیا اور ہر ایک بات میں ٹھوکر کھائی ۔ وہ ختم نبوت کے ایسے معنی کرتے ہیں جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو نکلتی ہے نہ تعریف ۔ گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نفس پاک میں افاضہ اور تکمیل نفوس کے لئے کوئی قوت نہ تھی اور وہ صرف خشک شریعت کو سکھلانے آئے تھے حالانکہ اللہ تعالیٰ اِس اُمت کو یہ دُعا سکھلاتا ہے :اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۔ پس اگر یہ اُمت پہلے نبیوں کی وارث نہیں اور اس انعام میں سے ان کو کچھ حصہ نہیں تو یہ دعا کیوں سکھلائی گئی'' (حقیقت الوحی خ ص ۱۰۴ ج ۲۲)

دعا سکھانے کا فلسفہ تو مسٹر محمد علی اپنے گرو مرزا جی سے سیکھیں۔ ہاں ہمیں یہ ضرور بتائیں کہ متضاد باتوں کو گرو اور چیلہ دونوں، ٹھوکر قرار دے رہے ہیں۔ تو کون سچا ہے؟! کیا خوب کہا کہنے والے نے۔

تماشا بن گئے دنیا کی نظروں میں گرو، چیلا
چلے تھے جو جہاں سے تیرگیٔ شب مٹانے کو۔

ہاں لاہوریوں کی اس حیلہ تراشی کا کہ مرزا جی نبوت کے دعویدار نہیں، بلکہ صرف مسیح موعود ہونے کے مدعی ہیں بھی پردہ فاش ہو گیا۔ کیوں کہ مرزا تو اپنی نبوت منوانے پر اس طرح تلا ہوا ہے کہ وہ اس کے لئے تحریف قرآن تک سے باز نہیں آتا، اور لاہوری ہیں کہ اس کی بیجا پردہ پوشی کرتے پھرتے اور اس کی روح کو مزید تکلیف پہنچاتے ہیں۔

کیا فرماتے ہیں مفسرین:

تفسیر معارف القرآن: ص ۲۹ ج ۱

آخری تین آیتیں جن میں انسان کی دعا و درخواست کا مضمون ہے اور ایک خاص دعا کی تلقین ہے یہ ہیں: **اھد نا الصراط المستقیم .صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضّا لین**۔جس کا ترجمہ یہ ہے: کہ: ''بتلا دیجئے ہم کو راستہ سیدھا، راستہ ان لوگوں کا جن پر آپ نے انعام فرمایا' نہ راستہ ان لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا' اور نہ ان لوگوں کا جو راستہ سے گم ہوگئے''

ان تینوں آیات میں چند باتیں قابل غور ہیں: (موضوع کی مناسبت سے یہاں صرف دو ہی آیات سے متعلق تفصیلات ذکر کی جائیں گی۔مرتب)

ہدایت کے معنی اور اس کے اقسام۔

یہاں پہلی بات قابلِ غور یہ ہے کہ صراط مستقیم کی ہدایت کے لئے دعاء جو اس آیت میں تعلیم فرمائی گئی ہے اس کے مخاطب جس طرح تمام انسان اور عام مؤمنین ہیں، اسی طرح اولیاءاللہ اور حضرات انبیاء علیہم السلام بھی اس کے مامور ہیں، جو بلاشبہ ہدایت یافتہ بلکہ دوسروں کے لے ہدایت کا سرچشمہ ہیں، پھر اس حاصل شدہ چیز کی بار بار دعاء مانگنے کا کیا مطلب ہے؟

قراء ة الجمهور بالصاد وقرئ السراط وقرئ بالزاي ، قال الفراء: و هي لغة بني عذرة وبني كلب لما تقدم الثناء على المسؤول تبارک وتعالى ناسب أن يعقب با لسؤال كما قال : " فنصفها لي ونصفها لعبدي ولعبدي ما سأل" وهذا أكمل أحوا ل السائل أن يمدح مسؤوله ثم يسأل حاجته وحاجة إخوانه المؤمنين بقوله :﴿ اهدنا الصراط المستقيم ﴾ لأنه أنجح للحاجة وأنجع للإجابة ، ولهذ ا أرشد الله إليه لأنه الأكمل وقد يكون السؤال بالإخبار عن حال السائل واحتياجه كما قال موسى عيه السلام ﴿ رب إني لما أنزلت إلى من خير فقير﴾ وقد تقد مه مع ذلک وصف مسؤول كقول ذي النون ﴿ لاإله إلا أنت سبحانک إني كنت من الظالمين ﴾ وقد يكون بمجرد الثناء على المسؤول كقول الشاعر:

أأذكر جاجتي أم قد كفاني　　حياؤک إن شيمتک الحياء
إذا أثنى عليک المرء يوماً　　كفاه من تعرضه الثناء

والهداية ههنا والإرشاد والتوفيق ، وقد تعدى الهد اية بنفسهاكما هنا﴿ اهدنا الصراط المستقيم ﴾ فتضمن معنى ألهمنا أو وفقنا أو ارزقنا أو أعطنا ﴿ وهد يناه النجدين﴾ أي بينا له الخير والشر، وقد تعدى بإ لى كقو له تعالى: ﴿ اجتباه وهداه إلى صراط مستقيم﴾﴿ فاهد وهم إلى صراط الجحيم﴾ وذلک بمعنى الإرشاد والدلالة وكذلک قوله ﴿وإنک لتهدي إلى صراط مستقيم ﴾ وقد تعدى باللام كقول أهل الجنة ﴿ الحمدلله الذي هدانا لهذا﴾ أي وفقنا لهذا وجعلنا له أهلاً.

وأما الصراط المستقيم فقال الإمام أبو جعفر بن جرير: أجمعت الأمة من أهل التأويل جميعاً فلى أن الصراط المستقيم هو الطريق الواضح الذي لا

اعوجاج فيه وذلك في لغة العرب فمن ذلك قال جرير بن عطية الخطفي:

أمير المؤمنين على صراط — إذا اعوج الموارد مستقيم

قال والشواهد على ذلك أكثر من أن تحصر، قال ثم تستعير العرب الصراط فتستعمله في كل قول وعمل ووصف باستقامة أو اعوجاج فتصف المستقيم باستقامته والمعوج باعوجاجه . ثم اختلف عبارات المفسرين من السلف والخلف في تفسيرالصراط ، وإن كان يرجع حاصلها إلى شيء واحد وهوالمتابعة لله وللرسول، فروي أنه كتاب الله ، قال ابن أبي حاتم: حدثنا الحسن بن عرفة حدثني يحيى بن يمان عن حمزة الزيات عن سعيد وهوابن المختار الطائي عن ابن أخي الحارث الأعورعن الحارث الأعور عن علي بن أبي طالب رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ "الصراط المستقيم كتاب الله "وكذلك رواه ابن جرير من حديث حمزة بن حبيب الزيات وقد تقدم في فضائل القرآن فيما رواه أحمد والترمذي من رواية الحارث الأعور عن علي مرفوعاً "وهو حبل الله المتين وهوالذكر الحكيم و هو الصراط المستقيم" وقد روي موقوفاً على علي رضي الله عنه وهو أشبه والله أعلم: وقال الثوري عن منصور عن أبي وائل عن عبد الله قال الصراط المستقيم كتاب الله ، وقيل هو الإسلام ، قال الضحاك عن ابن عباس قال: قال جبريل لمحمد عليهما السلام "قل يا محمد اهدنا الصراط المستقيم" يقول ألهمنا الطريق الهادي وهو دين الله الذي لااعوجاج فيه ، وقال ميمون بن مهران عن ابن عباس في قوله تعالى: ﴿اهدنا الصراط المستقيم﴾ قال ذاك الإسلام ، وقال إسماعيل بن عبد الرحمن السدي الكبير عن أبي مالك وعن أبي صالح عن ابن عباس وعن مرة الهمداني عن ابن مسعود وعن ناس من أصحاب النبي ﷺ اهدنا الصراط المستقيم قالوا هو الإسلام ، وقال عبد الله بن محمد بن عقيل عن جابراهدناالصراط المستقيم قال هو الإسلام أوسع مما بين السماء والأرض وقال ابن الحنفية في قوله تعالى ﴿ اهدنا الصراط المستقيم﴾ قال هو دين الله الذي لايقبل من العباد غيره وقال عبد الرحمن بن زيد بن أسلم اهدنا الصراط المستقيم قال هو الإسلام وفي هذا الحديث الذي رواه

الإمام أحمد في مسنده حيث قال : حدثنا الحسن بن سوار أبو العلاء حدثنا ليث يعني ابن سعد عن معاوية بن صالح أن عبد الرحمن بن جبير بن نفيرحدثه عن أبيه عن النواس بن سمعان عن رسول الله ﷺ قال: "ضرب الله مثلاً صراطاً مستقيماً وعلى جنبتي الصراط سوران فيهما أبواب مفتحة وعلى الأبواب ستور مرخاة وعلى باب الصراط داع يقول يا أيها الناس ادخلوا لصراط جميعاً ولاتعوجوا ، وداعٍ يدعو من فوق الصراط فإذا أراد الإنسان أن يفتح شيئا من تلك الأبواب قال ويحك لا تفتحه ـ فإنك إن فتحته تلجه ـ فالصراط الإسلام والسوران حدود الله والأبواب المفتحة محارم الله وذلك الداعي على رأس الصراط كتاب الله والداعي من فوق الصراط واعظ الله في قلب كل مسلم" وهكذا رواه ابن أبي حاتم وابن جرير من حديث الليث بن سعد به ، ورواه الترمذي والنسائي جميعاً عن علي بن حجر عن بقية عن بجير بن سعد عن خالد بن معدان عن جبير بن نفير عن النواس بن سمعان به ، وهو إسناد حسن صحيح والله أعلم. وقال مجاهد اهدنا الصراط لمستقيم قال : الحق وهذا أشمل ولا منافاة بينه وبين ما تقد م ، وروى ابن أبي حاتم وابن جرير من حديث أبي النضر هاشم بن القاسم حدثنا حمزة بن المغيرة عن عاصم الأحول عن أبي العالي ﴿ اهدنا الصراط المستقيم ﴾ قال هو النبي ﷺ وصاحباه من بعده . قال عاصم فذكر ذلك للحسن فقال صدق أبو العالية ونصح . وكل هذه الأقوال صحيحة وهي متلازمة فإن من اتبع الإسلام فقد اتبع النبي ﷺ واقتدى باللذ ين من بعده أبي بكر وعمر فقد اتبع الحق ومن اتبع الحق فقد اتبع الإسلام ومن اتبع الإسلام فقد اتبع القرآن وهو كتاب الله وحبله المتين وصراطه المستقيم ، فكلها صحيحة يصدق بعضها بعضاً، ولله الحمد. وقال الطبراني حدثنا محمد بن الفضل السقطي حدثنا إبراهيم بن مهدي المصيصي حدثنا يحيى بن زكريا بن أبي زائدة عن الأعمش عن أبي وائل عن عبد الله قال الصراط المستقيم الذي تركنا عليه رسول الله ﷺ. ولهذا قال الإمام أبو جعفر بن جرير رحمه الله : والذي هو أولى بتأويل هذه الآية عندي أعني ـ اهدنا الصراط المستقيم ـ أن يكون معنياً به

وفقنا للثبات على ما ارتضيته و وفقت له من أنعمت عليه من عبادك من قول وعمل ذلك هو الصراط المستقيم لأن من وفق لما وفق له من أنعم الله عليهم من النبيين والصديقين والشهداء والصالحين فقد وفق للإسلام وتصديق الرسل والتمسك بالكتاب والعمل بما أمره الله به والانزجار عما زجره عنه واتباع منهاج النبي ﷺ ومنهاج الخلفاء الأربعة ، وكل عبد صالح وكل ذلك من الصراط المستقيم .

[فإن قيل] فكيف يسأل المؤ من الهداية في كل وقت من صلاة وغيرها وهو متصف بذ لك ؟ فهل هذا من باب تحصيل الحاصل أم لا ؟

فالجواب أن لا، ولولا احتياجه ليلاً ونهاراً إلى سؤال الهداية لما أرشد ه الله تعالى إلى ذلك فإن العبد مفتقر في كل ساعة وحالة إلى الله تعالى في تثبيته على الهداية ورسوخه فيها وتبصره وازدياده منها واستمراره عليها فإن العبد لايملك لنفسه نفعاً ولا ضراً إلا ماشاء الله فأرشد ه تعالى إلى أن يسأله في كل وقت أن يمد ه بالمعونة والثبات والتوفيقُ فالسعيد من وفقه الله تعالى لسؤاله فإنه تعالى قد تكفل بإجابة الداعي إذا دعاه ولا سيما المضطر المحتاج المفتقر إليه آناء الليل وأطراف النهار، وقد قال تعالى : ﴿يا أيها الذ ين آمنوا آمنوا بالله ورسوله والكتاب الذي نزل على رسوله والكتاب الذي أنزل من قبل﴾ الآية : فقد أمر الذين آمنوا بالإيمان وليس ذلك من باب تحصيل الحاصل لأن المراد الثبات والاستمرار والمداومة على الأعمال المعينة على ذلك والله أعلم . وقال تعالى آمراً لعباده المؤمنين أن يقولوا: ﴿ربنا لا تزغ قلوبنا بعد إذ هديتنا وهب لنا من لدنك رحمة إنك أنت الوهاب﴾ وقد كان الصديق رضي الله عنه يقرأ بهذه الآية في الركعة الثالثة من صلاة المغرب بعد الفاتحة سراً، فمعنى قوله تعالى ﴿اهدنا الصراط المستقيم﴾ استمر بنا عليه ولا تعدل بنا إلى غيره .

صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنعَمْتَ عَلَيْهِمْ.غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِم وَلا الضَّآلِّين

وقد تقد م الحديث فيما إذا قال العبد ﴿اهدنا الصراط المستقيم﴾ إلى آخرها أن الله يقول "هذا لعبدي ولعبدي ما سأل" وقوله تعالى:

﴿صراط الذين أنعمت عليهم﴾ مفسر للصراط المستقيم وهو بدل منه عند النحاة ويجوز أن يكون عطف بيان والله أعلم . والذ ين أنعم الله عليهم المذكرون في سورة النساء حيث قال تعالى :﴿ ومن يطع الله والرسول فأولئک مع الذين أنعم الله عليهم من النّبيين والصديقين والشهداء والصالحين وحسن أولئک رفيقاً.ذالک الفضل من الله وكفى بالله عليماً﴾ وقال الضحاک عن ابن عباس : صراط الذ ين أنعمت عليهم بطاعتک وعبادتک من ملائكتک وانبيائک والصديقين والشهداء والصالحين. وذلک نظير ما قال ربنا تعالى : ﴿ ومن يطع الله و الرسول فأولئک مع الذين أنعم الله عليهم ﴾ الآية. وقال أبوجعفرالرازي عن الربيع بن أنس ﴿صرا ط الذين أنعمت عليهم﴾ قال هم النبيّون وقال ابن جريج عن ابن عباس : هم المؤ منون ، وكذا قال مجاهد وقال وكيع : هم المسلمون وقال عبد الرحمن بن زيد بن أسلم : هم النبي ﷺ ومن معه والتفسير المتقدم عن ابن عباس رضي الله عنهما أعم وأشمل والله أ علم.

آیت نمبر۲۔:

وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ. (سورہ بقرہ:۴)

ترجمہ:۔ اور وہ لوگ جو ایمان لائے اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا تیری طرف اور اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا تجھ سے پہلے اور آخرت کو وہ یقینی جانتے ہیں۔"

خلاصہ:

اس آیت میں قرآن پاک سے فائدہ اٹھانے کی پانچویں اور چھٹی نمبر کی دو شرطیں بیان کی گئی ہیں۔ جس میں قرآن پاک اور انبیاء سابقین کی وحیوں، کتابوں پر ایمان لانے کے ساتھ ساتھ عالم آخرت، یعنی موجودہ سلسلۂ زندگی کے بعد پیش آنے والی زندگی پر ایمان و یقین رکھنے کا ذکر ہے۔ جیسا کہ جملہ مفسرین و مجددین امت نے وضاحت کی ہے۔

لفظ آخرت کے مذکورہ بالا متفق علیہ معنی و مطلب میں آج تک سوائے قادیانیوں کے اور کسی نے تحریف نہیں کی۔ حتی کہ اپنی جھوٹی نبوت پر اس آیت سے مرزا قادیانی کو بھی استدلال کرنے کی نہ سوجھی، لیکن مرزا کے چیلے قرآن پاک کے ساتھ تحریف وتمسخر کا بازار گرم کرنے میں اُس سے کہیں چار قدم آگے نکلے۔ چنانچہ مرزا کے بیٹے بشیر الدین محمود نے اپنے ابا حضور کی نادانی اور غباوت پر مہر لگاتے ہوئے اس آیت سے اس کی باطل نبوت پر استدلال کیا ہے اور "آخرۃ" سے مرزا کی آخری وحی مراد لے کر اس نے اپنی آخرت تباہ کر لی۔

ملاحظہ فرمائیے پہلے مرزائی استدلال اور اس کے جوابات اس کے بعد حضرات مفسرین کی تفاسیر۔

قادیانی استدلال:۔

یعنی ان تینوں باتوں پر ایمان لانا ضروری ہے کہ جو تجھ پر نازل ہو، اور جو تجھ سے

پہلے نازل ہوا اور جو اخیر میں یعنی تیرے بعد نازل ہوگا۔ بعض اصحاب کہتے ہیں کہ آخر سے مراد قیامت ہے لیکن اس آیت کا قرینہ آخرۃ کے یہ معنی نہیں بتاتا کیوں کہ نازل ہونے کا ذکر ہے" (احمدیہ پاکٹ بک، ص۳۲۴، وتفسیر مرزا بشیر الدین)

جواب نمبر۱۔

اس جگہ آخرت سے مراد قیامت ہے۔ جیسا کہ دوسری جگہ صراحۃً فرمایا گیا: وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ: (عنکبوت ۶۴) آخری زندگی ہی اصل زندگی ہے: خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ: (حج) دنیا و آخرت میں خائب و خاسر: الْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ (سورہ) الحاصل قرآن مجید میں لفظ آخرۃ پچاس سے زائد مرتبہ استعمال ہوا ہے اور ہر جگہ مراد جزا اور سزا کا دن ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے تفسیر ابن جریر ص۸۱ جلد اول، درمنثور کی جلد اول ص۲۷ پر ہے: عن ابن عباسؓ (وبالآخرة) ای بالبعث و القیامة و الجنة و النار و الحساب و المیزان.

۲۔تفسیر مرزا قادیانی

"طالب نجات وہ ہے جو خاتم النّبیین پیغمبر آخر الزماں پر جو کچھ اتارا گیا ہے ایمان لائے" وبالآخرۃ ھم یوقنون اور طالب نجات وہ ہے جو پچھلی آنے والی گھڑی یعنی قیامت پر یقین رکھے اور جزا اور سزا مانتا ہو"۔

(الحکم نمبر ۳۴، ۳۵، ج ۸، ۱۰ اکتوبر ۱۹۰۴ء، دیکھو خزینۃ العرفان، مرزا قادیانی ص ۸۷ ج ۱) اسی طرح دیکھو الحکم نمبر ۲، ج ۱۰، ۱۷ جنوری ۱۹۰۶ء ص ۵، کالم ۲، ۳)

اس میں مرزا قادیانی نے بالآخرۃ ھم یوقنون کا ترجمہ، اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں، کیا ہے۔ اور پھر لکھتا ہے: قیامت پر یقین رکھتا ہوں۔ اب مرزائی بتائیں کہ مرزا قادیانی کو یہ "جہالت زدہ مرزائی قرینہ" کیوں یاد نہ رہا؟

۳۔تفسیر از حکیم نورالدین خلیفہ قادیان:۔

"اور آخرت کی گھڑی پر یقین کرتے ہیں۔ (ضمیمہ بدر مورخہ ۴ فروری ۱۹۰۹ء)

مرزائیوں کے مفسر اعلیٰ اور خلیفہ کادیان نے بھی مرزائی قرینے کا لحاظ نہیں کیا۔
اب مرزائی بتائیں کہ حکیم جی کی خلافت علم میں تھی، یا مرزا کی جہالت میں؟

معلوم ہوا کہ مرزائیوں کا ''وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ'' کا معنی آخری وحی کرنا تحریف وزندقہ ہے۔اور قرینہ سے استدلال جہالت ہے۔

بے اعتدالیوں سے سبک اور تم ہوئے
جتنی زیادہ بڑھ گئیں اتنے ہی کم ہوئے

۳- قادیانی علم ومعرفت سے معریٰ ہوتے ہیں۔

کیوں کہ خود مرزا قادیانی بھی جاہل محض تھا اسے بھی تذکیر وتانیث واحد وجمع کی کوئی تمیز نہ تھی۔ایسے ہی یہاں بھی ہے۔کہ الآخرۃ تو مونث ہے جبکہ لفظ وحی مذکر ہے۔ اسکی صفت مونث کیسے ہوگی؟ دیکھئے قرآن مجید میں ہے''اِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ'' (عنکبوت:۶۴) دیکھئے دارُ الآخِرَۃِ مونث واقع ہوئی ہے۔ هِیَ کی مونث ضمیر آئی ہے اور لفظ وحی کیلئے وحی، یوحی، مذکر کا صیغہ مستعمل ہے،تو پھر کوئی سرپھرا، الآخرۃ کو آخری وحی قرار دے سکتا ہے؟اسی طرح دوسرے کئی مقامات پر الآخرۃ کا لفظ قیامت کے لئے آیا ہے۔دیکھئے یہاں صرف قیامت ہی کا تذکرہ ہے۔جس کے لئے ھی ترکیب لائی گئی ہے۔قادیانی عقل ودانش اور علم وتمیز سے بالکل معریٰ ہوتے ہیں۔وہ اغراض فاسدہ کے حصول کے لئے اندھے بہرے ہوکر ہر قسم کی تحریف وتاویل اور جہالت وحماقت کا ارتکاب کرگزرتے ہیں۔کسی کہنے والے نے مرزا ہی کے بارے میں سچ کہا ہے۔

کچھ ہے تیرا عقیدہ کہیں اور کچھ کہیں ،گرگٹ کی طرح رنگ بدلتے رہے ہو تم
عقبیٰ کو اپنے ہاتھ سے تم نے کیا تباہ۔دنیائے بے ثبات پر مرتے رہے ہو تم

مغالطہ نمبر ا۔

مرزائیوں کو جب لفظ الآخرۃ سے اپنی آخرت کی تباہی کے علاوہ کچھ ہاتھ نہ آیا تو

اب مغالطہ دینے پر اتر آئے۔ ملاحظہ فرمایئے ان کے مغالطے اور ہماری طرف سے انکے دنداں شکن جوابات۔

(ا): عدم ذکر سے عدم شئی لازم نہیں آتا۔ (پاکٹ بک از عبدالرحمن مرزائی، ص ۳۰۰)

جواب:۔

یہ ایک نرا مغالطہ ہے جو جہالت پر مبنی ہے کیونکہ عدم ذکر سے عدم شئی لازم نہ آنا ٹھیک ہے۔ لیکن وجودِ شئی کے لئے اس کا کہیں تو ذکر ہونا چاہئے تھا؟ جس شئی کا کہیں ذکر ہی نہ ہو اس کے وجود پر اس قاعدے سے استدلال کرنا اِسی کا نام ہے مرزائی دجل و تلبیس۔ مرزائی پنڈت میں اگر شرم وحیا کا مادہ کچھ بھی تھا، تو پہلے قرآن مجید سے ''من بعدک'' کا لفظ پیش کرنا چاہئے تھا، یا حضور ﷺ کے بعد وحی نبوت کے آنے اور کسی کو ملنے کا تذکرہ کسی آیت میں ہو تو پہلے اسے پیش کرنا چاہئے تھا، بعد میں اس قاعدہ سے استدلال! لیکن کوئی مرزائی نہ ایسا کبھی کر سکا اور نہ کر سکے گا۔

مغالطہ نمبر ۲۔

اور اِس ''ما انزل الیک'' (قرآن مجید) میں متعدد مقامات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے امتیوں اور غلاموں پر وحی الٰہی اور ملائکہ کے نزول کا ذکر موجود ہے اور بعد میں آنے والے امتی نبیوں کی بعثت کی خبر دے کر ان پر ایمان لانے کی تلقین کی گئی ہے جن کی کسی قدر تفصیل دلائل امکان نبوت میں دی گئی ہے۔'' (تبلیغی پاکٹ بک ۳۰۰)

جواب:ا۔

ما انزل الیک، میں مرزا قادیانی کی وحی داخل کرنا ایک ایسی جسارت اورِ ڈھٹائی ہے جس کی جرات خود مرزا قادیانی بھی نہ کر سکا۔ سچ ہے۔ کفر والحاد کا زمانہ ہے ملحدین پر لگام کسنے والی حکومتیں بھی نہ رہیں، اب ملحدین جو چاہیں بکیں۔ کون ہے روکنے والا۔

کریں بھی بے حیا شرم وحیا، تو کب تلک ساقی
کہ وہ گلشن، نہ وہ خوشبو، نہ وہ دنیا رہی باقی

مرزائی ملحدین کی ہدایت کے لئے اتنا ضرور عرض ہے کہ یہ مرزائی پنڈت کا من گھڑت استدلال ہے۔ وہ اپنے اس باطل استدلال کی حمایت میں چودہ صدیوں میں سے کسی ایک مجدد، مفسر کا قول پیش نہیں کرسکتا، بلکہ گمراہ مفسرین کی بھی حمایت حاصل نہیں کرسکتا۔ **فاتقوا النار التي اعدت للكافرين۔**

۲- مرزا قادیانی کی تحریرات خود اس من گھڑت استدلال کی اجازت نہیں دیتیں۔ مرزائی پنڈت کہتا ہے کہ امتی نبی کی بعثت کی خبر قرآن میں ہے اور خود امتی نبی ہونے کا دعویدار مرزا قادیانی کہتا ہے کہ اس طرح کی کوئی خبر قرآن میں نہیں۔ بلکہ اس نے اپنے نبی ہونے کو اپنے الہامات سے سمجھا ہے نہ کہ قرآن سے۔ ملاحظہ ہو۔

(۱) اب جبرئیل بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ کے لئے وحی نبوت لانے سے منع کیا گیا۔ (ازالہ اوہام خ، ص،۴۱۲ ج ۳)

(۲) اور ظاہر ہے کہ یہ بات مستلزم محال ہے کہ خاتم النبیین کے بعد پھر جبرئیل علیہ السلام کی وحی رسالت کے ساتھ زمین پر آمد و رفت شروع ہو جائے ......اور جو امر مستلزم محال ہو وہ محال ہوتا ہے (ازالہ ۴۱۴ ج ۳)

(۳) حسب تصریح قرآن کریم رسول اسی کو کہتے ہیں جس نے احکام وعقائد دین جبرئیل کے ذریعہ سے حاصل کئے ہوں لیکن وحی نبوت پر تو تیرہ سو برس سے مہر لگ گئی ہے۔ (ازالہ ۳۸۷ ج ۳)

پہلے حوالہ سے معلوم ہوا کہ فرشتے اترتے ہیں لیکن وحی نبوت کے ساتھ نہیں۔ بلکہ ہمیشہ کے لئے وحی نبوت بند ہے۔ دوسرے حوالہ سے معلوم ہوا کہ جبرئیل کا زمین پر آنا محال نہیں، ہاں! وحی نبوت لیکر آنا محال ہے۔ تیسرے حوالے میں مزید اطمینان کے لئے قرآن کریم سے شہادت پیش کردی۔ اور یہ ساری عبارتیں اس زمانے کی ہیں جبکہ مرزا مدعی الہام اور مدعی مسیحیت تھا، یعنی اس میں کسی غلطی یا ترمیم، تنسیخ کا اعلان مرزا کو گویا پاگل اور مخبوط الحواس بنانے کے مترادف ہوگا۔ گویا ان حوالوں سے یہ بات صاف ہوگئی کہ ملائکہ کا نزول بند تو نہیں لیکن وحی نبوت کا آنا بند ہے لہٰذا مرزائیوں کو اب کسی مغالطے میں نہیں رہنا چاہیئے۔ اور نہ کسی کو مغالطہ دینا چاہیئے۔

رہی بات اس کی کہ ''بعد میں آنے والے امتی نبیوں کی بعثت کی خبر دے کران پر ایمان لانے کی تلقین کی گئی ہے'' تو جب وحی نبوت ہی نہیں تو نبی کیسا؟ اوراس پر ایمان لانے کی تلقین کا کیا مطلب؟ اوراگر مرزائیوں میں جرات و ہمت ہے تو قرآن میں کسی آیت سے ''امتی نبی'' کی وضاحت دکھلا دیں؟ یہ تو وہی باطل جسارت ہے جس کی جرات مرزا بھی نہ کرسکا؟ پھر آج کل کے جاہلوں کو کیا گھاس ڈالی جائے! اگر قرآن میں ساری باتیں تھیں تو سوال یہ ہے کہ مرزا نے اسے کیوں نہ سمجھا؟ اور نہ ہی آج تک کسی مفسر، مجدد، محدث نے سمجھا؟

الٹی سمجھ کسی کو بھی ایسی خدا نہ دے
دے موت پر کسی کو بھی یہ کج ادا نہ دے

۴- مرزائی پنڈت کے قوت استدلال پر غور کیجئے! ایڑی چوٹی کا زور لگانے پر بھی بات صرف امکان کی حد تک رہی۔ ان جاہلوں نے نہ معلوم کہاں سے عقائد کے باب میں ''امکان'' سے استدلال کرنا سیکھا ہے۔ جس عقیدہ کو اپنی بے جا جسارت اور ڈھٹائی کے زور پر منوانا چاہتے ہیں، اس بات کے خود ہی اقراری ہیں کہ ان کے پاس اس پر پختہ کوئی دلیل نہیں، جو بھی دلائل ہیں وہ سب امکانی حد تک ہیں۔ جن کا وقوع نہ آج تک ہوا اور نہ ہوگا۔ پھر ایسے استدلال سے ان کا کیا فائدہ؟

مغالطہ نمبر۳-

> ''تفسیر بیضاوی جلد۲ صفحہ ۲۶۷ مطبع احمدی دہلوی وتفسیر قادری معروف بہ تفسیر حسینی جلد۲ صفحہ ۳۸۰ مترجم اردو پر اسی آیت (اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللہُ .الآیۃ) کی تفسیر میں لکھا ہے کہ مومنوں پر اسی دنیا میں الہام الٰہی کے نزول کا اس آیت میں وعدہ دیا گیا ہے'' (تبلیغی پاکٹ بک ۳۰۱)

جواب:-

یہ ایسا ہی سفید جھوٹ ہے جیسا مرزا قادیانی بولا اور لکھا کرتا تھا۔ مرزائی پوپ

جس معنی ومفہوم کا تاثر دینا چاہتا ہے ایسا ہرگز نہیں ہے۔اس کا بڑا ثبوت یہ ہے کہ اگر یہ آیت مرزائیوں کے حق میں مفید تھی تو انصاف کا تقاضا یہ تھا کہ حوالہ دینے کی بجائے من وعن ان کی عبارتیں نقل کردی جاتیں، پڑھنے والے خود فیصلہ کرلیتے کہ حق بات کیا ہے۔ مگر اس انصاف سے مرزائیوں کا کیا واسطہ؟ بہر کیف ناظرین اس آیت کا معنی ومطلب اور اس کی پوری صحیح تفصیل اسی کتاب کے آیت نمبر ۲۶۔اسی طرح آیت ''رفیعُ الدّرَجاتِ ذُوالعرشِ'' کی تفصیل آیت نمبر ۲۷۔میں ملاحظہ فرمائیں!

مغالطہ نمبر۴۔

علاوہ مندرجہ بالا نیز دیگر آیات قرآنی کے......احادیث نبویہ میں بھی اُس وحی کی خبردی گئی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مسیح موعود اور امام مہدی پر نازل ہوگی (۳۰۲ پاکٹ بک)

مرزائی پنڈت نے اس کے لئے حافظ ابن حجرؒ کے حوالے سے دوورق اس پر سیاہ کرڈالے ہیں کہ حضور ﷺ کے بعد وحی کا نزول اور فرشتوں کا آنا ثابت ہے۔

جواب ا:۔

جی ہاں! وحی کا ہونا اور فرشتوں کا نزول حضور ﷺ کے بعد بھی ثابت ہے لیکن اس سے آپ کو کیا فائدہ؟ کیا وہ وحی مرزا جی جیسے کوڑھ مغز کو نبی بنانے کیلئے آتی ہے؟ مرزائیوں کا فائدہ تو جب ہوتا جب وہ کسی آیت یا کسی حدیث میں یہ دکھادیں کہ حضور ﷺ کے بعد جو فرشتے آتے ہیں وہ وحی نبوت لیکر آتے ہیں اور مرزا جیسے بدطینت انسان کو نبی بناکے جاتے ہیں۔اگر ایسا نہیں جیسا کہ امرواقعہ یہی ہے تو پھر مرزا کا فتوی یاد رکھیں ''ایک عام لفظ کسی خاص معنی میں محدود کرنا صریح شرارت ہے'' (خ ص۴۴۴ ج۹)

۲:- حافظ ابن حجرؒ نے جس عیسیٰ علیہ السلام پر وحی لیکر جبرئیل کے نازل ہونے کی بات کہی ہے ذرا غور تو کرو، وہ عیسیٰ خود پہلے کے نبی ہیں جن پر پہلے بھی جبرئیل وحی لیکر آچکے ہیں۔اور آئندہ ان پر جو وحی لیکر آئیں گے،اس پر ہمارا ایمان اس وجہ سے

ہے کہ ہمارے نبی ﷺ نے ہی اس پر ایمان لانے کی خبر دی ہے۔ یہ تو ایک طرح کی پیشن گوئی ہوئی جو پوری ہو کر رہے گی، اب وہ حضور ﷺ کے بعد نازل ہونے والی کوئی نئی وحی نہیں رہ گئی۔ بلکہ وہ تو شریعت محمدیہ کا ایک جزو بن گئی۔ لہذا اس سے مرزائیوں کو کیا لینا دینا؟ بلکہ ابن حجرؒ نے تو ہماری تائید فرمائی ہے۔ کہ مرزا مہا جھوٹا دجال ہے۔ نہ اس نے دجال کو قتل کیا نہ وہ بنی اسرائیلی نبی عیسیٰ ابن مریم ہے۔ نہ اس پر اللہ نے جبرئیل کے ذریعہ سے کوئی وحی بھیجی! وہ تو انگریزوں کا پٹھو، مغل کا بچہ ہے، اس کو وحی والہام سے کیا واسطہ؟

گر ہما از جہاں شود معدوم
کس نیاید بزیر سایہ بوم۔

مسئلہ بھی نکل آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ اور آپکی وحی آخری وحی۔ کیونکہ اگر قرآن کے بعد کوئی اور کتاب یا وحی بھی نازل ہونے والی ہوتی تو جس طرح اس آیت میں پچھلی کتابوں اور وحی پر ایمان لانا ضروری قرار دیا گیا ہے اسی طرح آئندہ نازل ہونے والی کتاب اور وحی پر ایمان لانے کا ذکر بھی ضروری ہوتا' بلکہ اس کی ضرورت زیادہ تھی' کیونکہ تورات وانجیل اور تما کتب سابقہ پر ایمان لانا تو پہلے سے جاری اور معلوم تھا' اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی سلسلہ وحی اور نبوت جاری ہوتا تو ضرورت اس کی تھی کہ اس کتاب اور اس نبی کا ذکر زیادہ اہتمام سے کیا جاتا جو بعد میں آنے والے ہوں تا کہ کسی کو اشتباہ نہ رہے۔

مگر قرآن نے جہاں ایمان کا ذکر کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے نازل ہونے والی وحی اور پہلے انبیاء کا ذکر فرمایا۔ بعد میں آنے والی کسی وحی یا نبی کا کہیں قطعاً ذکر نہیں' پھر صرف اسی آیت میں نہیں بلکہ قرآن کریم میں یہ مضمون اوّل سے آخر تک مختلف مقامات میں چالیس پچاس آیتوں میں آیا ہے' سب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے انبیاء پہلی وحی پہلی کتابوں کا ذکر ہے کسی ایک آیت میں اس کا اشارہ تک نہیں کہ آئندہ بھی کوئی وحی یا نبی آنے والا ہے، جس پر ایمان لانا ہے

مثلاً ارشاد ہے

۱-وَمَآ اَرۡسَلۡنَامِنۡ قَبۡلِکَ: نحل. ۲-وَلَقَدۡاَرۡسَلۡنَارُسُلاًمِنۡ قَبۡلِکَ: مومن. ۳- وَلَقَدۡاَرۡسَلۡنَامِنۡ قَبۡلِکَ رُسُلاً: ر و م. ۴-وَمَآاُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِکَ: نساء ۵- وَلَقَدۡ اُوۡحِیَ اِلَیۡکَ وَاِلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِکَ: زمر. ۶- کَذٰلِکَ یُوۡحِیۡ اِلَیۡکَ وَاِلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِکَ: شوریٰ. ۷-کَمَا کُتِبَ عَلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِکُمۡ: بقرہ. ۸- سُنَّۃَ مَنۡ قَدۡ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَکَ مِنۡ رُّسُلِنَا (اسرائیل)

ان آیات میں اور انکی امثال دوسری آیات میں جہاں کہیں نبی یا رسول یا وحی و کتاب بھیجنے کا ذکر ہے سب کے ساتھ من قبل اور من قبلک کی قید لگی ہوئی ہے' کہیں من بعدک کا اشارہ تک نہیں' اگر ختم نبوت اور انقطاع وحی کا دوسری آیات میں صراحۃ ذکر نہ ہوتا تو قرآن کا یہ طرز ہی اس مضمون کی شہادت کے لئے کافی تھا' مسئلہ ختم نبوت پر قرآنی

تصریحات اوراحادیث متواترہ کی شہادت اورامت کا اجماع تفصیل کے ساتھ دیکھنا ہو تو میرا رسالہ ''ختم نبوت'' دیکھا جائے'

متقین کی تفسیر میں صفت ایمان بالآخرۃ۔اس آیت میں متقین کی دوسری صفت یہ بیان فرمائی گئی کہ وہ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں' آخرت سے مراد وہ دار آخرت ہے جس کوقرآن میں دار القرار 'دار الحیوان اور عقبیٰ کے نام سے بھی ذکر کیا گیا ہے' اور پورا قرآن اس کے ذکر اور اس کے ہولناک حالات سے بھرا ہوا ہے۔

آخرت پر ایمانا یک انقلابی عقیدہ ہے۔آخرت پر ایمان لانا اگر چہ ایمان بالغیب کے لفظ میں آ چکا ہے' مگر اس کو پھر صراحۃً اس لئے ذکر کیا گیا کہ یہ اجزاء ایمان میں اس حیثیت سے سب میں اہم جزء ہے کہ مقتضاء ایمان پر عمل کا جذبہ پیدا کرنا اسی کا اثر ہے'

اور اسلامی عقائد میں یہی وہ انقلابی عقیدہ ہے جس نے دنیا کی کایا پلٹ کر دی' اور جس نے آسمانی تعلیم پر عمل کرنے والوں کو پہلے اخلاق واعمال میں اور پھر دنیا کی سیاست میں بھی تمام اقوام عالم کے مقابلے میں ایک امتیازی مقام عطا فرمایا' اور جو عقیدہ توحید ورسالت کی طرح تمام انبیاء علیہم السلام اور تمام شرائع میں مشترک اور متفق علیہ چلا آتا ہے

وجہ ظاہر ہے کہ جن لوگوں کے سامنے صرف دنیا کی زندگی اور ،اسی کی عیش وعشرت ان کا انتہاوئی مقصود ہے ،اسی کی تکلیف سمجھتے ہیں ،آخرت کی زندگی اور اعمال کے حساب وکتاب ،اور جزا وسزا کو وہ نہیں مانتے' وہ جب جھوٹ' سچ اور حلال کی تفریق کو اپنی عیش وعشرت میں خلل انداز ہوتے دیکھیں تو ان کو جرائم سے روکنے والی کوئی چیز باقی نہیں رہتی' حکومت کے تعزیری قوانین قطعاً انسداد جرائم اور اصلاح اخلاق کے لئے کافی نہیں' عادی مجرم تو ان سزاؤں کے عادی ہو ہی جاتے ہیں' کوئی شریف انسان اگر تعزیری سزا کے خوف سے اپنی خواہشات کو ترک بھی کرے تو اسی حد تک کہ اس کو حکومت کی دارو گیر کا خطرہ ہو' خلوتوں میں اور راز دارانہ طریقوں پر جہاں حکومت کے قوانین کی رسائی نہیں' اُسے کون مجبور کر سکتا ہے کہ اپنی عیش وعشرت کو چھوڑ کر پابندیوں کا طوق اپنے گلے میں ڈالے۔

ہاں وہ صرف عقیدۂ آخرت اور خوف خدا ہی ہے جس کی وجہ سے انسان کی ظاہری اور باطنی حالت جلوت وخلوت میں یکساں ہوتی ہے' وہ یقین رکھتا ہے کہ مکان کے

بند دروازوں اور ان پر پہرہ چوکیوں میں اور رات کی تاریکیوں میں بھی کوئی دیکھنے والا مجھے دیکھ رہا ہے، کوئی لکھنے والا میرے اعمال کو لکھ رہا ہے۔

یہی وہ عقیدہ تھا جس پر پورا عمل کرنے کی وجہ سے اسلام کے ابتدائی دور میں ایسا پاکباز معاشرہ پیدا ہوا کہ مسلمانوں کی صورت دیکھ کر، چال چلن دیکھ کر لوگ دل وجان سے اسلام کے گرویدہ ہو جاتے تھے، یہاں یہ بات بھی قابل نظر ہے کہ اس آیت میں بالآخرۃ کے ساتھ لفظ یُؤْمِنُوْنَ نہیں، بلکہ یُوْقِنُوْنَ کا استعمال فرمایا گیا ہے۔ کیونکہ ایمان کا مقابل تکذیب ہے، اور ایقان کا مقابل شک وتردد، اس میں اشارہ ہے کہ آخرت کی زندگی کی محض تصدیق کرنا مقصد کو پورا نہیں کرتا، بلکہ اس کا ایسا یقین ضروری ہے جیسے کوئی چیز آنکھوں کے سامنے ہو، متقین کی یہی صفت ہے کہ آخرت میں حق تعالیٰ کے سامنے پیشی اور حساب کتاب، پھر جزاء وسزا کا نقشہ ہر وقت ان کے سامنے رہتا ہے۔

وہ شخص جو دوسروں کا حق غصب کرنے کے لئے جھوٹے مقدمے لڑاتا ہے، جھوٹی گواہی دے رہا ہے، اللہ تعالیٰ کے فرمان کے خلاف حرام مال کمانے اور کھانے میں لگا ہوا ہے، یا دنیا کے ذلیل مقاصد حاصل کرنے کے لئے خلاف شرع ذرائع اختیار کر رہا ہے، وہ ہزار بار آخرت پر ایمان لانے کا اقرار کرے اور ظاہر شریعت میں اس کو مومن کہا بھی جائے لیکن قرآن جس ایقان کا مطالبہ کرتا ہے وہ اسے حاصل نہیں، اور وہی انسان کی زندگی میں انقلاب لانے والی چیز ہے، اسی کے نتیجے میں متقین کو ہدایت اور کامیابی کا وہ انعام دیا گیا ہے جس کا ذکر سورہ بقرہ کی پانچویں آیت میں ہے، اُولٰٓئِکَ عَلٰی ھُدًی مِّنْ رَّبِّھِمْ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ یعنی بس یہی لوگ ہیں ٹھیک راہ پر جو ان کے پروردگار کی طرف سے ملی ہے، اور یہ لوگ ہیں پورے کامیاب'

تفسیر ماجدی:

ترجمہ: وَبِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ: اور آخرت پر بھی (وہ) پورا یقین رکھتے ہیں۔ ۱۳

تفسیر:۔

چھٹا اور آخری وصف ان متقین اہل ضمیر کا بیان ہوا، جو قرآن سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔الآخرۃ سے مراد ہے دار الآخرۃ یا عالم آخرۃ۔یعنی وہ عالم جو موجودہ سلسلۂ زندگی کے بعد شروع ہوگا۔اس کو آخرۃ کہا ہے اسی لحاظ سے جاتا ہے کہ وہ اس ناسوتی زندگی کے خاتمہ کے بعد پیش آئیگا۔قرآن مجید میں اس کا ذکر کہیں صرف آخرۃ سے۔ **ویعتبر بالد ا رالآخرة عن النشأةالثانيةوربماترک ذکرالدار** (راغب)**انما وصفت بذالک لمصيرهاآخرةلاولیٰ کانت قبلها** (ابن جریر) جزاوسزا کے لئے ایک مستقل آئندہ عالم پر یقین رکھنا دین صحیح کے لوازم میں سے ہے۔یہیں سے تردید ہوگئی کہ ان باطل مذہبوں کی جو کہنے کو تو مذہب ہیں' لیکن یا تو سرے سے جزاء اعمال ہی کے قائل نہیں' یا قائل تو ہیں لیکن اس جزا کا محل ومکان اسی عالم ناسوت کو سمجھتے ہیں۔ خواہ ایک ہی قالب میں یا کئی قالب میں۔بعض جدید اہل باطل نے الآخرۃ کا ترجمہ کیا ہے''زمانہ آخر کی وحی'' تا کہ اس سے ان کی خودساختہ نبوت کا اجرا قرآن سے ثابت ہو۔لیکن یہ نہ ترجمہ ہے نہ تفسیر یہ صرف تمسخر وتلعب ہے' قرآن مجید اور لغت عربی دونوں کے ساتھ۔ یوقنون۔ایقان یا یقین کے معنی یہ نہیں کہ محض عقل سے کسی عقیدہ کو استدلالاً مان لے۔یا بادل نخواستہ سکوت پر مجبور ہو جائے۔یا دماغ اسکے مان لینے کا محض سرسری' رسمی' سطحی طور پر لفظی اقرار کرلے۔جیسا کہ اکثر فلسفیانہ نظریوں کے ساتھ معاملہ رہتا ہے بلکہ یقین یہ ہے کہ اس مسئلہ پر دل وجان سے اعتقاد جم جائے' اور عقل' جذبات' ارادہ سب پر وہی چھا جائے۔یقین کی راہ شک' گمان' خیال سب سے الگ ہے **اليقين ازاحة الشک** (تاج)**اليقين من صفة العلم فوق المعرفة والدراية و اخواتها** (راغب) **الايقان اتقان العلم بانتفاء الشک والشبهةعنه** (کشاف)**اليقين العلم دون الشک** (قرطبی)**و بالآخرة هم يوقنون**۔یقین کا مرتبہ یوں بھی محض علم سے قوی تر تھا' پھر فقرہ کی ترکیب یعنی فعل یُوقِنُونَ کا تاخر اور بِالآخِرَةِ کا تقدم اور ہم کے اضافہ نے قوت کئی درجہ اور بڑھادی مطلب یہ ہو کہ مومنین متقین کے نزدیک آخرۃ اس درجہ اہم ہے کہ گویا وہ بس اسی پر یقین رکھتے ہیں۔یہی عقیدہ ان کی زندگی میں رچا بسا رہتا ہے۔

ترجمہ کنزالایمان۔

ترجمہ: اور وہ کہ ایمان لائیں اس پر جو اے محبوب تمھاری طرف اترا اور جو تم سے پہلے اترا، ۸ اور آخرت پر یقین رکھیں ۹۔

تفسیر:۔

۸۔ اس آیت میں اہل کتاب سے وہ مومنین مراد ہیں جو اپنی کتاب اور تمام پچھلی آسمانی کتابوں ۹ یعنی دار آخرت اور جو کچھ اس میں ہے جزا وحساب وغیرہ سب پر ایسا یقین واطمنان رکھتے ہیں کہ ذرا شک وشبہ نہیں اس میں اہل کتاب وغیرہ کفار پر تعریض ہے جنکے اعتقاد آخرت کے متعلق فاسد ہیں۔

تفسیر ثنائی۔

ترجمہ: یہی لوگ قیامت کو مانتے ہیں۔

تفسیر:۔

یہی لوگ قیامت کو مانتے ہیں۔ جو ہر وقت اسی کی یہی لوگ فکر میں لگے رہتے ہیں۔ جو کام کرتے ہیں قیامت کی عزت اور ذلت کا لحاظ اس میں پہلے کر لیتے ہیں۔

تفہیم القرآن۔ (ص۵۱ج۱، مطبوعہ لاہور)

ترجمہ: جو کتاب تم پر نازل کی گئی ہے (یعنی قرآن) اور جو کتابیں تم سے پہلے نازل کی گئی تھیں ان سب پر ایمان لاتے ہیں ۷ اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ ۸

تفسیر:۔

۷۔ یہ پانچویں شرط ہے کہ آدمی اُن تمام کتابوں کو برحق تسلیم کریجو وحی کے ذریعے سے خدا نے محمد ﷺ اور ان سے پہلے کے انبیاء پر مختلف زمانوں اور ملکوں میں نازل کیں۔ اس شرط کی بنا پر قرآن کی ہدایت کا دروازہ ان سب لوگوں پر بند ہے جو سرے سے اس ضرورت ہی کے قائل نہ ہوں کہ انسان کو خدا کی طرف سے ہدایت ملنی

چاہئے، یا اس ضرورت کے قائل ہوں مگر اس کے لئے وحی و رسالت کی طرف رجوع کرنا غیر ضروری سمجھتے ہوں اور خود کچھ نظریات قائم کر کے انہیں کو خدائی ہدایت قرار دے بیٹھیں، یا آسمانی کتابوں کے لئے قائل ہوں، مگر صرف اس کتاب یا اُن کتابوں پر ایمان لائیں جنہیں ان کے باپ دادا مانتے چلے آئے ہیں، رہیں اُسی سرچشمہ سے نکلی ہوئی دوسری ہدایات تو وہ ان کو قبول کرنے سے انکار کر دیں۔ ایسے سب لوگوں کو الگ کر کے قرآن اپنا چشمہ فیض صرف اُن لوگوں کے لئے کھولتا ہے جو اپنے آپ کو خدائی ہدایت کا محتاج بھی مانتے ہوں اور یہ بھی تسلیم کرتے ہوں کہ خدا کی یہ ہدایت ہر انسان کے پاس الگ الگ نہیں آتی بلکہ انبیاء اور کتب آسمانی کے ذریعے سے ہی خلق تک پہنچتی ہے، اور پھر وہ کسی نسلی و قومی تعصب میں بھی مبتلا نہ ہوں بلکہ خالص حق کے پرستار ہوں، اس لئے حق جہاں جہاں جس شکل میں بھی آیا ہے اس کے آگے سر جھکا دیں۔

۸۔ یہ چھٹی اور آخری شرط ہے ''آخرت'' ایک جامع لفظ ہے جس کا اطلاق بہت سے عقائد کے مجموعے پر ہوتا ہے۔ اس میں حسب ذیل عقائد شامل ہیں۔

(۱) یہ کہ انسان اس دنیا میں غیر ذمہ دار نہیں بلکہ اپنے تمام اعمال کے لئے خدا کے سامنے جواب دہ ہے۔ (۲) یہ کہ دنیا کا موجودہ نظام ابدی نہیں ہے بلکہ ایک وقت پر جسے صرف خدا ہی جانتا ہے اس کا خاتمہ ہو جائیگا۔ (۳) یہ کہ اس عالم کے خاتمے کے بعد خدا ایک دوسرا عالم بنائیگا اور اس میں پوری نوع انسانی کو جو ابتداء آفرینش سے قیامت تک زمین پر پیدا ہوئی تھی بیک وقت دوبارہ پیدا کریگا اور سب کو جمع کر کے ان کے اعمال کا حساب لے گا اور ہر ایک کو اس کے کئے کا پورا پورا بدلہ دے گا۔ (۴) یہ کہ خدا کے اس فیصلے کی رو سے جو لوگ نیک قرار پائیں گے وہ جنت میں جائیں گے اور جو لوگ بد ٹھریں گے وہ دوزخ میں ڈالے جائیں گے۔ (۵) یہ کہ کامیابی اور ناکامی کا اصلی معیار موجودہ زندگی کی خوشحالی و بدحالی نہیں بلکہ درحقیقت کامیاب انسان وہ ہے جو خدا کے آخری فیصلے میں کامیاب ٹھہرے۔ اور ناکام وہ ہے جو وہاں ناکام ہو۔

عقائد کے اس مجموعے پر جن لوگوں کو یقین نہ ہو وہ قرآن سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے' کیوں کہ ان باتوں کا انکار تو درکنار' اگر کسی کے دل میں ان کی طرف سے شک اور تذبذب کی کیفیت بھی ہو' تو اس راستہ پر نہیں چل سکتا جو انسانی زندگی کے لئے قرآن نے تجویز کیا ہے۔

تفسیر جامع البیان ،طبری۔ (ص ۱۵۵۔۱۵۶ ج ۱، بیروت)

﴿وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُو قِنُون﴾

قال أبو جعفر: أما الآخرة ، فإنها صفة للدار ، كما قال جلّ ثناؤه: ﴿وَإِنَّ الدَّارَ الآخِرَةَ لَهِيَ الحَيَوَانُ لَوْكَانُوا يَعْلَمُونَ﴾ وإنما وصفت بذ لک لمصيرها آخرة لأولى كانت قبلها كما تقول للرجل: أنعمت عليک مرة بعد أخرىٰ فلم تشكر لي الأولى ولا الآخرة . وإنما صارت الآخرة آخرة للأولى، لتقدم الأولى أمامها ، فكذ لک الدار الآخرة سميت آخرة لتقدم الدار الأولى أماها ، فصارت التالية لها آخرة . وقد يجوز أن تكون سميت آخرة لتأخرها عن الخلق كما سميت الدنيا دنيا لد نوّها من الخلق . وأما الذي وصف الله جلّ ثناؤه به المؤمنين . بما أنزل الى نبيه محمد ﷺ ، وما أنزل إلى من قبله من المرسلين . من إيقانهم به من أمر الآخرة ، فهو إيقانهم بما كان المشركون به جاحدين ، من البعث والنشر والثواب والعقاب والحساب والميزان ، وغير ذلک مما أعد الله لخلقه يوم القيامة . كما :

۲۴۱۔ حدثنا به محمد بن حميد ، قال: حدثنا سلمة عن محمد بن إسحاق عن محمد بن أبي محمد مولىٰ زيد بن ثابت ، عن عكرمة ، أوعن سعيد بن جبير، عن ابن عباس: ﴿ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُو قِنُونَ﴾ أي بالبعث والقيامة والجنة والناروالحساب والميزان ، أي لاهؤلاء الذين يزعمون أنهم آمنوا بما كان قبلک ، ويكفرون بما جائک من ربک.

وهذا التأويل من ابن عباس قد صرح عن أن السوره من أولها وإن كانت الآيات التي فى أولها من نعت المؤمنين تعريض من الله عز وجلّ بذ م

الكفار أهل الكتاب ، الذ ين زعموا أنهم بما جاء ت به رسول الله عز وجلّ الذين كانوا قبل محمد صلوات الله عليهم وعليه مصد قون وهم بمحمد عليه الصلواة و السلام مكذبو ن ، ولما جاء به من التنزيل جاحدون ، ويد عون مع جحودهم ذلک أنهم مهتدون وأنه لن يدخل الجنة إلا من كان هوداً أو نصاریٰ . فأكذ ب الله جلّ ثناؤه ذلک من قيلهم بقوله : ﴿الم ذَلِکَ الْكِتَابُ لا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ يُؤمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ اِلَيْکَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ﴾ وأخبر جلّ ثناؤه عباده أن هذا الكتاب هدى لأهل الايمان بمحمد ﷺ وبما جاء به المصدقين بما أنزل إليه وإلي من قبله من رسله من البينات والهدى خاصة ، دون من كذ ب بمحمد ﷺ وبما جاء به ، وادعى أنه مصدق بمن قبل محمد عليه الصلاة والسلام من الرسل وبما جاء به من الكتب . ثمّ أكد جلّ ثناؤه أمر المؤمنين من العرب ومن أهل الكتاب المصد قين بمحمد عليه الصلاة والسلام وبما أنزل إليه وإلیٰ من قبله من الرسل بقوله :﴿ أُولَئِکَ عَلیٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ وَ أُولَئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾ فأخبر أنهم هم أهل الهدى والفلاح خاصة دون غيرهم، وأن غيرهم هم أهل الضلال والخسار.

تفسیر کشاف:۔

والآخرة تانيث الآخر الذى هو نقيض الاوّل ' وهى صفة الدار بدليل قوله تلک الدارالآخرة وهى من الصفات الغالية وكذلک الدنيا وعن نافع انه خففهابان حذف الهمزة وألقى حركتها علیٰ اللام كقوله . دابة الارض . وقرأ أبو حية النميرى يؤ قنون بالهمزة.جعل الضمة فى جار الواو كانها فيه فقلبها قلب واو وجوه ووقتت ونحوه

لحب المؤقدان اليّ َموسیٰ وجعدة اذ اضاء هما الوقود.

تفسیر معالم التنزیل۔ (ص۴۷،۴۸، لاہور)

قوله :﴿وَالَّذ يْنَ يُؤ مِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْکَ﴾ يعني: القرآن ، ﴿وَمَآ اُنْزِلَ

مِنْ قَبْلِکَ﴾: من التوراة والإنجيل وسائرالكتب المنزلة على الأنبياء عليهم الصلاة والسلام ، ويترک أ بوجعفر وابن كثير و قالون وأهل البصرة ويعقوب كل مدّ يقع بين كل كلمتين ، والآخرون يمد ونها ، وهذه الآية في المؤمنين من أهل الكتب.

قوله :﴿ وَبِالآ خِرَةِ﴾ أي: بالد ارالآخرة ، سُميت الد نيا: دنيا لد نوها من الآخرة ، وسُميت الآخرة :آخرة لتأخرها وكونها بعد الدنيا،﴿ هُمْ يُوْقِنُوْنَ﴾ أي : يستيقنون أنها كائنة ، من الإيقان وهو العلم ، وقيل: الإيقان واليقين علم عن استدلال ، ولذلک لا يُسمى الله موقناً ولا علمه يقيناً إ ذ ليس علمه عن استدلال .

تفسیر کبیر:۔(ص۲۷۷ج۱)

﴿وَالَّذِيْنَ يُؤ مِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالآ خِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ﴾

واعلم أن قوله:﴿وَالَّذِيْنَ يُؤ مِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾ [البقرة:٣] عام يتناول كل من آمن بمحمد ﷺ، سواء كان قبل ذلک مؤمناً بموسىٰ وعيسىٰ عليهما السلام ، أوماكان مؤمناً بهما ، ودلالة اللفظ العام على بعض ما دخل فيه التخصيص أضعف من دلالة اللفظ الخاص على ذلک البعض ، لأن العام يحتمل التخصيص و الخاص لا يحتمله ، فلما كانت هذه السورة مدنية ، وقد شرف الله تعالىٰ المسلمين بقوله :﴿ هُدىً للمتقينَ الَّذِيْنَ يُؤ مِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾ [البقرة:٢،٣] فذكر بعد ذلک أهل الكتا ب الذين آمنوا بالرسول : كعبد الله بن سلام وأمثاله بقوله : ﴿ وَالَّذِيْنَ يُؤ مِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ﴾ لأن في هذا التخصيص بالذكرمزيد تشريف لهم كما في قوله تعالىٰ :﴿ مَنْ كَانَ عَدُواً لِلهِ وَ مَلا ئِكَتِه وَرُسُله وَجبريلَ وَمِيْكالَ﴾ [البقرة:٩٨] ثم تخصيص عبدالله بن سلام وأمثاله بهذا التشريف ترغيب لأمثاله في ا لد ين ، فهٰذا هو السبب في ذكر هذا الخاص بعد ذلک العام ، ثم نقول أما قوله : ﴿وَالَّذِيْنَ يُؤ مِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْکَ ﴾ ففيه مسائل :

المسألة الأولى : لا نزاع بين أصحابنا وبين المعتزلة في أن الإيمان إذا عدي بالباء فالمراد منه التصديق ، فإذا قلنا فلان آمن بكذا ، فالمراد أنه صدق به ولا يكون المراد أنه صام وصلى ، فالمراد بالإيمان ها هنا التصديق ، بالاتفاق لكن لابدّ معه من المعرفة لأن الإيمان ها هنا خرج مخرج المدح والمصدق مع الشك لا يأمن أن يكون كاذباً فهو إلى الذم أقرب .

المسألة الثانية: المراد من إنزال الوحي وكون القرآن منزلاً، ومنزلاً ومنزولاً به ، أن جبريل عليه السلام سمع في السماء كلام الله تعالىٰ فنزل على الرسول به ، وهذا كما يقال : نزلت رسالة الأمير من القصر، والرسالة لا تنزل لكن المستمع يسمع الرسالة من علو فينزل ويؤدي في سفل . وقوله الأمير لايفارق ذاته ، ولكن السامع يسمع فينزل ويؤدي بلفظ نفسه ، ويقال فلان ينقل الكلام إذا سمع في موضع وأداه في موضع آخر. فإن قيل كيف سمع جبريل كلام الله تعالىٰ ، وكلامه ليس من الحروف والأصوات عندكم ؟ قلنا يحتمل أن يخلق الله تعالىٰ له سمعاً لكلامه ثم أقدره على عبارة يعبربها عن ذلك الكلام القديم ، ويجوز أن يكون الله خلق في اللوح المحفوظ كتابة بهذا النظم المخصوص فقرأه جبريل عليه السلام فحفظه ، ويجوز أن يخلق الله اصواتاً مقطعة بهذا النظم المخصوص في جسم مخصوص فيتلقفه جبريل عليه السلام ويخلق له علماً ضرورياً بأنه هو العبارة المؤدية لمعنى ذلك الكلام القديم .

المسألة الثالثة: قوله :﴿ وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ﴾ هذا الإيمان واجب ، لأنه قال في آخره : ﴿وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴾ [البقرة:٥] فثبت أن من لم يكن له هذا الإيمان وجب أن لايكون مفلحاً، وإذا ثبت أنه واجب وجب تحصيل العلم بما أنزل على محمد ﷺ على سبيل التفصيل ، لأن المرء لا يمكنه أن يقوم بما أوجبه الله عليه علماً وعملاً إلا اذا علمه على سبيل التفصيل ، ولأنه إن لم يعلمه كذلك امتنع عليه القيام به ، إلا أن تحصيل هذا العلم واجب على سبيل الكفاية ، فإن تحصيل العلم بالشرائع النازلة على محمد ﷺ على سبيل التفصيل غيرواجب على العامة ، وأما قوله :﴿ وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ﴾ فالمرادبه ما أنزل على الأنبياء الذين

كانوا قبل محمد، والإيمان به واجب على الجملة، لأن الله تعالىٰ ما تعبد نا الآن به حتىٰ يلزمنا معرفته على التفصيل ، بل إن عرفنا شيئاً من تفاصيله فهناك يجب علينا الإيمان بتلك التفاصيل ، وأما قوله:﴿وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُونَ﴾ ففيه مسائل :

المسألة الأولى : الآخرة صفة الدار الآخرة ، وسميت بذلك لأنها متأخرة عن الدنيا وقيل للدنيا دنيا لأنها ادنىٰ من الآخرة .

المسألة الثانية :اليقين هو العلم بالشيء بعد أن كان صاحبه شاكاً فيه ، فلذلك لا يقول القائل : تيقنت وجود نفسي ، وتيقنت أن السماء فوقي لما أن العلم به غير مستدرك ، ويقال ذلك في العلم الحادث بالأمور سواء كان ذلك العلم ضرورياً أو استدلالياً ، فيقول القائل: تيقنت ما أردته بهٰذا الكلام وإن كان قد علم مراده بالاضطرار ، ويقول تيقنت أن الإلٰه واحد وإن كان قد علمه بالاكتساب ، ولذلك لايوصف الله تعالىٰ بأنه يتيقن الأشياء.

المسألة الثالثة : أن الله تعالىٰ مدحهم على كونهم متيقنين بالآخرة ، ومعلوم أنه لايمدح المرء بأن يتيقن وجود الآخرة فقط ، بل لا يستحق المدح إلا إذا تيقن وجود الآخرة مع ما فيها من الحساب والسؤال وإدخال المؤمنين الجنة، والكافرين النار. روي عنه عليه السلام أنه قال :"يا عجباً كل العجب من الشاك في الله وهو يرى خلقه ، وعجباًممن يعرف النشأة الأولىٰ ثم ينكر النشأة الآخرة ، وعجباً ممن ينكر البعث والنشور وهو في كل يوم وليلة يموت ويحيا . يعني النوم واليقظة . وعجباً ممن يؤمن بالجنة وما فيها من النعيم ثم يسعىٰ لدارالغرور ، وعجباً من المتكبر الفخور وهو يعلم أن أوّله نطفة مذرة وآخره جيفة قذرة "

تفسیرابن کثیر :(ص۶۲ ج۱، بیروت)

﴿وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ﴾.

قال ابن عباس وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ

أى يصدقون بما جئت به من الله وما جاء به من قبلك من المرسلين لا يفرقون بينهم ولا يجحدون ما جاؤوهم به من ربهم وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ أى بالبعث والقيامة والجنة والناروالحساب والميزان وانماسميت الآخرة لأنهابعدالدنيا وقد اختلفت المفسرون في الموصوفين هنا،هل هم الموصوفون بما تقدم من قوله تعالى : ﴿الَّذِينَ يُؤ مِنُونَ بِالغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُم يُنفِقُونَ﴾ ومن هم ؟ على ثلاثة اقوال حكاها ابن جرير أحد ها أن الموصوفين أولا هم الموصوفون ثانياً وهم كل مؤمن مؤمنو العرب ومؤمنو اهل الكتاب وغيرهم قاله مجاهد وأبو العالية والربيع بن أنس وقتادة ، والثانى هما واحد وهم مؤمنو أهل الكتاب وعلى هذين تكون الواو عاطفة على صفاة كما قال تعالىٰ : ﴿ سَبِّح اسْم رَبِّكَ الأعْلَى.الَّذِى خَلَقَ فَسَوَّى . وَالَّذى قَدَّرَ فَهَدَى.وَالَّذى أخْرَجَ المَرْعَى . فَجَعله غُثَاءً أحْوَى﴾ وكما قال الشاعر:

الى الملك القوم وابن الهماموليث الكتيبة في المزدحم.

فعطف الصفات بعضها على بعضوالموصوف واحد ، والثالث : أن الموصوفين أولا مؤمنو العرب والموصوفون ثانيا بقوله : ﴿وَالَّذِيْنَ يُؤ مِنُوْنَ بِمَآ اُنزِلَ اِلَيْکَ وَمَآ اُنزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبالآ خِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ﴾ لمؤمني أهل الكتاب ونقله السدى في تفسيره عن ابن عباس وابن مسعود وأناس من الصحابة واختاره ابن جرير رحمه اللهويستشهد لما قال بقوله تعالى :﴿ وَإنَّ مِنْ أهلِ الكِتَابِ لَمَن يُؤمِنُ بالله وَما أنزلَ اِلَيكُم وَما أنزلَ اِلَيهم خاشِعِينَ لله﴾ الآية وبقوله تعالىٰ :﴿ الَّذ ينَ آتَيناهُم الكِتابَ مِنِ قَبْله هُم بِه يُؤمِنُون وَاِذا يُتْلىٰ عَلَيهم قالُوا آمَنّا به اِنّه الحقُّ مِن ربنا اِنّا كنّا مِن قَبْله مُسلِمِين أولَئِکَ يُؤتَون أجْرَهم مرّتَينِ بِما صَبَرُوا وَيَدْرَؤون بالحَسَنَةِ السيئة وَمِمّا رَزَقناهُم يُنفقُونَ ﴾ وبما ثبت في الصحيحين من حديث الشعبي عن أبى بردة عن أبى موسى أن رسول الله ﷺ قال : " ثلاثة يؤ تون أجرهم مرتين رجل من أهل الكتاب آمن بنبيه وآمن بي ورجل مملوک أدى حق الله وحق مواليه ورجل أدب جاريته فأحسن تأديبها ثم أعتقها وتزوجها" واما أبن جرير فما استشهد على صحة ماقال الا بمناسبة وهي أن الله وصف في أول هذه السورة المؤ منين والكافرين فكما أنه صنف الكافرين الى

صنفين كافر ومنافق فكذ لك المؤمنون صنفهم الى صنفين عربي و كتابي (قلت) والظاهرقول مجاهد فيما رواه الثورى عن رجل عن مجاهد ورواه غير واحد عن ابن أبى نجيح عن مجاهد أنه قال : اربع آيات من أول سورة البقرة في نعت المؤمنين وآيتان في نعت الكافرين وثلاثة عشر في المنافقين هذه الآيات الاربع عامات في كل مؤمن اتصف بها من عربى وعجمي وكتابي من انسى وجنى وليس تصح واحدة من هذه الصفات بدون الاخرى بل كل واحدة مستلزمة للاخرى وشرط معها فلا يصح الايمان بالغيب واقام الصلاة والزكاة الا مع الايمان بما جاء به الرسول ﷺ وما جاء به من قبله من الرسل صلوات الله وسلامه عليهم اجمعين والأيقان بالآخرة كما أن هذا لا يصح الا بذاك وقد أمرالله المؤمنين بذلك كما قال: ﴿ يا أيها الذين آمنو آمنو بالله ورسوله والكتاب الذين نزل على رسول والكتاب الذى انزل من قبل ﴾ الآية وقال تعالى :﴿ ولا تجادلوا أهل الكتاب الا بالتى هو أحسن الا الذ ين ظلمو منهم وقولوا آمنا بالذ ى أنزل الينا وانزل اليكم والٰهنا والٰهكم واحد ﴾ الآية وقال تعالىٰ: ﴿يا أيها الذ ين أوتوا الكتاب آمنوا بما نزلنا مصدقاً لما معكم﴾ وقال تعالى ﴿ قل يا أهل الكتاب لستم على شيء حتى تقيموا التوراة والانجيل وما انزل اليكم من ربكم﴾ وأخبر تعالىٰ عن المؤمنين كلهم بذ لك فقال تعالىٰ: ﴿آمن الرسول بما انزل اليه من ربه والمؤمنون كل آمن بالله ملا ئكته وكتبه ورسله لا نفرق بين احد من رسله﴾ وقال تعا لىٰ: ﴿والذين آمنوا بالله ورسله ولم يفرق بين أحد منهم ﴾ الى غير ذلك من الآيات الدالة على أمر جميع المؤمنين بالإيمان بالله ورسله وكتبه لكن لمؤمني أهل الكتاب خصوصية وذلك أنهم يؤمنون بما بايد هم مفصلا فاذا دخلوا في الاسلام وآمنوا به مفصلا كان لهم على ذلك الاجر مرتين واما غيرهم فانما يحصل له الايمان بما تقدم مجملاً كما جاء في الصحيح " إذا حد ثكم أهل الكتاب فلا تكذبوهم ولا تصد قوهم ولكن قولوا آمنا بالذى انزل الينا وانزل اليكم " ولكن يكون ايمان كثير من العرب بالاسلام الذى بعث به محمد ﷺ أتم واكمل واعم واشمل من ايمان من دخل منهم في الاسلام فهم وان حصل لهم اجران من تلك الحيثيت فغيرهم يحصل له من التصديق ما ينيف ثوابه على الاجرين اللذ ين حصلاً لهم والله اعلم.

آیت:(۴)

"وَاِذِابْتَلیٰٓ اِبْرَاھِیْمَ رَبُّہٗ بِکَلِمٰتٍ فَاَتَمَّھُنَّ قَالَ اِنِّی جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِی قَالَ لَایَنَالُ عَھْدِی الظّٰلِمِیْنَ. (بقرہ: ۱۲۴)

ترجمہ: اور جب آزمایا ابراہیم کو اُس کے رب نے کئی باتوں میں پھر اس نے وہ پوری کیں تب فرمایا میں تجھکو کروں گا سب لوگوں کا پیشوا۔ بولا اور میری اولاد میں سے بھی فرمایا نہیں پہنچے گا میرا عہد ظالموں کو۔

خلاصہ:۔

اس آیت میں اللہ جل شانہ نے اپنے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام سے لئے گئے امتحانات، اور اس میں ان کی کامیابی اور اس کے صلہ میں دیئے جانے والے انعام کا ذکر کیا ہے۔ کہ آپ کی درخواست پر پیشوائی کا انعام آپ کی ذریت میں سے بعض فرمانبرداروں کو بھی ملے گا لیکن جو ظالم و نافرمان ہونگے وہ اس انعام سے محروم ہونگے۔ چنانچہ آپ علیہ السلام کی ذریت بنی اسرائیل میں ایک عرصہ تک نبوت و پیشوائی رہی لیکن جب بنی اسرائیل بگڑ گئے اور نافرمان ہو گئے تو بنی اسماعیل میں منتقل ہو گئی اور محمد عربی ﷺ آخری نبی بن کر آئے۔ اور اب آپ ﷺ ہی قیامت تک کے لئے نبی ہیں۔ جو بنی اسماعیل میں سے ہیں۔ گویا نبوت آج بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی کی ذریت میں ہے، جو قیامت تک رہے گی۔ اب کوئی مغل بچہ نبی نہیں بن سکتا۔ اور نہ اس کی ضرورت ہے۔

قادیانی استدلال:

اور جس وقت آزمایا ابراہیم علیہ السلام کو رب اس کے نے' ساتھ کئی باتوں کے۔ پس پورا کیا ان کو۔ کہا تحقیق میں کرنے والا ہوں تجھ کو واسطے لوگوں کے امام' اور کہا میری اولاد سے' کہا نہ پہنچے گا عہد میرے ظالموں کو۔

اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں۔ اول یہ کہ عہد نبوت نسل ابراہیم علیہ السلام کے

ساتھ ضرور پورا ہوگا- دوم یہ کہ جب نسل ابراہیمی ظالم ہو جائے گی تو ان سے نبوت چھین لی جائے گی۔ کیونکہ امت محمدیہ میں نبوت جاری نہیں۔ لہذا یہ امت ظالم ہوگئی اور اگر ظالم نہیں تو امت محمدیہ میں نبوت جاری ہے۔

جواب نمبرا:-

آیت کا مطلب صرف اس قدر ہے کہ جو ظالم ہو اس کو یہ نعمت نہ ملے مگر ہر غیر ظالم کے لئے نبوت جاری نہیں۔ ہاں اگر نبوت آنحضرت ﷺ کے بعد جاری ہوتی تو پھر غیر ظالموں کو مل سکتی تھی۔ مگر قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان موجود ہے ''مَاکَانَ مُحَمّدٌ اَبَااَحَدٍ مِنْ رِّجَالِکُمْ الی قوله وَخَاتَمَ النَّبِیّن'' مرزا قادیانی نے خود آیت ختم نبوت کا ترجمہ کیا ہے:

''محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی مرد کا باپ نہیں۔ مگر وہ رسول اللہ ہے اور ختم کرنے والا ہے نبیوں کا۔ یہ آیت بھی صاف دلالت کر رہی ہے کہ بعد ہمارے نبی ﷺ کے کوئی رسول دنیا میں نہیں آئے گا۔'' (ازالہ اوہام خ ص ۴۳۱ ج ۳)

۲- حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خدا سے دعا مانگی تھی جو قبول ہوگئی۔ مگر دکھاؤ کہ آنحضرت ﷺ نے بھی ایسی دعا مانگی ہے بلکہ آپ ﷺ نے صریح اور واضح الفاظ میں فرمایا: ''اِنّ النبوّةَ وَالرِّسَالَةَ قَدْ اِنْقَطَعتْ فَلارَسُولَ بَعدِی وَلا نَبِیَّ'' (ترمذی شریف ص ۵۱ ج ۲) ثابت ہوا کہ نبوت جاری نہیں۔

۳- حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں صاحب کتاب نبی بھی ہوئے ہیں۔ لہٰذا تمہارے قاعدے کے مطابق کوئی نبی صاحب کتاب بھی ضرور آنا چاہئے۔ حالانکہ تم اس کے خود قائل نہیں۔ جس دلیل سے صاحب کتاب نبی آنے کی ممانعت ہے وہی دلیل مطلقاً کسی نبی کے آنے سے مانع ہے۔

۴- اگر کہو کہ وہ جسے نبوت نہ ملے ظالم ہوتا ہے تو صحابہ کرامؓ اور تمام امت محمدیہ ﷺ اب تک ظالم ٹھہرتی ہے۔ اور مرزا غلام احمد قادیانی کی وفات کے بعد تمام قادیانی امت بھی ظالم ٹھہرتی ہے۔

۵- مذکورہ آیت تو یہ بتاتی ہے کہ جو لوگ آزمائشوں میں کامیاب ہوتے ہیں وہ دنیا میں امام بنائے جاتے ہیں۔اور ابراہیم علیہ السلام اس امامت کے منصب سے پہلے بھی نبی بن چکے تھے۔یہ امامت کس نوعیت کی تھی لکھا ہے کہ:"خدا نے ابراہیم علیہ السلام سے کہا تیری نسل اپنے دشمنوں کے دروازے پر قابض ہوگی اور تیری نسل سے دنیا کی ساری قومیں برأت پائیں گی۔" (پیدائش آیت ۱۷،۱۸ باب ۲۲) پھر فرمایا:"میں تجھ کو اور تیرے بعد تیری نسل کو کنعان کا تمام ملک جس میں تو پردیسی ہے دیتا ہوں۔"
(پیدائش آیت ۷،۸ باب ۷)

الحاصل آیت کریمہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ کی ذریۃ طیبہ کو دنیا میں سرفراز کرنے کا عہد تھا۔جس کا اظہار سورۃ حدید کے آخر میں واضح کر دیا کہ ہم نے آپ کی اولاد میں کتاب اور نبوت کو مرتکز کر دیا۔پھر اس کے بعد حضرت مسیح کا ذکر فرمایا جنہوں نے اس سلسلہ انبیاء کے آخری فرد کامل کا اعلان کر دیا۔اس فرد کامل نے تشریف لا کر سلسلہ نبوت کا کلی اختتام و انقطاع کا اعلان فرما کر حقیقت واضح کر دی۔

مغالطہ:۔

> "اور میرے نزدیک اس جگہ یہی ذکر ہے امامت کا مقام نبو اسحٰق کو نہیں ملے گا کیوں کہ وہ بحیثیت جماعت ظالم ہو جانے والے تھے۔ہاں بنو اسماعیل کو ملے گا کیوں کہ وہ بحیثیت جماعت کبھی ظالم نہیں ہونگے۔بلکہ ہر زمانہ میں ان میں ایسے لوگ ہوتے رہیں گے۔چنانچہ اسی وجہ سے رسول کریم ﷺ کو تمام دنیا کا امام بنایا گیا۔اور آپ کی امت میں سے اس زمانے میں حضرت مسیح (مرزا قادیانی۔ناقل) کو یہ مقام بخشا گیا۔"
> (تفسیر کبیر:مرزا البشیر الدین،ص ۱۶۲ ج ۲)

جواب ا۔

رسول کریم ﷺ کو تمام دنیا کا امام بنایا گیا اور قیامت تک کے لئے بنایا گیا ہے تو اب کسی مغل نادان بچے کو یہ مقام دینے کی ضرورت ہی کیا رہی۔کیا مرزئیوں کو حضور ﷺ کی امامت کافی نہیں؟

۲- بقول تمھارے اب یہ عہدہ بنو اسماعیل کو ہی ملے گا یہاں تک کہ جس خاندان کو پہلے ملا کرتا تھا اب انھیں بھی نہیں ملے گا۔ تو کسی مغل بچہ کو یہ مقام کیسے ملے گا؟

۳- مرزا تو کسی طرح اس مقام کا حق دار ہو ہی نہیں سکتا۔ کیوں کہ وہ باون برس تک حیات عیسیٰ کا عقیدہ رکھتا رہا جس کو وہ اپنی زبان سے شرک قرار دیتا ہے، لہذا وہ مشرک ہوا۔ اسی طرح وقت نے ثابت کر دیا کہ وہ ناحق، ظالم قوم انگریزوں کی حمایت کرتا رہا جو ہندوستان کی زمین پر ظلم وزیادتی سے قابض ہو گئے اور مسلمانوں سے حکومت غلط طور پر چھین لی تھی۔ مرزا، اُن ظالم انگریزوں کا جان مال سے تعاون کرتا رہا۔ لہذا سب سے بڑا ظالم تو مرزا ہی ہے پھر وہ یہ منصب ومقام کیسے پا سکتا ہے؟ علاوہ ازیں مرزا مہا جھوٹا تھا آج تک مرزائی اسے سچا اور شریف انسان تک ثابت نہ کر سکے تو اسے قرآنی آیت کا مصداق بنانا تحریف قرآن ہے جو اس سے بھی بڑا جرم ہے۔ اور ایسا ہی ہے جیسے کہ کوئی ابولہب اور ابوجہل کو اس آیت کا مصداق بنانے لگے۔

کیا لکھوں تیری غلط راہ وروش پر ظالم
ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیے

کیا فرماتے ہیں مفسرین

معارف القرآن۔ (ص ۲۵۱۔۲۵۹ ج ۱)

خلاصہ تفسیر از بیان القرآن۔

اور جس وقت امتحان کیا حضرت ابراھیم کا ان کے پروردگار نے چند باتوں میں (اپنے احکام میں) اور وہ ان کو پورے طور سے بجا لائے (اس وقت) حق تعالیٰ نے (ان سے) فرمایا کہ میں تم کو (اس کے صلہ میں نبوت دے کر یا امت بڑھا کر) لوگوں کا مقتدا بناؤں گا' انھوں نے عرض کیا اور میری اولاد میں سے بھی کسی کسی کو (نبوت دیجئے) ارشاد ہوا کہ (آپ کی درخواست منظور ہے مگر اس کا ضابطہ سن لیجئے کہ) میرا (یہ) عہدہ (نبوت) خلاف ورزی (قانون) کرنے والوں کو نہ ملے گا (سوایسے لوگوں کو تو صاف جواب ہے' البتہ کرنے والوں میں سے بعض کو نبوت دی جائے گی)

احکام ومسائل۔

اس آیت میں حق تعالیٰ نے اپنے پیغمبر حضرت ابراھیم علیہ السلام کے مختلف امتحانات اور ان میں ان کی کامیابی پھر اس کے انعام وصلہ کا بیان ہے' اور پھر جب حضرت خلیل اللہ نے از راہ شفقت اپنی اولاد کے لئے بھی اسی انعام کی درخواست کی' تو انعام پانے کا ایک ضابطہ ارشاد فرمادیا گیا' جس میں حضرت خلیل اللہ کی درخواست کی منظوری مشروط صورت میں دی گئی' کہ یہ انعام آپ کی ذریت کو بھی ملے گا' مگر جو لوگ ذریت میں سے نافرمان اور ظالم ہونگے وہ یہ انعام نہ پاسکیں گے'

یہاں چند باتیں غور طلب ہیں۔

اول یہ کہ امتحان کسی شخص کی قابلیت معلوم کرنے کے لئے لیا جاتا ہے' اور اللہ تعالیٰ علیم وخبیر ہیں کسی بھی شخص کا کوئی حال یا کمال ان پر مخفی نہیں پھر اس امتحان کا مقصد کیا تھا؟

دوسرے یہ کہ امتحان کس کس عنوان سے لیا گیا'
تیسرے یہ کہ کامیابی کس صورت اور کس نوعیت کی رہی'
چوتھے یہ کہ نام کیا دیا گیا اور اس کی حیثیت کیا ہے'
پانچویں یہ کہ اس انعام کے لئے جو ضابطہ مقرر کیا گیا ہے اس کی کچھ توضیح و تفصیل'
ان پانچوں سوالات کے جوابات بالتفصیل ملاحظہ فرمایئے:

پہلی بات کہ امتحان کا مقصد کیا تھا؟ قرآن کے ایک لفظ ربہٗ نے اس کو حل کردیا ہے' جس میں یہ بتلایا گیا ہے کہ اس امتحان کے ممتحن خود اللہ جل شانہ ہیں' اور ان کے اسماء حسنہ میں سے اس جگہ لفظ رب لاکر شان ربوبیت کی طرف اشارہ کردیا گیا ہے' جس کے معنی ہیں کسی چیز کو آہستہ آہستہ درجہ کمال تک پہونچانا'

مطلب یہ ہوا کہ ابراہیم علیہ السلام کا یہ ابتلاء، وامتحان کسی جرم کی پاداش میں یا نامعلوم قابلیت کا علم حاصل کرنے کے لئے نہیں' بلکہ شان تربیت و ربوبیت اس کا منشاء ہے ان آزمائشوں کے ذریعہ اپنے خلیل کی تربیت کرکے ان کے درجات و مقامات تک پہونچانا مقصود ہے' پھر اس جملہ میں مفعول کو مقدم اور فاعل کو مؤخر کرکے یوں ارشاد ہوا **واذابتلیٰ ابراهیم ربه** اس میں ابراہیم علیہ السلام کی جلالت شان کو اور نمایاں فرمایا گیا'

اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ وہ مدعیان ایمان کو اسی طرح (منافق ومخلص مومن ملے جلے) رہنے نہیں دیگا بلکہ وہ بدباطن منافق اور مخلص مومن کے درمیان بالکل تمیز قائم کردیگا۔ چنانچہ تمیز کلی طور پر غزوہ تبوک تک مکمل ہوگئی۔مخلص مومن لوگ باقی رہ گئے اور منافق چھٹ گئے۔حتیٰ کہ منافقین کے نام لے لے کر مسجد نبوی سے اٹھا دیا گیا تھا۔ رہا یہ سوال کہ شدائد ومشکلات میں ڈال کر ہی اللہ تعالیٰ کیوں امتیاز قائم کرتے ہیں بغیر اس کے بھی تو یہ امتیاز ہوسکتا ہے۔مثلاً اللہ بتادے کہ کون مومن ہے کون منافق ہے،اس طرح سب کو معلوم بھی ہو جائے اور مسلمان تکالیف ومشکلات سے بھی بچ جائیں گے۔ تو اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ اللہ کی حکمتوں میں سے ایک حکمت اور غیب کی خبروں میں سے ہے اس کے پیچھے نہ پڑ کر بس یوں سمجھ لو کہ اللہ رب العزت کا یہ طریقہ نہیں کہ غیب کی خبریں عام لوگوں کو بتایا کرے بلکہ اس کے لئے وہ حضرات انبیاء کو منتخب فرما کر ان کے ذریعہ بتایا کرتے ہیں۔

معلوم ہوا کہ اس آیت میں نا بعثت رسل کا وعدہ ہے اور نہ ہی تمیز بین المومنین والمنافقین کا معاملہ بعثت رسل کا متقاضی ہے بلکہ یہ کام تو اللہ کا ہے۔وہ جس طرح چاہے کریگا۔

قادیانی استدلال:۔

خدا تعالیٰ ہر مومن کو اطلاع غیب نہیں دیتے بلکہ اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے گا بھیجے گا۔(تبلیغی پاکٹ بک ص ۴۵۰)

''سورہ آل عمران مدنی سورۃ ہے اور آنحضرت ﷺ کی نبوت کے کم از کم تیرہ سال بعد نازل ہوئی جبکہ پاک اور ناپاک میں ابوبکرؓ و ابوجہل میں ۔عمرؓ اور ابولہب میں ۔عثمانؓ اور عتبہ وشیبہ وغیرہ میں کافی تمیز ہو چکی تھی ۔مگر خدا تعالیٰ اس کے بعد فرماتا ہے کہ خدا تعالیٰ مومنوں میں پھر ایک دفعہ تمیز کرے گا۔مگر اس طور سے نہیں کہ ہر مومن کو الہاماً بتادے کہ فلاں مومن اور فلاں منافق ہے بلکہ فرمایا کہ رسول بھیج کر ہم پھر ایک دفعہ یہ تمیز کردیں گے۔

آنحضرت ﷺ کی آمد سے ایک دفعہ یہ تمیز ہوگئی اس آیت میں آنحضرت ﷺ کے بعد ایک اور تمیز کرے گا۔پس اس سے سلسلہ نبوت ثابت ہے۔(ص ۴۵۰)

جواب نمبرا:۔

آیت مذکورہ بالا کے ترجمہ میں ہے ''بھیجے گا'' سوال یہ ہے کہ مرزائی پنڈت نے یہ کس لفظ کا ترجمہ کیا ہے؟اس آیت میں ایسا کوئی لفظ قطعاً نہیں جس کا ترجمہ کیا جائے (بھیجے گا) کسی نے ایسے ہی مترجم کے حق میں کیا خوب کہا ہے۔

ابلیس کے معین ہو تلبیس تیرا کام
انسانیت کو آج بھی بہکا رہے ہو تم

البتہ آیت میں اطلاع علی الغیب کی خبر ہے جو غیر نبی کو بھی مرزائیوں کے نزدیک ہوتی رہتی ہے۔چنانچہ مرزا نے لکھا ہے۔

''یہ بھی ان کو معلوم رہے کہ تحقیق وجود الہام ربانی کے لئے جو خاص خدا کی طرف سے نازل ہوتا ہے اور امور غیبیہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ایک اور بھی راستہ کھلا ہوا ہے اور وہ یہ

ہے کہ خدا تعالیٰ امت محمدیہ میں کہ جو سچے دین پر ثابت اور قائم ہیں۔ ہمیشہ ایسے لوگ پیدا کرتا ہے کہ جو خدا کی طرف سے ملہم ہو کر ایسے امور غیبیہ بتلاتے ہیں۔ جن کا بتلانا بجز خدائے واحد لاشریک کے کسی کے اختیار میں نہیں"۔ (براہین احمدیہ حصہ اول ص ۲۳۸)

اس سے معلوم ہوا کہ غیر نبی کو بھی مرزائیوں کے نزدیک اطلاع علی الغیب ہوتی رہتی ہے اور اسی کتاب کے صفحہ ۸۰ پر مرزا نے لکھا ہے کہ "وحی رسالت بوجہ عدم ضرورت منقطع ہے۔" نیز (رسل) میں عموم ہے اور قادیانیوں کا دعوی خاص ہے دعوی کے مطابق دلیل نہ ہونے کی وجہ سے یہ ان کی دلیل باطل ٹھہری۔ اور یجتبی میں اللہ فاعل ہے جس سے مستقل نبی کا چننا ثابت ہوتا ہے۔ جبکہ قادیانی لوگ مستقل نبی آنے کے قائل نہیں اس لئے بھی یہ دلیل قادیانیوں کے لئے مفید نہیں۔

۲۔ حکیم نورالدین نے یہی آیت مرزا کے مرنے پر پڑھ کر بیان کیا کہ یہ مومنوں کا امتحان اور جانچنا ہے اور دوسرے امتیاز بین المخلصین والمنافقین ہے۔ لہٰذا اس آیت سے صرف ابتلا مراد ہے جیسا کہ مرزا کی موت پر تم کو آزمائش میں ڈالا گیا۔ دیکھو

(ریویو آف ریلیجنز بابت جون، جولائی ۱۹۰۸ء ص ۲۲۵ ج ۷)

حکیم نورالدین نے اس آیت کو کسی نبی کے آنے پر نہیں پڑھا تھا کہ اجرائے نبوت ثابت ہو بلکہ مرزائیوں کے نبی کے جانے پر پڑھا تھا۔ مرزائی خلیفہ نے بھی ثابت کر دیا کہ اسے اجرائے نبوت کی دلیل بنانا حماقت ہے۔

۳۔ "حَتّٰی یَمِیْزَ الْخَبِیْثَ مِنَ الطَّیِّبِ" میں مرزائیوں کا یہ کہنا کہ تمیز پہلے ہو چکی تھی یہ بھی غلط ہے کیوں کہ سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے جو نزول کے اعتبار سے آخری ہے 'وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ. (توبہ ۱۰۱) اس آیت میں اُن منافقین کا ذکر ہے جنکا نفاق رسول اللہ ﷺ سے ابتک چھپا رہا۔ تو یہ تمیز مومنوں اور منافقوں میں ہو کر رہے گی۔ اور یہ اللہ کے ذمہ ہے اور اللہ ہی کے علم میں ان منافقین کی تعیین ہے۔ اور اس کے لئے نبی کی بعثت شرط نہیں کہ مرزا جیسا کوڑھ مغز نبی بنتا پھرے۔

۴- اجتباء کا معنی کسی لغت کی کتاب میں بھیجنا نہیں ہے۔ یجتبی کا ترجمۂ بھیجے گا' کرنا بہت بڑی جہالت ہے۔ سچ ہے۔

جاہل تو تم ضرور ہو، کاہل مگر نہیں
دنیا میں کفریات کو پھیلا رہے ہو تم

آیت کا صحیح ترجمہ اور مطلب یہ ہے۔

''اور اللہ ایسا نہیں کہ مومنوں کو اس حالت پر چھوڑ دے جس پر (اے گروہ کفار ومنافقین) تم ہو (بلکہ خدا انہیں اس حالت سے بلند کرنا چاہتا ہے) یہاں تک کہ ناپاک کو پاک سے الگ کردے۔ (اور مومنین سے ہر قسم کی ایمانی اور عملی کمزوریاں دور کردے) اور اللہ تعالیٰ ایسا بھی نہیں کہ تم کو (اپنی ہدایت وقوانین کے) غیب پر اطلاع دے لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہتا ہے (اس مرتبہ پر) منتخب فرمالیتا ہے (جیسا کہ محمد رسول اللہ ﷺ کو چنا) سو تم اللہ اور اسکے رسولوں پر ایمان لاؤ اگر تم ایمان لاؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو تمہیں بڑا اجر ملے گا''۔

گویا اس آیت میں رسولوں کا سلسلہ جاری رکھنے کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ چہ جائیکہ اس آیت سے حضور ﷺ کے بعد اجرائے نبوت پر استدلال کیا جائے۔

۵- سوال کرنے والوں نے کہا تھا کہ ہمیں فرداً فرداً غیب پر کیوں اطلاع نہیں دی جاتی؟۔ جواب میں فرمایا' یہ رسول کا کام ہے۔ آئندہ بعثت رسل کے متعلق نہ کسی نے سوال کیا نہ جواب دیا گیا۔ لہذا اس سے آئندہ بعثت رسل پر استدلال کرنا بکواس ہے۔

۶- یہ کہنا کہ آئندہ رسول آئیگا یہ مطلب رکھتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے ذریعہ خبیث وطیب میں امتیاز نہیں ہوا، غلط ہے۔ کیونکہ قرآن مجید فرماتا ہے: **يُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ۔** الاعراف ۱۵۷ '' **جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا۔** (بنی اسرائیل ۸۱) حق آ گیا اور باطل ہلاک ہو گیا۔ بیشک باطل ہلاک ہونے والا ہی تھا۔ پس حق وباطل میں حضور ﷺ کے ذریعہ امتیاز قائم ہو چکا ہے۔ اس لئے اب کسی اور رسول کی ضرورت نہیں رہی۔

کیا فرماتے ہیں مفسرین

معارف القرآن ۔ (ص ۲۴۷۔۲۴۸ ج ۲)

بیان القرآن:۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اس حالت پر رکھنا نہیں چاہتا جس پر تم اب ہو (کہ کفروایمان اور حق و باطل اور مؤمن و منافق میں اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے انعامات دینوی کے اعتبار سے کوئی امتیاز اور فرق نہیں، بلکہ مسلمانوں پر شدائد و مصائب کا نازل ہوتے رہنا اس وقت تک ضروری ہے) جب تک کہ ناپاک (یعنی منافق) کو پاک (یعنی مؤمن مخلص) سے ممتاز نہ کردیا جائے (اور یہ تمیز و تبیین مصائب و مشکلات ہی کے پیش آنے پر پوری طرح ہوسکتی، اور اگر کسی کے دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ مومن و کافر اور حق و باطل میں امتیاز پیدا کرنے کے لئے کیا ضروری ہے کہ حوادث و مصائب ڈال کر ہی یہ امتیاز حاصل کیا جائے، اللہ تعالیٰ بذریعہ وحی اس کا اعلان فرما سکتے ہیں کہ فلاں مؤمن مخلص ہے اور فلاں منافق، اور فلاں چیز حلال ہے فلاں حرام، تو اسکا جواب یہ کہ اللہ تعالیٰ (بمقتضائے حکمت) ایسے امور غیبیہ پر تم کو (بلا واسطہ ابتلاء و امتحان کے) مطلع نہیں کرنا چاہتے، لیکن ہاں جسکو (اس طرح مطلع کرنا) خود چاہیں اور (ایسے حضرات) وہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہیں ان کو (بلا وسطہ حوادث بھی غیبی خبروں پر مطلع کرنے کے لئے اپنے بندوں میں سے) منتخب فرمالیتے ہیں، (اور تم پیغمبر ہو نہیں، اس لئے ایسے امور کی تمہیں اطلاع نہیں دی جاسکتی، البتہ ایسے حالات پیدا فرماتے ہیں کہ ان سے مخلص و منافق کا فرق خود بخود واضح ہو جائے، اور جب یہ ثابت ہوگیا کہ دنیا میں کافروں پر عذاب نازل نہ ہونا بلکہ عیش عشرت ملنا اور مسلمانوں پر بعض مصائب و شدائد نازل ہونا عین تقاضائے حکمت ہے، یہ باتیں کسی کے مقبول یا مردود ہونے کی دلیل نہیں ہوسکتی) پس اب تم (ایمان کے پسندیدہ اور کفر کے ناپسندیدہ ہونے میں کوئی شبہ نہ کرو، بلکہ)

اللہ پر اور اسکے سب رسولوں پر ایمان لے آؤ اور اگر تم ایمان لے آؤ اور (کفر و معاصی سے) پرہیز رکھو تو پھر تم کو اجر عظیم ملے،

معارف و مسائل:

مؤمن و منافق میں امتیاز وحی کے بجائے عملی طور پر کرنے کی حکمت

اس آیت میں یہ ارشاد ہے کہ مؤمن مخلص اور منافق میں امتیاز کے لئے حق تعالیٰ ایسے حالات حوادث و مشکلات کے پیدا فرماتے ہیں جن سے عملی طور پر منافقین کا نفاق کھل جائے، اور یہ امتیاز اگرچہ یوں بھی ہوسکتا تھا کہ بذریعہ وحی منافقین کے نام متعین کر کے بتلا دیا جائے، مگر بمقتضائے حکمت ایسا نہیں کیا گیا اللہ تعالیٰ کے افعال کی پوری حکمتیں تو اسی کو معلوم ہیں، ہاں ایک حکمت یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اگر مسلمانوں کو بذریعہ وحی بتلا دیا جائے کہ فلاں منافق ہے تو مسلمانوں کو اس سے قطع تعلق اور معاملات میں احتیاط کیلئے کوئی ایسی واضح حجت نہ ہوتی جس کو منافق بھی تسلیم کرلیں، وہ کہتے کہ تم غلط کہتے ہو ہم تو پکے سچے مسلمان ہیں۔

بخلاف اس پر عملی امتیاز کے جو مصائب کے ابتلاء کے ذریعہ ہوا کہ منافق بھاگ کھڑے ہوئے عملی طور پر انکا نفاق کھل گیا، اب ان کا یہ منہ نہیں رہا کہ مؤمن مخلص ہونے کا دعویٰ کریں۔

اور اس طرح نفاق کھل جانے کا ایک فائدہ یہ بھی ہوا کہ مسلمانوں کا ان کے ساتھ ظاہری اختلاط بھی قطع ہو ورنہ دل میں اختلاف کے باوجود ظاہری اختلاط رہتا تو وہ بھی مضر ہی ہوتا۔

امور غیب پر کسی کو مطلع کر دیا جائے تو وہ علم غیب نہیں۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ امورِ غیب پر بذریعہ وحی اطلاع ہر شخص کو نہیں دیتے، البتہ اپنے انبیاء کا انتخاب کر کے ان کو دیتے ہیں، اس سے یہ شبہ نہ کیا جائے کہ

پھر تو انبیاء بھی علمِ غیب کے شریک اور عالم الغیب ہو گئے کیونکہ وہ علمِ غیب جو حق تعالیٰ کی ذات کے ساتھ مخصوص ہے کسی مخلوق کو اس میں شریک قرار دینا شرک ہے، وہ دو چیزوں کے ساتھ مشروط ہے، ایک یہ کہ وہ علم ذاتی ہو کسی دوسرے کا دیا ہوا نہ ہو، دوسرے تمام کائنات ماضی و مستقبل کا علم محیط ہو، جس سے کسی ذرے کا علم بھی مخفی نہ ہو، حق تعالیٰ خود بذریعہ وحی اپنے انبیاء کو جو امور غیبیہ بتلاتے ہیں وہ حقیقۃً علمِ غیب نہیں ہے بلکہ غیب کی خبریں ہیں جو انبیاء کو دی گئی ہیں جن کو خود قرآن کریم نے کئی جگہ انباء الغیب کے لفظ سے تعبیر فرمایا: مِن أنبآء الغیبِ نُوحیها إلیکَ،

تفسیر ماجدی۔

ترجمہ: جس حال پر تم ہو اللہ اس پر ایمان والوں کو چھوڑے رکھنے کا نہیں جبتک کہ وہ ناپاک کو پاک سے الگ نہ کر لے ۳۶۸۔ اور نہ اللہ تمہیں غیب پر مطلع کرنے والا ہے ۳۶۹ البتہ جس کو چاہتا ہے اپنے رسولوں میں سے انتخاب کر لیتا ہے۔ ۳۷۰۔

تفسیر:۔

۳۶۸۔ (طرح طرح کے امتحانوں سے اور آزمائشوں کے ذریعہ سے) خطاب عام نوع انسانی سے ہے۔ علی ماانتم ایها الناس (جلالین) لیذر۔ میں ل تاکید نفی کے لئے ہے۔ اللام لتاکید النفی (مدارک) مآ انتم علیه۔ (یعنی مومنین ومنافقین کی ملی جلی قوم) ما انتم علیه من اختلاط المؤمن الخلص والمنافقین (مدارک) معنیٰ لایترککم مختلطین لایعرف مخلصکم من منافقکم (بیضاوی) الخبیث اور الطیب سے ظاہر مراد منافقین اور مومنین ہیں۔

۳۶۹۔ (مثلاً یہی کہ وہ بتلادے کہ فلاں فلاں شخص منافق ہیں اور فلاں فلاں مومن) یہ منافقین کے جواب میں ارشاد ہوا ہے جو مسلمانوں سے کہا کرتے تھے کہ اچھا بڑے سچے بنتے ہو تو یہی بتادو کہ منافق کون کون سے ہیں۔ لیطلعکم میں خطاب عالم

انسانی سے ہے یا صرف مسلمانوں سے۔ الغیب سے تکوینی حقیقتیں مراد ہوسکتی ہیں جو اس سے پوشیدہ رکھی گئی ہیں۔

۳۷۰(بعض امور غیب کی اطلاع کے لئے)منْ یّشاۤءُ ۔یعنی جسے وہ چاہتا ہے اپنی مصلحت وحکمت تکوینی کے ماتحت ۔متکلمین نے کہا ہے کہ آیت نص ہے عقیدہ باطنیہ کے مقابلہ میں جو علم غیب کا اثبات علاوہ رسول کے اپنے امام کے لئے بھی کرتے ہیں۔ الآیة حجة علی الباطنية فلٰهم يدعون ذالک العلم لامامهم(مدارک)

ترجمہ کنز الایمان۔

ترجمہ: اللہ مسلمانوں کو اس حال پر چھوڑنے کا نہیں جس پر تم ہو ۳۵۱ جب تک جدا نہ کردے گندے کو ۳۵۲ ستھرے سے ۳۵۳ اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو تمہیں غیب کا علم دے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے ۳۵۴۔

تفسیر:۔

۳۵۱۔اے کلمہ گویان اسلام ۳۵۲۔یعنی منافق کو۔۳۵۳۔مومن مخلص سے یہاں تک کہ اپنے نبی ﷺ کو تمھارے احوال پر مطلع کر کے مومن منافق ہر ایک کو ممتاز فرمادے۔

شان نزول:۔

رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ خلقت وآفرینش سے قبل جبکہ میری امت مٹی کی شکل میں تھی اسی وقت وہ میرے سامنے اپنی صورتوں میں پیش کی گئی اور مجھے علم دیا گیا کون مجھ پر ایمان لائے گا کون کفر کریگا یہ خبر جب منافقین کو پہونچی تو براہ استہزاء انھوں نے کہا کہ محمد مصطفیٰ ﷺ کا گمان ہے کہ وہ یہ جانتے ہیں کہ جو لوگ ابھی پیدا بھی نہیں ہوئے ان میں سے کون ان پر ایمان لائیگا کون کفر کرے گا باوجودیکہ ہم ان کے ساتھ ہیں اور وہ ہمیں نہیں پہچانتے اس پر سید عالم ﷺ نے ممبر پر قیام فرما کر اللہ تعالی کی حمد

وثنا کے بعد فرمایاان لوگوں کا کیا حال ہے جو میرے علم میں طعن کرتے ہیں آج سے قیامت تک جو کچھ ہونے والا ہے اس میں سے کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس کا تم مجھ سے سوال کرو اور میں تمھیں اس کی خبر نہ دے دوں۔عبداللہؓ بن حذافہ سہمی نے کھڑے ہوکر کہا میرا باپ کون ہے یارسول اللہ فرمایا حذافہؓ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انھوں نے فرمایا یارسول اللہ ہم اللہ کی ربوبیت پر راضی ہوئے اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوئے قرآن کے امام ہونے پر راضی ہوئے آپ کے نبی ہونے پر راضی ہوئے ہم آپ سے معافی چاہتے ہیں حضور نے فرمایا کیا تم باز آؤ گے کیا تم باز آؤ گے پھر ممبر سے اتر آئے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سید عالم ﷺ کو قیامت تک کی تمام چیزوں کا علم عطا فرمایا گیا ہے اور حضور کے علم غیب میں طعن کرنا منافقین کا طریقہ ہے۔۳۵۴۔ تو ان برگزیدہ رسولوں کو غیب کا علم دیتا ہے اور سید انبیاء حبیب خدا ﷺ رسولوں میں سب سے افضل اور اعلیٰ ہیں اس آیت سے اور اس کے سوا بکثرت آیات و احادیث سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو غیوب کے علوم عطا فرمائے اور غیوب کے علم آپ کا معجزہ ہیں۔

تفسیر ثنائی۔

ترجمہ: اللہ کو منظور نہیں کہ مومنوں کو تمہاری موجودہ حالت پر چھوڑ رکھے جب تک کہ ناپاک کو پاک سے علیحدہ نہ کرے۔اللہ کو منظور نہیں کہ تمہیں غیب کی خبر بتلادے ہاں خدا اپنے رسولوں کو اطلاع کے لئے چن لیتا ہے۔

تفسیر:۔

اللہ کو منظور نہیں کہ مومنوں کو تمہاری موجودہ حالت پر چھوڑ رکھے جب تک کہ بسبب تکالیف چند در چند کے ناپاک کو پاک سے علیحدہ نہ کرے جس سے تم کو دوست دشمن میں تمیز ہو جائے اور بغیر ان تکالیف کے اللہ کو منظور نہیں کہ تمہیں غیب کی خبر

بتلادے کہ فلاں شخص تم میں منافق ہے اور فلاں شخص ضعیف الایمان ہے ہاں خدا اپنے رسولوں کو اس اطلاع کے لئے چن لیا کرتا ہے سو ان کو بتلا دیتا ہے کہ فلاں شخص منافق ہے فلاں تمھارا دشمن ہے اس کے داؤ سے بچتے رہیو۔ (درحاشیہ۔من رسلہ میں من بیانیہ ہے)

تفہیم القرآن۔ (ص۳۰۵ج۱)

ترجمہ: اللہ مومنوں کو اس حالت میں ہرگز نہ رہنے دے گا جس میں تم اس وقت پائے جاتے ہو۱۲۵۔ وہ پاک لوگوں کو ناپاک لوگوں سے الگ کر کے رہے گا مگر اللہ کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ تم کو غیب پر مطلع کردے ۱۲۶۔ غیب کی باتیں بتانے کے لئے تو وہ اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہتا ہے منتخب کر لیتا ہے۔

تفسیر۔

۱۲۵۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی جماعت کو اس حال میں دیکھنا پسند نہیں کرتا کہ ان کے درمیان سچے اہل ایمان اور منافق، سب خلط ملط ہیں۔ ۱۲۶۔ یعنی مومن و منافق کی تمیز نمایاں کرنے کے لئے اللہ یہ طریقہ اختیار نہیں کیا کرتا کہ غیب سے مسلمانوں کو دلوں کا حال بتادے کہ فلاں مومن ہے اور فلاں منافق، بلکہ اس کے حکم سے ایسے امتحان کے مواقع پیش آئیں گے جن میں تجربہ سے مومن اور منافق کا حال کھل جائے گا۔

جامع البیان طبری: (ص۱۷۹۔۱۸۰ج۳)

يعني بقوله: ﴿ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ما كان الله ليدع المؤمنين على ما أنتم عليه من التباس المؤمن منكم بالمنافق، فلا يعرف هذا من هذا﴿حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾ يعني بذالک : حتى يميز الخبيث، وهو المنافق المستسر للكفر، من الطيب، وهو المؤمن المخلص الصادق الإيمان بالمحن والاختبار، كما ميز بينهم يوم أحد عند لقاء العدو عند خروجهم إليه.

واختلف أهل التأويل في الخبيث الذي عنى الله بهذه الآية، فقال بعضهم فيه مثل قولنا. ذكر من قال ذلك:

٦٥٩٠ . حدثني محمد بن عمرو، قال: ثني أبوعاصم، عن عيسى، عن ابن أبي نجيح، عن مجاهد، في قول الله﴿ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾ قال ميز بينهم يوم أحد، المنافق من المؤمن .

٦٥٩١ . حدثنا القاسم، قال: ثنا الحسين، قال ثني حجاج، عن ابن جريج: ﴿مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾قال ابن جريج: يقول: ليبين الصادق بإيمانه من الكاذب. قال ابن جريج: قال مجاهد: يوم أحد ميز بعضهم عن بعض، المنافق عن المؤمن.

٦٥٩٢ . حدثنا ابن حميد، قال: ثنا سلمة، عن ابن إسحاق: ﴿مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾: أى المنافق.

وقال آخرون: معنى ذلك: حتى يميز المؤمن من الكافر بالهجرة والجهاد. ذكر من قال ذلك:

٦٥٩٣ . حدثنا بشر، قال: ثنا يزيد، قال: ثنا سعيد، عن قتادة، قوله: ﴿مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ﴾ يعني : الكفار . يقول: لم يكن الله ليدع المؤمنين على ما أنتم عليه من الضلالة، ﴿حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾: يميز بينهم في الجهاد والهجرة.

٦٥٩٤ . حدثنا الحسن بن يحي، قال أخبرنا عبدالرزاق، قال : أخبرنا معمر، عن قتادة في قوله : ﴿حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾ قال : حتى يميز الفاجر من المؤمن .

٦٥٩٥ . حدثنا محمد، قال: ثنا أحمد، قال: ثنا أسباط، عن السديّ: ﴿مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾ قالوا: إن كان محمد صادقاً فليخبرنا بمن يؤمن بالله ومن يكفر!

فأنزل الله: ﴿مَاكَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾ : حتى يخرج المؤمن من الكافر.

والتأويل الاوّل أولى بتأويل الآية، لأن الآيات قبلهافي ذكر المنافقين وهذه في سياقتها، فكونها بأن تكون فيهم أشبه منها بأن تكون في غيرهم.

القول في تأويل قوله تعالى:﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِي مِنْ رُّسُلِه مَنْ يَشَاءُ﴾

اختلف أهل التأويل في تأويل ذلک، فقال بعضهم بما :

٦٥٩٦-حدثنا به محمد بن الحسن، قال: ثنا احمد بن مفضل، قال: ثنا أسباط، عن السدي: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ﴾وماكان الله ليطلع محمداً على الغيب، ولكن الله اجتباه فجعله رسولاً.

وقال آخرون بما:

٦٥٩٧-حدثنا به ابن حميد، قال: ثنا سلمة، عن ابن إسحاق : ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ﴾أي فيما يريد أن يبتليكم به،لتحذ رو ما يدخل عليكم فيه : ﴿ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِي مِنْ رُّسُلِه مَنْ يَشَاءُ﴾ يعلمه .

وأولى الأقوال في ذلک بتأويله : وما كان الله ليطلعكم على ضمائر قلوب عباده، فتعرفوا المؤمن منهم من المنافق والكافر، ولكنه يميز بينهم بالمحن والابتلاء كما ميز بينهم بالبأساء يوم أحد، وجهادعدوه، وما أشبه ذلک من صنوف المحن،حتى تعرفو مؤمنهم وكافرهم ومنافقهم . غير أنه تعالىٰ ذكره يجتبيمن رسله من يشاء، فيصطفيه، فيطلعه على بعض ما في ضمائربعضهم بوحيه ذلک إليه ورسالته .كما :

٦٥٩٨-حد ثنا محمد بن عمرو، قال: ثنا أبو عاصم، عن عيسى عن ابن أبي نجيح، عن مجاهد في قوله : ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِي مِنْ رُّسُلِه مَنْ يَشَاءُ﴾قال : يخلصهم لنفسه.

وإنما قلنا هذاالتأويل بتأويل الآية، لأن ابتداء ها خبر من الله تعالىٰ ذكره أنه غيرتارک عباده يعني بغير محن حتى يفرّق بالابتلاء بين مؤمنهم وكافرهم وأهل نفاقهم. ثم عقب ذلک بقوله:﴿وما كان ليطلعكم على

الغيب﴾، فكان فيما افتتح به من صفت إظهار الله نفاق المنافق و كفر الكافر، دلالة واضحة على أن الذيولي ذلك هو الخبر عن أنه لم يكن ليطلعهم على ما يخفى عنهم من باطن سرائرهم إلا بالذي ذكر أنه مميز به نعتهم إلا من استثناه من رسله الذي خصه بعلمه.

تفسیر کشاف:۔

﴿على ما أنتم عليه﴾من اختلاط المؤمنين الخلص والمنافقين ﴿حتىٰ يميز الخبيث من الطيب﴾حتىٰ يعزل المنافق عن الخلص، وقرىء يميز من ميز، وفي رواية عن ابن كثيريميز من أ ماز بمعنىٰ ميز، فأن قلت : لمن خطاب في أنتم؟ قلت: للمصدقين جميعامن أهل الأخلاص والنفاق كأنه قيل : ماكان الله ليذر المخلصين منكم على الحال التى أنتم عليها من اختلاط بعضكم ببعض، وأنتم لايعرف مخلصكم من منافقكم لاتفاقكم على التصديق جميعاحتى يميزهم منكم بالوحى الىٰ نبيه وأخباره بأحو ا لكم، ثم قال﴿وماكان الله ليطلعكم على الغيب﴾اى وماكان الله ليؤتى احد ا منكم على الغيوب فلا تتوهمواعند أخبارالرسول عليه الصلاة والسلام بنفاق الرجل وأخلاص الآخر أنه يطلع على ما فى القلوب اطلاع الله فيخبر عن كفرها وايمانها﴿ولكن الله﴾ يرسل الرسول فيوحي اليه ويخبره بأ ن في الغيب كذاوأن فلانا في قلبه النفاق وفلانا فى قلبه الأخلاص' فيعلم ذلك من جهة أخبارالله لا من جهة اطلاعه على المغيبات، وحجوز أن يراد لايتركلكم مختلطين حتى يميز الخبيث من الطيب بأن يكلفكم التكاليف الصعبة التى لا يصير عليها الا الخلص الذين امتحن الله قلوبهم كبذل الارواح فى الجهاد وانفاق الاموال فى سبيل الله، فيجعل ذلك عيارا على عقائدكم وشاهدا بضمائركم حتى يعلم بعضكم ما فى قلب بعض من طريق الاستدلال، لا من جهة الوقوف على ذات الصد و ر والاطلاع عليها، فأن ذالك مما استأثر الله به وما كان الله ليطلع احد ا منكم على الغيب ومضمرات القلوب حتى يعرف صحيحها من فاسد ها مطلعا عليها '﴿ولكن الله يجتبى من رسله من يشاء﴾فيخبره ببعض المغيبات.

تفسیر معالم التنزیل (ص۳۷۷ج۱)

قوله تعالیٰ: ﴿ مَاكَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ﴾اختلفوا فيها، فقال الكلبي : قالت قريش : يامحمد تزعم أن من خالفک فهو في النار والله عليه غضبان، وأن من اتبعک على دينک فهو في الجنة، والله عنه راض، فأخبرنا بمن يُؤمن بک وبمن لايؤمن بک، فأنزل الله تعالى هذه الآية، وقال السدي : قال رسول الله ﷺ:"عُرضت عليّ أُمتي في صورها فی الطين كماعرضت على آدم، و أُعلمتُ من يؤمن بي ومن يكفربي"،فبلغ ذلک المنافقين، فقالوا استهزاءً: زعم محمد أنه يعلم من يؤمن به ومن يكفر ممن لم يخلق بعد، ونحن معه وما يعرفنا، فبلغ ذلک رسول الله ﷺ، فقام على المنبر فحمد الله وأثنى عليه، ثم

قال :"ما بال أقوام طعنُوا في علمي لاتسألوني عن شيء فيما بينكم وبين الساعة إلاأنبأ تكم به" فقام عبد الله بن حُذافة السهمي،فقال:من أبي يارسول الله ؟ قال :حذافة، فقام عمرفقال : يارسول الله رضينا بالله ربّا و بالإسلام ديناًوبالقرآن إماماًوبک نبياً فاعفُ عنا عفاالله عنک، فقال النبي ﷺ:فهل أنتم منتهون ؟ ثم نزل عن المنبر، فأنزل الله تعالىٰ هذهِ الآية، واختلفوا في حكم الآية ونظمها، فقال ابن عباس رضي الله عنهما والضحاک ومقا تل والكلبي وأكثر المفسرين: الخطاب للكفار والمنافقين، يعني: ﴿ماكان اللهُ ليذر المؤمنين علىٰ مآأنتم عليه ﴾ يا معشر الكفار والمنافقين من الكفر والنفاق ﴿حتى يميز الخبيث من الطيب﴾ وقال قوم : الخطاب للمؤمنين الذ ين أخبر عنهم، معناه : ماكان الله ليذركم يامعشر المؤمنين على ماأنتم عليه من التباس المؤمن بالمنافق، فرجع من الخبر إلى الخطاب،﴿حتى يميز الخبيث من الطيب﴾ وقرأ حمزة والكسائي ويعقوب بضم الياء وتشديد ها وكذلک التي في الأنفال، وقرأ الباقون بالتخفيف، يقال : مازالشيء يميزُه ميزاً وميزه

تميزاً إذا فرّقه فامتاز، وإنما هو بنفسه، قال أبو معاذ إذافرّقت بين شيئين،قلت: مزت ميزاً فإذا كانت أشياء، قلت: ميزتها تمييزاً، وكذلك إذا جعلت الشيء الواحد شيئين قلت : فَرقتَ بالتخفيف، ومنه فرقت الشعر، فإن جعلته أشياء، قلت : فرقته تفريقاً ومعنى الآية : حتى يميزَ المنافق من المخلص، فميزالله المؤمنين من المنافقين يوم أحد حيث أظهروا النفاق فتخلّفوا عن رسول الله ﷺ، وقال قتادة : حتى يميز الكافر من المؤمن بالهجرة والجهاد، وقال الضحاك :﴿ماكان الله ليذر المؤمنين علىٰ مآأنتم عليه﴾ فيأصلاب الرجال وأرحام النساء يامعشر المنافقين والمشركين حتى يفرّق بينكم وبين من فى أصلابكم وأرحام نسائكم من المؤمنين، وقيل:﴿حتى يميز الخبيث﴾وهوالمذ نب﴿من الطيب﴾ وهوالمؤمن، يعني : حتى تحط الأوزار عن المؤمن بما يصيبه من نكبة ومحنة ومصيبة، ﴿وما كان الله ليُطلعكم على الغيب﴾لأنه لا يعلم الغيب أحد غيرالله﴿ولكن الله يجتبي من رسله من يشاء﴾فيطلعه على الغيب، نظيره قوله تعالى: ﴿عالمُ الغيبِ فلا يُظهر على غيبه أحداًإلا من ارتضى من رسولٍ﴾ وقال السدي: معناه وما كان الله ليطلع محمداًﷺ على الغيب ولكن الله اجتباه، ﴿فآمنوا بالله و إن تؤ منوا وتتقوا فلكم اجرٌ عظيم﴾

تفسیر کبیر (ص۴۴۱ج۳)

اعلم أن هذه الآية من بقية الكلام في قصة أحد فأخبر تعالى أن الأحوال التي وقعت في تلك الحادثة من القتل والهزيمه، ثم دعاء النبي ﷺ ايا هم مع ماكان بهم من الجراحات الي الخروج لطلب العدو، ثم دعائه اياهم مرة أخرى الى بدر الصغرى لموعد أبي سفيان، فأخبر تعالى أن كل هذه الأحوال صار دليلا على امتياز المومن من المنافق، لان المنافقين خافوا ورجعوا و شمتوابكثرة القتلى منكم،ثم ثبطوا وزهد وا المؤمنين عن العود إلى الجهاد، فأخبر سبحانه و تعالى أنه لا يجوز في حكمته أن يذركم على ما أنتم عليه من اختلاط المنافقين بكم وإظهارهم

أنهم منكم ومن أهل الايمان بل كان يجب في حكمته إلقاء هذه الحوادث والوقائع حتى يحصل هذا الامتياز، فهذا وجه النظم. وفي الآية مسائل:

المسألة الأولى: قرأ حمزة والكسائي:﴿حتى يميز الخبيث﴾ بالتشديد وكذلك في الافعال والباقون ﴿يميز﴾ بالتخفيف وفتح الياء الأولى وكسر الميم وسكون الياء الأخيرة، قال الواحدي رحمه الله: وهما لغتان يقال مزت الشيء بعضه من بعض فأنا أميزه ميزا او أميزه تمييزاً ومنه الحديث "من مازأذى عن طريق فهوله صدقة" وحجة من قرأ بالتخفيف وفتح الباء أن الميز يفيد فائدة التمييز وهو أخف في اللفظ فكان أولى، وحكى أبوزيد عن أبيعمروأنه كان يقول : التشديد للكثرة، فا ما واحد من واحد فيميزبالتخفيف، والله تعالى قال: ﴿حتى يميزالخبيث من الطيب﴾فذكرشيئين، وهذاكما قال بعضهم فيالفرق والتفريق، وأيضاقال تعالى:﴿وامتازواليوم ﴾[يس:٥٩]وهو مطاوع الميز، وحجة من قرأ بالتشديد : أن التشديد للتكثير والمبالغة، وفي المؤمنين والمنافقين كثرة، فلفظ التمييز ههنا أولى، ولفظ الطيب والخبيث وان كان مفردا إلا أنه للجنس، فالمراد بهما حميع المؤمنين والمنافقين لااثنان منهما.

المسألة الثانية : قد ذكرنا أن معنى الآية : ما كان الله ليذ ركم يامعشر المؤمنين على ماأنتم عليه من اختلاط المؤمن بالمنافق واشباهه حتى يميز الخبيث من الطيب، أي المنافق من المؤمن. واختلفوا بأي شيء ميز بينهم وذكروا وجوها : أحدها : بالقاء المحن و المصائب والقتل والهزيمة، فمن كان مؤمنا ثبت على إيمانه وعلى تصديق الرسولﷺ، ومن كان منافقا ظهر نفاقه وكفره . وثانيها: أن الله وعد بنصرة المؤمنين وإذ لال الكافرين، فلما قوي الاسلام عظمت دولته وذل الكفر وأهله، وعند ذلك حصل هذا الامتياز وثالثها: القرائن الدالة على ذلك، مثل ان المسلمين كانوا يفرحون بنصرة الاسلام وقوته، والمنافقين كانوا يغتمون بسبب ذلك.

المسألة الثالثة : ههناسؤال، وهوأن هذا التميزإن ظهر وانكشف فقد ظهركفرالمنافقين، وظهورالكفر منهم ينفي كونهم منافقين، وان لم يظهرلم يحصل موعودالله.

تفسیر ابن کثیر (ص۵٦۳ج۱)

قال تعالى:﴿ما كان الله ليذ ر المؤمنين على ما أنتم عليه حتى يميز الخبيث من الطيب﴾أي لابد أن يعقد سبباً من المحنة، يظهر فيه وليه و يفضح به عدوه، يعرف به المؤمن الصابر، و المنافق الفاجر، يعني بذ لك يوم أحد الذي امتحن الله به المؤ منين، فظهر به إيمانهم و صبر هم و جلد هم وثبا تهم وطاعتهم لله ولرسوله ﷺ، وهتك به ستر المنافقين. فظهر مخالفتهم ونكولهم عن الجهاد وخيانتهم لله ولرسوله ﷺ ولهذا قال تعالى: ﴿ ما كان الله ليذ ر المؤمنين على ما أنتم عليه حتى يميز الخبيث من الطيب﴾ قال مجاهد : ميزبينهم يوم أحد، وقال قتادة : ميز بينهم بالجهاد و الهجرة، وقال السدي: قالوا: إن كان محمد صادقاً فليخبرنا عمن يؤمن به منا ومن يكفر، فأنزل الله تعالى: ﴿ما كان الله ليذ ر المؤمنين على ما أنتم عليه حتى يميز الخبيث من الطيب﴾أي حتى يخرج المؤمن من الكافر، روى ذلك كله ابن جرير. ثم قال تعالى ﴿وماكان الله ليطلعكم على الغيب﴾ أي أنتم لا تعلمون غيب الله في خلقه حتى يميز لكم المؤمن من المنافق لولا ما يعقد ه من الأسباب الكاشفة عن ذلك. ثم قال تعالى: ﴿ولكن الله يجتبي من رسله من يشاء﴾ كقوله تعالى: ﴿عالم الغيب فلا يظهر على غيبه أحداً إلامن ارتضى من رسول فإنه يسلك من بين يديه ومن خلفه رصدا﴾ ثم قال تعالى:﴿فآمنوا بالله ورسله﴾ أي أطيعوا الله ورسول وا تبعوه فيما شرع لكم ﴿وإن تؤمنوا وتتقوا فلكم اجر عظيم﴾

آیت-(۶)

مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا ذٰلِکَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰہِ وَکَفٰی بِاللّٰہِ عَلِیْمًا"(نساء ۶۹)

ترجمہ:۔ جو کوئی حکم مانے اللہ کا اور اس کے رسول کا، سو وہ ان کے ساتھ ہیں جن پر اللہ نے انعام کیا کہ وہ نبی اور صدیق اور شہید اور نیک بخت ہیں۔ اور اچھی ہے ان کی رفاقت۔ یہ فضل ہے اللہ کی طرف سے۔ اور اللہ کافی ہے جاننے والا۔

خلاصہ:۔

آیت کے شان نزول سے ثابت ہے کہ خدا اور رسول کی اطاعت پر مطیع اور فرمانبردار بندوں کو آخرت کی زندگی میں محض فضلِ خداوندی سے اُن لوگوں کی رفاقت ملے گی جن پر دنیا میں بھی خدا کا فضل وانعام رہا ہے۔ اور وہ منعم علیہم لوگ چار طرح کے ہیں ایک نبی، دوسرے صدیق، تیسرے شہید، چوتھے صالح اور پابند شرع لوگ۔ گویا اس آیت کے ذریعہ اللہ رب العزت اپنے نیک بندوں کو خوشخبری بھی دے رہے ہیں اور نیکی کی طرف ترغیب بھی۔ رہی یہ بات کی اطاعت خداوندی اور فرمانبرداری کے ذریعہ بندہ کیا کیا رتبے پاسکتا ہے اور کس درجے تک پہنچ سکتا ہے؟ اس سوال کا اِس آیت سے کوئی تعلق نہیں اس کا جواب ایک دوسری آیت میں دیا گیا ہے۔ وہ یہ ہے وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖٓ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ وَالشُّھَدَآءُ عِنْدَ رَبِّھِمْ۔ الحدید ۱۹۔ ان دونوں آیتوں میں فرق نہ سمجھنے کی وجہ سے قادیانی گمراہ ہوئے ہیں۔ اللّھم احفظنا منہ۔

اٹھو مومنو! آج سے عہد کرلو حبیب خدا کی اطاعت کروگے
عقیدت کے پہلو بہ پہلو عمل سے حقیقت میں تعمیل سنت کروگے
وہ تابندہ اسلام جو رہ گیا ہے کتابوں کی اوراق میں دفن ہوکر
وفاکیشیوں سے جفا کوشیوں سے زمانہ میں اسکی اشاعت کروگے۔

قادیانی استدلال:۔

جو اطاعت کریں گے اللہ کی اور اسکے اِس رسول (محمد ﷺ) کی پس وہ ان میں شامل ہوجائیں گے جن پر اللہ نے انعام کیا یعنی نبی، صدیق، شہید اور صالح اور یہ ان کے

اچھے ساتھی ہونگے۔اِس آیت میں خدا تعالیٰ نے امت محمدیہ میں طریق حصول نعمت اور تحصیل نعمت کو بیان کیا ہے آیت میں بتایا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی پیروی سے ایک انسان صالحیت کے مقام سے ترقی کر کے نبوت کے مقام تک پہنچ سکتا ہے۔(تبلیغی پاکٹ بک ص۲۵۱)

جواب ۱-

آیت مبارکہ میں نبوت ملنے کا ذکر نہیں۔ اور نہ ہی اس کے کسی اور درجے کے ملنے کا یہاں ذکر ہے یہاں تو محض معیت اور رفاقت کا ذکر ہے کہ اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کرنے والے مذکورہ بالا چار لوگوں کے ساتھ ہونگے۔ جیسا کہ آیت کے آخری الفاظ ''حَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقاً'' سے ظاہر ہے۔

جواب ۲- آیت میں معیت مراد ہے عینیت نہیں معیت فی الدنیا ہر مومن کو حاصل نہیں اسلئے اس سے معیت فی الآخرۃ ہی مراد ہے۔ چنانچہ مرزائیوں کے مسلمہ دسویں صدی کے مجدد امام سیوطیؒ نے اپنی تفسیر جلالین میں اس آیت کا شان نزول یہ لکھا ہے:

قال بعضُ الصحابةِ لِلنبی ﷺ کیفَ نراکَ فی الجنة وانت فی الد ر جا ت العلی.ونحن اسفل منک فنز ل ومن یطع اللہ والرسول فیما امر به فاولئک مع الذ ین انعم اللہ علیهم من النبیین والصد یقین .افاضل اصحاب الانبیاء لمبالغتهم فی الصدق والتصد یق . والشهداء القتلی فی سبیل اللہ والصالحین غیر من ذکر وحسن اولئک رفیقاً.رفقاء فی الجنة بان یستمتع فیها بروئیتهم وزیارتهم والحضور معهم وان کان مقرهم فی درجات عالیة(جلالین ص ۸۰)

بعض صحابہ کرام نے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا کہ آپ ﷺ جنت کے بلند وبالا مقامات پر ہونگے اور ہم جنت کے نچلے درجات میں ہونگے،تو آپ کی زیارت کیسے ہوگی؟ تو یہ آیت نازل ہوئی من یطع اللہ والرسول...... یہاں رفاقت سے مراد جنت کی رفاقت ہے کہ صحابہ کرامؓ انبیاء علیہم السلام کی زیارت وحاضری سے فیضیاب ہونگے اگرچہ ان (انبیاء) کا قیام بلند وبالا مقام پر ہوگا۔

اسی طرح امام فخر الدین رازیؒ نے لکھا ہے:

"من یطع اللہ والرسول ذکرو فی سبب النزول وجوهاًالاول روی جمع من المفسرین ان ثوبانؓ مولی رسول اللہ ﷺ کان شدید الحب

لرسول الله ﷺ قليل الصبر عنه فاتاه يوماوقد تغير وجهه ونحل جسمه وعرف الحزن في وجهه فسئله رسول الله ﷺ عن حاله فقال يا رسول الله ما بي وجع غير اني اذا لم اراک اشتقت اليک واستوحشت وحش شديد حتى القاک فذكرت الآخرة فخفت ان لا اراک هناک لاني ان ادخلت الجنة فانت تكون في الدرجات النبيين وانا في الدرجة العبيد فلا اراک وان انا لم ادخل الجنة فحينئذ لا اراک ابدا فنزلت هذه الآية : من يطع الله.

اس آیت کے کئی اسباب مفسرین نے ذکر کئے ہیں ان میں پہلا یہ ہے کہ حضرت ثوبانؓ جو آنحضرت ﷺ کے آزاد کردہ غلام تھے وہ آپؐ کے بہت زیادہ شیدائی تھے (جدائی) پر صبر نہ کر سکتے تھے ایک دن غمگین صورت بنائے رحمت دوعالم ﷺ کے پاس آئے ان کے چہرے پر حزن وملال کے اثر تھے۔آپ ﷺ نے وجہ دریافت فرمائی۔تو انھوں نے عرض کیا کہ مجھے کوئی تکلیف نہیں۔بس اتنا ہے کہ آپ ﷺ کو اگر نہ دیکھوں تو اشتیاق ملاقات میں بے قراری بڑھ جاتی ہے۔آپ کی زیارت ہوئی آپؐ نے قیامت کا تذکرہ کیا تو سوچتا ہوں کہ جنت میں داخلہ ملا بھی تو آپ ﷺ سے ملاقات کیسے ہوگی۔اس لئے کہ آپ تو انبیاء کے درجات میں ہونگے۔اور ہم آپ ﷺ کے غلاموں کے درجہ میں۔اور اگر جنت میں سرے سے میرا داخلہ ہی نہ ہوا تو پھر ہمیشہ کے لئے ملاقات سے گئے۔اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

معلوم ہوا کہ اس معیت سے مراد جنت کی رفاقت ہے۔ابن کثیر،تنویر المقیاس، روح البیان میں بھی تقریباً یہی مضمون ہے۔

حدیث نمبر ا– عن معاذ ابن انسؓ قال قال رسول الله ﷺ من قرء الف آية في سبيل الله كتب يوم القيامة مع النبيين والصديقين والشهداء والصالحين وحسن اولئک رفيقاً.

حضرت معاذؓ فرماتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ایک ہزار آیت اللہ (کی رضا) کے لئے تلاوت کرے۔طے شدہ ہے کہ وہ قیامت کے دن نبیوں٬ صدیقوں٬ شہداء وصالحین کے ساتھ بہترین رفاقت میں ہوگا۔

(منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند احمد ص ۳۶۳ ج ا' ابن کثیر ص ۲۳ ج ا)

حدیث نمبر ۲–"قالَ رسولُ اللهِ ﷺ التاجرُ الصدُوقُ الامينُ مَعَ النبيين والصديقين والشهداءِ.

آپ ﷺ نے فرمایا کہ سچا تاجر امانت دار (قیامت کے دن) نبیوں، صدیقوں اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔

(منتخب کنز العمال بر حاشیہ مسند احمد ص۲۰۹ ج۲ ابن کثیر ص۵۲۳ ج اطبع مصر)

مرزائی بتائیں کہ اس زمانہ میں کتنے امین وصادق تاجر نبی ہوئے ہیں؟

حدیث نمبر۳ –عن عائشةؓ قالت سمعت رسول اللہ ﷺ یقول ما من نبی یمرض اِلَّاخُیِّرَ بینِ الدنیا والآخرِةِ وکان فی شکواہُ الذی قُبِضَ اَخَذتہ مجة شدیدۃ سمعتہ یقولُ مع الذین انعمتَ علیھم مِن النبیین فعلمتُہ اَنَّہ خُیِّرَ.

حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے آپ ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرماتے تھے کہ ہر نبی مرض (وفات) میں اسے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ دنیا میں رہنا چاہتا ہے یا عالم آخرۃ میں ۔جس مرض میں آپ ﷺ کی وفات ہوئی آپ ﷺ اس مرض میں فرماتے تھے "مع الذین انعمت علیھم من النّبیین" اس سے میں سمجھ گئی کہ آپ ﷺ کو بھی (دنیا وآخرۃ میں سے ایک کا) اختیار دیا جارہا ہے۔

(مشکوٰۃ ص۵۴۷ ج۲۔ابن کثیر ص۵۲۲ ج۱)

کتب سیر میں یہ روایت موجود ہے کہ آنحضرت ﷺ نے وصال کے وقت یہ الفاظ ارشاد فرمائے "مع الرفیق الاعلی فی الجنة مع الذین انعمت علیھم من النبیین والصدیقین والشھداء والصالحین" (البدایہ والنہایہ ص۲۴۱ ج۵) رفیق اعلی کے ساتھ جنت میں انعام یافتہ لوگوں۔(یعنی انبیا،صدیقین،شہدا،اور صالحین کے ساتھ)۔

معلوم ہوا کہ اس آیت میں نبی بننے کا ذکر نہیں کیونکہ نبی تو پہلے ہی بن چکے تھے آپ ﷺ کی تمنا آخرۃ کی معیت کے متعلق تھی۔

ان تمام احادیث میں مع کا لفظ ہے۔جو معیت کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ انکو عینیت کے معنوں میں لینا ممکن ہی نہیں۔جیسا کہ ان چند روایات سے ثابت ہوا۔

درجات کے ملنے کا تذکرہ

قرآن کریم میں جہاں دنیا میں درجات ملنے کا ذکر ہے وہاں نبوت کا کوئی ذکر نہیں ہے۔اگرچہ باقی تمام درجات مذکور ہیں چنانچہ مثال کے طور پر دیکھئے:

۱- وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖٓ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ وَالشُّھَدَآءُ عِنْدَ رَبِّھِمْ. الحدید ۱۹ . اور جولوگ یقین لائے اللہ پر اور اسکے سب رسولوں پر وہی ہیں سچے ایمان والے اور لوگوں کا احوال بتلانے والے اپنے رب کے پاس۔

۲- وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّھُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ. عنکبوت ۹
اور جولوگ یقین لائے اور بھلے کام کیئے ہم ان کو داخل کرینگے نیک لوگوں میں۔

۳- سورہ حجرات کے آخر میں محاربین فی سبیل اللہ کو فرمایا "اُولٰٓئِکَ ھُمُ الصَّادِقُوْنَ".

۴- من یطع اللہ میں من عام ہے۔ جس میں عورتیں بچے ہجڑے سب شامل ہیں۔ کیا یہ سب نبی ہوسکتے ہیں؟ اگر نبوت اطاعت کاملہ کا نتیجہ ہے تو عورت کو بھی نبوت ملنی چاہیئے۔ کیونکہ اعمال صالحہ کے نتائج میں مرد وعورت کو یکساں حیثیت حاصل ہے جیسے فرمایا:

"مَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْیِیَنَّہٗ حَیٰوۃً طَیِّبَۃً وَلَنَجْزِیَنَّھُمْ اَجْرَھُمْ بِاَحْسَنِ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ "النحل ۹۷۔

کہ کوئی اچھا عمل کرتا ہے مرد یا عورت، اور وہ مومن ہے تو یقیناً اسے ایک پاک زندگی میں زندہ رکھیں گے اور ہم یقیناً انکے بہترین اعمال کے جو وہ کرتے تھے اجر دیں گے۔

کیا اس میں آنحضرت ﷺ کا کمال فیضان ثابت نہ ہوگا کہ عورت جسے کبھی نبوت حاصل نہ ہوئی وہ بھی آپ ﷺ کے طفیل نبوت حاصل کرتی ہے؟ اس سے معلوم ہوا کہ نبوت ورسالت اطاعت کاملہ کا نتیجہ نہیں۔

۵- کیا تیرہ سو سال میں کسی نے حضور ﷺ کی اطاعت و پیروی کی ہے یا نہیں؟ اگر کی ہے تو نبی کیوں نہ بنے؟ اور اگر کسی نے بھی نہیں کی تو آپ ﷺ کی امت خیرامت نہ ہوئی بلکہ شرامت ہوگی۔ (نعوذ باللہ) جس میں کسی نے بھی اپنے نبی کی کامل پیروی نہ کی۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ توبہ میں صحابہء کرامؓ کے متعلق خود شہادت دیدی ہے کہ یُطِیْعُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ (توبہ ۷۱) یعنی رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرامؓ اللہ اور اسکے رسول کی کامل اطاعت کرتے ہیں۔ بتاؤ وہ نبی کیوں نہ ہوئے ؟۔ اس لئے کہ اگر

اطاعت کاملہ کا نتیجہ نبوت ہے تو اکابر صحابہء کرامؓ کو یہ منصب ضرور حاصل ہوتا جنہیں،، رَضِیَ اللہُ عَنۡھُمۡ وَرَضُوۡعَنۡہُ، کا خطاب ملا اور یہی رضائے الٰہی سب سے بڑی نعمت ہے چنانچہ فرمایا:,,وَرِضۡوَانٌ مِّنَ اللہِ اَکۡبَرُ،،توبہ۷۲

۶- مرزا قادیانی تحریر کرتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وجود ظلی طور پر گویا آنجناب ﷺ کا وجود ہی تھا۔ ایام الصلح خ ص۲۶۵ ج۱۴ (۲) صحابہ کرام آنحضرت ﷺ کے دست وبازو تھے۔ سر الخلافہ ۳۴۱ ج۸ (۳) صدیق اکبر من بقیہ طینۃ النبی تھے سر الخلافہ ۵۵ ج۸ (۴) صدیق اکبرؓ آیت استخلاف کا مصداق تھے سر الخلافہ خ ص۳۵۲ ج۸ (۵) صحابہ کرام آنحضرت ﷺ کی عکسی تصویریں تھے۔ فتح اسلام خ ص۱۱ ج۳۔

سوال یہ ہیکہ جب مرزا قادیانی کے نزدیک صحابہ کرامؓ آنحضرت ﷺ کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے اور کامل اتباع کا نمونہ تھے تو وہ نبی کیوں نہ بنے؟

بعض دفعہ مرزائی یہاں یہ مغالطہ دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ اللہ نے ایمان وعمل صالح کی بنیاد پر خلافت دینے کا وعدہ کیا ہے تو صرف چار ہی خلفاء کیوں مانے جاتے ہیں۔ کیا اور صحابہ مومن نہ تھے؟ بیشک تھے۔ لیکن خلافت اللہ کی دین ہے جس کو چاہے دے۔ اسی طرح نبوت بھی اللہ نے جس کو چاہا دیا۔ صحابہ کونہیں چاہا تونہیں دیا۔

تو اس سلسلہ میں یاد رکھئے کہ یہ مرزائیوں کا نرا مغالطہ ہے جو جہالت پر مبنی ہے۔ ان جاہلوں کو یہ نہیں معلوم خلافت صرف چار میں محدود نہیں بلکہ آئندہ بھی جب اور جہاں کوئی مسلمان عادل اور صالح بادشاہ ہوگا اپنے عمل وصلاح کے پیمانے پر اس وعدہ الٰہیہ کا اس کو حصہ قرار دیا جائے گا۔ یہاں تک کہ آخری خلیفہ برحق حضرت مہدی ہونگے۔ لہذا نبوت کو آیت استخلاف پر قیاس کرنا محض جہالت کی بنیاد پر ہے۔ اور ہمارا سوال اپنی جگہ باقی ہے۔ کہ جب صحابہ میں اطاعت مکمل درجہ کی تھی تو وہ نبی کیوں نہ بنائے گئے؟

۷- اگر بفرض محال ایک منٹ کے لئے تسلیم کرلیں کہ اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت میں نبوت ملتی ہے تو بھی اس آیت میں تشریعی اور غیر تشریعی کی کوئی تخصیص نہیں

۔تم غیر تشریعی کی کیوں تخصیص کرتے ہو؟ اگر اس آیت میں نبوت ملنے کا ذکر ہے تو آیت میں النبیین ہے المرسلین نہیں۔ اور نبی تشریعی ہوتا ہے جیسا کہ نبی ورسول کے فرق سے واضح ہے۔ تو اس لحاظ سے تشریعی نبی آنے چاہئیں۔ یہ تمھارے عقیدہ کے بھی خلاف ہوا۔ مرزا کہتا ہے:

''اب میں بموجب آیت کریمہ وَاَمَّا بِنِعۡمَتِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ اپنی نسبت بیان کرتا ہوں کہ خدا تعالی نے مجھے اُس تیسرے درجہ میں داخل کر کے وہ نعمت بخشی ہے کہ جو میری کوشش سے نہیں بلکہ شکم مادر میں ہی مجھے عطا کی گئی ہے''

(حقیقت الوحی رخ ص ۷۰ ج ۲۲)

اس حوالہ سے تو ثابت ہوا کہ مرزا کو آنحضرت ﷺ کی اتباع سے نہیں بلکہ وہبی طور پر نبوت ملی ہے۔ تو پھر اس آیت سے مرزائیوں کا استدلال باطل ہوا۔

۷۔ اگر اطاعت کرنے سے نبوت ملتی ہے تو نبوت کسبی چیز ہوئی، حالانکہ اللہ تعالی فرماتے ہیں ''اَللّٰهُ اَعۡلَمُ حَيۡثُ يَجۡعَلُ رِسَالَتَه'' یعنی نبوت وہبی چیز ہے جو اسے کسبی مانے وہ کافر ہے۔ خود مرزا نے بھی نبوت کو وہبی مانا ہے۔

نبوت وہبی چیز ہے

۱۔ علامہ شعرانیؒ الیواقیت والجواہر میں تحریر فرماتے ہیں: ''فَاِنۡ قُلۡتَ فَهَلُ النُّبوة مکتسبة اوموهوبة فالجواب ليست النبوة مكتسبة حتى يتوسل اليها بالنسك و الرياضات كما ظنه جماعة من الحمقاء...... وقد افتى المالكية وغيرهم بكفر من قال ان النبوة مكتسبة ۔ (الیواقیت ص ۱۶۴، ۱۶۵ ج ۱) کہ کیا نبوت کسبی ہے یا وہبی؟ تو اسکا جواب ہے کہ نبوت کسبی نہیں ہے۔ کہ محنت وکاوش، سے اس تک پہونچا جائے جیسا کہ بعض احمقوں (مثلاً قادیانی فرقہ، از مترجم) کا خیال ہے۔ مالکی وغیرہ نے کسبی کہنے والوں پر کفر کا فتوی دیا ہے۔

۲۔ قاضی عیاضؒ شفاء میں لکھتے ہیں:

''من ادعى نبوة احد مع نبينا ﷺ او بعده ......او من ادعى النبوة لنفسه او جوز اكتسابها اوالبلوغ بصفاء القلب الى مرتبتها ...... وكذا من

ادعی منهم انه یوحی الیه وان لم یدع النبوة ......فهؤلاء کلهم کفار مکذبون للنبی ﷺ لانه اخبر علیه السلام انه خاتم النبیین لانبی بعدی '

(شفاء قاضی عیاضؒ ص ۲۴۶، ۲۴۷ ج ۲)

ہمارے نبی ﷺ کی موجودگی میں یا آپ ﷺ کے بعد جوکوئی کسی اور کی نبوت کا قائل ہو یا اس نے خود اپنے نبی ہونے کا دعوی کیا۔ یا پھر دل کی صفائی کی بنا پر اپنے کسب کے ذریعہ نبوت کے حصول کے جواز کا قائل ہوا۔ یا پھر اپنے پر وحی کے اترنے کو کہا۔ اگر چہ نبوت کا دعوی نہ کیا تو یہ سب قسم کے لوگ نبی ﷺ کے دعوی ''انا خاتم النبیین '' کی تکذیب کرنے والے ہوئے اور کافر ٹھرے۔

ان دونوں روشن حوالوں سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی کہ نبوت کے کسبی ہونے کا عقیدہ رکھنا اپنے اندر تکذیب خدا اور رسول کا عنصر رکھتا ہے۔ اور ایسا عقیدہ کا رکھنے والا مالکیہ و دیگر علماء کے نزدیک قابل گردن زدنی اور کافر ہے۔

مرزا قادیانی خود اقراری ہے کہ نبوت وہبی چیز ہے کسبی نہیں۔ اس نے لکھا ہے:

۱- ''اس میں شک نہیں کہ محدثیت محض وہبی چیز ہے۔ کسب سے حاصل نہیں ہوسکتی۔ جیسا کہ نبوت کسب سے حاصل نہیں ہوسکتی'' (حمامة البشریٰ ص ۳۰۱ خ ج ۷)

۲- صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیھِمْ :اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ جس شخص کو یہ مرتبہ ملا انعام کے طور پر ملا۔ یعنی محض فضل سے نہ کسی عمل کا اجر۔

(چشمہ مسیحی خ ص ۳۶۵ ج ۲۰)

مرزائی عذر-۱

وہبی چیز میں بھی انسان کا دخل ہوتا ہے جیسے اللہ نے فرمایا ہے ''یَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ '' شوری ۴۹۔ بخشتا ہے جسکو چاہے بیٹیاں اور بخشتا ہے جسکو چاہے بیٹے۔ اس میں اگر مرد عورت اکٹھے نہ ہوں تو کچھ نہیں ہوتا۔ معلوم ہوا کہ وہبی چیز میں بھی کسب کو دخل ہے۔

الجواب :- ہاں ٹھیک ہے کہ انسان کا اس عمل میں دخل ہے مگر لڑکا یا لڑکی عطا کرنے میں کسی قسم کا کوئی دخل نہیں ہے۔ چنانچہ بسا اوقات اس اختلاط سے بھی کچھ نہیں

ہوتا۔ پڑھئے "وَيَجْعَلُ مَنْ يَشَآءُ عَقِيماً" (شوریٰ ۵۰) لہذا مرزائیوں کو اس سے نہ دھوکہ کھانا چاہئیے، نہ کسی کو دھوکہ دینا چاہئیے۔

۸- اگر نبوت ملنے کیلئے اطاعت وتابعداری شرط ہے تو پھر بھی غلام احمد نبی نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اس نے نبی کریم ﷺ کی کامل اطاعت اور تابعداری نہیں کی جیسے:

۱- مرزا نے حج نہیں کیا۔

۲- مرزا نے ہجرت نہیں کی۔

۳- مرزا نے جہاد بالسیف نہیں کیا بلکہ الٹا اس کو حرام کہا۔

۴- مرزا نے کبھی پیٹ پر پتھر نہیں باندھے۔

۵- ہندوستان کے قحبہ خانوں میں زنا ہوتا رہا مگر غلام احمد نے کسی زانیہ یا زانی کو سنگسار نہیں کرایا بلکہ اس کے اور اسکے خاندان کے اس فعل قبیح میں ملوث ہونے کے پختہ ثبوت خود قادیانیوں نے ہی جمع کئے ہیں۔

۶- ہندوستان میں چوریاں ہوا کرتی تھیں مگر مرزا جی نے کسی چور کے ہاتھ نہیں کٹوائے۔ بلکہ خود مرزا جی ہی پانچ اور پچاس کا فلسفہ پڑھاتے رہے۔ اس عقدہ کو آج تک کوئی مرزائی حل نہیں کرسکا! (ملاحظہ فرمائیے کتاب براہین احمدیہ کی اشاعت اور مرزا جی کی فریب کاریاں)

۹- مرزا نے لکھا کہ

"تم پنجوقت نمازوں میں یہ دعا پڑھا کرو کہ اھدنا الصراط المستقیم..... یعنی اے ہمارے خدا اپنے منعم علیہم بندوں کی ہمیں راہ بتا، وہ کون ہے! نبی اور صدیق اور شہید اور صلحاء۔ اس دعا کا خلاصہ مطلب یہی تھا کہ ان چاروں گروہوں میں سے جسکا زمانہ تم پاؤ اس کے سایہ صحبت میں آجاؤ" (آئینہ کمالات خ ۶۱۲ ج ۵)

نیز مرزا قادیانی خود تحریر کرتا ہے:

"الا تریٰ الی قول رسول اللہ ﷺ اذقال ان فی الجنة مکاناً لا ینا له الا رجل واحد وارجو ان اکون انا ھو فبکی رجل من سماع ھذاالکلام و قال یا رسول اللہ ﷺ لا اصبر علی فراقک ولا استطیع ان تکون فی مکان وانا فی مکان بعیدعنک محجوباً عن روية وجھک وقال له رسول اللہ ﷺ انت تکون معی و فی مکانی (حمامۃ البشریٰ خ ص ۲۹۴ ج ۷)

اب صراحۃ مرزا کے کلام سے ثابت ہوا کہ معیت سے مراد معیت فی الجنت ہے اور معیت فی المرتبہ مراد نہیں تا کہ اجراء نبوت کا سوال پیدا ہو۔

۱۰- یہ کہ مرزا قادیانی نے اہل مکہ کے لئے دعاء کی ہے اللہ تعالیٰ تم کو انبیاء ورسل وصدیقین وشہداء اور صالحین کی معیت نصیب کرے۔ جیسے حمامۃ البشریٰ ص خ ص ۳۲۵ ج ۷، میں لکھا ہے " نسئله ان يدخلكم فى ملكوته مع الانبياء و الرسل والصديقين والشهداء والصالحين" تو کیا اس کا مطلب یہ ہوگا کہ مرزا دعا مانگ رہا ہے کہ اہل مکہ تمام کے تمام انبیاء رسول بن جاویں؟ اگر یہی مراد سمجھی جاوے تو مرزا نے گویا اہل مکہ کے لئے نبوت حاصل کرنے کی دعا کی ہے۔ اور یقیناً اس کی دعا منظور ہوئی ہوگی۔ کیوں کہ مرزا کو خدا نے الہام میں وعدہ کیا ہوا ہے کہ "اجیب کل دعائک الافی شرکائک" میں تیری ساری دعائیں قبول کروں گا مگر شرکاء کے بارے میں نہیں۔ (تذکرہ ص ۲۰۶ طبع سوم) تو پھر یقیناً مکہ والے لوگ نبی ہو گئے ہوں گے؟

عسل مصفی ص ۲۷۰ ج ۱ میں خدا بخش قادیانی نے کتاب ماثبت بالسنۃ ص ۴۶ شیخ عبدالحق دہلوی سے یہ عبارت نقل کی ہے:

ماوقع فى مرضه انه ﷺ خير عند موته يقول فى آخر مرضه مع الذين انعم الله عليهم من النبيين الخ

جب حضور ﷺ مریض ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو موت کے وقت، حیات دنیا وآخرت میں اختیار دیا تو آپ ﷺ نے آخری مرض میں یہ آیت پڑھی۔

اس سے یہ بھی ظاہر ہے کہ حضور ﷺ کو کامل نبوت کے حاصل ہونے کے بعد بھی اپنی مرض موت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اختیار دیا گیا تھا، کہ دنیا کے ساتھیوں کی رفاقت پسند کرتے ہیں یا جنت والے ساتھیوں کی۔ اس سے ثابت ہوا کہ ہر دو مقام سے رفاقت مکانی مقصود ہے نہ کہ رفاقت مرتبی۔ کیوں کہ یہ تو آپ ﷺ کو پہلے ہی سے حاصل تھی۔

۱۱- نیز مع کا معنی ساتھ کے ہیں۔ جیسے "اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا" اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ، اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ، اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ"

نیز اگر نبی کی معیت سے نبی ہوسکتا ہے تو سوال یہ ہے کہ کیا خدا کی معیت سے خدا بھی ہوسکتا ہے؟ العیاذ باللہ!

۱۲- یہ دلیل قرآن کریم کی آیت سے ماخوذ ہے۔اس لئے مرزائی اپنے استدلال کی تائید میں کسی مفسر یا مجدد کا قول پیش کریں۔بغیر اس تائید کے ان کا استدلال مردود اور من گھڑت ہے۔اس لئے کہ مرزا نے لکھا ہے:

''جو شخص ان (مجدد دین) کا منکر ہے وہ فاسقوں میں سے ہے''

(شہادت القرآن خ ص ۳۴۴ ج ۶)

۱۳- اگر مرزائیوں کے بقول اطاعت سے نبوت وغیرہ درجات حاصل ہوتے ہیں تو ہمارا یہ سوال ہوگا کہ یہ درجے حقیقی ہیں یا ظلی، بروزی؟ اگر نبوت کا ظلی، بروزی درجہ حاصل ہوتا ہے جیسا کہ مرزائیوں کا عقیدہ ہے تو صدیق، شہید اور صالح بھی ظلی وبروزی ہونے چاہئیں۔ حالانکہ ان کے بارے میں کوئی ظلی، بروزی ہونے کا قائل نہیں۔اور اگر صدیق وغیرہ میں حقیقی درجہ ہے تو پھر نبوت بھی حقیقی ہی ماننا چاہیئے۔ حالانکہ تشریعی اور مستقل نبوت کا ملنا خود مرزائیوں کو بھی تسلیم نہیں ہے۔اس لئے یہ دلیل مرزائیوں کے دعوی کے مطابق نہ ہوئی۔

۱۴- اس آیت سے چار آیت پہلے انبیاء ورسل کے متعلق فرمایا ہے ''وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰہِ ''سورۃ نساء ۶۴۔یعنی ہر ایک رسول مطاع اور امام بنانے کے لئے بھیجا جاتا ہے۔اس غرض سے نہیں بھیجا جاتا کہ وہ کسی دوسرے رسول کا مطیع اور تابع ہو اور آیت ''وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ ''میں مطیعون کا ذکر ہے۔اور مطیع کسی بھی صورت میں نبی اور رسول نہیں ہوتا۔خلاصہ یہ کہ نبی اور رسول مطاع ہوتا ہے مطیع نہیں (فافہم)

۱۵- مرزائی ایک طرف تو دلیل بالا سے یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کررہے ہیں کہ اطاعت رسول کے ذریعہ سے آدمی درجہ نبوت تک پہنچ سکتا ہے۔دوسری طرف خود ان کے حضرت صاحب نے اس بات کا اقرار واعتراف کیا ہے کہ اطاعت کرنے حتی

کہ فنافی الرسول ہو جانے سے بھی نبوت نہیں مل سکتی۔ بس زیادہ سے زیادہ محدثیت کا درجہ حاصل ہوسکتا ہے۔ اس اعتراف کے ثبوت میں چند حوالے پیش ہیں:

حوالہ نمبر ا۔ ''جب کسی کی حالت اس نوبت تک پہونچ جائے (جو اس سے قبل ذکر کی گئی) تو اس کا معاملہ اس عالم سے وراءُ الوراہو جاتا ہے اور ان تمام ہدایتوں اور مقامات عالیہ کو ظلی طور پالیتا ہے۔ جو اس سے پہلے نبیوں اور رسولوں کو ملے تھے۔ اور انبیاء ورسل کا نائب اور وارث ہو جاتا ہے۔ وہ حقیقت جو انبیا میں معجزہ کے نام سے موسوم ہوتی ہے۔ وہ اس میں کرامت کے نام سے ظاہر ہوتی ہے۔ اور وہی حقیقت انبیاء میں عصمت کے نام سے نامزد کی جاتی ہے۔ اس میں محفوظیت کے نام سے پکاری جاتی ہے۔ اور وہی حقیقت جو انبیاً میں نبوت کے نام سے بولی جاتی ہے۔ اس میں محدثیت کے پیرایہ میں ظہور پکڑتی ہے۔ حقیقت ایک ہے لیکن بباعث شدت اور ضعف رنگ کے، انکے نام مختلف رکھے جاتے ہیں۔ اسلئے آنحضرت ﷺ کے ملفوظات مبارکہ ارشاد فرمارہے ہیں کہ محدث، نبی بالقوۃ ہوتا ہے اگر باب نبوت مسدود نہ ہوتا تو ہر ایک محدث اپنے وجود میں قوت اور استعداد نبی ہونے کی رکھتا ہے اور اس قوت اور استعداد کے لحاظ سے محدث کا حمل نبی پر جائز ہے۔ یعنی کہہ سکتے ہیں کہ المحدث نبی جیسا کہ کہہ سکتے ہیں ''العنب خمر نظراً علی القوۃ و الاستعداد و مثل ھذا المحمل شائع متعارف'

(ماہنامہ ریویو آف ریلیجنز جلد ۳ بماہ اپریل ۱۹۰۴ء بعنوان اسلام کی برکات)

اس عبارت سے واضح ہوا کہ ظلی نبوت بھی درحقیقت محدثیت ہی ہے اور کامل اتباع سے جو ظلی نبی بنتا ہے وہ دراصل محدث ہوتا ہے۔ اور یہاں جو محدث پر نبی کا حمل کیا گیا ہے وہ محض استعداد کی بنا پر ہے۔ یعنی اگر دروازہ نبوت بند نہ ہوتا تو وہ بھی نبی بن جاتا۔ جیسا کہ عنب پر خمر کا اطلاق قوت اور استعداد کی بنا پر کیا جاتا ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ اسکا مطلب یہ نہیں کہ جو خمر کا حکم ہے وہ عنب کا بھی حکم ہو۔ بلکہ دونوں کے احکام اپنی جگہ الگ الگ ہیں۔ اسی طرح اگر محدث پر نبی کا اطلاق بلحاظ استعداد کیا جائے گا تو دونوں کے احکام الگ الگ ہونگے۔ نبی کا انکار کفر ہوگا اور محدث کی نبوت کا انکار کفر نہ ہوگا۔ حالانکہ مرزائی اپنے حضرت صاحب (ظلی نبی) کے منکرین کو پکا کافر گردانتے ہیں۔ یہ

توعجیب تضاد ہوا مرزا غلام احمد کچھ کہیں۔ مرزائی کچھ کہیں اور آج کل کے جاہل کچھ کہیں! اسی سے اس لچر عقیدہ کے بطلان کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

حوالہ نمبر ۲- مرزا لکھتا ہے ''حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وجود ظلی طور پر گویا آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود ہی تھا'' (ایام الصلح خ ص ۲۶۵ ج ۱۴)

مرزا کو خود تسلیم ہے کہ حضرت عمرؓ آنحضرت ﷺ کے ظلی وجود تھے۔ پھر بھی وہ نبی نہ بن سکے۔ معلوم ہوا کہ اتباع نبی سے زیادہ سے زیادہ ظلی وجود تو مرزا کے نزدیک ہو سکتا ہے مگر نبوت نہیں مل سکتی۔ ورنہ قادیانی لوگ حضرت عمرؓ کو بھی ظلی نبی تسلیم کریں! ''لو کان بعدی نبی لکان عمرؓ'' حدیث نے عمرؓ کے نبی نہ ہونے کی صراحت کر دی۔
حضرت علیؓ فرماتے ہیں ''قال علی الا وانی لست نبی ولا یوحی الیٰ'' (ازالۃ الخفاء ص ۱۳۳)
حضرت علیؓ فرماتے ہیں، خبردار! نہ میں نبی ہوں اور نہ میری طرف وحی آتی ہے۔

حوالہ نمبر ۳- ''صدہا ایسے لوگ گزرے ہیں جن میں حقیقت محمدیہ متحقق تھی اور عنداللہ ظلی طور پر ان کا نام محمد یا احمد تھا۔ (آئینہ کمالات اسلام خ ص ۳۴۶ ج ۵)

اس عبارت سے یہ بھی پتہ چلا کہ اگرچہ صدہا لوگ ایسے گزر چکے ہیں جنکا نام ظلی طور پر محمد یا احمد تھا مگر پھر بھی ان میں سے نہ کوئی نبی بنا اور نہ کسی نے دعوی نبوت کیا' نہ اپنی الگ جماعت بنائی' اور نہ اپنے منکرین کو کافر اور خارج از اسلام قرار دیا۔ تو عجیب بات ہے کہ اتنے بڑے بڑے متبعین خدا اور رسول تو اس نعمت سے محروم ہی دنیا سے رخصت ہو گئے اور مرزا قادیانی جیسا کوڑھ مغز آدمی ظلی نبی کے ساتھ ساتھ حقیقی نبی بھی بن گیا۔

مرزائی عذر-۲

مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ...... مع، من کے معنی میں ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے گا وہ منعم علیہم انبیاء وغیرہ میں سے ہوگا۔ نہ کہ محض انکے ساتھ ہوگا اور اسکی مثال قرآن کریم میں بھی موجود ہے دیکھئے فرمایا گیا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ، ای من الابرار ''یعنی نیکوں میں سے بنا کر ہمیں وفات دیجئے۔
الجواب:- مرزائی عذر بچند وجوہ باطل ہے۔

الف- پورے عرب میں کہیں بھی مع، من کے معنی میں استعمال نہیں ہوتا۔ اگر یہ من کے معنی میں آتا تو مع پر من کا دخول ممتنع ہوتا حالانکہ عربی محاوروں میں من کا مع پر داخل ہونا ثابت ہے لغت کی مشہور کتاب المصباح المنیر میں لکھا ہے ''ودخول من نحو جئت من معه .مع القوم'' لہٰذا معلوم ہوا کہ من کبھی بھی مع کے معنی میں نہیں ہوسکتا۔ ورنہ ایک ہی لفظ کا تکرار لازم آئے گا۔

ب- جب کوئی لفظ مشترک ہو اور دو معنی میں مستعمل ہو تو دیکھا جاتا ہے کہ کون سے معنی حقیقی ہیں اور کون سے معنی مجازی۔ جب تک حقیقت پر عمل کرنا ممکن ہو تو مجاز اختیار کرنا درست نہیں ہوتا۔ یہاں پر بہر حال مع رفاقت کے معنی میں حقیقت ہے۔ اور اس پر عمل کرنا یہاں ممکن بھی ہے۔ کیونکہ اگلے جملہ وَحَسُنَ اُولٰئِکَ رفیقاً سے صاف طور پر رفاقت کے معنی کی تائید ہو رہی ہے۔ لہٰذا مع کو من کے مجازی معنی میں لے جانا ہرگز جائز نہ ہوگا۔

ج- اگر مع کا معنیٰ من لیا جائے تو حسب ذیل آیت کے معنی کیا ہوں گے

۱- اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ،، (بقرة ۱۵۳) کیا خدا اور فرشتے ایک ہو گئے۔

۲- لاَ تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا،، (توبہ ۴۰) کیا حضور ﷺ حضرت ابوبکرؓ اور خدا ایک ہو گئے۔

۳- ''اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ'' (بقرة ۱۵۳)

۴- ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ'' (فتح ۲۹) کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ نعوذ باللہ، اللہ تعالیٰ صابروں کے جز ہیں یا یہ کہ حضرات صحابہ کرامؓ آنحضرت ﷺ میں سے ہیں؟ دیکھئے کس طرح قادیانی تنکوں کا پل بناتے ہیں اور پھر اس پر زندہ ہاتھی گزارنے کی کوشش کرتے ہیں۔

د- اگر بالفرض یہ تسلیم کرلیا جائے کہ مع بھی کبھی من کے معنی میں استعمال ہوا ہے یا ہوتا ہے تو اس سے یہ کیسے لازم آیا کہ آیت مجوث عنہا میں بھی مع، من کے معنی میں ہے۔ کیا کسی مفسر یا مجدد نے یہاں پر مع کے بجائے من کے معنی مراد لیے ہیں؟۔

۵-مع، من کے معنی میں ہونے پر مرزائی جو آیات قرآنیہ تلبیس ومغالطہ کے لئے پیش کرتے ہیں۔ان میں سے کسی ایک آیت میں بھی مع، من کے معنی میں نہیں۔ ہمارے اور مرزائیوں کے معتبر مفسر امام رازیؒ (جو مرزئیوں کے نزدیک چھٹی صدی کے مجدد ہیں (عسل مصفی ص۱۶۴ ج۱) نے آیت وَتَوَفَّنَامَعَ الْاَبْرَارِ کی تفسیر فرماتے ہوئے مرزائیوں کے سارے گھروندے کوز میں بوس کردیا ہے اور انکی رکیک تاویل کی دھجیاں اڑادی ہیں۔وہ فرماتے ہیں:

,,وفاتهم معهم هى ان يموتوا على مثل اعمالهم حتى يكونوا فى درجاتهم يوم القيامة قد يقول الرجل انا مع الشافعى فى هذه المسئلة ويريد به كونه مساويا له فى ذالك الاعتقاد" تفسیر کبیر ص۱۸۱ ج۳،،۔

ان کا ان (ابرار) کے ساتھ وفات پانا اس طرح ہوگا کہ وہ ان نیکوں جیسے اعمال کرتے ہوئے انتقال کریں تا کہ قیامت کے دن ان کا درجہ پالیں۔جیسے کبھی کوئی آدمی کہتا ہے کہ میں اس مسئلہ میں شافعیؒ کے ساتھ ہوں اور مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کا اعتقاد رکھنے میں وہ اور امام شافعیؒ برابر ہیں۔نہ یہ کہ وہ درجہ میں امام شافعیؒ تک پہنچ گیا۔

مرزائی عذر-۳

مرزائیوں نے اپنے باطل استدلال کی تائید کے لئے جھوٹ کا پلندہ تیار کیا ہے اور مشہور امام لغت راغب اصفہانیؒ کے کندھے پر رکھ کر بندوق چلانے کی ناکام کوشش کی ہے۔ان کا کہنا ہے کہ امام راغبؒ کے ایک قول سے انکے بیان کردہ معنی کی تائید ہوتی ہے وہ عبارت یہ ہے۔

"قال الراغب :ممن انعم عليهم من الفرق الاربع فى المنزلة والصواب النبى بالنبى والصديق بالصديق والشهيد بالشهيد والصالح بالصالح واجاز الراغب ان يتعلق من النبى بقوله ومن يطع الله والرسول اى من النبيين ومن بعدهم (بحر المحیط للعلامہ اندلسی ص۲۸۷ ج۳)

اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ من النبیین،انعم الله علیهم سے نہیں بلکہ ومن یطع الله سے متعلق ہے۔لہٰذا آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ نبیوں وغیرہ میں سے جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے گا وہ منعم علیہم کے ساتھ ہوگا اور یہاں یطع مضارع کا صیغہ ہے جو

حال و مستقبل دونوں کے لئے بولا جاتا ہے۔لہٰذا ضروری ہوا کہ اس امت میں بھی کچھ نبی ہونے چاہئیں جو رسولوں کی اطاعت کرنے والے ہوں۔ اگر نبوت کا دروازہ بند ہوگا تو اس آیت کے مطابق کون سا نبی ہوگا جو رسول اللہ کی اطاعت کرے گا؟

ڈھول کا پول

مرزائیوں نے مذکورہ عبارت پیش کر کے انتہائی دجل وفریب کا مظاہرہ کیا ہے۔ یہ حوالہ علامہ اندلسی کی تفسیر البحر المحیط سے ماخوذ ہے۔مگر انہوں نے اس قول کو نقل کر کے اپنی رائے اس طرح بیان فرمائی ہے:

”وھذا وجه الذی ھو عنده ظاھر فاسد من جھة المعنی ومن جھة النحو.

معنی اور نحو دونوں کے لحاظ سے یہ بات فاسد ہے۔تفسیر البحر المحیط ص ۲۸۷ ج ۳ بیروت

لہٰذا معلوم ہوا کہ یہ قول بالکل مردود اور ساقط الاستدلال ہے۔اور دوسری بات یہ ہے کہ امام راغبؒ کی کسی کتاب میں اس طرح کی عبارت نہیں ملتی۔انکی طرف یہ قول منسوب کرنا صحیح نہیں ہے۔انکی طرف قول بالا کی غلط نسبت ہونے پر ہمارے پاس دو قرینہ موجود ہیں۔دیکھئے:

پہلا قرینہ

امام راغب اصفہانیؒ نے صدیقین کی تفسیر میں ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے۔جس کا نام الذریعه الی مکارم الشریعه ہے۔آیت ومن یطع اللہ والرسول کا تعلق بھی اسی مضمون سے ہے اگر بالفرض امام راغبؒ کا وہ مسلک ہوتا جو بحر محیط میں نقل کیا ہے تو اس کتاب میں ضرور نقل کرتے۔لیکن پوری کتاب میں کہیں اشارۃً و کنایۃً بھی اس کا ذکر نہیں ہے۔

دوسرا قرینہ

اگر اس طرح کی عبارت امام راغبؒ کی کسی کتاب میں ہوتی تو مرزائی مناظرین امام راغبؒ کی اسی کتاب سے حوالہ دیتے اور وہیں سے نقل کرتے کہ دلیل پختہ ہوتی۔ لیکن وہ لوگ تو بحر محیط کی ایک عبارت لے کر لکیر پیٹتے رہتے ہیں۔کیونکہ اس کا اصل ماخذ کہیں ہے ہی نہیں۔

۱۶-اگر درجات ملنے کا ذکر ہے تو بہ ترتیب حاصل ہونے چاہئیں پہلے صدیق پھر شہید پھر صالح۔

مرزائی عذر-۴

مَعَ، بمعنی، مِنْ ہے۔ ابلیس کے متعلق ایک جگہ فرمایا:"اَنْ یَّکُوْنَ مَعَ السّٰجِدِیْنَ. (الحجر) دوسری جگہ فرمایا: "لَمْ یَکُنْ مِّنَ السّٰجِدِیْنَ .(اعراف ۱۱)

جواب:- ابلیس نے تین گناہ کئے تھے،۱۔ تکبر کیا تھا۔اس کا ذکر سورۃ ص کے آخری رکوع میں ہے:" کُنْتُ مِنَ ا لُعَا لَین "۲۔سجدہ نہ کر کے اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی کی۔ اسکا بیان سورۃ اعراف کے دوسرے رکوع میں ہے"لم یکن من الساجدین "۳۔اس نے جماعت ملائکہ سے مفارقت کی تھی۔اس کا بیان سورۃ حجر کے تیسرے رکوع میں ہے"اَنْ یَّکُوْنَ مَعَ السَّاجِدِیْنَ."

پس مع ہرگز من کے معنوں میں نہیں بلکہ دونوں کے فائدے الگ الگ اور جداگانہ ہیں۔جیسا کہ ظاہر ہیں۔

مرزائی عذر-۵

"اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِیْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَسَوْفَ یُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ اَجْراً عَظِیْماً.(نساء۱۴۶) کیا توبہ کرنے والے مومن نہیں،مومنوں کے ساتھ ہونگے۔کیاان کواجرعظیم عطانہ ہوگا؟

جواب:-

حقیقت یہ ہے کہ مومنین پر الف لام عہد کا ہے اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو شروع سے خالص مومن ہیں ان سے کبھی نفاق سرزد نہیں ہوا،ان کی معیت میں وہ لوگ جنت میں ہونگے جو پہلے منافق تھے پھر توبہ کر کے مخلص مومن بن گئے۔پس ثابت ہوا کہ مع اپنے اصل معنی،مصاحبت کے لئے آیا ہے نہ کہ بمعنی من۔

خلاصہ کلام: قادیانیوں اس آیت سے اجرائے نبوت پر استدلال نہ صرف یہ کہ بے معنی اور بیسود ہے بلکہ یہ انکی جہالت وڈھٹائی ہے اس سے انہیں باز رہنا چاہیے۔

محمد سے کچھ بھی عقیدت ہے تم کو تو اپنا وطیرہ بدلنا پڑے گا
نفاق زبان وعمل سے گزر کر صداقت کے سانچے میں ڈھلنا پڑے گا

کیا فرماتے ہیں ائمہ مفسرین

معارف القرآن (ص۴۶۶ ج۲)

بیان القرآن:۔

اور جو شخص (ضروری احکام میں بھی) اللہ و رسول کا کہنا مان لے گا (گو تکثیر طاعات سے کمال حاصل نہ کرسکے) تو ایسے اشخاص بھی (جنت میں) ان حضرات کے ساتھ ہونگے جن پر اللہ تعالیٰ نے (کامل) انعام (دین وقرب وقبول کا) فرمایا ہے، یعنی انبیاء (علیہم السلام) اور صدیقین (جو کہ انبیاء کی امت میں سب سے زیادہ رتبہ کے ہوتے ہیں، جن میں کمال باطنی بھی ہوتا ہے، جن کو عرف میں اولیاء کہا جاتا ہے) اور شہداء (جنھوں نے دین کی محبت میں جان تک دیدی) اور صلحاء (جو شریعت کے پورے متبع ہوتے ہیں واجبات میں بھی اور مستحبات میں بھی، جن کو نیک بخت دیندار کہا جاتا ہے) اور یہ حضرات (جس کے رفیق ہوں) بہت اچھے رفیق ہیں (اور مطیع کی ان کے ساتھ رفاقت ثابت ہے، پس حاصل یہ ہوا کہ اطاعت کا یہ ثمرہ ہوا کہ اس کو ایسے رفیق ملے) یہ (معیّت اور رفاقت ان حضرات کے ساتھ محض) فضل ہے اللہ تعالیٰ کی جانب سے (یعنی عمل کا اجر نہیں ہے، کیونکہ اس کا مقتضا تو یہ تھا کہ جو درجے میں عمل کا مقتضا تھا وہاں سے آگے نہ جاسکتا تھا، بس یہ بطور انعام کے ہے) اور اللہ تعالیٰ کافی جاننے والے ہیں (ہر ایک عمل کو اور اس کے مقتضا کو، اور اس مقتضا سے زائد مناسب انعام کی مقدار کو خوب جانتے ہیں، کیونکہ اس انعام میں بھی تفاوت ہوگا، کسی کو ان حضرات سے بار بار قرب ہوگا، کسی کو گاہ بگاہ وعلیٰ ھٰذا (واللہ اعلم)

ربطِ آیات

اوپر اللہ و رسولؐ کی اطاعت پر خاص مخاطبین سے اجر عظیم کا وعدہ تھا، اب ان آیات میں بطور قاعدہ کلیّہ کے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت پر عام وعدہ کا ذکر ہے،

معارف ومَسائل

جنت کے درجات اعمال کے اعتبار سے ہوں گے۔ جولوگ ان تمام چیزوں پر عمل کریں جن کے کرنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول ﷺ نے دیا ہے، ان تمام چیزوں سے پرہیز کریں جن کے کرنے سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے منع فرمایا ہے...... تو عمل کے اعتبار سے ان کے مختلف درجات ہوں گے، اول درجہ کے لوگوں کو اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السّلام کے ساتھ جنت کے مقاماتِ عالیہ میں جگہ عطا فرمائیں گے، اور دوسرے درجہ کے لوگوں کو ان لوگوں کے ساتھ جگہ عطاء فرمائیں گے جو انبیاءؑ کے بعد ہیں، جن کو صدّیقین کہا جاتا ہے یعنی وہ اجلہ صحابہ جنہوں نے بغیر کسی جھجک اور مخالفت کے اول ہی ایمان قبول کرلیا۔ جیسے حضرت ابوبکر صدیقؓ، پھر تیسرے درجہ کے حضرات شہداء کے ساتھ ہوں گے شہداء وہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ کی راہ میں اپنی جان اور مال قربان کردیا، پھر چوتھے درجہ کے حضرات صلحاء کے ساتھ ہوں گے، اور صلحاء وہ لوگ ہیں جو اپنے ظاہر و باطن میں اعمال صالحہ کے پابند ہیں،

خلاصہ۔

یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی مکمل اطاعت کرنے والے ان حضرات کے ساتھ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز اور مقبول ہیں جن کے چار درجے بتلائے گئے ہیں، انبیاء صدّیقین، شہداء اور صالحین،

شانِ نزول۔

یہ آیت ایک خاص واقعہ کی بناء پر نازل ہوئی ہے جسکو امام تفسیر حافظ ابن کثیر نے متعدد اسانید سے نقل کیا ہے،

واقعہ یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک روز ایک صحابی رسولِ کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہؐ میرے دل میں آپؐ کی محبت اپنی جان سے بھی زیادہ ہے، اپنی بیوی سے بھی، اپنی اولاد سے بھی، بعض

اوقات میں اپنے گھر میں بے چین رہتا ہوں یہاں تک کہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر آپؐ کی زیارت کرلوں تب سکون ہوتا ہے، اب مجھے فکر ہے کہ جب اس دنیا سے آپؐ کی وفات ہوجائے اور مجھے بھی موت آجائے گی تو میں جانتا ہوں کہ آپؐ جنت میں انبیاء علیہم السلام کے ساتھ درجاتِ عالیہ میں ہوں گے، اور مجھے اوّل تو یہ معلوم نہیں کہ میں جنت میں پہنچوں گا بھی یا نہیں، اگر پہونچ بھی گیا تو میرا درجہ آپ سے بہت نیچے ہوگا، میں وہاں آپ کی زیارت نہ کرسکوں گا تو مجھے کیسے صبر آئے گا؟

آنحضرت ﷺ نے ان کا کلام سن کر کچھ جواب نہ دیا، یہاں تک کہ یہ آیت مذکورہ نازل ہوگئی، **ومن یطع اللہ والرسول فاولٓئک مع الّذین انعم اللہ علیھم مّن النّبیّن والصّدّیقین والشھدآء والصلحین** اس وقت آنحضرت ﷺ نے ان کو بشارت سنادی کہ اطاعت گذاروں کو جنت میں انبیاء علیہم السلام اور صدیقین اور شہداء اور صالحین کے ساتھ ملاقات کا موقع ملتا رہے گا، یعنی درجاتِ جنت میں تفاضل اور اعلیٰ اولیٰ ہونے کے باوجو باہم ملاقات ومجالست کے مواقع ملیں گے،

جنت میں ملاقات کی چند صورتیں،

جس کی ایک صورت یہ بھی ہوگی کہ اپنی اپنی جگہ سے ایک دوسرے کو دیکھیں گے جیسا کہ مؤطاء امام مالکؒ میں بروایت ابوسعید خدریؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اہلِ جنّت اپنی کھڑکیوں میں اپنے سے اوپر کے طبقات والوں کو دیکھیں گے جیسے دنیا میں تم ستاروں کو دیکھتے ہو،

اور یہ بھی صورت ہوگی کہ درجات میں ملاقات کے لئے آیا کریں گے، جیسا کہ ابن جریر نے بروایت ربیع نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کی تفسیر میں یہ ارشاد فرمایا کہ اونچے درجات والے نیچے درجات کے طرف اُتر کر آیا کریں گے اور ان کے ساتھ ملاقات اور مجالست ہوا کریگی،

اور یہ بھی ممکن ہے کہ نیچے کے درجات والوں کو ملاقات کے لئے اعلیٰ درجات میں جانے کی اجازت ہو، اس آیت کی بناء پر رسولِ کریم ﷺ نے بہت سے لوگوں کو جنت میں اپنے ساتھ رہنے کی بشارت دی،

صحیح مسلم میں ہے کہ حضرت کعب بن اسلمیؓ آنحضرت ﷺ کے ساتھ رات گذارتے تھے، ایک رات تہجد کے وقت کعب اسلمی نے آنحضرت ﷺ کے لئے وضو کا پانی اور مسواک وغیرہ ضروریات لاکر رکھیں، تو آپؐ نے خوش ہوکر فرمایا، مانگو کیا مانگتے ہو، کعب اسلمیؓ نے عرض کیا، میں جنت میں آپ کی صحبت چاہتا ہوں، آپ نے فرمایا اور کچھ؟ تو انھوں نے عرض کیا اور کچھ نہیں، اس پر آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم جنت میں میرے ساتھ رہنا چاہتے ہو تو ''اعنی علیٰ نفسک بکثرة السجود ''یعنی تمہارا مقصد حاصل ہو جائے گا لیکن اس میں تم بھی میری مدد اس طرح کرو کہ کثرت سے سجدے کیا کرو، یعنی نوافل کی کثرت کرو،

مسند احمد میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور عرض کیا یا رسول اللہؐ میں اس بات کی شہادت دے چکا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اور یہ کہ آپؐ اللہ کے سچے رسول ہیں، اور میں پانچ وقت کی نماز کا بھی پابند ہوں، اور زکوٰۃ بھی ادا کرتا ہوں، اور رمضان کے روزے بھی رکھتا ہوں، یہ سنکر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اس حالت میں مرجائے وہ انبیاء، صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا، بشرطیکہ اپنے ماں باپ کی نافرمانی نہ کرے،

اسی طرح ترمذی کی ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: التاجر الصدوق الامین مع النبیّین والصدّقین والشهداء ''یعنی وہ بیوپاری جو سچا اور امانتدار ہو وہ انبیاء اور صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا''

قرب کی شرط محبت ہے

رسول کریم ﷺ کی صحبت اور رفاقت آپؐ کے ساتھ محبت کرنے سے حاصل ہوگی، چنانچہ صحیح بخاری میں طرقِ متواترہ کے ساتھ صحابۂ کرام کی ایک بڑی جماعت سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ اس شخص کا کیا درجہ ہوگا جو کسی جماعت سے محبت اور تعلق رکھتا ہے مگر عمل میں ان کے درجہ کو نہیں پہنچا، آپؐ نے فرمایا: المرأ مع من احب'' یعنی محشر میں ہر شخص اس کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہے''

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ صحابۂ کرام کو دنیا میں کسی چیز سے اتنی خوشی نہیں ہوئی جتنی اس حدیث سے، کیونکہ اس حدیث نے ان کو یہ بشارت دیدی کہ رسولِ کریم ﷺ کے ساتھ محبت کرنے والے محشر اور جنت میں بھی حضورؐ کے ساتھ ہوں گے،

رسول اللہ ﷺ کی رفاقت کسی رنگ و نسل پر موقوف نہیں۔

طبرانی نے معجم کبیر میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک شخص حبشی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ آپ ہم سے حسنِ صورت اور حسین رنگ میں بھی ممتاز ہیں، اور نبوّت و رسالت میں بھی، اب اگر میں بھی اس چیز پر ایمان لے آؤں جس پر آپؐ ایمان رکھتے ہیں، اور وہی عمل کروں جو آپ کرتے ہیں، تو کیا میں بھی جنت میں آپؐ کے ساتھ ہوسکتا ہوں؟

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ہاں ضرور (تم اپنی حبشیانہ بدصورتی سے نہ گھبراؤ) قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے جنت میں کالے رنگ کے حبشی سفید اور حسین ہوجائیں گے، اور ایک ہزار سال کی مسافت سے چمکیں گے، اور جو شخص لا الٰہ الا اللہ کا قائل ہو اس کی فلاح و نجات اللہ تعالیٰ کے ذمّہ ہوجاتی ہے، اور جو شخص سبحان اللہ و بحمدہ پڑھتا ہے اس کے نامۂ اعمال میں ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں،

یہ سنکر مجلس میں سے ایک شخص نے عرض کیا، یارسول اللہؐ جب اللہ تعالیٰ کے دربار میں حسنات کی اتنی سخاوت ہے تو ہم پھر کیسے ہلاک ہوسکتے یا عذاب میں کیسے گرفتار ہوسکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا (یہ بات نہیں) حقیقت یہ ہے کہ قیامت میں بعض آدمی اتنا عمل اور حسنات لے کر آئیں گے کہ اگر ان کو پہاڑ پر رکھ دیا جائے تو پہاڑ بھی ان کے بوجھ کا تحمل نہ کرسکے، لیکن اس کے مقابلہ میں جب اللہ تعالیٰ کی نعمتیں آتی ہیں اور ان سے موازنہ کیا جاتا ہے تو انسان کا عمل ان کے مقابلہ میں ختم ہوجاتا ہے، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ ہی اس کو اپنی رحمت سے نوازیں،

اس حبشی کے سوال و جواب ہی پر سورۂ دہر کی یہ آیت نازل ہوئی، هل أتىٰ على الإنسان حين من الدّهر لم يكن شيئاً مّذكوراً حبشی نے حیرت سے سوال کیا یارسول اللہ میری آنکھیں بھی ان نعمتوں کو دیکھیں گی جنکو آپ کی مبارک آنکھیں مشاہدہ کریں گی؟

آپؐ نے فرمایا: ''ہاں ضرور''۔ یہ سنکر حبشی نومسلم نے رونا شروع کیا، یہاں تک کہ روتے روتے وہیں جان دیدی، اور آنحضرتؐ نے اپنے دستِ مبارک سے اس کی تجہیز و تکفین فرمائی،

درجات کی تفصیل

آیت کی تفسیر مع شانِ نزول اور متعلّقہ تشریحات کے بیان ہوچکی، اب ایک بات قابلِ غور باقی رہ گئی ہے، کہ اللہ تعالیٰ کا جن لوگوں پر انعام ہے ان کے چار درجے بیان فرمائے گئے ہیں، یہ درجے کس اعتبار سے ہیں، اور ان چار درجوں میں باہمی نسبت اور فرق کیا ہے، اور کیا یہ چاروں درجے کسی ایک شخص میں جمع ہو بھی سکتے ہیں یا نہیں؟

حضرات مفسّرین نے اس بارے میں مختلف اقوال اور طویل تفصیل لکھی ہے، بعض نے فرمایا کہ یہ چاروں درجے ایک شخص میں بھی جمع ہو سکتے ہیں، اور یہ سب صفات متداخلہ کی طرح ہیں، کیوں کہ قرآن کریم میں جس کو نبی فرمایا گیا ہے اس کو صدیق وغیرہ کے القاب بھی دئے گئے ہیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق ارشاد ہے: إنه كان صدّيقاً نبيّاً. اور حضرت یحیٰ علیہ السلام کے بارے میں آیا ہے: و نبيّا من الصّٰلحين، اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق و كهلا من الصّٰلحين آیا ہے۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ اگرچہ مفہوم و معنیٰ کے اعتبار سے یہ چار صفات اور درجات الگ الگ ہیں لیکن یہ سب صفات ایک شخص میں بھی جمع ہوسکتی ہیں، اس کی مثال ایسی ہے جیسے مفسّر، محدث، فقیہہ، مورّخ اور متکلم مختلف صفات علماء کی ہیں، لیکن بعض علماء ایسے بھی ہوسکتے ہیں جو مفسر بھی ہوں محدث بھی فقیہہ بھی اور مورخ و متکلم بھی، یا جس طرح ڈاکٹر، انجینیر، پائلٹ مختلف صفات ہیں، مگر یہ سب کسی ایک شخص میں بھی جمع ہوسکتی ہیں۔

البتہ عرف عام میں قاعدہ ہے کہ جس شخص پر جس صفت کا غلبہ ہوتا ہے اسی کے نام سے وہ معروف ہو جاتا ہے، طبقات پر کتابیں لکھنے والے اس کو اسی طبقہ میں شمار کرتے ہیں، اسی وجہ سے عامۂ مفسّرین نے فرمایا کہ ''صدیقین،، سے مراد اجلہ صحابہ اور شہداءِ احد اور ''صالحین،، سے عام نیک مسلمان مراد ہیں،

اور امام راغب اصفہانی نے ان چاروں درجات کو مختلف درجات قرار دیا ہے، تفسیر بحر محیط، روح المعانی، اور مظہری میں بھی یہی مذکور ہے، یعنی یہ کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مؤمنین کو چار قسموں میں تقسیم کر کے ہر ایک کے لئے درجات اعلیٰ وادنیٰ مقرر فرمائے ہیں، اور عام مسلمانوں کو اس کی ترغیب دی ہے، کہ وہ ان میں سے کسی کے درجہ سے پیچھے نہ رہیں، علمی اور عملی جدوجہد کے ذریعہ ان درجات تک پہونچنے کی کوشش کریں، ان میں نبوت ایک ایسا مقام ہے جو جدوجہد سے کسی کو حاصل نہیں ہو سکتا، لیکن انبیاء کی معیت پھر بھی حاصل ہو جاتی ہے، امام راغبؒ نے فرمایا کہ ان درجات میں سب سے پہلا درجہ انبیاء علیہم السلام کا ہے، جنکو قوت الٰہیہ کی امداد حاصل ہے، اور ان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص کسی چیز کو قریب سے دیکھ رہا ہو، اسی لئے حق تعالیٰ نے ان کے متعلق ارشاد فرمایا ''افتمارونہ علیٰ مایریٰ،،

صدّیقین کی تعریف

دوسرا درجہ صدیقین کا ہے، اور وہ وہ لوگ ہیں جو معرفت میں انبیاء علیہم السلام کے قریب ہیں، اور ان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص کسی چیز کو دور سے دیکھ رہا ہو، حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کسی نے پوچھا کہ کیا آپ نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے؟ آپ نے فرمایا میں کسی ایسی چیز کی عبادت نہیں کر سکتا جس کو نہ دیکھا ہو، پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو لوگوں نے آنکھوں سے تو نہیں دیکھا، لیکن ان کے قلوب نے حقائقِ ایمان کے ذریعہ دیکھ لیا ہے، اس دیکھنے سے حضرت علیؓ کی مراد اسی قسم کی رُویت ہے کہ ان کی معرفت علمی مثل دیکھنے کے ہے۔

شہدا کی تعریف

تیسرا درجہ شہداء کا ہے، یہ وہ لوگ ہیں جو مقصود کو دلائل و براہین کے ذریعہ جانتے ہیں، مشاہدہ نہیں ہے، ان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص کسی چیز کو آئینہ میں قریب سے دیکھ رہا ہو، جیسے حضرت حارثہ نے فرمایا کہ مجھے یہ محسوس ہوتا ہے کہ میں اپنے ربِ کریم کے عرش کو دیکھ رہا ہوں،

اور حدیث ان تعبد اللہ کانک یراہ میں بھی اسی قسم کی رُویت مراد ہو سکتی ہے۔

صالحین کی تعریف

چوتھا درجہ صالحین کا ہے یہ وہ لوگ ہیں جو مقصود کو تقلید و اتباع کے ذریعہ پہچانتے ہیں، ان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی کسی چیز کو آئینہ میں دور سے دیکھے، اور حدیث میں فان لم تکن تراہ فانّہ یراک، وارد ہوا ہے اس میں بھی رویت کا یہی درجہ مراد ہو سکتا ہے، امام راغب اصفہانی کی اس تحقیق کا حاصل یہ ہے کہ یہ درجات معرفتِ رب کے درجات ہیں، اور معرفت کے مختلف درجات کی بناء پر مختلف مدارج ہیں، بہر حال آیت کا مضمون صاف ہے کہ اس میں مسلمانوں کو یہ بشارت دی گئی کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی مکمل اطاعت کرنے والے درجات عالیہ کے رہنے والوں کے ساتھ ہوں گے، اللہ تعالیٰ یہ محبت ہم سب کو نصیب کرے۔ آمین

تفسیر ماجدی۔

ترجمہ: اور جو کوئی اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کریگا تو ایسے لوگ ان کے ساتھ ہونگے جن پر اللہ نے اپنا خاص انعام کیا ہے یعنی پیمبر اولیاء اور شہید اور صالحین اور یہ کیسے اچھے رفیق ہیں (۶۱۸)

تفسیر:

دنیا کی مادی اور حسی نعمتیں چاہے جتنی بھی ہوں۔انسان اس سے لطف ولذت لینے میں کچھ کمی ہی محسوس کرتا ہے۔اگر ساتھ ہی یاران بذم اور شرکاء صحبت بھی اپنے ہم مذاق اور دلپسند نہ ہوں۔یہاں بشارت اسی نعمت عظیم کی مل رہی ہے کہ اہل جنت کو مادی وروحانی ہر قسم کی نعمتوں کے علاوہ صحبت بھی پاکیزہ ترین، بہترین، انسانیت کے بلند ترین مقام پر فائز ہونے والوں کی نصیب ہوگی۔حسن اولٓئک رفیقاً میں ایک پہلو حیرت کا بھی ہے اور اسی لئے ترجمہ ''کیسے اچھے'' سے کیا گیا ہے۔فیہ معنی التعجب کانہ قیل وما احسن اولٓئک رفیقاً (کشاف) ومن یطع اللّٰہ والرسول ۔اس اطاعت کا تعلق احکام اور واجبات ضروری سے ہے ۔ورنہ اگر فرائض وواجبات کے علاوہ مستحبات، نوافل، تطوعات کا بھی اسی قدر اہتمام ہو جائے تو پھر درجہ ولایت خود ہی حاصل ہو جائیگا اور بطور انعام رفاقت اولیاء نصیب ہونے کے کوئی معنی نہ رہیں گے۔اولٓئک مع الذین انعم اللّٰہ علیہم ۔یعنی باوجود اپنے اعمال میں کمی اور کوتاہی رہ جانے کے اور باوجود بالذات اور کاملین سے مرتبہ میں فروتر ہونے کے انہیں ان کاملین کی جنت نصیب ہو جائے گی ۔انعم اللّٰہ علیہم ۔یہ انعام کمال قرب ووصول کی صورت میں ہوگا۔ صدیقین یعنی بات کے کھرے اور معاملہ کے سچے، ایسے کہ سچائی اور حق پسندی گویا ان کی فطرت میں رچ گئی اور ان کی طبیعت کا جزء بن گئی ہے۔ایمان کے ہر جزء سے متعلق ان کی تصدیق کامل ہوتی ہے۔ریب وشک کے حدود سے بالاتر۔کل من صدق بکل الدین لایتخالجہ فیہ شک فھو صدیق (کبیر) البالغ فی الصدق والتصدیق (قرطبی) اردو میں انہی کو اولیاء کہتے ہیں ۔قرب حق میں ان کا نام انبیاء کے بعد ہی ہوتا ہے۔ افضل الخلق ھم الانبیاء علیہم السلام وبعدھم الصدیقون (کبیر) شھدآء ۔شہید وہ ہے جو دین کی محبت میں اپنی جان تک سے دریغ نہ کرے اور عمل سے ثابت کر دے کہ جس چیز پر وہ ایمان لایا تھا، وہ اسے اس قدر عزیز تھی کہ اس کی خاطر اس نے اپنی جان تک قربان کر دی۔ الصالحین۔ صالحین وہ افراد امت کہلاتے ہیں جو پورے دیندار اور متبع شریعت ہوتے ہیں۔

ترجمہ کنزالایمان

ترجمہ: اور جو اللہ اور اسکے رسول کا حکم مانے تو اسے ان کا ساتھ ملے گا جن پر اللہ نے فضل کیا یعنی انبیاء (۱۸۱) اور صدیق (۱۸۲) اور شہید (۱۸۳) اور نیک لوگ (۱۸۴) اور کیا ہی اچھے ساتھی ہیں یہ اللہ کا فضل ہے اور کافی ہے اللہ جاننے والا۔

تفسیر:۔

(۱۸۱) تو انبیاء کے مخلص فرمانبردار جنت میں ان کی صحبت و دیدار سے محروم نہ ہونگے۔ (۱۸۲) صدیق انبیاء کے سچے متبعین کو کہتے ہیں جو اخلاص کے ساتھ ان کی راہ پر قائم رہیں مگر اس آیت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے افاضل اصحاب مراد ہیں جیسے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ (۱۸۳) جنھوں نے راہ خدا میں جانیں دیں۔ (۱۸۴) وہ دیندار جو حق العباد اور حق اللہ دونوں ادا کریں اور ان کے احوال و اعمال اور ظاہر و باطن اچھے اور پاک ہوں۔

شان نزول۔

حضرت ثوبانؓ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمال محبت رکھتے تھے جدائی کی تاب نہ تھی ایک روز اسقدر غمگین اور رنجیدہ حاضر ہوئے کہ چہرہ کا رنگ بدل گیا تھا حضور نے فرمایا آج رنگ کیوں بدلا ہوا ہے عرض کیا نہ مجھے کوئی بیماری ہے نہ درد بجز اسکے کہ جب حضور سامنے نہیں ہوتے تو انتہا درجہ کی پریشانی ہوجاتی ہے جب آخرت کو یاد کرتا ہوں تو یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ وہاں میں کس طرح دیدار پاسکوں گا آپ اعلی ترین مقام میں ہونگے مجھے اللہ تعالٰی نے اپنے کرم سے جنت بھی دی تو اس مقام عالی تک رسائی کہاں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور انہیں تسکین دی گئی کہ باوجود فرق منازل کے فرماں برداروں کو باریابی اور معیت کی نعمت سے سرفراز کیا جائیگا۔

تفسیر ثنائی۔

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں وے ان لوگوں کے ساتھ ہونگے جن پر خدا نے انعام کئے یعنی اللہ کے نبی اور صدیق اور شہداء اور نیکوکار اور یہ لوگ بہت ہی اچھے رفیق ہیں

شان نزول۔

ایک شخص ثوبان نامی آنحضرت سے نہایت محبت رکھتا تھا ایک دفعہ نہایت بیقراری میں بھاگا آیا آپ نے پوچھا ثوبان کیا حال ہے اچھے ہو کہا کہ حضرت اچھا ہوں کوئی بیماری نہیں فقط میں نے آج آپ کی زیارت نہ کی تھی اس لئے گھبراہٹ ہوئی اور مجھے قیامت یاد آئی تو اور بھی زائد رنج ہوا اس لئے کہ جنت میں آپ بلند مرتبہ انبیاء کے ساتھ ہونگے وہاں ہماری رسائی کیسے ہوگی کہ ہم دیدار پرانوار سے مشرف ہوں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔م۔

راقم کہتا ہے کہ آپ کی محبت کی علامت یہ ہے کہ ہر معاملہ میں آپ کی سنت ملحوظ رکھ کر اس پر عمل کرے ورنہ دعوی محبت غلط

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں وے ان لوگوں کے ساتھ ہونگے جن پر خدا نے احسان اور انعام کئے یعنی اللہ کے نبی اور صدیق اور شہید اور نیکوکار اور یہ لوگ بہت ہی اچھے رفیق ہیں ان کی صحبت میں رہنے والا بھی وہی انعام پاویگا جو ان کو ملے گا یہ مہربانی خاص خدا کی طرف سے ہوگی نہ کسی مخلوق کی طرف سے جو ان پر کسی قسم کا احسان جتلا دے اور اللہ ہی جاننے والا کافی ہے موافق اپنے علم کے ان کو دے گا ان کو سوال تک کی بھی نوبت نہ پہونچے گی

تفہیم القرآن۔(۷۰ج ۱)

ترجمہ: جواللہ اوررسول کی اطاعت کریگاوہ ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ نے انعام فرمایا ہےیعنی انبیاءاورصدیقین اورشہداءاورصالحین ۹۹۔ کیسے اچھے ہیں یہ رفیق جوکسی کومیسر آئیں ۱۰۰۔یہ حقیقی فضل ہے جواللہ کی طرف سے ملتا ہےاورحقیقت جاننے کے لئے بس اللہ ہی کاعلم کافی ہے۔

تفسیر:

۹۹۔ صدیق سے مرادوہ شخص ہے جونہایت راستباز ہوجس کے اندرصداقت پسندی اورحق پرستی کمال درجہ پرہوجواپنے معاملات اوربرتاؤمیں ہمیشہ سیدھااورصاف طریقہ اختیارکرے،جب ساتھ دےتوحق اورانصاف ہی کاساتھ دےاورسچے دل سے دےاورجس چیزکوحق کے خلاف پائےاس کے مقابلہ میں ڈٹ کرکھڑاہوجائےاورذرا کمزوری نہ دکھائے،جس کی سیرت ایسی ستھری ہواوربےلوث ہوکہ اپنے اورغیرکسی کو بھی اس سے خالص راست روی کے سواکسی دوسرے طرزعمل کااندیشہ نہ ہو۔

شہید کے اصل معنیٰ گواہ کے ہیں اس سے مرادوہ شخص ہے جواپنے ایمان کی صداقت پراپنی زندگی کے پورے طرزعمل سے شہادت دے۔اللہ کی راہ میں لڑکرجان دینے والےکوبھی شہیداسی وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ جان دےکرثابت کردیتا ہے کہ وہ جس چیزپرایمان لایاتھااسے واقعی سچے دل سے حق سمجھتاتھااوراسےاتناعزیزرکھتاتھا کہ اس کے لئے جان قربان کرنے میں بھی اس نے دریغ نہ کیا۔ایسے راستبازلوگوں کو بھی شہیدکہاجاتاہے جواس قدرقابل اعتمادہوں کہ جس چیزپروہ شہادت دیں اس کاصحیح وبرحق ہونابلاتامل تسلیم کرلیاجائے۔

صالح سے مرادوہ شخص ہے جواپنے خیالات وعقائدمیں،اپنی نیت اورارادوں میں اوراپنے اقوال وافعال میں راہ راست پرقائم ہواورفی الجملہ اپنی زندگی میں نیک رویہ رکھتاہو۔

۱۰۰۔ یعنی وہ انسان خوش قسمت ہے جسے ایسے لوگ دنیا میں رفاقت کے لئے میسر آئیں اور جس کا انجام آخرت میں بھی ایسے ہی لوگوں کے ساتھ ہو۔ کسی آدمی کے احساسات مردہ ہو جائیں تو بات دوسری ہے ورنہ در حقیقت بدسیرت' بدکردار لوگوں کے ساتھ زندی بسر کرنا دنیا ہی میں ایک عذاب علیم ہے کجا کہ آخرت میں بھی آدمی انھیں کے ساتھ اس انجام سے دوچار ہو جو ان کے لئے مقدر ہے اسی لئے اللہ کے نیک بندوں کی ہمیشہ یہی تمنا رہی ہے کہ ان کو نیک لوگوں کی سوسائٹی نصیب ہو اور مر کر بھی وہ نیک ہی لوگوں کے ساتھ رہیں۔

جامع البیان الطبری (ص۲۲۳۔۲۲۶ج۴)

يعني بذلک جلّ ثناؤه: ومن يطع الله والرسول بالتسليم لأمرهما، وإخلاص الرضابحكمهما، والانتهاء إلى أمرهما، والانزجار عما نهياًعنه من معصية الله، فهو مع الذ ين أنعم الله عليهم بهدايته والتوفيق لطاعته في الدنيا من أنبيائه وفي الآخرة إذا دخل الجنة.﴿وَالصِّدِّيقِينَ﴾وهم جمع صد يق.

واختلف في معني الصدّيقين، فقال بعضهم : الصدّ يقون : تُبّاع الأنبيا ء الذين صدّ قوهم واتبعوا منهاجهم بعد هم حتى لحقوا بهم. فكأن "الصدّيق فعيل"على مذهب قائلي هذه المقالة من الصدق، كما يقال رجل سكِّيرمن السكر،إذاكان مدمناًعلى ذلک،وشِريب وخِمِّير.

وقال آخرون: بل هو فعيل من الصد قة. وقد روي عن رسول الله ﷺ بنحو تأويل من قال ذلک ؛ وهو ما :

۷۸۴۰–حدثنا به سفيان بن وكيع، قال: ثنا خالد بن مخلد، عن موسى بن يعقوب، قال: أخبرتني عمتي قريبة بنت عبدالله بن وهب بن زمعة،عن أمها كريمة بنت المقداد، عن ضباعة بنت الزبير، وكانت تحت المقداد عن المقداد، قال: قلت للنبي ﷺ: شيء سمعته منک شككت فيه! قال :"إذاشَکَّ أحَدُكُمْ فِي الأمْرِفَلْيَسْئَلْنِيْ عَنه !"قال: قلت قولک

في أزواجك: إنيّ لارجو لهن من بعدي الصدّ يقين؟ قال: "من تَعْنُوْنَ الصّدِّيقِيْنَ؟"قلت: أولادنا الذين يهلكون صغاراً.قال : "لا، ولكِن الصّدّيقينَ هم المصدّ قونَ"

وهذا خبرلوكان إسناده صحيحاًلم نستجز أن نعدوه إلى غيره، ولوكان في إسناده بعض ما فيه . فإذكان ذلك كذلك، فالذي هو أولى بالصدّ يق أن يكون معناه المصدّق قوله بفعله، إذاكان الفعيل في كلام العرب إنما يأ تي إذاكان مأخوذاًمن الفعل بمعنى المبالغة، إما في المدح وإمافي الذم،ومنه قوله جلّ ثناؤه في صفة مريم:﴿وَأُمُّه صدِّيقةٌ﴾. وإذاكان معنى ذلك ما وصفنا، كان داخلاً من كان موصوفاً بما قلنا في صفة المتصدقين والمصد قين؛﴿وَالشُّهَدَاء﴾وهم جمع شهيد: وهو المقتول في سبيل الله، سمي بذ لك لقيامه بشهادة الحق في جنب الله حتى قتل. ﴿وَالصَّالِحِيْنَ﴾وهم جمع صالح:وهو كل من صلحت سريرته وعلانيته.

وأماقوله جلّ ثناؤه:﴿وحَسُنَ أُوْلِئكَ رَفِيْقاً﴾فإنه يعني : وحسن هؤلاء الذ ين نعتهم . ووصفهم رفقاء في الجنة، والرفيق في لفظ الواحد بمعنى الجميع،كما قال الشاعر:

نَصَبْنَ الْهَوَى ثُمَّ ارْتَمَيْنَ قُلوبَنا–بأسُهُم أعدَاءٍ وَهُنَّ صَدِيْقُ.

بمعنى:وهن صدائق. وأما نصيب"الرفيق"فإن أهل العربية مختلفون فيه، فكان بعض نحويي البصرة يرى أنه منصوب على الحال، ويقول: وهو كقول الرجل: كرم زيد رجلاً، ويعد ل به عن معنى: نعم الرجل، ويقول: إنّ نعم لاتقع إلى على اسم فيه أ لف ولام أوعلى نكرة . وكان بعض نحو يي الكوفة يرى أنه منصوب على التفسير، وينكر أن يكون حالاً، ويستشهد على ذلك بأن العرب تقول :كرم زيد من رجل، وحسن أولئك من رفقاء؛ وأن دخول "مِن"دلالة على أن الرفيق مفسره.قال: وقد حكي عن العرب: نعمتم رجالاً، فدل على أن ذلك نظير قوله: وحسنتُم رفقاء. وهذا القول أولي بالصواب لعلة التي ذكرنالقائليه. وقد ذكر أن هذ ه الآية نزلت لأن قوماً حزنواعلى فقد رسول الله ﷺحذ راً أن لايروه في الآخرة. ذكر الرواية بذلك:

١ ٧٨٢-حدثنا ابن حميد، قال: ثنا يعقوب القمي، عن جعفر بن أبي المغيرة، عن سعيد بن جبير، قال:جاء رجل من الانصارإلي النبي ﷺ وهو محزون، فقاله النبي ﷺ:"يَا فُلانُ مَا لِي أَرَاكَ مَحْزُوناً"؟قال:يا نبيّ الله شيءٌ فكرت فيه. فقال:"مَاهُو؟"قال: نحن نغد و عليك ونروح، ننظر في وجهك ونجالسك، غداً ترفع مع النبيين فلا نصل إليك!فلم يردّ النبي ﷺ شيئاً. فأ تاه جبرئيل عليه السلام بهذ ه الآية:﴿ مَنْ يُطِعِ ا للهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُولٰئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ أُولٰئِكَ رَفِيْقاً﴾قال:فبعث إليه النبي ﷺ فبشّره.

٧٨٢٢-حدثنا ابن حميد، قال: ثنا جرير، عن منصور، عن أبي الضحى، عن مسروق، قال: قال أصحاب رسول الله ﷺ:يا رسول الله ما ينبغى لنا أن نفارقك في الدنيا، فإن لوقد متَّ رُفعتَ فوقنا فلم نرك ! فأنزل الله:﴿وَمَن يُطِعِ اللهَ وَالرَّسُوْلَ﴾...الآية.

٧٨٢٣-حد ثنا بشربن معاذ، قال: ثنا يزيد، قال: ثنا سعيد، عن قتادة، قوله:﴿ مَنْ يُطِعِ ا للهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُولٰئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّنَ﴾ ذكرلنا أن رجالاًقالوا: هذ ا نبي الله نراه في الدنيا، فأما في الآخرة فيرفع فلا نراه ! فأ نزل الله:﴿ومن يطع الله والرسول﴾...إلى قوله:﴿رفيقاً﴾.

٧٨٢٤-حد ثنا محمد بن الحسين، قال: ثنا أحمد بن المفضل، قال ثنا أسباط، عن السديّ:﴿ مَنْ يُطِعِ ا للهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُولٰئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ﴾...الآية.قال:قال ناس من الأنصار:يا رسول الله،إذا أدخلك الله الجنة فكنت في أعلا هاونحن نشتاق إليك، وكيف نصنع؟ فأ نزل الله:﴿ مَنْ يُطِعِ ا للهَ وَالرَّسُوْلَ﴾.

٧٨٢٥-حد ثني المثنى، قال: ثنا إسحاق، قال: ثنا ابن أبي جعفر، عن أبيه، عن الربيع، قوله:﴿ مَنْ يُطِعِ ا للهَ وَالرَّسُوْلَ﴾...الآية. قال : إن أصحاب النبي ﷺ قالوا : قد علما أن النبي ﷺ له فضل على من آمن به في درجات الجنة ممن اتبعه وصدّ قه، فكيف لهم إذا اجتمعوا في الجنة أن

يرى بعضهم بعضاً؟ فأنزل الله في ذلک فقال:إن الأعلين ينحدرون إلى من هم أسفل فيجتمعون في رياضها، فيذكرون ما أنعم الله عليهم، ويثنون عليه، وينزل لهم أهل الدرجات، فيسعون عليهم بما يشتهون وما يدعون به،فهم في روضة يحبرون ويتنعمون فيه.

وأما قوله:﴿ذلک الفضل من الله﴾فإنه يقول:كون من أطاع الله والرسول مع الذ ين أنعم الله عليهم من النبيين والصدّ يقين والشهداء والصالحين،﴿الفضل من الله﴾يقول ذلک عطاء الله إياهم وفضله عليهم، لا بإستيجابهم ذلک لسابة سبقت لهم.

فإن قال قائل: أو ليس بالطاعة وصلوا إلى ما وصلوا إليه من فضله؟ قيل له: إنهم لم يطيعوه في الدنيا إلا بفضله الذى تفضل به عليهم فهد اهم به لطاعته، فكل ذلک فضل منه تعالى ذكره.

وقوله:﴿وكفىٰ بالله عليماً﴾يقول:حسب العباد بالله الذي خلقهم عليماً بطاعة المطيع منهم ومعصية العاصي، فإنه لا يخفى عليه شيء من ذلک ولكنه يحصيه عليهم ويحفظه حتى يجازي جميعهم، فيجزي المحسن منهم بالإحسان، والمسيء منهم بالإساء ة، ويعفوا عمن شاء من أهل التوحيد.

كشاف:۔

(وحسن أولئک رفيقا)فيه معنى التعجب كأنه قيل وما أحسن أولئک رفيقا'ولاستقلاله بمعنى التعجب قرىء وحسن بسكون السين يقول المتعجب :حسن الوجه وجهک وحسن الوجه وجهک بالفتح والضم مع التسكين 'والرفيق كالصديق والخليط فى استواء الواحد والجمع فيه'ويجوز أن يكون مفردا بين به الجنس فى باب التميز 'وروى "أن ثوبان مولى رسول الله ﷺكان شديد الحب لرسول الله ﷺقليل الصبر عنه 'فأتاه يوما وقدتغير وجهه ونحل جسمه وعرف الحزن فى وجهه 'فسأله رسول الله ﷺعن حاله فقال :يارسول الله ما بى من وجع غير أنى أذالم اراک اشتقت اليک واستوحشت وحشة شديدة حتىٰ

ألقاک ،فذکرت الآخرة فخفت أن لا اراک هناک لأنی عرفت أنک ترفع مع النبیین ،وأن أدخلت الجنةکنت فی منزل دون منزلک ،وأن لم أدخل فذاک حین لا أراک أبدا فنزلت ،فقال رسول الله ﷺ:"والذی نفسی بیده لا یؤمن عبد حتی اکون احبّ أليه من نفسه وأبویه وأهله وولده والناس أجمعین "وحکی جماعة من الصحابة .

تفسیر معالم التنزیل(۱۰۰ج۱)

قوله تعالیٰ: ﴿مَنْ يُطِعِ ا لله وَالرَّسُوْلَ فَأُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّنَ ﴾الآية، نزلت في ثوبان مولیٰ رسول اللّٰهﷺ وكان شديد الحب لرسول اللّٰه ﷺقليل الصبر عنه، فأتاه ذات يوم قد تغير لونه يعرف الحزن في وجهه، فقال رسول اللّٰه ﷺ : "ماغيّرلونک"؟ فقال : يا رسول اللّٰه ما بي مرض ولا وجع غير أني اِن لم أرکَ استوْحَشْتُ وحشةً شديدة حتى ألقاک، ثم ذکرتُ الآخرة فأخاف أن لا أراک لأنک تُرفع مع النبيين، واِنّيِاِن دخلت الجنة كنتُ في منزلةأدنى من منزلتک، واِن ُ لم أدخل الجنة لا أراک أبدَ، فنزلت هذه الآية، وقال قتادة: قال بعض أصحاب النبي ﷺ : كيف يكون الحال في الجنةوأنت في الدرجات العلى ونحن أسفل منک؟ وكيف نراک ؟ فأنزل اللہ تعالیٰ هذه الآية: ﴿ومَن ُيُطِعِ الله ﴾في أداء الفرائض، ﴿والرسول﴾في السنن ﴿فَأولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّن﴾أيلا تفوتهم رؤية الانبياء ومجالستهم لأنهم يرفعون إلیٰ درجة الأنبياء،﴿ والصدّيقين﴾وهم أفاضل اصحاب النبي ﷺ، والصدّيق المبالغ في الصدق، ﴿والشهداء﴾ قيل: هم الذ ين استشهد وا في يوم أحد، وقيل: الذ ين استشهدوا في سبيل الله، وقال عكرمة: النبيون ههنا محمدﷺ، والصديق أبوبكر، والشهداء عمر وعثمان وعلي رضيالله عنهم، ﴿والصالحين ﴾سائر الصحابة رضي الله عنهم، ﴿وحَسُنَ أولئکَ رفيقا﴾، يعني رفقاء الجنة والعرب تضع الواحد موضع الجمع، كقوله تعالیٰ:﴿ ثم نُخرجُكُم طِفْلاً﴾أي : أطفالا ﴿ويُولّونَ الدُّبر﴾أي : الأدبار أخبرنا عبد الواحد بن أحمد المليحي أنا أبو

محمد الحسن بن أحمد المخلدي أنا أبو العباس التسراج أنا قتيبة بن سعد أنا حماد بن زيد عن ثابت عن أنس أن رجلاً قال: يا رسول الله ﷺ الرجل يحب قوماً ولم يلحق بهم؟ فقال النبي ﷺ : "المرءُ مع من أحبَّ، أخبرناأحمد بن عبد الله الصالحي وأبوعمر ومحمد بن عبد الرحمن النسوي قالا: أخبرنا أحمد بن الحسن الحيري أنا أبو عباس الاصم أنا أبو يحي زكريا بن يحي المروزي أنا سفيان بن عُيينة عن الزهري عن أنس بن مالک رضي الله عنه قال: قل رجل : يارسول الله متى الساعة ؟ قال: "وما أعددت لها"؟ قال: لا شيء إلّا أني أحب الله ورسوله قال : "فأنت مع من أحببت".

﴿ذلک الفضل من الله وكفى بالله عليماً﴾ أي: بثواب الآخرة، وقيل : من أطاع رسول الله وأحبه، وفيه بيان أنهم لن ينالوا تلک الدرجة بطاعتهم، وإنما نالوها بفضل الله عزّ وجلّ . أخبرنا أحمد بن عبد الله الصالحي أنا أبو بكر بن الحسن الحيري أنا اجب بن أحمد الدوسي أنا عبد الرحيم بن منيب أنا يعلي بن عبيد عن الأعمش عن أبي صالح عن أبي هريرة قال: رسول الله ﷺ : "قاربوا وسدّدُواواعلموا أنه لا ينجو أحدٌ منكم بعمَلِهِ"، قالوا: ولا أنت يارسول الله ؟ قال: "ولاأنا إلا أن يتغمدني الله بفضلٍ منه ورحمة"

تفسیر کبیر (ص۱۳۲-۱۳۶ج۴)

(۶۹)﴿ وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُوْلٰٓئِکَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاۗءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِيْقًا ﴾ (۷۰) ﴿ذٰلِکَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْماً ﴾

اعلم أنه تعالى لما أ مر بطاعة الله وطاعة الرسول بقوله:﴿ يا أيها الذين آمنوا اطيعوا الله وأطيعوا الرسول﴾ (النساء : ۵۹) ثم زيف طريقة الذ ين تحاكمواإلى الطاغوت وصد وا عن الرسول، ثم أعاد الأمر الرسول مرة أخرى فقال ﴿وما أرسلنا من رسول إلا ليطاع بإذن الله ﴾(النساء) ثم رغب في تلک الطاعة بقوله :﴿لكان خيراً لهم وأشد

تثبيتاوإذا لآتيناهم من لدناأجراً عظيماً .ولهدينهم صراطاً مستقيماً﴾(النساء -٦٦-٦٨) أكد الأمر بطاعة الله وطاعة الرسول فى هذه الآية مرة أخرى فقال: ﴿ومن يطع الله والرسول فأولئک مع الذ ين أنعم الله عليهم من النبيين والصد يقين ﴾ إلى آخر الآية وههنا مسائل :

المسألة الأولى: ذكروا في سبب النزول وجوها: الأول: روى جمع من المفسرين أ ن ثوبان مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم كان شديد الحب لرسول الله صلى الله عليه وسلم قليل الصبرعنه فأتاه يوما وقد تغيروجهه ونحل جسمه وعرف الحزن واستو حشت وحشة شد يد ة حتى ألقاک، فذكرت الآخرة فخفت أن لا أراک هناک، لأنى إن أدخلت الجنة فأنت تكون في درجات النبيين وأنا في درجة العبيد فلا أراک، وإن أنا لم أدخل الجنة فحينئذ لا أراک أبداً، فنزلت هذه الآية.
الثاني: قال السدي: ان ناسا من الأنصار قالوا: يا رسول الله إنک تسكن الجنة في أعلاها، ونحن نشتاق اليک، فكيف نصنع ؟ فنزلت الآية .
الثالث : قال مقاتل: نزلت في رجل من الأنصار قال للنبي صلى الله عليه وسلم : يا رسول الله إذا خرجنا من عندک إلى أهالينا اشتقنا اليک، فما ينفعنا شيء حتى نرجع اليک، ثم ذكرت درجتک فى الجنة، فكيف لنا برؤيتک ان دخلنا الجنة ؟ فأنزل الله هذه الآية، فلما توفي النبي صلى الله عليه وسلم أتي الانصار ولده وهو فى حد يقة له فأخبره بموت النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: اللهم أعمني حتى لا أرى شيئا بعد ه إلى أن ألقاه، فعمى مكانه، فكان يحب النبي حبا شد يدا فجعله الله معه في الجنة.
الرابع: قال الحسن: ان المؤمنين قالوا للنبي عليه السلام: ما لنا منک إلا الدينا، فاذا كانت الآخر ة رفعت فى الأولى فحزن النبى صلى الله عليه وسلم وحزنوا، فنزلت هذه الآية. قال المحققون: لا ننكر صحة هذه الروايات إلا أن سبب نزول الآية يجب أن يكون شيئا أعظم من ذلک، وهو البعث على الطاعة والترغيب فيها، فانک تعلم أن خصوص السبب لا يقدح في عموم اللفظ، فهذه الآية عامة فى حق جيمع المكلفين، وهو أن كل من أطاع الله وأطاع الرسول فقد فاز بالدرجات العالية والمراتب الشريفة عندالله تعالى.

المسألة الثانية : ظاهر قوله :﴿ ومن يطع الله والرسول ﴾ يوجب الاكتفاء بالطاعة الواحدة . لأن اللفظ الدال على الصفة يكفي في العمل به في جانب الثبوت حصول ذلک المسمى مرة واحدة. قال القاضي : لابد من حمل هذا على غير ظاهره، وأن تحمل الطاعة على فعل المأمورات وترک جيمع المنهيات، إذ لو حملناه على الطاعة الواحدة لدخل فيه الفساق والكفار، لأنهم قد يأتون بالطاعة الواحدة. وعندي فيه وجه آخر، وهو أنه ثبت في أصول الفقه أن الحكم المذكور عقيب الصفة مشعر بكون ذلک الحكم معللا بذلک الوصف، إذا ثبت هذا فنقول: قوله: ﴿ من يطع الله ﴾ أي ومن يطع الله في كونه إلها، وطاعة الله في كونه إلها هو معرفته والاقرار بجلاله وعزته وكبريائه وصمديته، فصارت هذه الآية تنبيها على أمرين عظيمين من أحوال المعاد، فالأول : هو أ منشأ جيمع السعادات يوم القيامة إشراق الروح بأنوار معرفة الله، وكل من كانت هذه الأنوار في قلبه أكثر،وصفاوها أقوى،وبعدها عن التكدر بمحبة عالم الاجسام أتم كان إلى السعادة أقرب وإلى الفوز بالنجاة أوصل. والثانى : أنه تعالى ذكر فى الآية المتقدمة وعد أهل الطاعة بالأجر العظيم والثواب الجزيل والهداية إلى الصراط السمتقيم، ثم ذكر في هذه الآية وعدهم بكونهم مع الذين أنعم الله عليهم من النبيين والصديقين والشهداء والصالحين، وهذا الذي وقع به في الختم لا بد أن يكون أشرف وأعلى مما قبله،ومعلوم أنه ليس المراد من كون هؤلاء معهم هو أنهم يكونون في عين تلک الدرجات، لأن هذا ممتنع، فلا بد وأن يكون معناه أن الأرواح الناقصة إذا استكملت علا ئقها مع الأرواح الكاملة في الدنيا لسبب الحب الشديد، فاذا فارقت هذا العالم ووصلت إلى عالم الآخرة بقيت تلک العلا ئق الر وحانية هناک، ثم تصير تلک الأرواح الصافية كالمرايا المجلوة المتقابلة، فكان هذه المرايا ينعكس الشعاع من بعضها على بعض، وبسبب هذه الإنعكاسات تصير أنوارها في غاية القوة، فكذا القول في تلک الأرواح فانها لما كانت مجلوة بصقالة المجاهدة عن غبار حب ماسوى الله، وذلک هو المراد من طاعة الله وطاعة الرسول، ثم

ارتفعت الحجب الجسدانية أشرقت عليها أنوار جلال الله، ثم انعكست تلك الأنوار من بعضها إلى بعض وصارت الأرواح الناقصة كاملة بسبب تلك العلائق الروحانية، فهذا الاحتمال خطر بالبال والله أعلم بأسرار كلامه.

المسألة الثالثة:ليس المراد بكون من أطاع الله وأطاع الرسول مع النبيين والصديقين، كون الكل في درجة واحدة، لأن هذا يقتضي التسوية في الدرجة بين الفاضل والمفضول،وإنه لا يجوز . بل المراد كونهم في الجنة بحيث يتمكن كل واحد منهم من رؤية الآخر، وإن بعد المكان، لأن الحجاب إذا زال شاهد بعضهم بعضا، وإذا أرادوا الزيارة والتلاقي قدروا عليه، بهذا هوالمراد من هذه المعية.

المسألة الرابعة: اعلم أنه تعالى ذكر النبيين، ثم ذكرو أوصافا ثلاثة : الصد يقين والشهداء والصالحين، واتفقو اعلى أن النبيين مغايرون للصديقين والشهداء والصالحين، فأما هذه الصفات الثلاثة فقد اختلفوا فيها، قال بعضهم : هذه الصفات كلها لموصوف واحد، وهي صفات متداخلة فانه لا يمتنع في الشخص الواحد أن يكون صديقاً وشهيداً وصالحاً. وقال الآخرون: بل المراد بكل وصف صنف من الناس، وهذا الوجه أقرب لأن المعطوف يجب أن يكون مغايرا للمعطوف عليه، وكما أن النبيين غير من ذكر بعدهم، وفكذ لك الصد يقون يجب أن يكونوا غير من بعد هم وكذا القول في سائر الصفات، ولنبحث عن هذه الصفات الثلاث :

الصفة الأولى : الصديق: وهو اسم لمن عادته الصدق، ومن غلب على عادته فعل إذا وصف بذلك الفعل قيل فيه فعيل،كما يقال:سكير وشريب وخمير، والصد ق صفة كريمة فاضلة من صفات المؤمنين، وكفى الصد ق فضيلة أن الايمان ليس إلا التصد يق، وكفى الكذ ب منمة أن الكفر ليس إلا التكذ يب.

إذا عرفت هذا فنقول: للمفسرين في الصد يق وجوه: الأول:أن كل من صد ق بكل الد ين لا يتخا لجه فيه شك فهو صديق، والدليل عليه قوله تعالى:﴿والذين آمنوا بالله ورسله أولئك هم الصد يقون﴾(الحديد: ١٩)

الثاني: قال قوم : الصد يقون أفاضل أصحاب النبي عليه الصلاة والسلام.
الثالث: أن الصد يق اسم لمن سبق إلى تصد يق الرسول عليه الصلاة والسلام فصار في ذلك قد وة لسائر الناس، وإذا كان الأمر كذلك كان أبوبكر الصد يق رضي الله تعالى عنه أولى الخلق بهذا الوصف أما بيان انه سبق إلى تصد يق الرسول عليه الصلاة والسلام فلأنه قد اشتهرت الرواية عن الرسول عليه الصلاة و السلا م أنه قال: "ما عرضت الاسلام على أحد إلا وله كبو ة غير أبي بكر فانه لم يتلعثم"دل هذا الحديث على أنه صلى الله عليه وسلم لما عرض الاسلام على أبى بكر قبله أبو بكر ولم يتوقف، فلو قدرنا أن اسلامه تأخر عن إسلام غيره لزم أن يقال: أن النبي صلى الله عليه وسلم قصر حيث أخر عرض الاسلام عليه، وهذا لا يكون قدحا في أبي بكر، بل يكون قدحا في الرسول ﷺ وذلك كفر، ولما بطل نسبة هذاالتقصير إلى الرسول علما أنه ﷺما قصر في عرض الاسلام عليه، والحديث دل على أن أبابكر لم يتوقف ألبتة فحصل من مجموع الأمرين أن أبابكر رضي الله تعالى عنه أسبق الناس إسلاماً،أما بيانه أنه كان قدوة لسائر الناس في ذلك فلأن بتقديرأن يقال: إن إسلام علي كان سابقاً على إسلام أبي بكر، إلا أنه لا يشك عاقل أن عليا ما صار قد وة في ذلك الوقت، لأن علياً كان في ذلك الوقت صبياً صغيراً، وكان أيضاً في تربية الرسول عليه الصلاة والسلام، وكان شديد القرب منه بالقرابة وأبو بكر ما كان شديد القرب منه بالقرابة وإيمان من هذا شأنه يكون سبباً لرغبة سائر الناس في الإسلام.وذلك لأنهم اتفقوا على أنه رضي الله عنه لما آمن جاء بعد ذلك بمدة قليلة بعثمان بن عفان رضي الله عنه،وطلحة والزبير وسعد بن أبي وقاص وعثمان بن مظعون رضي الله تعالى عنهم أجمعين حتى أسلموا، فكان إسلامه سبباً لاقتداء هؤلاء الاكابر به،فثبت بمجموع ما ذكرنا أنه رضوان الله عليه كان أسبق الناس إسلاماً، وثبت أن إسلامه صار سبباً لاقتداء أفاضل الصحابة في ذلك الإسلام، فثبت إن أحق الامة بهذه الصفة أبوبكر رضي الله عنه. إذا عرفت هذ ا فنقول: هذ ا الذي ذكرناه انه أفضل الخلق بعد رسول الله ﷺ وبيانه من وجهين:

الأول: أن إسلامه لما كان أسبق من غيره وجب أن يكون ثاوبه أكثر؛ لقوله عليه الصلاة والسلام :"من سنّ سنة حسنة فله أجرها وأجر من عمل بها إلي يوم القيامة" "الثاني: أنه بعد أن أسلم جاهد في الله وصار جهاده مفضياً إلى حصول الإسلام لأكابر الصحابة مثل عثمان وطلحة والزبير وسعد بن أبي وقاص وعثمان بن مظعون وعلي رضي الله عنهم، وجاهد علي يوم أحد ويوم الأحزاب في قتل الكفار،ولكن جهاد أبي بكررضي الله عنه أفضي إلى حصول الإسلام لمثل الذين هم أعيان الصحابة، وحجاد علي أفضى إلى الكفار،ولا شك أن الأول افضل،وأيضاً فأبو بكر جاهد في أول الإسلام حين كان النبي ﷺ في غاية الضعف،وعلي إنما جاهد يوم أحد ويوم الأحزاب،وكان الإسلام قوياً،في هذه الأيام،ومعلوم أن الجهاد وقت الضعف أفضل من الجهاد وقت القوة،ولهذا المعني قال تعالىٰ:﴿لا يستوي منكم من أنفق قبل الفتح وقاتل أولئك أعظم درجة من الذين أنفقوا من بعد وقاتلوا﴾[الحديد:١٠]فبين أن نصرة الإسلام وقت ما كان ضعيفاً أعظم ثواباً من نصرته وقت ما كان قوياً،فثبت من مجموع ما ذكرنا أن أولى الناس بهذا الوصف هو الصديق، فلهذا أجمع المسلمون على تسليم هذا اللقب له إلا من لا يلتفت إليه فإنه ينكره،ودل تفسير الصديق بما ذكرناه على أنه لا مرتبة بعد النبوّة في الفضل والعلم إلا هذا الوصف وهو كون الإنسان صديقاً،وكما دلّ الدليل عليه فقد دل لفظ القرآن عليه،فانه أينما ذكر الصديق النبي لم يجعل بينهما واسطة،فقال في وصف إسماعيل:﴿إنه كان صادق الوعد﴾[مريم:٥٤]وفي صفة إدريس﴿إنه كان صديقاً نبياً﴾[مريم:٥٦]وقال :في هذه الآية:﴿من النبيين والصديقين﴾ يعني إنك إن ترقيت من الصديقية وصلت إلى النبوة،وإن نزلت من النبوة وصلت إلى الصديقية،ولا متوسط بينهما، وقال في آية أخرى:﴿والذى جاء بالصدق وصدق به ﴾[الزمر:٣٣]فلم يجعل بينهما واسطة،وكما دلت هذه الدلائل على نفي الواسطة فقد وفق الله هذه الأمة الموصوفة بأنها خير أمة حتى جعلوا الإمام بعد الرسول عليه الصلاة والسلام أبابكر على سبيل الإجماع،ولمافوفي رضوان الله عليه دفنوه إلى جنب رسول الله ﷺ،

وما ذاك إلا أن الله تعالىٰ رفع الواسطة بين النبيين والصديقين في هذه الآية فلا جرم ارتفعت الواسطة بينهما في الوجوه التي عددناها.

الصفة الثانية:الشهادة:واكلام في الشهداء قد مر في مواضع من هذاالكتاب ولا بأس بأن نعيد البعض فنقول:لا يجوز أن تكون الشهادة مفسرة بكون الإنسان مقتول الكافر،والذي يدل عليه وجوه:الأول:أن هذه الآية دالة على أن مرتبة الشهادة مرتبة عظيمة في الدين،وكون الإنسان مقتول الكافر ليس فيه زيادة شرف،لأن هذا القتل قد يحصل في الفساق ومن لامنزلة له عند الله. الثاني:أن المؤمنين قد يقولون:اللهم ارزقنا الشهادة،ولوكانت الشهادة عبارة عن القتل الكافر إياه لكانوا قد طلبوا من الله ذلك القتل وانه غير جائز،لأن طلب صدور ذلك القتل من الكافر كفر،فكيف يجوز أن يطلب من الله ما هو كفر،الثالث:روي أنه ﷺ قال:المبطون شهيد والغريق شهيد،فعلمنا أن الشهادة ليست عبارة عن القتل،بل نقول:الشهيد فعيل بمعنى الفاعل،وهو الذي يشهد بصحة دين الله تعاليؤ تارة بالحجة والبيان،وأخرى بالسيف والسنان،فالشهداء هم القائمون بالقسط، وهم الذ ين ذكر الله في قوله:﴿شهد الله أنه لاإله إلا هو والملٰئكة وأولو العلم قائماً بالقسط﴾[آل عمران:١٨]ويقال للمقتول في سبيل الله شهيد من حيث أنه بذل نفسه في نصرة دين الله،وشهادته له بأنه هو الحق وما سواه هو باطل، وإذا كان من شهداء الله بهذ المعني كان من شهداء الله في الآخرة،كما قال:﴿وكذالك جعلناكم أمة وسطاً لتكونوا شهداء على الناس﴾[البقرة:١٤٣].

الصفة الثالثة:الصالحون: والصالح هو الذي يكون صالحاً في إعتقاده وفي عمله، فإن الجهل فساد في الإعتقاد، والمعصية فساد في العمل، وإذا عرفت تفسير الصد يق والشهيد والصالح ظهر لك ما بين هذه الصفات من التفاوت، وذلك لأن كل من كان اعتقاده ثواباً وكان عمله طاعة وغير معصية فهو صالح، ثم إن الصالح قد قد يكون بحيث يشهد لد ين الله بأنه هو الحق وأن ما سواه هو الباطل، وهذه الشهادة تارة تكون بالحجة والدليل وأخرى بالسيف، وقد لا يكون الصالح موصوفاً

بکونه قائماً بهذه الشهادة، فثبت أن كل من كان شهيداً كان صالحاً، وليس كل من كان صالحاً شهيداً، فالشهيد أشرف أنواع الصالح، ثم إن الشهيد قد يكون صديقاً وقد لا يكون: ومعنى الصد يق الذي كان أسبق إيماناً من غيره،وكان إيمانه قدوة لغيره، فثبت أن كل من كان صد يقاً كان شهيداً، وليس كل من كان شهيداً كان صديقاً، فثبت أن أفضل الخلق هم الأنبياء عليهم السلام، وبعدهم الصد يقون، وبعدهم من ليس له إلا محض درجة الشهادة،وبعدهم من ليس له إلا محض درجة الصلاح، فالحاصل ان أكابر الملٰئكة يأخذون دين الحق عن الله، والأنبياء يأخذون عن الملٰئكة،كما قال:﴿ينزل الملا ئكة بالروح من أمره على من يشاء من عباده﴾[النحل:۲]والصديقون يأخذون عن الأنبياء .والشهداء يأخذون عن الصديقين، لأنا بينا أن الصد يق هو الذي يأخذ في المرة الأولى عن الأنبيا ء وصار قد وة لمن بعده، والصالحون يأخذون عن الشهداء، فهذ ا هو تقرير هذه المراتب وإذا عرفت هذا ظهر لک أنه لا أحد يدخل الجنة إلا وهو داخل في بعض هذه النعوت والصفات.

ثم قال تعالىٰ:﴿وحسن أولٰئک رفيقاً﴾وفيه مسائل:

المسألة الأولى:قال صاحب "الكشاف":فيه معنى التعجب.كأنه قيل:ما أحسن أولٰئک رفيقاً.

المسألة الثانية:الرفق في اللغة لين الجانب ولطافة الفعل،وصاحبه رفيق.هذا معنيه في اللغة ثم الصاحب يسمى رفيقاً لا رفاق بعضهم لبعض.

المسألة الثالثة:قال الواحدي:إنما وحد الرفيق وهو صفة لجمع، لأن الرفيق والرسول والبريد تذهب به العرب إلى الواحد وإلى الجمع قال تعالى:﴿إنا رسول رب العالمين﴾[الشعرا:١٦]ولا يجوز أن يقال :حسن أولٰئک رجلاً، وبالجملة فهذا إنما يجوز في الاسم الذييكون صفة، أما إذا كان اسماً مصرحا مثل رجل وامرأة لم يجز، وجوز الزجاج ذلک في الاسم أيضاً وزعم أنه مذهب سيبويه، وقيل: معنى قوله:﴿وحسن أولٰئک رفيقا﴾ أي حسن كل واحد منهم رفيقاً،كما قال:﴿يخرجكم طفلا﴾ [غافر:٦٧]

المسألة الرابعة:﴿رفيقا﴾نصب على التميز، وقيل على الحال: أي حسن واحد منهم رفيقاً،

المسألة الخامسة: اعلم أنه تعالى بين فيمن أطا ع الله ورسوله أنه يكون مع النبيين والصديقين والشهداء والصالحين، ثم لم يكترث بذلك،بل ذكر أنه يكون رفيقاً له، وقد ذكرنا أن الرفيق هو الذي يرتفق به في الحضر والسفر، فبين إن هؤلاء المطيعين يرتفقون بهم، وإنما يرتفقون بهنم إذا نالو منهم رفقا وخيراً، ولقد ذكرنا مراراً كيفية هذا الارتفاق، وأما على حسب الظاهر فلأن الإنسان قد يكون مع غيره ولا يكون رفيقاً له، فأما إذا كان عظيم الشفقة عظيم الاعتناء بشأ نه كان رفيقاً له،فبين تعالىٰ أن الأنبياء والصديقين والشهداء والصالحين يكونون له كا الرفقاء من شدة محبتهم له وسرورهم برؤيته،

تفسیر ابن کثیر (ص۶۸۲ ج۱)

﴿ومن يطع اللّٰه والرسول فأولئک مع الذين أنعم اللّٰه عليهم من النبيين والصديقين والشهداء والصلحين وحسن أولئک رفيقا﴾أي من عمل بما أمره اللّٰه به ورسوله وترک ما نهاه اللّٰه عنه ورسوله فإن اللّٰه عزوجل يسكنه دار كرامته ويجعله مرافقاً للأنبياء ثم لمن بعدهم في الرتبة وهم الصديقون، ثم الشهد اء والصالحون الذين صلحت سرائرهم وعلانيتهم ثم أثنى عليهم تعالىٰ فقال:﴿وحسن أولئک رفيقاً﴾وقال البخاري: ردثنا محمد بن عبدا للّٰه بن حوشب،حدثنا إبراهيم بن سعد عن أبيه، عن عروة، عن عائشة، قالت : سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول: ”مامن نبي يمرض إلاخير بين الدنيا والآخرة“ وكان في شكواه التي قبض فيها أخذ ته بحة شد يدة فسمعته يقول: ”مع اللذ ين أنعم اللّٰه عليهم من النبيين والصديقين والشهداء والصالحين “ فعلمت أنه خُيِّر، وكذا رواه مسلم من حديث شعبة عن سعد بن ابراهيم به.وهٰذامعنى قوله ﷺ في الحديث الآخرة ”اللّٰهم الرفيق الاعلىٰ“ ثلاثاً ثم قضىٰ عليه أفضل الصلاة والتسليم

(ذكر سبب نزول هذه الآية الكريمة)

قال ابن جرير: حدثناابن حميدحدثنا يعقوب القمي عن جعفر بن أبي المغيرة،عن سعيد بن جبير،قال: جاء رجل من الانصار إلىٰ رسول للّٰه ﷺ وهو محزون، فقال له النبيﷺ: "يافلان مالي أراک محزوناً؟" فقال يا نبي اللّٰه شيء فكرت فيه، فقال : ماهو؟ قال : نحن نغد و عليک ونروح ننظر الیٰ وجهک ونجالسک وغداً ترفع مع النبيين فلا نصل إليک، فلم يرد النبيﷺ شيئاً فأ تاه جبريل بهذه الآية﴿ومن يطع اللّٰه ورسول فأولئک مع الذين انعم اللّٰه عليهم من النبيين﴾ الآية، فبعث النبيﷺ فبشره وقدروي هٰذ ا الأثر مرسلاً عن مسروق، وعن عكرمة، وعامر الشعبي وقتادة، وعن الربيع بن أنس وهو من أحسنهاسنداً، قال ابن جرير: حدثنا المثنى، حدثنا ابن أبي جعفر عن أبيه عن الربيع قوله: ﴿ومن يطع اللّٰه والرسول﴾الآية، وقال : ان أصحاب النبيﷺ قالوا: قد علمنا أن النبيﷺ له فضل على من آمن به في درجات الجنة ممن اتبعه وصد قه، وكيف لهم إذا جتمعوا في الجنة أن يرى بعضهم بعضاً. فأنزل اللّٰه فيذالک، يعني هٰذ ه الآية، فقال: يعني رسول اللّٰه "إن الأعلين ينحدرون إلى من هو أسفل منهم، فيجتمعون في رياض فيذكرون ما أنعم اللّٰه عليهم ويثنون عليه،وينزل لهم أهل مرفوعاًمن وجه آخر،فقال أبوبكربن مردوية: حدثنا عبد الرحيم بن محمد بن مسلم، حدثنا إبرهيم، عن الأسود، عن عن عائشة، قالت: جاء رجل إلى النبيﷺ فقال: يارسول اللّٰه، انک لأحب اليّ من نفسي، وأحب إليّ من أهلي، وأحب إليّ من ولدي، واني لأكون في البيت فأذكرک فما أصبر حتى آتيک فأنظر إليک، وإذا ذكرت موتي وموتک، عرفت أنک إذا دخلت الجنة رفعت مع النبيين، وإن دخلت الجنة خصيت أن لا أراک، فلم يرد عليه النبيﷺ حتى نزلت عليه ﴿ومن يطع اللّٰه ورسول فأولئک مع الذين أنعم اللّٰه عليهم من النبيين والصدقين والشهداء والصالحين وحسن اولٓئک رفيقاً﴾وهٰكذا رواه الحافظ أبو عبد اللّٰه المقدسي في كتابه في صفة الجنة من طريق الطبراني عن أحمدبن عمروبن مسلم الخلال، عن عبد اللّٰه بن عنران

العابدي به، ثم قال : لا أرى باسناده بأساً، والله أعلم. وقال ابن مردويه أيضاً : حدثنا سليمان بن أحمد، حدثنا العباس بن الفضل الأسفاطي،حدثنا أبوبكربن ثابت ابن عباس المصرى، حدثنا خالد بن عبد الله عن عطاء بن السائب، عن عامر الشعبي، عن ابن عباس : أن رجلاً أتى النبيﷺ فقال: يارسول الله إني لأحبك حتى إنى لأذكرك في المنزل فيشق ذلك علي، وأحب أن أكون معك في الدرجة، فلم يردعليه النبيﷺ شيئاً، فانزل الله عزوجل هذه الآية وقد رواه ابن جرير عن ابن حميد عن جرير عن عطاء، عن الشعبي مرسلاً، وثبت في صحيح مسلم من حديث هقل بن زياد عن الأوزاعي، عن يحيىٰ بن أبي كثير، عن أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن ربيعة بن كعب الأسلمي أنه قال : كنت أبيت عند النبي ﷺفأتيته بوضوئه وحاجته، فقال لي"سل"فقلت: يا رسول الله اسألك موافقتك في الجنة، فقال : "أو غير ذلك . قال: فأعني على نفسك بكثرة السجود".

وقال الامام أحمد، حدثنا يحيى بن إسحاق، أخبرنا بن لهيعة عن عبيد الله بن أبي جعفر، عن عيسىٰ بن طلحة، عن عمرو بن مرة الجهني، قال: جاء رجل الى النبيﷺ فقال : يا رسول الله، شهدت أن لا اله الا الله، وأنك رسول الله، وصليت الخمس، وأديت زكاة مالي، وصمت شهر رمضان، فقال رسول الله ﷺ : "من مات على ذلك كان مع النبيين والصديقين والشهداء يوم القيامة وهكذا، ونصب أصبعيه. مالم يعق والديه"تفردبه أحمد. قال الامام أحمد أيضاً حدثنا أبو سعيد مولى أبي هاشم، حدثنا ابن ليهيعة عن زبان بن فائد، عن سهل بن معاذ بن أنس، عن أبيه، أن رسول الله ﷺ قال: "من قرأألف آية في سبيل الله كتب يوم القيامة مع النبيين والصديقين والشهداء والصالحين، وحسن أولئك رفيقاً إن شاء الله "وروى الترمذى من ريق سفيان الثورى، عن أبي حمزة، عن الحسن البصري عن أبي سعيد، قال: قال رسول الله ﷺ: "التا جرالصدوق الامين مع النبيين والصديقين والشهداء "ثم قال: هذا

حديث حسن لا نعرفه الا من هٰذا الوجه، وأبو حمزة اسمه عبد اللّٰه بن جابرشيخ بصري، وأعلم من هذا كله بشارة ماثبت في الصحيح والمسانيد وغير هما من طرق متواترة عن جماعة من الصحابة، أن رسول اللّٰه ﷺ سئل عن الرجل يحب القوم ولمايلحق بهم، فقال: "المرء' مع من أحب"، قال أنس : فما فرح المسلمون فرحهم بهذا الحديث . وفي رواية عن أنس أنه قال : اني لأحب رسول اللّٰه ﷺ وأحب أبابكر وعمر رضي الله عنهما، وأرجو أن الله يبعثني معهم وان لم أعمل كعملهم، قال الامام مالک بن أنس، عن صوان بن سليم، عن عاء بن يسار عن أبي سعيد الخدري، قال: قال رسول اللّٰه " ان أهل الجنة ليترائون أهل الغرف من فوقهم،كما تراء ون الكوكب الدري الغابر في الأفق من المشرق أوالمغرب لتفاضل ما بينم" قالوا: يارسول اللّٰه، تلک منازل الأنبياء لا يبلغها غير هم، قال "بلىٰ، ولذي نفسي بيده رجال آمنوا باللّٰه وصدقوا المرسلين" أخرجاء في الصحيحين من حديث مالک واللفظ لمسلم، ورواهه الامام أحمد، حدثنا فزارة أخبرني فليح عن هلال يعني بن علي، عن عطاء، عن أبي هريرة أن رسول اللّٰه ﷺ قال: إن أهل الجنة ليتراء ون في الجنة كما ترا ء ون .أو ترون .الكوكب الدري الغبر في الأفق الطالع في تفاضل الدرجات". قالوا: يارسول اللّوه أولئک النبيون، قال: "بل، والذي نفسي بيده، رجال آمنو با للّٰه وصدقوا المرسلين" قال الحافظ الضياء المقدسيء هذا الحديث على شرط البخاري، واللّٰه أعلم .

وقال الحافظ أبو القاسم الطبراني في معجمه الكبير ء حدثنا علي بن عبد العزيز، حدثنا محمد بن عمار الموصلي، حدثنا عفيف بن سالم عن أيوب بن عتبة، عن عطاء عن ابن عمر، قال: أتى رجل من الحبشة إلى رسول اللّٰه ﷺ يسأله فقاگل لهپ رسول اللّٰه : "سل واستفهم"فقالء يا رسول اللّٰه جلتم علينا بالصور والألوان والنبوة، ثم قال : أفرأيت إن آمنت بماآمبت به وعملت به،إني لكائن معک في الجنة، قال رسول اللّٰه ﷺ: "نعم، والذي جفسي بيده، انه ليضي ء بياض الأسود في الجنة من مسيرة

ألف عام " ثم قال رسول اللهﷺ: "من قال : لا اله الا اللّٰه، كان له بها عهد عند اللّٰه، ومن قال: سبحان اللّٰه وبحمده، كتب له بها مائة ألف حسنة وأربعه وعشرون ألف حسنة "فقال رجل: كيف نهلک بعد هذا ی رسول اللّٰه، فقال رسول اللّٰه ﷺ" ان الرجل ليأتي يو م القيامة بالعمل لو وضع على جبل الآيات لأثقله فتقوم النعمة من نعم اللّٰه، فتكاد أن نستنفد ذلک كله الا أن يتغمده اللّٰه برحمته" ونزلت هذه الآيات ﴿هل أتى على الانسان حين من الدهر لم يكن شيأ مذكوراً﴾.الیٰ قوله. ﴿نعيما وملكاً كبيراً﴾فقال الحبشيء وان عيني لتريان ما ترى عيناک في الجنة ؟ فقال رسول اللّٰهﷺ :"نعم" فاستبکی حتی فاضت نفسه، قال ابن عمر : فلقد رأيت رسول اللّٰه ﷺ يدليه في حفرته بيديه، فيه غرابة ونكارة وسنده ضعيف، ولهذا قال تعالیٰ : ﴿ذلک الفضل من اللّٰه﴾ أي من عند اللّٰه برحمته وهو الذي أهلهم لذالک لا بأعمالهم ﴿وكفى باللّٰه عليما﴾ أي هو عليم مبم يستحق الهداية والتوفيق.

آیت:(۷)

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِی وَرَضِیْتُ لَکُمُ الإِسْلَامَ دِیْناً.فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ فَإِنَّ اللهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ. (مائدہ:۳)

ترجمہ:۔آج میں پورا کر چکا تمھارے لئے دین تمھارااور پورا کیاتم پر میں نے احسان اپنااور پسند کیامیں نے تمھارے واسطے اسلام کو دین۔پھر جوکوئی لاچار ہوجاوے بھوک میں لیکن گناہ پر مائل نہ ہوتواللہ بخشنے والامہربان ہے۔

خلاصہ:۔

اس آیت میں اللہ جل شانہ نے تکمیل دین اوراتمام نعمت کااعلان فرمایاہے۔یعنی قوت یا احکام وقواعد کے لحاظ سے اب دین میں کسی ترمیم' اضافہ'تصرف کی گنجائش نہ رہی اور دین کی تکمیل خود ایک نعمت ہے،جس کو عام اور تام کردیا گیا۔اگرختم نبوت پر صاف وصریح دلائل نہ ہوتے تو اثبات ختم نبوت کے لئے یہی ایک آیت کافی تھی۔ چنانچہ مرزا قادیانی جیسے ملحد نے بھی اس آیت سے ختم نبوت پر ہی استدلال کیا ہے۔اور مفسرین نے اس آیت سے کیا سمجھا؟ مفسر شہیر ابن کثیر فرماتے ہیں فلا یحتا جون إلی دین غیرہ،ولا إلی نبی غیر نبیھم۔اس اعلان کے بعد اب نہ کسی اور دین کی ضرورت ہے نہ مسلمان کسی اور نبی کے محتاج ہیں۔

لیکن قادیانیوں کو بلّی کی طرح ہمیشہ خواب میں چھیچھڑے ہی نظر آتے ہیں ۔انھوں نے اپنے گرو مرزا قادیانی کا بھی لحاظ نہ کیا اور اس آیت سے اجرائے نبوت ثابت کرنے کی فکر میں ہیں۔ملاحظہ فرمایئے قادیانی فلسفہ اور سفسطہ۔

ہیں تہی مغز، مگر غرّہ علم وتحقیق
فکر کوتاہ، مگر دعویٰ علم وعرفاں
فہم ودانائی کے سرخیل بنے ہیں ناداں
ہائے یہ گردش دوراں مجھے لائی ہے کہاں

قادیانی استدلال:۔

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ۔ سے معلوم ہوتا ہے کہ آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد لوگ منصب نبوت پر فائز ہوا کریں گے کیوں کہ جب خدا تعالی نے ہمیں نعمت تامہ دیدی ہے تو سب سے اعلی نعمت تو نبوت کی نعمت ہے وہ ضرور ہمیں ملنی چاہیئے۔

جواب۔

اپنے گھر کی خبر لو! تمھارا پیر و مرشد اس آیت کو ختم نبوت کے لئے پیش کر رہا ہے اور تم اس سے نفی ختم نبوت کو ثابت کرنا چاہ رہے ہو۔ معلوم نہیں الٹی سمجھ کس کی ہے؟ مرزا کی یا مرزائیوں کی؟ مرزا نے لکھا ہے۔

" اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ "اور آیت وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ " میں صریح نبوت کو آنخضرت ﷺ پر ختم کر چکا ہے (تحفہ گولڑویہ خ ص ۱۷۴ج ۱۷)

مغالطہ:

قرآن شریف کو مکمل شریعت قرار دیا ہے.....اب قرآن مجید مکمل شریعت ہے یہ خدا کے ساتھ ہمارا تعلق بھی کامل پیدا کرتی ہے اور سب سے کامل تعلق جو ایک انسان کا خدا کے ساتھ ہوسکتا ہے وہ نبوت ہے۔ اگر کہو کہ قرآن مجید کسی انسان کو نبوت کے مقام تک نہیں پہنچا سکتا تو دوسرے لفظوں میں یہ ماننا پڑے گا کہ قرآن مجید کامل نہیں بلکہ ناقص شریعت ہے اور یہ باطل ہے۔ لہذا تمہارا خیال بھی باطل۔ (تبلیغی پاکٹ بک ۲۶۶)

جواب:۔۱

مرزائی پوپ کو اگر بدفہمی نہیں تو اپنی اصلاح کرے اس کے گرو نے اس آیت سے ختم نبوت ثابت کی ہے۔ جیسا کہ اوپر گزرا۔

۲۔ مرزائیوں نے نہ معلوم کس جاہل سے عقیدہ کے باب میں الٹی سیدھی منطق سے استدلال کرنا سیکھا ہے۔ انھیں معلوم ہونا چاہیئے کہ عقائد میں قطعی النص قطعی

الدلالۃ دلیل کی ضرورت ہے جیسا کہ ختم نبوت کے ثبوت میں ہم پیش کر چکے ہیں۔لہذا اس مرزائی سفسطہ کی کوئی حیثیت نہیں۔

۳۔مرزائی کیا اپنے اس الٹی منطق کی تائید میں کسی مفسر، مجدد کا قول پیش کر سکتے ہیں، اگر نہیں پیش کر سکتے تو یہ باطل استدلال ان کے مسلمات سے بھی باطل ٹھہرا۔

۴۔بقول تمھارے اگر قرآن مجید نبوت تک پہنچا تا ہے، تو وہ نبوت ناقص، ظلی بروزی، برازی ہوتی ہے یا کامل؟ تمھاری نبوت تو بروزی اور برازی والی ہے۔اب سوال یہ ہے کہ کس دلیل سے تم نے یہ تخصیص پیدا کی ہے؟ جب قرآن تعلق کامل پیدا کرتا ہے تو نبوت بھی تو کامل ہی دلائے گا! جس دلیل سے تم اپنی بروزی نبوت کی تخصیص کرو گے اسی دلیل سے یہ ثابت ہوگا کہ قرآن مجید خدا تک یقیناً کامل درجہ تک پہنچاتا ہے۔مگر نبوت کا منصب نہیں دلاتا یہ منصب تو خدا تعالیٰ جسے دینا ہوتا ہے از خود دیتا ہے۔مرزا نے لکھا ہے

''نبوت ایک جوہر خداداد ہے اگر کسب سے ہوتا تو سب لوگ نبی بن جاتے''

(ملفوظات ج ۱ ص ۳۵۹)

لہٰذا نبوت کو کسبی بنانا یا کسبی بتانا مرزائی مذہب کی غلط ترجمانی ہے۔

کار شیطاں میکند، نامش وکیل
گر وکیل این است لعنت بر وکیل

مغالطہ ۲۔

اس آیت میں اتمام نعمت کا ذکر ہے اور نعمت صرف نبوت نہیں بلکہ بادشاہت بھی ہے، صدیقیت اور شہادت بھی ہے اور یہ سب تو بند نہیں ہوئیں؟۔(تبلیغی پاکٹ ۲۹۹)

جواب:۔

اتمام نعمت کو ''نبوت'' میں خاص کر کے الٹے سیدھے مفروضے قائم کرنا قادیانی مذہب کی وکالت نہیں، جہالت ہے۔اتمام دین میں دینی اور دنیوی

تمام طرح کی نعمتیں داخل ہیں۔ جس میں ایک بڑی نعمت نبوت بھی ہے۔ اور ان نعمتوں کا اتمام کیا گیا ہے، انھیں ختم نہیں کیا گیا، جیسا کہ مرزائی وکیل نے سمجھا۔ چنانچہ آج تک ہمیں یہ ساری نعمتیں حاصل ہیں۔ حضور ﷺ کی نبوت آج بھی ہے اور قیامت تک رہیگی۔ ختم نبوت کے معنیٰ یہ نہیں کہ نبوت حضورؐ کی اب باقی نہ رہی، بلکہ یہ ہیں کہ حضورؐ کے بعد اب کسی کو منصب نبوت ملنا ختم ہوگیا۔ لہذا مرزائی تمام مفروضے غلط ہیں، اور یہ بات سچ ہے کہ

زمیں پر جب نکاح آسمانی ہو نہیں سکتا
تو پھر ہرگز پیمبر قادیانی ہو نہیں سکتا

میرے خالق نے بخشا ہے مجھے اسلام سا مذہب
کوئی اس دین کا دنیا میں ثانی ہو نہیں سکتا

کیا فرماتے ہیں مفسرین

معارف القرآن۔(ص ۲۷ ج ۳)

بیان القرآن:

آج کے دن تمھارے لئے تمھارے دین کو میں نے (ہر طرح) کامل کر دیا (قوت میں بھی جس سے کفار کو مایوسی ہوئی اور احکام قواعد میں بھی) اور (اس اکمال س) میں نے تم پر اپنا انعام تمام کر دیا (دینی انعام بھی کہ احکام کی تکمیل ہوئی اور دنیوی انعام بھی کہ قوت حاصل ہوئی اور اکمال دین میں دونوں آ گئے) اور میں نے اسلام کو تمھارا دین بننے کے لئے (ہمیشہ کو) پسند کر لیا (یعنی قیامت تک تمھارا یہی دین رہے گا اس کو منسوخ کر کے دوسرا دین تجویز نہ کیا جاوے گا۔ پس تم کو چاہئے کہ میری نعمت کا شکر کر کے اس دین پر پورے پورے قائم رہو) پھر (اشیاء مذکورہ بالا کی حرمت دریافت کر لے نے کے بعد یہ بھی معلوم کر لو کہ) بشر طیکہ کسی گناہ کی طرف اس کا میلان نہ ہو (یعنی نہ قدرِ ضرورت سے زیادہ کھاوے اور نہ لذت مقصود ہو جس کو سورہ بقرۃ میں غَیْرَ بَاغٍ وَّلاَ عَادٍ۔ سے تعبیر فرمایا ہے) تو یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے ہیں (اگر قدر ضرورت کا پورا اندازہ نہ ہو اور ایک آدھ لقمہ زیادہ بھی کھا گیا، اور) رحمت والے ہیں (کہ اسی حالت میں اجازت دیدی)۔

معارف و مسائل:

یہ سورہ مائدہ کی تیسری آیت ہے جس میں بہت سے اصول اور فروعی احکام و مسائل بیان کئے گئے ہیں۔ پہلا مسئلہ حلال و حرام جانوروں کا ہے۔ جن جانوروں کا گوشت انسان کے لئے مضر ہے، خواہ جسمانی طور پر کہ اس سے انسان کے بدن میں بیماری کا خطرہ ہے، یا روحانی طور پر کہ اس سے انسان کے اخلاق اور قلبی کیفیات خراب ہونے کا خطرہ ہے، ان کو قرآن نے خبائث قرار دیا اور حرام کر دیا، اور جن جانوروں میں کوئی انسانی مضرت نہیں ہے، ان کو طیب اور حلال قرار دیا۔......

الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دیناً ۔

اس آیت کے نزول کی خاص شان ہے‘ عرفہ کا دن ہے جو تمام سال کے دنوں میں سید الایام ہے اور اتفاق سے یہ عرفہ جمعہ کے دن واقع ہوا۔ جس کے فضائل معروف ہیں‘ مقام میدان عرفات کا جبل رحمت کے قریب ہے‘ جو عرفہ کے دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے نزول رحمت کا خاص مقام ہے۔ وقت عصر کے بعد کا ہے۔ جو عام دنوں میں بھی مبارک وقت ہے۔ اور خصوصاً یوم جمعہ میں کہ قبولیت دعا کی گھڑی بہت سی روایات کے مطابق اسی وقت آتی ہے۔ اور عرفہ کے روز اور بھی زیادہ خصوصیت کے ساتھ دعائیں قبول ہونے کا خاصوقت ہے۔

حج کیلئے مسلمانوں کا سب سے بڑا پہلا عظیم اجتماع ہے۔ جس میں تقریباً ڈیڑھ لاکھ صحابہ کرامؓ شریک ہیں۔ رحمۃ للعلمین صحابہ کرامؓ کے ساتھ جبل رحمت کے نیچے اپنی ناقہ ''عصباء'' پر سوار ہیں اور حج کے بڑے رکن یعنی وقوف عرفات میں مشغول ہیں۔

ان فضائل وبرکات اور رحمتوں کے سایہ میں یہ آیت کریمہ رسول کریم ﷺ پر نازل ہوتی ہے۔ صحابہ کرام کا بیان ہے کہ جب آپ پر یہ آیت بذریعہ وحی نازل ہوئی تو حسب دستور وحی کا ثقل اور بوجھ اتنا محسوس ہوا کہ اونٹنی اس سے دبی جا رہی تھی یہاں تک کہ مجبور ہو کر بیٹھ گئی۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ آیت تقریباً قرآن کی آخری آیت ہے۔ اس کے بعد کوئی آیت احکام سے متعلق نازل نہیں ہوئی۔ صرف ترغیب وترہیب کی چند آیتیں ہیں۔ جن کا نزول اس آیت کے بعد بتلایا گیا ہے۔ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد رسول کریم ﷺ اس دنیا میں صرف اکیاسی روز بقید حیات رہے‘ کیوں کہ دس ہجری کی نویں ذی الحجہ میں یہ آیت نازل ہوئی۔ اور ۱۱ ہجری کی بارہویں ربیع الاول کو آنحضرت ﷺ کی وفات ہوگئی۔

یہ آیت جو اس خاص شان اور اہتمام سے نازل ہوئی اس کا مفہوم بھی ملت اسلام اور مسلمانوں کے لئے ایک بہت بڑی خوشخبری اور بھاری انعام اور اسلام کا طرۂ

امتیاز ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ دین حق اور نعمت الٰہی کا انتہائی معیار جو اس عالم میں بنی نوع انسان کو عطا ہونے والا تھا، آج وہ مکمل کر دیا گیا۔ گویا حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سے جو دین حق اور نعمت الٰہیہ کا نزول اور ترویج شروع کی گئی تھی اور ہر زمانہ اور ہر خطہ کے مناسب حال اس نعمت کا ایک حصہ اولاد آدم کو عطا ہوتا رہا آج وہ دین اور نعمت مکمل صورت میں خاتم الانبیاء رسول اللہ ﷺ اور آپ کی امت کو عطا کر دی گئی۔

اس میں تمام انبیاء و رسل کے زمرہ میں سید الانبیاء ﷺ کی سعادت اور امتیازی شان کا تو اظہار ہے ہی اس کے ساتھ تمام امیوں کے مقابلہ میں امت مرحومہ کی بھی ایک خاص امتیازی شان کا واضح ثبوت ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ایک مرتبہ چند علماء یہود حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ تمھارے قرآن میں ایک ایسی آیت ہے جو اگر یہود پر نازل ہوتی تو وہ اس کے نزول کا ایک جشن عید مناتے۔ فاروق اعظمؓ نے سوال کیا کہ وہ کون سی آیت ہے۔ انھوں نے یہی آیت۔ الیوم اکملت لکم دینکم پڑھ دی۔

حضرت فاروق اعظمؓ نے ان کے جواب میں فرمایا کہ ہاں ہم جانتے ہیں کہ یہ آیت کس جگہ اور کس دن نازل ہوئی۔ اشارہ اسی بات کی طرف تھا کہ وہ دن ہمارے لئے دوہری عید کا دن تھا ایک عرفہ دوسرے جمعہ۔

عید اور تہوار منانے کا اسلامی اصول:

فاروق اعظمؓ کے اس جواب میں ایک اسلامی اصول کی طرف بھی اشارہ ہے ۔ جو تمام دنیا کی اقوام و مذاہب میں صرف اسلام ہی کا طغرائے امتیاز ہے۔ وہ یہ کہ دنیا میں ہر قوم اور ہر مذہب و ملت کے لوگ اپنے اپنے حالات و خصوصیات کے ماتحت اپنے خاص خاص تاریخی واقعات کے دنوں کی یادگاریں مناتے ہیں، اور ان ایام کو ان کے یہاں ایک عید یا تہوار کی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔

کہیں قوم کے بڑے آدمی کی پیدائش یا موت کا یا تخت نشینی کا دن منایا جاتا ہے اور کہیں کسی خاص ملک یا شہر کی فتح یا اور کسی عظیم تاریخی واقعہ کا جس کا حاصل اشخاص

خاص کی عزت افزائی کے سوا کچھ نہیں۔اسلام اشخاص پرستی کا قائل نہیں ہے۔اس نے ان تمام رسوم جاہلیت اور شخصی یادگاروں کو چھوڑ کر اصول اور مقاصد کی یادگاریں قائم کرنے کا اصول بنادیا۔

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو "خلیل اللہ" کا خطاب دیا گیا اور قرآن کریم میں ان کے امتحانات اور ان سب میں مکمل کامیابی کو سراہا گیا۔ وَاِذِ ابتلیٰ ابراھیمَ رَبُّہ بکلماتٍ فاتمّھن۔ کا یہی مفہوم ہے۔لیکن نہ ان کی پیدائش یا موت کا دن منایا گیا نہ ان کے صاحبزادے اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ کی پیدائش وموت یا دوسرے حالات کی کوئی یادگار قائم کی گئی۔

ہاں ان کے اعمال میں جو چیزیں مقاصد دین سے متعلق تھیں'ان کی یادگاروں کو نہ صرف محفوظ رکھا گیا' بلکہ آئندہ آنے والی نسلوں کے دین ومذہب کا جز اور فرض واجب قرار دیدیا گیا۔قربانی'ختنہ'صفاومروہ کے درمیان دوڑنا' منا میں تین جگہ کنکریں مارنا' یہ سب انھیں بزرگوں کے ایسے افعال کی یادگار ہیں جو انھوں نے اپنے نفسانی جذبات اور انسان کے طبعی تقاضوں کو اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے مقابلے میں کچلتے ہوئے ادا کئے۔اور جن میں ہر قرن اور ہر زمانے کے لوگوں کو اس کا سبق ملتا ہے کہ انسانوں کو اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے اپنی محبوب سے محبوب چیز کو قربان کردینا چاہیئے۔

اسی طرح اسلام میں کسی بڑے سے بڑے آدمی کی موت وحیات یا شخصی حالات کا کوئی دن منانے کے بجائے ان کے اعمال کے دن منائے گئے۔جو کسی خاص عبادت سے متعلق ہیں جیسے شب برائت'رمضان المبارک'شب قدر'یوم عرفہ'یوم عاشورہ وغیرہ'عیدین صرف دو رکھی گئیں'وہ بھی خالص دینی لحاظ سے۔پہلی عید رمضان المبارک کے اختتام اور اشہر حج کے شروع ہونے پر رکھی گئی اور دوسری عید عبادت حج سے فراغت کے بعد رکھی گئی۔

خلاصہ:۔

یہ ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ کے اس جواب نے یہ بتلا دیا کہ یہود ونصاریٰ کی طرح ہماری عیدیں تاریخی وقائع کے تابع نہیں۔کہ جس تاریخ میں کوئی اہم واقعہ پیش

آ گیا اس کو عید مناویں۔ جیسا کہ جاہلیت اولی کی رسم تھی۔ اور آج کل کی جاہلیت جدیدہ نے تو اس کو بہت ہی پھیلا دیا ہے۔ یہاں تک کہ دوسری قوموں کی نقل کر کے مسلمان بھی اس میں مبتلا ہونے لگے۔

عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے یوم پیدائش کی عید منائی۔ ان کو دیکھ کر کچھ مسلمانوں نے رسول کریم ﷺ کی پیدائش پر عید میلاد النبی کے نام سے ایک عید بنادی۔ اسی روز بازاروں میں جلوس نکالنے اور اس میں طرح طرح کی خرافات کو اور رات میں چراغاں کرنے کو عبادت سمجھ کر کرنے لگے۔ جس کی کوئی اصل صحابہؓ و تابعینؒ اور اسلاف امت کے عمل میں نہیں ملتی۔

اور حقیقت یہ ہے کہ یہ دن منانے کا طریقہ اُن قوموں میں تو چل سکتا ہے کہ جو باکمال افراد اور حیرت انگیز کارناموں کے لحاظ سے مفلس ہیں۔ دو چار شخصیتیں قوم میں کل اس قابل ہوئی ہیں، اور ان کے بھی کچھ مخصوص کام ایسے ہوتے ہیں، جن کی یادگار منانے کو قومی فخر سمجھتے ہیں۔

اسلام میں یہ دن منانے کی رسم چلے تو ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد تو انبیاء علیہم السلام ہیں۔ جن میں سے ہر ایک کی نہ صرف یوم پیدائش بلکہ ان کے حیرت انگیز کارناموں کی طویل فہرست ہے جن کے دن منانے چاہئیں۔ انبیاء کے بعد خاتم الانبیاء ﷺ کی حیات طیبہ کو دیکھا جائے تو آپ کی زندگی کا شاید کوئی دن بھی ایسے کارناموں سے خالی نہیں، ان کا دن منانا چاہئے۔ بچپن سے لیکر جوانی تک کے وہ کمالات جنھوں نے پورے عرب میں آپ کو امین کا لقب دیا تھا۔ کیا وہ ایسے نہیں ہیں کہ مسلمان ان کی یادگار منائیں پھر نزول قرآن، ہجرت، غزوہ بدر، احد، خندق، فتح مکہ، حنین اور تبوک، اور تمام غزوات رسول کریم ﷺ سے ہیں۔ ایک بھی ایسا نہیں جس کی یادگار نہ منائی جائے۔ اسی طرح آپؐ کے ہزاروں معجزات یادگار منانے کی چیزیں ہیں۔ اور بصیرت کے ساتھ آنحضرت ﷺ کی زندگی پر نظر ڈالیں تو آپ کی حیات طیبہ کا ہر دن نہیں ہر گھنٹہ یادگار منانے کا داعیہ رکھتا ہے۔

آنحضرت ﷺ کے بعد تقریباً ڈیڑھ لاکھ صحابہ کرامؓ وہ ہیں، جن میں سے ہر ایک درحقیقت رسول اللہ ﷺ کا زندہ معجزہ ہے۔ کیا یہ بے انصافی نہیں ہوگی کہ ان کی یادگاریں نہ منائی جائیں۔ اور یہ رسم چل پڑے تو پھر صحابہ کرام کے بعد امت کے اکابر، اولیاء اللہ اور علماء اور مشائخ پر نظر ڈالو، جو کروڑوں کی تعداد میں ہونگے۔ اگر یادگاری دن منائے جائیں تو اُن کو چھوڑ دینا کیا ان کے حق میں بے انصافی اور قدر ناشناسی نہیں ہوگی اور اگر یہ طے کرلیا جائے کہ سبھی کے یادگاری دن منائے جائیں تو سال بھر میں ایک دن بھی یادگار منانے سے خالی نہیں رہے۔ بلکہ ہر دن کے ہر گھنٹہ میں کئی کئی یادگاریں اور کئی کئی عیدیں منانی پڑیں گی۔

یہی وجہ ہے کہ رسول کریم ﷺ اور صحابہ کرام نے اس رسم کو جاہلیت کی رسم قرار دے کر نظر انداز کیا ہے۔ حضرت فاروق اعظمؓ کے اس فرمان میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔

اس آیت کے معنی ومطالب کی تفصیل سنئے۔ اس میں حق تعالیٰ شانہ نے رسول کریم ﷺ اور آپ کی امت مرحومہ کو تین خصوصی انعام عطا فرمانے کی بشارت دی ہے۔ ایک اکمال دین، دوسرے اتمام نعمت، تیسرے شریعت اسلام کا اس امت کے لئے انتخاب۔

اکمال دین کے معنیٰ ترجمان القرآن حضرت عبداللہ بن عباسؓ وغیرہ نے یہ بیان فرمائے ہیں کہ آج دین حق کے تمام حدود وفرائض اور احکام وآداب مکمل کردئے گئے ہیں۔ اب اس میں نہ کسی اضافہ اور زیادتی کی ضرورت باقی ہے اور نہ کمی کا احتمال (روح) یہی وجہ ہے کہ اس کے بعد احکام اسلام میں سے کوئی نیا حکم نازل نہیں ہوا جو چند آیتیں اس کے بعد نازل ہوئیں ان میں یا تو ترغیب وترہیب کے مضامین ہیں اور یا انھیں احکام کی تاکید جن کا بیان پہلے ہو چکا تھا۔

اور یہ بات اس کے منافی نہیں کہ اصول واجتہاد کے ماتحت ائمہ مجتہدین نئے نئے پیش آنے والے واقعات وحالات کے متعلق اپنے اجتہاد سے احکام شرعیہ بیان کریں کیوں کہ قرآن کریم نے جس طرح احکام شرعیہ کے حدود وفرائض وغیرہ بیان فرمائے ہیں اسی طرح اصول اجتہاد بھی قرآن ہی نے متعین فرمادئے ہیں۔ ان کے

ذریعہ جو احکام قیامت تک نکالے جائیں وہ سب ایک حیثیت سے قرآن ہی کے بیان کئے ہوئے احکام ہیں۔ کیونکہ ان اصول کے ماتحت ہیں جو قرآن نے بیان کئے۔

خلاصہ یہ ہے کہ اکمال دین کا مطلب۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی تفسیر کے مطابق یہ ہے کہ دین کے تمام احکام کو مکمل کر دیا گیا۔ اب نہ اس میں کسی زیادتی کی ضرورت باقی ہے نہ منسوخ ہو کر کمی کا احتمال۔ کیونکہ اس کے بعد ہی متصل سلسلہء وحی وفات رسول کریم ﷺ کے ساتھ منقطع ہونے والا تھا اور بغیر وحی الٰہی کے قرآن کا کوئی حکم منسوخ نہیں ہوسکتا اور جو بظاہر زیادتی احکام کی اصول اجتہاد کے تحت فقہاء ومجتہدین کی طرف سے ہوئی۔ وہ درحقیقت زیادتی نہیں بلکہ احکام قرآنی کی توضیح وبیان ہے۔

اور اتمام نعمت سے مراد مسلمانوں کا غلبہ اور عروج اور انکے مخالفین کا مغلوب ومفتوح ہونا ہے' جس کا ظہور مکہ مکرمہ کی فتح اور رسوم جاہلیت کے مٹانے سے اور اس سال حج میں کسی مشرک کے شریک نہ ہونیکے ذریعہ ہوا۔

یہاں الفاظ قرآن میں یہ بات بھی قابل نظر ہے کہ دین کے ساتھ لفظ اکمال استعمال فرمایا گیا اور نعمت کے ساتھ لفظ اتمام' حالانکہ یہ دونوں لفظ بظاہر ایک دوسرے کے ہم معنیٰ اور مرادف سمجھے جاتے ہیں۔

لیکن درحقیقت ان دونوں کے مفہوم میں ایک فرق ہے جس کو مفردات القرآن میں امام راغب اصفہانیؒ نے اس طرح بیان فرمایا ہے کہ کسی چیز کا ''اکمال اور تکمیل'' اس کو کہتے ہیں کہ اس چیز سے جو غرض اور مقصود تھا وہ پورا ہوگیا۔ اور لفظ اتمام کے معنیٰ یہ ہیں کہ اب دوسری چیز کی ضرورت اور حاجت نہیں رہی۔ اس لئے ''اکمال دین'' کا حاصل یہ ہوا کہ قانون الٰہی اور احکام دین کے اس دنیا میں بھیجنے کا جو مقصد تھا وہ آج پورا کر دیا گیا۔ اور اتمام نعمت کا مطلب یہ ہوا کہ اب مسلمان کسی کے محتاج نہیں۔ ان کو خود حق تعالیٰ جل شانہ نے غلبہ' قوت' اور اقتدار عطاء فرمادیا جس کے ذریعہ وہ اس دین حق کے احکام کو جاری اور نافذ کرسکیں۔

یہاں یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اس آیت میں دین کی نسبت تو مسلمانوں کی طرف فرمائی گئی ہے اور نعمت کی نسبت حق تعالیٰ کی طرف، وجہ یہ ہیکہ دین کا ظہور ان اعمال وافعال کے ذریعہ ہوتا ہے جو امت کے افراد کرتے ہیں اور نعمت تکمیل براہ راست حق تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ (ابن قیم، تفسیر القیم)۔

اس تقریر سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ اکمال دین آج ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ پہلے انبیاء علیہم السلام کا دین ناقص تھا۔ بلکہ جیسا تفسیر بحر محیط میں ہے بحوالہ قفال مروزی رحمۃ اللہ علیہ نقل کیا ہے کہ دین تو ہر نبی ورسول کا اس کے زمانہ کے اعتبار سے کامل و مکمل تھا یعنی جس زمانہ میں جس پیغمبر پر کوئی شریعت و دین اللہ کی طرف سے نازل کیا گیا اُس زمانہ اور اُس قوم کے لحاظ سے وہی کامل و مکمل تھا۔ لیکن اللہ جل شانہ کے علم میں یہ تفصیل پہلے سے تھی کہ جو دین اس زمانہ اور اس قوم کے لئے مکمل ہے وہ اگلے زمانہ اور آنے والی قوموں کے لئے مکمل نہ ہوگا۔ بلکہ اس کو منسوخ کر کے دوسرا دین و شریعت نافذ کیجائے گی۔ بخلاف شریعت اسلام کے جو سب سے آخیر میں نازل کی گئی کہ وہ ہر جہت اور ہر لحاظ سے کامل و مکمل ہے۔ نہ وہ کسی خاص زمانہ کے ساتھ مخصوص ہے اور نہ کسی خاص خطہ، ملک، یا قوم کے ساتھ۔ بلکہ قیامت تک ہر زمانہ اور ہر خطہ اور ہر قوم کے لئے یہ شریعت کامل و مکمل ہے۔

تیسرا انعام جو اس امت مرحومہ کے لئے اس آیت میں بیان فرمایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اس امت کے لئے اللہ جل شانہ نے اپنے تکوینی انتخاب کے ذریعہ دین اسلام کو منتخب فرمایا جو ہر حیثیت سے کامل و مکمل ہے۔ اور جس پر نجات کا انحصار ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس آیت نے یہ بتلا دیا کہ امت مرحومہ کے لئے دین اسلام ایک بڑی نعمت ہے جو ان کو بخشی گئی ہے اور یہی دین ہے جو ہر حیثیت اور ہر جہت سے کامل و مکمل ہے نہ اس کے بعد کوئی نیا دین آئے گا اور نہ اس میں کوئی کمی بیشی کی جائے گی

یہی وجہ تھی کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو عام مسلمان اس کو سن کر خوش ہو رہے تھے۔ مگر حضرت فاروق رضی اللہ عنہ پر گریہ طاری تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے

رونے کی وجہ پوچھی تو عرض کیا اس آیت سے اس کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ اب آپ کا قیام اس دنیا میں بہت کم ہے۔ کیونکہ تکمیل کے ساتھ ارسال رسول کی ضرورت بھی پوری ہو چکی۔ رسول کریم ﷺ نے اس کی تصدیق فرمائی۔ (تفسیر ابن کثیر، بحر محیط وغیرہ) چنانچہ آنے والے وقت نے بتلا دیا کہ اس کے صرف اکیاسی روز بعد آنحضرت ﷺ اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

آخر آیت میں فَمَنُ اضطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ کا تعلق اُن جانوروں سے ہے، جن کی حرمت کا بیان شروع آیت میں آیا ہے۔ اور اس جملہ کا مطلب ایک خاص حالت کو عام قاعدہ سے مستثنیٰ کرنا ہے کہ اگر کوئی شخص بھوک کی شدت سے بیتاب ہو جائے اور خطرہ موت کا لاحق ہو جائے۔ ایسی حالت میں اگر وہ مذکورہ بالا حرام جانوروں میں سے کچھ کھالے تو اس کے لئے گناہ نہیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ پیٹ بھرنا اور لذت حاصل کرنا مقصود نہ ہو، بلکہ صرف اتنا کھالے جس سے اضطرار کی کیفیت رفع ہو جائے۔

آیت میں غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ کا یہی مطلب ہے کہ اس کھانے میں اس کا میلان گناہ کی طرف نہ ہو بلکہ اضطرار کا رفع کرنا ہو۔ آخر میں فإن الله غفور رحیم سے اس طرف اشارہ ہے کہ یہ محرمات اس وقت بھی اپنی جگہ حرام و ناجائز ہی ہیں، صرف اس شخص کو اضطرار کی وجہ سے معاف کیا گیا ہے۔

تفسیر ماجدی۔

ترجمہ:۔ آج میں نے تمھارے لئے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمھارے لئے اسلام کو بطور دین کے پسند کر لیا۔ ۱۸۔

تفسیر:

۱۸۔ (قیامت تک کیلئے) اکملت لکم دینکم۔ یہ اکمال دین بلحاظ قوت بھی ہے اور بلحاظ احکام و قواعد بھی۔ اتممت علیکم نعمتی۔ یہ اتمام نعمت اسی دین کی تکمیل سے ہوا۔ اس اکمال دین و اتمام نعمت کے بعد ظاہر ہے کہ اب دین میں کسی ترمیم، اضافہ

ہوا تصرف کی گنجائش نہ رہی۔ نہ کسی نبی کی بعثت کی حاجت۔ ختم نبوت پر اگر دلائل صریح نہ
ِت موجود ہوتے، تو یہاں سے بھی مسئلہ کا استنباط ہوسکتا تھا۔ شیعی عقیدہ امامت کا'
ذاِ ر جو در حقیقت اجراء نبوت ہی کی ایک شکل ہے' رد بھی یہیں سے نکل آتا ہے۔ البتہ
نہ عبہ ہر دور میں نئے نئے مسائل کا انکشاف اہل علم واجتہاد اپنی بصیرت سے کتاب وسنت
تح فر کے اصول وقواعد کے مطابق وماتحت قیامت تک کرتے رہیں گے۔ اشیاء کی حلت
وحرمت کا ذکر اوپر سے چلا آرہا تھا۔ تو یہ مسئلہ بھی اسی کتاب واضح کے اندر آگیا اور اسمیں
بھی اب کسی تغیر وتصرف کی گنجائش نہ رہی۔ الیوم ۔ دین الٰہی چلا تو شروع ہی سے
نما آرہا تھا' لیکن ہر نبی کے عہد میں زمان ومکان کے مصالح ومقتضیات کے لحاظ سے
پسندَ احکام شریعت وقت ومقام کے ساتھ محدود ومخصوص رہتے تھے۔ دین اب پہلی بار عالمگیر
اپنے جزئیات وتفصیلات کے ساتھ ہو رہا ہے۔ الیوم' میں اشارہ اسی جانب ہے کہ اب
نر خدائی پروگرام میں وحدت نسل انسانی کا زمانہ شروع ہونے کو ہے دنیا ابتک مختلف
زل جغرافی حصوں اور ٹکڑوں میں بٹی ہوئی تھی۔ ایک ملک سے دوسرے ملک کا سفر نہایت
دشوار تھا' اور اس میں نامہ وپیام کی بھی کوئی آسان راہ نہ تھی۔ ہر علاقہ کہنا چاہئے اپنے
جغرافی وطبعی سرحدوں کے اندر محفوظ تھا۔ دریا' پہاڑ' سمندر وغیرہ جو راہ میں حائل رہتے'
ان کا عبور کرنا گویا محال تھا۔ ریل' موٹر لاری' تار' ٹیلیفون وغیرہ خواب وخیال میں بھی نہ
تھے۔ اب کائنات ارضی کی تاریخ میں پہلی بار اس کا وقت آرہا تھا کہ انسانیت کے ٹکڑے
ایک دوسرے سے ملیں۔ رسل ورسائل کے ذرائع وسیع ہوں۔ اور جس طرح نظام تکوینی
میں ہر فرد کے لئے' اس کے وجود میں آنے سے قبل ہی اس کے لئے ہوا کا' اور روشنی کا
اور پانی کا سامان حکمت الٰہی موجود رکھتی ہے اسی طرح نظام تشریعی میں رحمت حق نے
چاہا کہ نوع انسان کی انفرادی واجتماعی دونوں زندگیوں کی روحانی واخلاقی تربیت کا
انتظام پیشتر سے موجود رہے۔ مرشد تھانویؒ نے فرمایا کہ فقہاء ظاہر اور حکماء باطن نصوص
سے جو مستنبط کرتے ہیں' وہ بھی سب دین ہی میں داخل ہیں' ورنہ اکمال دین کے بعد
اس کی اجازت نہ ہوتی۔

ترجمہ کنزالایمان۔

ترجمہ: آج میں نے تمھارے لئے تمھارا دین کامل کردیا۱۵؎ اور تم پر اپنی نعمت پوری کردی۱۶؎ اور تمھارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۱۷؎۔

تفسیر:۔

۱۵؎۔ اور امورتکلیفیہ میں حلال وحرام کے جو احکام ہیں وہ اور قیاس کے قانون سب مکمل کردیئے اِسی لئے اس آیت کے نزول کے بعد بیان حلال وحرام کی کوئی آیت نازل نہ ہوئی اگرچہ واتقوا یوماترجعون فیہ الی اللہ نازل ہوئی مگر وہ آیت موعظت ونصیحت ہے بعض مفسرین کا قول ہے کہ دین کامل کرنے کے معنی اسلام کو غالب کرنا ہے جس کا یہ اثر ہے کہ حجۃ الوداع میں جب یہ آیت نازل ہوئی کوئی مشرک مسلمانوں کے ساتھ حج میں شریک نہ ہوسکا ایک قول یہ ہے کہ معنیٰ یہ ہیں کہ میں نے تمھیں دشمن سے امن دی ایک قول یہ ہے کہ دین کا اکمال یہ ہے کہ وہ پچھلی شریعتوں کی طرح منسوخ نہ ہوگا اور قیامت تک باقی رہے گا۔

شانِ نزول:۔

بخاری اور مسلم کی حدیث میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک یہودی آیا اور اس نے کہا اے امیر المؤمنین آپ کی کتاب میں ایک آیت ہے اگر وہ ہم یہودیوں پر نازل ہوئی ہوتی تو ہم روزِ نزول کو عید مناتے فرمایا کون آیت اس نے یہی آیت الیوم اکملت لکم پڑھی آپ نے فرمایا میں اس دن کو جانتا ہوں جس میں یہ نازل ہوئی تھی اور اس کے مقام نزول کو بھی پہچانتا ہوں وہ مقام عرفات کا تھا اور دن جمعہ کا آپ کی مراد اس سے یہ تھی کہ ہمارے لئے وہ دن عید ہے۔ ترمذی شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے آپ سے بھی ایک یہودی نے ایسا ہی کہا آپ نے فرمایا کہ جس روز یہ نازل ہوئی اس دن دو عیدیں تھیں جمعہ وعرفہ

مسئلہ۔اس سے معلوم ہوا کہ کسی دینی کامیابی کے دن کوخوشی کا دن منانا جائز اور صحابہ سے ثابت ہے ورنہ حضرت عمر وحضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم صاف فرمادیتے کہ جس دن کوئی خوشی کا واقعہ ہواس کی یادگار قائم کرنا اور اس روز کوعید منانا ہم بدعت جانتے ہیں اس سے ثابت ہوا کہ عید میلاد منانا جائز ہے کیونکہ وہ اعظم نعم الٰہیہ کی یادگار وشکر گزاری ہے۔۱۶؎۔ مکہ مکرمہ فتح فرما کر۔۱۷؎۔ کہ اس کے سوا کوئی اور دین قبول نہیں۔

تفسیر ثنائی۔

ترجمہ: آج میں نے تمہارا دین کامل کردیا ہے اورتم پر اپنی نعمت پوری کی ہے اوراسلام تمہارا مذہب میں نے پسند کیا ہے۔

شان نزول:۔

الیوم اکملت لکم آنحضرت ﷺ کے آخری حج یعنی حجۃ الوداع میں بطریق ۔۔۔آخری پیغام کے یہ آیت نازل ہوئی۔

تفسیر:۔

آج میں نے بذریعہ قرآن اوررسول تمہارا دین بنسبت اصول شرائع کامل کردیا ہے اورتم پر اپنی نعمت بذریعہ فتوحات اوراظہار اسلام پوری کی ہے اوراسلام ہاں اصل اسلام ٹھیٹھ اسلام نہ کہ بناوٹی اسلام جسمیں قبر پرستی تعزیہ پرستی وغیرہ کوبھی شامل کیا گیاہے تمھارا مذہب میں نے پسند کیا ہے پس تم احکام شرعی کی تعمیل کرو جوحلال ہے اسکو حلال سمجھو جوحرام ہے اسکوحرام جانو۔

تفہیم القرآن۔ (ص۴۴۳ج۱)

ترجمہ: آج میں نے تمہارے دین کوتمھارے لئے مکمل کردیااوراپنی نعمت تم پرتمام کردی ہے اورتمھارے لئے اسلام کوتمھارے دین کی حیثیت سے قبول کرلیا ہے(لھذا حرام وحلال کی جوقیود تم پرعائد کردی گئی ہیں ان کی پابندی کرو۱۶)

تفسیر:۔

۱۶۔ دین کو مکمل کر دینے سے مراد اس کو ایک مستقل نظام فکر و عمل اور ایک ایسا مکمل نظام تہذیب و تمدن بنا دینا ہے جس میں زندگی کے جملہ مسائل کا جواب اصولاً یا تفصیلاً موجود ہو اور ہدایت و رہنمائی حاصل کرنے کے لئے کسی حال میں اس سے باہر جانے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ نعمت تمام کرنے سے مراد ہدایت کی تکمیل کر دینا ہے۔ اور اسلام کو دین کی حیثیت سے قبول کر لینے کا مطلب یہ ہے کہ تم نے میری اطاعت و بندگی اختیار کرنے کا جو اقرار کیا تھا' اس کو چونکہ تم اپنے سعی و عمل سے سچا اور مخلصانہ اقرار ثابت کر چکے ہو اس لئے میں نے اسے درجہ قبولیت عطا فرمایا ہے۔ اور تمھیں عملاً اس حالت کو پہونچا دیا ہے کہ اب فی الواقع میرے سوا کسی کی اطاعت و بندگی کا جو تمھاری گردنوں پر باقی نہیں رہا۔ اب جس طرح اعتقاد میں تم میرے مسلم ہو اسی طرح عملی زندگی میں بھی میرے سوا کسی اور کے مسلم بن کر رہنے کے لئے کوئی مجبوری تمھیں لاحق نہیں رہی ہے۔ ان احسانات کا ذکر فرمانے کے بعد اللہ تعالیٰ سکوت اختیار فرماتا ہے مگر انداز کلام سے یہ بات خود بخود نکل آتی ہے کہ جب یہ احسانات میں نے تم پر کئے ہیں تو ان کا تقاضا یہ ہے کہ اب میرے قانون کی حدود پر قائم رہنے میں تمھاری طرف سے بھی کوئی کوتاہی نہ ہو۔

مستند روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت حجۃ الوداع کے موقع پر ۱۰ھ میں نازل ہوئی تھی۔ لیکن جس سلسلہ کلام میں واقع ہوئی ہے وہ صلح حدیبیہ سے متصل زمانہ (۶ھ) کا ہے اور سیاق عبارت میں دونوں فقرے کچھ ایسے پیوستہ نظر آتے ہیں کہ یہ گمان نہیں کیا جا سکتا کہ ابتداء میں یہ سلسلہ کلام اِن فقروں کے بغیر نازل ہوا تھا اور بعد میں جب یہ نازل ہوئے تو انھیں یہاں لا کر نصب کر دیا گیا۔ میرا قیاس یہ ہے۔ والعلم عنداللہ' کہ ابتداءً یہ آیت اسی سیاق کلام میں نازل ہوئی تھی اس لئے اس کی حقیقی اہمیت لوگ نہ سمجھ سکے۔ بعد میں جب تمام عرب مسخر ہو گیا اور اسلام کی طاقت اپنے شباب پہ پہونچ گئی تو اللہ تعالیٰ نے دوبارہ یہ فقرے اپنے نبی پر نازل فرمائے اور ان کے اعلان کا حکم دیا۔

جامع البیان، طبری: (ص۱۰۶۔۱۱۲ج۴)

القول في تأويل قوله تعالىٰ: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾.

اختلف أهل التأويل في تأويل ذلك، فقال بعضهم: يعني جلّ ثناؤه بقوله: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾: اليوم اكملت لكم أيها المؤمنون فرائضي عليكم وحدودي، وأمري إياكم ونهيي، وحلالي وحرامي، و تنز يلي من ذلک ما أنزلت منه في كتابي، وتبياني ما بينت لكم منه بوحيي على لسان رسولي، ولأدلّة التي نصبتها لكم على جميع ما بكم الحاجة إليه من أمر دينكم، فأتممت لكم جميع ذلک، فلا زيادة فيه بعد هذ ا اليوم . قالوا : وكان ذلک في يوم عرفة، عام حج النبي ﷺ حجة الودا ع . وقالوا: لم ينزل على النبي ﷺ بعد هذه الآية شيء من الفرائض ولا تحليل شيء ولا تحريمه، وإن النبي ﷺ لم يعش بعد نزول هذ ه الآية إلا إحدى وثمانين ليلة. ذكر من قال ذلک :

۸۷۰۹—حدثني المثنى، قال: ثنا عبدالله، قال: ثني معاوية، عن على، عن ابن عباس، قوله: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ وهو الإسلام، قال أخبر الله نبيه ﷺ والمؤمنين أنه قد أكمل لهم الإيمان فلا يحتاجون إلى زيادة أبداً، وقد أتمه الله عزّ ذكره فلا ينقصه أبداً، وقد رضي الله فلا يسخطه أبداً.

۸۷۱۰— حد ثنا محمد بن الحسين، قال: ثنا أحمد بن المفضل، قال : ثنا أسباط، عن السديّ، قوله: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُم﴾ هذ ا نزل يوم عرفة، فلم ينزل بعد ها حلال ولا حرام، ورجع رسول الله ﷺ فمات، فقالت أسماء بنت عميس: حججت مع رسول الله ﷺ تلک الحجة، فبينما نحن نسير إ ذ تجلىٍّ له جبرئيل ﷺ على الراحلة، فلم تطق الراحلة من ثقل ما عليها من القرآن، فبركت، فاتيته فسجيّت عليه برداء كان علىّ.

۸۷۱۱—حد ثنا القاسم، قال: ثنا الحسين قال: ثني حجاج عن ابن جريج، قال: مكث النبي ﷺ بعد ما نزلت هذه الآية إحدى وثمانين ليلة، قوله: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُم﴾.

٨٤١٢– حدثنا سفيان، قال: ثنا ابن فضيل، عن هارون بن عنترة، عن أبيه، قال: لما نزلت: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ وذلك يوم الحج الأكبر، بكى عمر، فقال له النبي ﷺ: "ما يبكيك"؟ قال أبكاني أنا كنا في زيادة من ديننا، فأما إذ كمَل فإنه لم يكمل شيء إلا نقص، فقال: "صَدَقْتَ".

–حدثنا ابن وكيع، قال: ثنا أحمد بن بشير، عن هارون بن أبي وكيع، عن أبيه، فذكر نحو ذلك.

وقال آخرون: معنى ذلك: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ : حجكم، فأفردتم بالبلد الحرام تحجونه أنتم أيها المؤمنون دون المشركين لا يخالطكم في حجكم مشرك. ذكر من قال ذلك:

٨٤١٣ –حد ثنا ابن وكيع، قال: ثنا يحي بن أبي عتبة، عن أبيه، عن الحكم: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ قال: أكمل لهم دينهم، أن حجوا ولم يحجَ معهم مشرك.

٨٤١٤–حد ثنا الحسن بن يحي، قال: أخبرنا عبد الرزاق، قال: أخبرنا معمر، عن قتادة: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ قال: أخلص الله لهم دينهم، ونفى المشركين عن البيت.

٨٤١٥–حد ثنا أحمد بن حازم، قال: ثنا أبو نعيم، قال: ثنا قيس، عن أبي حصين، عن سعيد بن جبير: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ قال: تمام الحج، ونفي المشركين عن البيت.

وأولى الأقوال في ذلك بالصواب أن يقال: إن الله عزّوجلّ أخبر نبيه ﷺ والمؤمنين به، أنه أكمل لهم يوم أنزل هذه الآية على نبيه دينهم، بإفرادهم بالبلد الحرام، وإجلائه عنه المشركين، حتى حجه المسلمون دونهم، لا يخالطونهم المشركون. فأما الفرائض والأحكام، فإنه قد اختلف فيها، هل كانت أكملت ذلك اليوم أم لا ؟ فرُوي عن ابن عباس والسديّ ما ذكرنا عنهما قبل . ورُوي عن البراء بن عازب أن آخر آية نزلت من القرآن: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الكَلالَةِ﴾. ولا يدفع ذوعلم أن الوحي لم ينقطع عن رسول ﷺ إلى أن قبض، بل كان الوحي قبل وفاته أكثرما كان تتا بعاً. فإذاكان ذلك كذلك. وكان قوله:

﴿يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللهُ يُفْتِيكُمْ فِي الكَلالَةِ﴾ آخرها نزولاً، وكان ذلك من الأحكام والفرائض، كان معلوماً أن معنى قوله: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ على خلاف وجه الذي تأوله من تأوّله، أعني: كمال العبادات والأحكام والفرائض.

فإن قال قائل: فما جعل قول من قال: قدنزل بعد ذلك فرض أولى من قول من قال: لم ينزل؟ قيل لأن الذي قال لم ينزل، مخبر أنه لا يعلم نزول فرض، والنفي لا يكون شهادة، والشهادة قول من قال: نزل، وغير جائز دفع خبر الصادق فيما أمكن أن يكون فيه صادقاً القول في تأويل قوله تعالىٰ: ﴿وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي﴾.

يعني جلّ ثناؤه بذلك: وأتممت عليكم نعمتي أيها المؤمنون بإظهاركم على عدوي وعدوّكم من المشركين، ونفيي إياهم عن بلادكم، وقطعي طمعهم من رجوعكم، وعودكم إلى ما كنتم عليه من الشرك.

وبنحو الذي قلنا في ذلك قال أهل التأويل، ذكر من قال ذلك:

—حدثني المثنى، قال: ثنا عبدالله، قال: ثني معاوية، عن عليّ، عن ابن عباس، قال: كان المشركون والمسلمون يحجون جميعاً، فلما نزلت براءة، فنفى المشركين عن البيت، وحجّ المسلمون لايشاركهم في البيت الحرام أحدمن المشركين، فكأن ذلك من تمام النعمة: ﴿وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي﴾.

٨٤١٦—حدثنا بشر، قال: ثنا يزيد، قال: ثناسعيد، عن قتادة، قوله: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي﴾... الآية. ذُكرلنا أن هذه الآية نزلت على رسول الله ﷺ يوم عرفة يوم جمعة، حين نفى الله المشركين عن المسجد الحرام، وأخلص للمسلمين حجهم.

٨٤١٧—حدثنا أبوكريب، قال: ثنا ابن إدريس، قال: ثنا داود، عن الشعبي، قال: نزلت هذه الآية بعرفات، حيث هدم منار الجاهلية، واضمحلّ الشرك، ولم يحُجّ معهم في ذلك العام مشرك.

—حدثنا ابن المثنى قال: ثنا عبد الأعلى، قال: ثناداود، عن عامر في هذه الآية: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي﴾ قال: نزلت

على رسول الله ﷺ وهو واقف بعرفات،وقد أطاف به الناس، وتهدمت منار الجاهلية ومناسكهم، وأضمحلّ الشر ك، ولم يطف حول البيت عُريان، فأنزل الله:﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾.

—حد ثني يعقوب، قال: ثنا ابن علية، عن داو د، عن الشعبي،بنحوه.

القول في تأويل قوله:﴿وَرَضِيتُ لَكُمُ الإسلامَ دِيناً﴾

يعني بذلک جلّ ثناؤه: ورضيت لكم الاستسلام لأمري وإنقياد لطاعتي، على ما شرعت لكم من حد وده وفرائضه ومعالمه، ﴿ديناً﴾ يعني بذلک: طاعة منكم لي .

فإن قال قائل:أوَ ماكان الله راضياً الإسلام لعباده،إلا يوم أنزل هذه الآية؟ قيل:لم يزل الله راضياًلخلقه الإسلام ديناً، ولكنه جلّ ثناؤه لم يزل يصرّف نبيه محمدا ﷺ وأصحابه في درجات ومراتبه درجة بعد درجة ومرتبة بعد مرتبة وحالاً بعد حال،حتى أكمل لهم شرائعه ومعالمه وبلغ بهم أقصى درجاته ومراتبه، ثم قال حين أنزل عليهم هذه الآية:﴿وَرَضِيتُ لَكُمُ الإسلامَ دِيناً﴾بالصفة التي هو بها اليوم، والحال التي أنتم عليها اليوم منه،﴿ديناً﴾ فالزموه ولا تفارقوه . وكان قتادة يقول في ذلک ما:

٨٧١٨—حدثنا بشر، قال: ثنا يزيد، قال:ثناسعيد، عن قتادة، قال : ذكر لنا أنه يمثّل لأهل كل دين دينهم يوم القيامة، فأما الإيمان فبشر أصحابه وأهله، ويعد هم في الخيرحتى يجيء الإسلام.فيقول: ربّ أنت السلام وأنا الإسلام، فيقول: إياک اليوم أقبل، وبک اليوم أجزي .

وأحسب أن قتادة وجّه معنى الإيمان بهذ الخبرإلى معنى التصد يق والإقراربالسان، لأن ذلک معنى الإيمان عند العرب، ووجه معنى الإسلام إلي استسلام القلب وخضوعهلله بالتوحيد، وانقياد الجسد له بالطاعة فيما أمر ونهى، فلذلک قيل للإسلام : إياک اليوم أقبل، وبک اليوم أجزي.

ذكرمن قال: نزلت هذ ه الآية بعرفة في حجة الودا ع على رسول الله ﷺ:

٨٧١٩—حد ثنا محمد بن بشاروابن وكيع، قالا: ثنا عبد الرحمن، قال: ثنا سفيان، عن قيس بن مسلم، عن طارق بن شهاب، قال: قالت

اليهود لعمر: إنكم تقرؤن آية لو أنزلت فينا لاتخذ ناها عيد أ.فقال عمر: إني لأعلم حين أنزلت، وأين نزلت، وأ ين رسول الله ﷺ حين أنزلت ؛ أنزلت يوم عرفة ورسول الله ﷺ واقف بعرفة . قال سفيان: وأشك، كان يوم الجمعة أم لا.﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإسلامَ دِيْناً﴾

حدثنا أبوكريب وابن وكيع، قالا: ثنا ابن إدريس، قال : سمعت أبي، عن قيس بن مسلم عن طارق بن شهاب، قال: قال يهودي لعمر: لوعلمنا معشر اليهود حين حين نزلت هذه الآية:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُم ْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإسلامَ دِيْناً﴾لو نعلم ذلك اليوم اتخد نا ذلك اليوم عيداً. فقال عمر: قد علمت اليوم الذ ي نزلت فيه والساعة، وأين رسول الله ﷺ حين نزلت ؛ نزلت ليلة الجمعة ونحن مع رسول الله ﷺ بعرفات . لفظ الحديث لأبي كريب، وحد يث ابن وكيع نحوه .

–حدثناابن وكيع، قال : ثنا جعفربن عون، عن أبي العمَيس، عن قيس بن مسلم، عن طارق، عن عمر، نحوه.

٨٧٢٠–حد ثنا ابن وكيع، قال: ثنا أبي، عن حماد بن سلمة، عن عمار مولى بني هاشم، قال: قرأ ابن عباس:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنكم ﴾ وعنده رجل من أهل الكتاب، فقال: لو علمنا أيّ يوم نزلت هذ ه الآية لاتخذناه عيداً، فقال ابن عباس: فإنها نزلت يوم عرفة يوم جمعة .

–حدثنا أبوكريب، قال: ثنا قبيصة، قال: ثنا حمادبن سلمة، عن عمار: أن ابن عباس قرأ:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإسلامَ دِيْناً﴾فقال يهودي : لو نزلت هذه الآية علينا لاتخذ نا يومها عيداً، فقال ابن عباس: فإنها نزلت في يوم عيد ين اثنين: يوم عيد، ويوم جمعة.

–حدثني المثنى،قال:ثنا الحجاج بن المنهال،قال:ثنا حماد،عن عماربن أبي عمار،عن ابن عباس نحوه.

--حدثني يعقوب بن إبراهيم، قال: ثنا ابن علية، قال: ثنا رجاء بن أبي سلمة، قال:أخبرنا عبادة بن نسيَ، قال: ثنا أميرنا إسحاق، قال أبو جعفر إسحاق. هو ابن خَرَشة. عن قبيصة قال: قال كعب: لو أن غير هذه الأمة نزلت عليهم هذ ه الآية لنظروا اليوم الذي أنزلت فيه عليهم فاتخذوه عيداً يجتمعون فيه، فقال عمر: أيّ آية يا كعب ؟ فقال: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكم﴾ فقال عمر:قد علمت اليوم الذي أنزلت فيه، والمكان الذي أنزلت فيه، يوم جمعة، ويوم عرفة، وكلاهما بحمد الله لنا عيد.

--حدثنا ابن حميد، قال: ثنا حكام، عن عنبسة، عن عيسى بن حارثة الأنصاري، قال :كنا جلوساً في الديوان، فقال لنا نصراني : يا أهل الإسلام : لقدنزلت عليكم آية لونزلت علينا لاتخذ نا ذلك اليوم وتلك الساعة عيداً ما بقي منا اثنان: ﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾فليجبه أحد منا، فلقيت محمد بن كعب القرظيّ، فسئلته عن ذلك، فقال: ألا رددتم عليه ؟ فقال: قال عمر بن الخطاب: أنزلت على النبي ﷺ وهو واقف على الجبل يوم عرفة، فلا يزال ذلك اليوم عيدًا للمسلمين ما بقي منهم أحد .

٨٧٢١--حدثنا حميد بن مسعد ة، قال: ثنابشربن المفضل، قال: ثنا داود، عن عامر، قال: أنزلت على رسول الله ﷺ:﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإسلامَ دِيْناً﴾عشية عرفة وهو في الموقف.

٨٧٢٢--حد ثنا ابن المثنى،قال: ثنا عبد الوهاب، قال: ثنا داود، قال : قلت لعامر: إن اليهود تقول :كيف لم تحفظ العرب هذاليوم الذي أكمل الله لها دينها فيه ؟ فقال عامر: أو ما حفظته؟ قلت له: فأيّ يوم ؟ قال: يوم عرفة، أنزل الله في يوم عرفة .

٨٧٢٣--حد ثنا الحسن بن يحي، قال: أخبرنا عبد الرزاق، قال : أخبرنا معمر،عن قتادة،قال:بلغنا أنها نزلت يوم عرفة، ووافق يوم الجمعة.

٨٧٢٤--حد ثنا الحسن بن يحي، قال:أخبرنا عبد الرزاق، قال : أخبرنا معمر، عن حبيب عن إبن أبي نجيح، عن عكرمة:أن عمر بن الخطاب، قال: نزلت سورة المائد ة يوم عرفة، ووافق يوم الجمعة.

٨٧٥٢–حدثنا الحسن بن يحي، قال: أخبرنا عبد الرزاق، قال: أخبرنا ابن عيينة، عن ليث، عن شهر بن حوشب، قال: نزلت سورة المائد ة على النبي ﷺ وهو واقف بعرفة على راحلته،فَتَنَوَّخَتْ لأن يُد ق ذراعها.

٨٧٢٦–حد ثنا ابن حميد، قال: ثنا جرير، عن ليث، عن شهر بن حوشب، عن أسماء بنت يزيد، قالت: نزلت سورة المائدة جميعاً وأنا آخذ ة بزمام ناقة رسول الله ﷺالعضباء؛ قالت: فكادت من ثقلها أن يدقّ عضدُ الناقة.

٨٧٢٧– حدثني أبو عامر إسماعيل بن عمرو السَّكوني، قال: ثنا هشام بن عمار، قال: ثنا ابن عياش، قال: ثنا عمر بن قيس السكوني أنه سمع معاوية بن أبي سفيان على المنبر ينتزع بهذ ه الآية:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيُنكم﴾حتى ختمها، فقال: نزلت في يوم عرفة، في يوم جمعة.

وقال آخرون: بل نزلت هذه الآية، أعني قوله:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيُنكم﴾ يوم الإثنين، وقالوا: أنزلت سورة المائدة بالمد ينة، ذكر من قال ذلك:

٨٧٢٨–حدثني المثنى قال: ثنا إسحاق، قال: أخبرنا محمد بن حرب، قال: ثنا ابن لهيعة، عن خالد، عن أبي عمران، عن حَنَش، عن ابن عباس : ولد نبيكم يوم الإثنين، وخرج من مكة يوم الإثنين، ودخل المدينة يوم الاثنين، وأنزلت سورة المائد ة يوم الاثنين،﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيُنكم﴾ورفع الذكر يوم الاثنين.

٨٧٢٩– حد ثني المثنى، قال : ثنا الحجاج بن المنهال، قال : ثنا همام، عن قتادة، قال : المائد ة مد نية.

وقال آخرون: نزلت على رسول الله ﷺ في مسيره في حجة الوداع . ذكر من قال ذلك:

٨٧٣٠– حد ثني المثنى، قال : ثنا إسحاق، قال : ثنا عبد الله بن أبي جعفر، عن أبيه، عن الربيع بن أنس، قال: نزلت سورة المائد ة على رسول الله ﷺ في المسير في حجة الوداع، وهو راكب راحلته، فبركت به راحلته من ثقلها .

وقال آخرون: ليس ذلك بيوم معلوم عندالناس، وإنما معناه اليوم الذي أعلمه أنا دون خلقي، أكملت لكم دينكم . ذكر من قال ذلك :

١٨٤٣١–حد ثني محمد بن سعد، قال ثني أبي، قال: ثني عمي، قال: ثني أبي،عن أبيه، عن ابن عباس:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنكم﴾ يقول: ليس بيوم معلوم يعلمه الناس.

وأولى الأقوال في وقت نزول الآية، القول الذي رُوي عن عمر بن الخطاب أنها نزلت يوم عرفة يوم جمعة، لصحة سنده ووَهْي أسانيد غيره.

تفسیر کشاف:

(اليوم)لم يرد به يوما بعينه وأنما اراد به الزمان الحاضر وما يتصل به ويدانيه من أزمنة الماضيةوالآتية كقولك :كنت با الأمس شاباوأنت اليوم أشيب' فلاتريد بالأمس اليوم الذى قبل يومك ولا باليوم يومك ونحوه الآن فى قوله:

الآن لما ابيض مسربتى وغضضت من نابى على جذم

وقيل أريد يوم نزولها وقد نزلت يوم الجمعة وكان يوم عرفة بعد العصر فى حجة الوداع"يئس الذين كفروامن دينكم "يئس منه أن يبطلوه وأن ترجعوا محللين لهٰذ ه الخبائث بعد ما حرمت عليكم . وقيل يئسوامن دينكم أن يغلبوه لأن الله عزوجلّ وفى بوعد ه من أظهاره على الد ين كله (فلاتخشوهم) بعد أظهار الد ين وزوال الخوف من الكفار وانقلابهم مغلوبين مقهورين بعدما كانوا غالبين (واخشون)وأخلصوا الى الخشية (أكملت لكم دينكم)كفيتكم أمرعدوكم 'وجعلت اليد العليا لكم كما تقول الملوك : اليوم كمل لنا الملك وكمل لنا ما نريد ' اذا كفوا من ينازعهم الملك ووصلوا الى أغراضهم ومباغيهم أو أكملت لكم ما تحتاجون أليه فى تكليفكم من تعليم الحلال والحرام والتوقيف على الشرائع وقوانين القياس وأصول الأجتهاد (وأتممت عليكم نعمتى) بفتح مكة ودخولها آمنين ظاهرين وهد م منارالجاهلية ومناسكهم وأن لم يحج معكم مشرك ولم يطف بالبيت عريان وأتممت نعمتى عليكم با كمال أمرالدين والشرائع كأنه قال : اليوم أكملت لكم دينكم وأتممت

عليكم نعمتى بذالک لأنه لانعمة أتم من نعمة الاسلام (ورضيت لكم الاسلام دينا)يعنى اخترته من بين الأديان وآذنت كم بأنه هو الدين المرضى وحده.ومن يبتغ غير الاسلام دينا فلن يقبل منه .أن هذه أمتكم أمة واحدة.

معالم التنزیل:۔ (ص۱۰ج۲)

"﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلامَ دِيْناً﴾، نزلت هذهِ الآية يوم الجمعة، يوم عرفة بعد العصرفي حجة الوداع، والنبي ﷺ واقف بعرفات على ناقته العضبا،فكادت عضدالناقة تند ق من ثقلها فبركت، أخبرناعبد الواحد المليحي أنا أحمد بن عبدالله النعيمي أنا محمد بن يوسف أنا محمد بن إسماعيل، حد ثني الحسن بن الصباح سمع جعفربن عون أنا أ بوالعميس أنا قيس بن مسلم عن طارق بن شهاب عن عمربن الخطاب رضي اللّٰهعنه أن رجلاًمن اليهود قال له : ياأميرالمؤمنين آية في كتابكم تقرؤ ونها، لوعلينا معشراليهودنزلت لاتّخذنا ذلک اليوم عيداً، قال: أيَّةُ آية؟ قال:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلامَ دِيْناً﴾قال عمر: قد عرفنا ذلک اليوم والمكان الذي نزلت فيه على النبيﷺ وهوقائم بعرفة يوم الجمعة، أشار عمرإلى أن ذلک اليوم كان عيداً لنا، قال ابن عباس: كان فيذلک اليوم خمسة أعياد: جمعة وعرفة وعيد اليهود والنصارى والمجوس، ولم تجتمع أهل الملل في يوم قبله ولا بعده، وروى هٰرون بن عنترة عن أبيه قال : لمانزلت هذ ه الآية بكى عمررضي الله عنه، فقال له النبيﷺ:"ما يُبكيکَ ياعمر"؟ فقال: أبكانيأنا كنا في زيادة من ديننا، فأما إذاكمل فإنه لم يكن شيء إلانقص، قال: صدقت،.وكانت هذهِ الآية نعي النبي ﷺ وعاش بعد هاإحدى وثمانين يوماً، ومات يوم الإثنين بعد مازاغت الشمس لليلتين خلتا من شهرربيع الأوّل إحدى عشرة من الهجرة، وقيل: تُوُفيَ يوم الثاني عشرمن شهرربيع الأول وكانت هجرته في الثاني عشرمن شهرربيع الأول، أما تفسيرالآية قوله عزّوجلّ:﴿اليومَ اكملتُ لكُم دينَكُم﴾يعني : يوم نزول هذه الآية أكملت لكم دينكم،

يعني الفرا ئض والسنن والحدود والجهادوالأحكام والحلال والحرام، فلم ينزل بعد هذهِ الآية حلال ولا حرام،ولا شيءَ من الفرائض والسنن والحدود والأحكام هذا معنى قول ابن عباس رضيالله عنهما، ويُروى عنه أن آية الرّبا نزلت بعد ها، وقال سعيدبن جبيروقتادة: اكملتُ لكم دينكم فلم يحج معكم مشرك، وقيل: أظهرتُ دينَكم وأمَّنتُكُمْ من العدو، وقوله عزّوجلّ:﴿وأتممتُ عليكم نعمتى﴾، يعني : وأنجزتُ وعدي في قوله : ﴿ولاُتِمّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ﴾ فكان من تمام نعمته أن دخلوا مكة آمنين وعليها ظاهرين، وحجوا مطمئنين لم يخالطهم أحد من المشر كين، ﴿ورضيتُ لَكُم الإسْلامَ دِيْناً﴾سمعت عبد الواحد قال: سمعت عبد الواحد المليحي قال: سمعتُ أبامحمد بن حاتم، قال: سمعت أبابكرالنيسابوري سمعت أبا بكر محمد بن الحسن بن المسيب المروزي، سمعت أباحا تم محمد بن إدريس الحنظلي، سمعت عبد الملک بن مسلمة أنا مروان المصري سمعت إبراهيم بن أبي بكربن المنكدر رضي الله عنه، سمعت عمي محمد بن المنكدرسمعت جابربن عبد الله يقول: سمعت رسول اللهﷺ يقول :" قال جبرئيل قال الله تعالى: هذا دين ارتضيتُه لنفسي ولن يصلحه إلا السخاء وحُسْنُ الخلق،فاكرموه بهما ما صحبتموه".

تفسیر کبیر:۔(ص۲۸۷۔۲۸۹ج۴)

ثم قال تعالىٰ:﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإسلامَ دِيْناً﴾وفيه مسائل:

المسأ لة الأولىٰ: في الآية سؤال وهو أن قوله:﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾يقتضي أن الدين كان ناقصاً قبل ذلک، وذلک يوجب أن الد ين الذي كان ﷺ مواظباً عليه أكثر عمره كان ناقصاً، وإنه إنما وجد الدين الكامل في آخر عمره مدة قليلة.

واعلم أن المفسرين لأجل الاحتراز عن هذاالاشكال ذكروا وجوهاً:

الأوّل:أن المراد من قوله:﴿اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾هو إزالة الخوف عنهم وإظهارالقد رة لهم على أعدا ئهم، وهذ ا كما يقول الملک عند ما

يستولي على عد وه ويقهره قهراً كلياً: اليوم كمل ملكنا، وهذ ا الجواب ضعيف لأن ملك ذلك الملك كان قبل قهر العد و ناقصاً. الثاني : أن المراد : إني اكملت لكم ما تحتاجون إليه في تكاليفكم من تعلم الحلال والحرام، وهذا أيضاً ضعيف لأنه لولم يكمل لهم قبل هذ االيوم ما كانوا محتاجين إليه من الشرائع كان ذلك تاخيراًللبيان عن وقت الحاجة، وأنه لايجوز . الثالث: وهو الذي ذكره القفال وهو المختار : أن للدين ما كان ناقصاً ألبتة، بل كان أبداً كاملاً، يعني كانت الشرائع النازلة من عند الله في كل وقت كافية في ذلك الوقت، إلا أنه تعالىٰ كان عالماً في أول وقت المبعث بأن ما هو كامل في هذاليوم ليس بكامل في الغد ولا صلاح فيه، فلا جرم كان ينسخ بعد الثبوت وكان يزيد بعد العدم، وأما في آخر زمان المبعث فأنزل الله شريعة كاملة وحكم ببقائها إلى يوم القيامة، فالشر ع أبد اً كان كاملاً، إلا أن الاول كمال إلى زمان مخصوص، والثاني كمال إلى يوم القيامة فلأجل هذالمعنى قال:﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾

المسأ لة الثانية: قال نفاة القياس: دلت الآية على أن القياس باطل، وذلك لأن الآية دلت على أنه تعالىٰ قد نص على الحكم في جميع الوقائع، إذ لو بقي بعضها غير مبين الحكم لم يكن الد ين كاملاً، وإذا حصل النص في جميع الوقائع فالقياس إن كان على وفق ذلك النص كان عبثاً، وإن كان خلافه كان باطلاً.

أجاب مثبتو القياس بأن المراد بإكمال الدين أنه تعالىٰ بين حكم جميع الوقائع بعضها بالنص وبعضها بأن بين طريق معرفة الحكم فيها على سبيل القياس، فإنه تعالىٰ لما جعل الوقائع قسمين أحد هما التي نص على أحكامها، والقسم الثاني أنوا ع يمكن استنباط الحكم فيها بواسطة قياسها على القسم الأول، ثم أنه تعالىٰ لما أمر بالقياس وتعبد المكلفين به كان ذلك في الحقيقة بيانا لكل الأحكام، وإذا كان كذلك كان إكمالا للد ين .
قال نفاة القياس: الطريق المقتضية لإلحاق غير المنصوص بالمنصو ص إما أن تكون دلائل قاطعة أو غير قاطعة، فإن كان القسم الأول فلا نزا ع في صحته، فإنا نسلم أن القياس المبني على المقد مات اليقينية حجة، إلا

أن مثل هذا القياس يكون المصيب فيه واحداً، والمخالف يكون مستحقاً للعقاب، وينقض قضاء القاضي فيه وأنتم لا تقولون بذلك، وإن كان الحق هو القسم الثاني كان ذلك تمكيناً لكل أحد أن يحكم بما غلب على ظنه من غير أن يعلم أنه هل هو دين الله أم لا، وهل هو الحكم الذي حكم به الله أم لا، ومعلوم أن مثل هذا لا يكون إكمالاً للد ين، بل يكون ذلك إلقاء للخلق في ورطة الظنون والجهالات، قال مثبتو القيا س : إذا كان تكليف كل مجتهد أن يعمل بمقتضى ظنه كان ذلك إكمالاً للدين، ويكون كل مكلف قاطعاً بأنه عامل بحكم الله فزال السؤال .

المسألة الثالثة: قال أصحابنا: هذه الآية دالة على بطلان قول الرافضة، وذلك لأنه تعالىٰ بين أن الذ ين كفروا يئسوا من تبد يل الد ين، وأكد ذلك بقوله﴿فلا تخشوهم واخشون﴾فلو كانت إمامة عليّ بن أبي طالب رضي الله عنه منصوصاً عليها من قبل الله تعالىٰ وقبل رسوله ﷺ نصاً واجب الطاعة لكان من أراد إخفائه وتغيره آيساً من ذلك بمقتضي هذه الآية، فكان يلزم أن لا يقدر أحد من الصحابة على إنكار ذلك النص وعلى تغييره وإخفائه، ولما لم يكن الأمر كذلك، بل لم يجر لهذا النص ذكر، ولا ظهر منه خبر ولا أثر، علما أن إدعاء هذالنص كذب، وأن عليّ بن أبي طالب رضي الله عنه ما كان منصوصاً عليه بالإمامة.

المسألة الرابعة: قال أصحاب الآثار: إنه لما نزلت هذه الآية على النبي ﷺلم يعمر بعد نزولها إلا أحداً وثمانين يوماً، أواثنين وثمانين يوماً، ولم يحصل في الشريعة بعد ها زيادة ولا نسخ ولا تبد يل ألبتة، وكان ذلك جارياً مجرى اخبار النبي ﷺ عن قرب وفاته، وذلك إخبار عن الغيب فيكون معجزاً، ومما يؤكد ذلك ما روي أنه ﷺ لما قرأهذه الآية على الصحابة فرحوا جداً وأظهروا السرورالعظيم إلا أبابكر رضي الله عنه فإنه بكى فسئل عنه فقال: هذه الآية تدل على قرب وفاة رسول الله ﷺ فإنه ليس بعد الكمال إلا الزوال، فكان ذلك دليلاً على كمال علم الصديق حيث وقف من هذه الآية على سر لم يقف عليه غيره.

المسألة الخامسة: قال أصحابنا: دلت الآية على أن الد ين لايحصل إلا بخلق الله تعا ليٰ وإيجاده، والد ليل عليه أنه أضاف إكمال الدين إلى نفسه فقال:﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ولن يكون إكمال الد ين منه إلا وأصله أيضاً منه.

واعلم أنا سواء قلنا: الدين عبارة عن العمل، أو قلنا إنه عبارة عن المعرفة، أو قلنا إنه عبارة عن مجموع الاعتقاد والاقرار والفعل فالاستدلال ظاهر.

وأما المعتزلة فإنهم يحملون ذلك على إكمال بيان الد ين وإظهار شرائعه، ولا شك أن الذي ذكروه عد ول عن الحقيقة إلى المجاز .

ثم قال تعاليٰ:﴿وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ﴾ومعنى اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ بإكمال أمرالد ين والشريعة كأنه قال : اليوم اكملت لكم دينكم وأتممت عليكم نعمتى بسبب ذلك الاكمال لأنه لا نعمة أتم من نعمة الإسلام.

واعلم أن هذه الآية أيضاً دالة على أن خالق الإيمان هوالله تعاليٰ، وذلك لأنا نقول:الدين الذي هو الإسلام نعمة، وكل نعمة فمن الله، فيلزم أن يكون دين الإسلام من الله.

إنما قلنا: إن الإسلام نعمة لوجهين: الأول: الكلمة المشهورة على لسان الأمة وهي قولهم : الحمد لله على نعمة الإسلام.

والوجه الثانى : أنه تعاليٰ قال في هذ ه الآية : ﴿اليوم اكملت لكم دينكم وأتممت عليكم نعمتي﴾ ذكر لفظ النعمة مبهمة، و الظاهر أن المراد بهذ ه النعمة ما تقد م ذكره وهو الد ين .

فإن قيل: لم لا يجوز أن يكون المراد بإتمام النعمة جعلهم قاهرين لأعدائهم، أو المراد به جعل هذالشرع بحيث لا يتطرق إليه نسخ.

قلنا:أن الأول فقد عرف بقوله﴿اليوم يئس الذين كفروا من دينكم﴾ فحمل هذ ه الآية عليه أيضاً يكون تكريراً .

وأما الثاني فلأن إبقاء هذالد ين لما كان إتماماً للنعمة وجب أن يكون أصل هذالد ين نعمة لا محالة، فثبت أن دين الإسلام نعمة .

وإذا ثبت هذ افنقول: كل نعمة فهي من الله تعالى، الدليل عليه قوله تعا لىٰ:﴿وما بكم من نعمة فمن الله﴾وإذا ثبت هاتان المقد متان لزم القطع بأن دين الإسلام إنما حصل بتخليق الله تعالىٰ وتكوينه وإيجاده.

ثم قال تعالىٰ:﴿وضيت لكم الإسلام دينا﴾والمعنى أن هذ الد ين هو دين المرضى عند الله تعالىٰ ويؤكده قوله تعالىٰ:﴿ومن يبتغ غيرالإسلام ديناً فلن يقبل منه﴾.

تفسیرابن کثیر:۔(ص۱۹۔۲۱ج۲)

وقوله﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وضيت لكم الإسلام ديناً﴾هذه أكبر نعم الله تعا لىٰ على هذه الأمة حيث أكمل تعالىٰ لهم دينهم، فلا يحتاجون إلى دين غيره، ولا إلى نبى غير نبيهم صلواة الله وسلامه عليه، ولهذا جعله الله تعالىٰ خاتم الأنبياء وبعثه إلى الإنس والجنّ، فلا حلال إلا ما أحله، ولا حرام إلا ما حرمه، ولا دين إلا ما شرعه، وكل شيء أخبر به فهو حق وصد ق لا كذب فيه ولا خلف كما قال تعالىٰ:﴿وتمت كلمة ربک صدقاً وعدلا﴾أى صدقاً في الأخبار، و عدلاً في الأوامر والنواهي،فلما أكمل لهم الدين،تمت عليهم النعمة، ولهذ ا قال تعالىٰ:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وضيت لكم الإسلام ديناً﴾أي فارضوه أنتم لأنفسكم، فإنه الد ين الذي أحبه الله ورضيه، وبعث به أفضل الرسل الكرام، وأنزل به أشرف كتبه .

وقال عليّ بن أبي طلحة عن ابن عباس قوله:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ وهو الإسلام، أخبرالله نبيه ﷺ والمؤمنين أن لهم قد أكمل لهم الإيمان، فلا يحتاجون إلى زيادة أبداً، وقد أتمه الله فلا ينقصه أبداً، وقد رضيه الله فلا يسخطه أبداً، وقال أسباط عن السديّ : نزلت هذه الآية يوم عرفة، ولم ينزل بعد ها حلال ولا حرام، ورجع رسول اللهﷺ فمات قالت أسماء بنت عميس: حججت مع رسول الله ﷺ تلک الحجة فبينما نحن نسير إذ تجلى له جبريل، فمال رسول الله ﷺ على الراحلة، فلم تطق الراحلة من ثقل ما عليها من القرآن، فبركت، فأ تيته فسجيت عليه

برداً كان علي . وقال ابن جرير وغير واحد: مات رسول الله ﷺ بعد يوم عرفة بأحد وثمانين يوماً، رواهما ابن جرير، ثم قال :حدثنا سفيان بن وكيع، حدثنا ابن فضيل عن هارون بن عنترة، عن أبيه، قال: لما نزلت ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾وذلك يوم الحج الأكبر، بكى عمر،فقال له النبي ﷺ"ما يبكيك ؟"قال:"أبكاني أنا كنا في زيادة من ديننا، فأما إذا أكمل فإنه لم يكمل شيء إلا نقص، فقال"صدقت"ويشهد لهذا المعنى الحديث الثابت"إن الإسلام بدأ غريباً، وسيعود غريباً، فطوبى للغرباء"

قال الإمام أحمد :حدثنا جعفر بن عون، حدثنا أبو العميس عن قيس بن مسلم، عن طارق بن شهاب قال : جاء رجل من اليهود إلى عمر بن الخطاب فقال: يا أمير المؤمنين، إنكم تقرؤون آية في كتابكم لو علينا معشر اليهودنزلت، لاتخذنا ذلك اليوم عيداً، قال: وأي آية ؟ قال : قوله ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي﴾فقال عمر: والله إني لأعلم اليوم الذى نزلت على رسول الله ﷺ،والساعة التى نزلت فيها على رسول الله ﷺ: عشية عرفة في يوم جمعة، ورواه البخارى عن الحسن بن الصباح عن جعفر بن عون به، ورواه أيضاً مسلم والترمذي والنسائي أيضاً من طرق عن قيس بن مسلم به . ولفظ البخارى عند تفسير هذ ه الآية من طرق سفيان الثوري، عن قيس، عن طارق قال: قالت اليهو د لعمر: والله إنكم تقرؤون آية لونزلت فينا لاتخذ ناها عيدا ً.فقال عمر: إنى لاعلم حين أنزلت، وأين أنزلت، وأين رسول الله ﷺ حيث أنزلت : يوم عرفة، وأنا والله بعرفة، قال سفيان: وأشك، كان يوم الجمعة أم لا ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾الآية، وشك سفيان رحمه الله إن كان في الرواية، فهو تورع حيث شك هل أخبره شيخه بذلك أم لا، وإن كان شك في كون الوقوف في حجة الودا ع كان يوم جمعة، فهذا ما أخاله عن الثورى رحمه الله، فإن هذا أمر معلوم مقطوع به، لم يختلف فيه أحد من أصحابى المغازى والسير، ولا من فقهاء وقد وردت في ذلك أحاديث متواترة لا يشك فى صحتها، واللهاعلم، وقد روي هذ ا الحد يث من غير وجه عن عمر.

وقال ابن جرير:حد ثني يعقوب بن ابراهيم، حد ثنا إبن علية، أخبرنا رجاء بن أبى سلمة، أخبرنا عبادة بن نسي، أخبرنا أميرنا إسحاق، قال أبوجعفربن جرير وهو إسحاق بن حرشة عن قبيصة يعنى إبن أبى ذئب، قال: قال كعب: لو أن غير هذ ه الأمة نزلت، عليهم هذ ه الآية، لنظروا اليوم الذى أنزلت فيه عليهم، فاتخذ وه عيداً يجتمعون فيه، فقال عمر:أىّ آية يا كعب؟فقال:﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾فقال عمر: قد علمت اليوم الذي أنزلت، والمكان الذي أنزلت فيه : نزلت في يوم الجمعة، و يوم عرفة، وكلاهما بحمد الله لنا عيد .وقال :حدثنا أبو بكر،حدثنا قبيصة، حدثنا حمادبن سلمة،عن عمارهومولى بني هاشم: ان ابن عباس قرأ ﴿اليوم اكملت لكم دينكم وأتممت عليكم نعمتي ورضيت لكم الإسلام دينا﴾فقال يهودي : لو نزلت هذ ه الآية علينا، لاتخذ نا يومهاعيداً، فقال ابن عباس: فإنهانزلت فيِيوم عيد ين اثنين: يوم عيد، ويوم جمعة . وقال ابن مردويه :حدثنا أحمد بن كامل، حدثنا موسى بن هارون، حدثنا يحى بن الحماني، حد ثناقيس بن الربيع عن اسماعيل بن سليمان، عن أبى عمر البزار، عن ابى الحنفية، عن عليّ قال : نزلت هذ ه الآية على رسول الله صلى الله عليه وسلم وهوقائم عشيةعرفة ﴿اليوم اكملت لكم دينكم﴾

وقال ابن جرير:حدثناأبوعامرإسماعيل بن عمرو السكوني، حدثنا هشام بن عمار،حدثناابن عياش حدثنا عمروبن قيس السكوني، أنه سمع معاوية بن أبي سفيان على المنبرينتزع بهذه الآية﴿اليوم اكملت لكم دينكم﴾ حتى ختمها، فقال: نزلت في يوم عرفة فيِيوم جمعة وروى ابن مردوية من طريق محمد بن إسحق عن عمربن موسى بن دحية، عن قتادة عن الحسن، عن سمرة قال: نزلت هذه الآية ﴿اليوم اكملت لكم دينكم وأتممت عليكم نعمتيورضيت لكم الإسلام دينا﴾يوم عرفة، ورسول الله صلى الله عليه وسلم واقف على الموقف، فأماماروا‌ه ابن جريروابن مردوية والطبراني من طريق ابن لهيعة عن خالد بن أبي عمران، عن حنش بن عبدالله الصغاني، عن ابن عباس قال: ولد نبيكم صلى الله عليه وسلم

يوم الإثنين، وخرج من مكة يوم الإثنين، ودخل المد ينة يوم الإثنين، وفتح بدرا يوم الإثنين، وأنزلت سورة المائدة يوم الإثنين .﴿اليوم اكملت لكم دينكم﴾ورفع الذكريوم الإثنين، فإنه أثرغريب،وإسناده ضعيف،وقدرواه الإمام أحمد: حدثنا موسى بن داود، حدثنا ابن لهيعة عن خالد بن أبي عمران،عن حنش الصغاني، عن ابن عباس قال: ولدالنبيﷺ يوم الإثنين، واستنبيء يوم الإثنين، وخرج مهاجرامن مكة إلى الدينة يوم الإثنين، وقدم المدينة يوم الإثنين، وتوفيبوم الإثنين، ووضع الحجرالأسود يوم الإثنين، هذ الفظ أحمد، ولم يذكرنزول المائدة يوم الإثنين، فالله أعلم، ولعل ابن عباس أرادأنهانزلت يوم عيدين إثنين، كماتقدم فاشتبه على الراوي، والله أعلم.

وقال ابن جرير:وقدقيل:ليس ذلک بيوم معلوم عندالناس، ثم رويمن طريق العوفي عن ابن عباس فيقوله﴿اليوم اكملت لكم دينكم﴾ يقول: ليس ذلک بيوم معلوم عند الناس قال : وقدقيل : إنها نزلت على رسول الله ﷺ في مسيره إلى حجة الودا ع، ثم رواه من طريق أبي جعفر الرازي عن الربيع بن أنس . قلت : وقد روى ابن مرد ويه من طرق أبي هارون العبديعن أبي سعيد الخدري : أنها نزلت على رسول الله ﷺ يوم غدير خم حين قال لعليّ"من كنت مولاه فعلي مولاه " ثم رواه عن أبي هريرة، وفيه أنه اليوم الثامن عشر من ذيالحجة يعني مرجعه عليه السلام من حجة الودا ع، ولا يصح هذا ولا هذا بل الصواب الذي لا شک فيه ولا مرية أنها أنزلت يوم عرفة،وكان يوم جمعة كما روى ذلک أمير المؤمنين عمر بن الخطاب وعلي بن أبي طالب،وأول ملوک الإسلام معاوية بن أبي سفيان، وترجمان القرآن عبدالله‌بن عباس،وسمرة بن جندب رضي الله عنهم، وأرسله الشعبي وقتادة بن دعامة وشهر بن حوشب وغير واحد من الأئمة والعلماء، واختاره ابن جرير طبري رحمه الله."

آیت:(۸)

"یَابَنِیٓ اٰدَمَ اِمَّایَاْتِیَنَّکُمْ رُسُلٌ مِنکُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْکُمْ اٰیٰتِیْ فَمَنِ اتَّقٰی وَاَصْلَحَ فَلَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَاهُمْ یَحْزَنُوْنَ.وَالَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاسْتَکْبَرُوْا عَنْهَا اُولٰٓئِکَ اَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ." (اعراف: ۳۵،۳۶)

ترجمہ:اے اولادآدم کی اگرآئیں تمھارے پاس رسول تم میں کے کہ سنائیں تم کوآیتیں میری تو جوکوئی ڈرے اور نیکی پکڑے تو نے خوف ہوگا اُن پر اور نہ وہ غمگین ہونگے ۔اور جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کواور تکبر کیا اُن سے،وہی ہیں دوزخ میں رہنے والے وہ اُسی میں ہمیشہ رہیں گے۔

خلاصہ:۔

ابن جریر طبریؒ نے حضرت ابو یسار سلمیؒ سے نقل کیا ہے کہ یہ خطاب تمام اولادآدم کو عالم ارواح میں ہوا تھا۔جبکہ بعض محققین کے نزدیک جو خطاب ہر زمانے میں ہرقوم کو ہوتا رہا۔جس میں شیطان کے مکروفریب سے ہوشیار رہنے اور اخلاص وعبودیت کا راستہ اختیار کرنے کی تاکید کی جاتی رہی ہے،یہ اس کی حکایت ہے۔کہ جنت سے نکلنے کے بعد جنت جیسی بےفکری اور خوشحالی یہاں اگر چہ میسر نہیں تاہم آرام وآسائش کا جو موقع یہاں تمھیں دیا گیا ہے اس اثنا اگر خدا تعالیٰ کسی وقت تمھیں میں سے کوئی پیغمبر مبعوث فرمائے تو ان کی پیروی کرو۔جولوگ اُن کو جھٹلائیں گے انھیں ابدی عذاب اور ہلاکت کے سوا کچھ بھی نہیں ملے گا۔

بہر حال جولوگ اس آیت سے قیامت تک کے لئے نبوت کا دروازہ کھولنا چاہتے ہیں اُن کے لئے اپنی مقصد براری کا یہاں کوئی موقع نہیں۔

قادیانی استدلال:

یہ آیت آنحضرت ﷺ پر نازل ہوئی ۔لہٰذا اس میں حضور ﷺ کے بعد آنے والے رسولوں کا ذکر ہے۔آپ ﷺ کے بعد بنی آدم کوخطاب ہے لہٰذا جب تک بنی آدم دنیا میں موجود ہیں اس وقت تک نبوت کا سلسلہ جاری رہے گا۔

جواب ا-

اس آیت کریمہ سے قبل اسی رکوع میں تین بار ''یابنی آدم'' آیا ہے۔اور اول ''یابنی آدم'' کا تعلق ''اِهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ''(البقرة۳۶) سے ہے۔ اِهْبِطُوْا کے مخاطب سیدنا آدم علیہ السلام وسیدہ حواء ہیں۔لہٰذا اس آیت میں بھی آدم علیہ السلام کے وقت کے اولاد آدم کو مخاطب بنایا گیا ہے۔پھر زیر بحث آیت نمبر ۳۵ ہے۔آیت نمبر ۱۰، سے سیدنا آدم علیہ السلام کا ذکر شروع ہے۔اس تسلسل کے تناظر میں دیکھا جائے تو دو رکوع سے پہلے جو مضمون چلا آرہا ہے اس کی ترتیب وتنسیق خود ظاہر کرتی ہے کہ جب آدم وحوا کو اپنے اصلی مسکن (جنت) سے عارضی طور پر جدا کیا گیا تو انکی مخلصانہ توبہ وانابت پر نظر کرتے ہوئے مناسب معلوم ہوا کہ اس حرمان کی تلافی اور تمام اولاد آدم کو اپنی میراث آبائی واپس دلانے کے لئے کچھ ہدایات دی جائیں۔چنانچہ ھبوط آدم کا قصہ ختم ہونے کے بعد ''یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاساً''(اعراف۲۶) سے خطاب شروع کر کے تین چار رکوع تک انہی ہدایات کا مسلسل بیان ہوا ہے۔تو حقیقت میں یہ خطاب اولین اولاد آدم علیہ السلام کو ہے اس پر قرینہ اس کا سباق ہے۔تسلسل اور سباق آیات کی صراحتہ دلالت موجود ہے کہ یہاں پر حکایت کی گئی ہے۔

۲-قرآن مجید کے اسلوب بیان سے یہ بات ظاہر ہے کہ آپ ﷺ کی امت اجابت کو ''یٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا'' سے مخاطب کیا جاتا ہے۔اور آپ ﷺ کی امت دعوت کو ''یٰٓاَيُّهَا النَّاسُ'' سے خطاب ہوتا ہے۔قرآن مجید میں کہیں بھی آپ ﷺ کی امت اجابت کو یابنی آدم سے خطاب نہیں کیا گیا۔یہ بھی اس امر کی دلیل ہے کہ آیت بالا میں حال ماضیہ کی حکایت ہے۔

ضروری وضاحت

ہاں البتہ ''یَا بَنِیْٓ اٰدَمَ'' کی عمومیت کے حکم میں آپ ﷺ کی امت کے لئے وہی سابقہ احکام ہوتے ہیں۔بشرطیکہ وہ منسوخ نہ ہو گئے ہوں۔اور اگر وہ منسوخ

ہو گئے یا کوئی ایسا حکم جو آپ ﷺ کی امت کو اس عمومیت میں شمول سے مانع ہو تو پھر آپ ﷺ کی امت کا اس عموم سے سابقہ نہ ہو گا۔

۳- کبھی قادیانی کرم فرماؤں نے یہ بھی سوچا کہ بنی آدم میں ہندو، عیسائی، یہودی، سکھ، سبھی شامل ہیں۔ کیا ان میں سے نبی پیدا ہو سکتا ہے۔ اگر نہیں تو پھر ان کو اس آیت کے عموم سے کیوں خارج کیا جاتا ہے؟ ثابت ہوا کہ خطاب عام ہونے کے باوجود حالات و واقعات و قرائن کے باعث اس عموم سے کئی چیزیں خارج ہیں۔ پھر بنی آدم میں تو عورتیں، ہجڑے بھی شامل ہیں۔ تو کیا اس عموم سے ان کو خارج نہ کیا جائے گا؟ اگر یہ کہا جائے کہ عورتیں وغیرہ تو پہلے نبی نہ تھیں اس لئے وہ اب نہیں بن سکتیں تو پھر ہم عرض کرینگے کہ پہلے رسول مستقل آتے تھے، اب تم نے رسالت کو اطاعت سے وابستہ کر دیا ہے۔ تو اس میں ہجڑے و عورتیں بھی شامل ہیں۔ لہٰذا مرزائیوں کے نزدیک عورتیں و ہجڑے بھی نبی ہونے چاہئیں۔

۴- اگر ”یَابَنِیْ اٰدَمَ اِمَّایَاتِیَنَّکُمْ رُسُلٌ“ سے رسولوں کے آنے کا وعدہ ہے تو ”اِمَّایَاتِیَنَّکُمْ مِنِّیْ ھُدًی“ میں وہی یاتینکم ہے اس سے ثابت ہوا کہ نئی شریعت بھی آ سکتی ہے۔ تو مرزائیوں کے عقیدہ کے خلاف ہوا۔ کیوں کہ تمہارے نزدیک تو اب تشریعی نبی نہیں آ سکتا۔ کیوں کہ خود مرزا نے کہا ”رسول کا لفظ عام ہے جس میں رسول اور نبی اور محدث داخل ہیں“ (آئینہ کمالات خ ص ۳۲۲ ج ۵)

اگر کہا جائے کہ ”قُلْنَا اھْبِطُوْا مِنْھَا جَمِیْعاً“ قرینہ ہے کہ ھبوط آدم کے وقت کے لئے یہ آیت مخصوص ہے تو ہم عرض کریں گے کہ ”یابنی آدم“ قرینہ ہے کہ یہ حکم اولین اولاد آدم کو تھا۔ اس میں آپ ﷺ کی امت کو خطاب نہیں کیا گیا۔ بلکہ حکایت حال ماضیہ کی کی گئی ہے۔

۵:- اما حرف شرط ہے۔ جس کا تحقق ضروری نہیں۔ یاتینکم مضارع ہے اور ہر مضارع کے لئے استمرار ضروری نہیں۔ جیسا کہ فرمایا ”اِمَّاتَرَیِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَداً“ (مریم ۲۶) کیا حضرت مریم قیامت تک زندہ رہینگی اور کسی بشر کو دیکھتی رہینگی؟ مضارع

اگرچہ بعض اوقات استمرار کے لئے آتا ہے مگر استمرار کیلئے قیامت تک رہنا ضروری نہیں جو فعل دو چار دفعہ پایا جائے اسکے لئے مضارع استمرار سے تعبیر کرنا جائز ہے اس کی ایک مثال گزر چکی ہے[۱]

۶-آیت زیر بحث میں ہے "یَقُصُّوْنَ عَلَیْکُمْ اٰیٰتِیْ" تو معلوم ہوا کہ آنے والے رسول شریعت لائیں گے۔ جیسا کہ مفسرین نے اور بالخصوص امام فخر الدین رازیؒ نے وضاحت کی ہے اور جیسا کہ "نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْکَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ" سے ثابت ہے۔ تو یہ آیت مرزائیوں کے دعوی کے خلاف ہوئی کیونکہ ان کے نزدیک تو اب صاحب شریعت نبی نہیں آئیں گے۔ چنانچہ مرزا صاحب بھی شریعت کے اجرا کے قائل نہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ

"میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم الانبیاء حقیقی معنوں کی رو سے سمجھتا ہوں اور قرآن کو خاتم الکتب تسلیم کرتا ہوں" (سراج منیر خ ص ۶ ج ۱۲)

۷-درمنثور ج ۳ ص ۸۲ میں زیر بحث آیت ھذا لکھا ہے: یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ رُسُلٌ مِّنْکُمْ الآیۃ

اخرج ابن جریر عن ابی یسار السلمی فقال ان اللہ تبارک وتعالیٰ جَعَلَ آدم وذریته فی کفه فقال یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ رُسُلٌ مِّنْکُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْکُمْ اٰیَاتِیْ ثم نظرالی الرسل فقال یٰٓاَیُّھَا الرُّسُلُ کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا

ابی یسار سلمیٰ سے روایت ہے کہ اللہ رب العزت نے سیدنا آدم علیہ السلام اور ان کی جملہ اولاد کو (اپنی قدرت ورحمت کی) مٹھی میں لیا اور فرمایا "یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ رُسُلٌ مِّنْکُمْ۔ الآیۃ پھر نظر (رحمت) رسولوں پر ڈالی تو ان کو فرمایا یاایھا الرسل الآیہ۔

---

[۱] اس کی مزید چند مثالیں یہ ہیں (۱) اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰۃَ فِیْھَا ھُدًی وَّنُوْرٌ یَحْکُمُ بِھَا النَّبِیُّوْنَ" مائدہ ۴۴۔ ظاہر ہے کہ تورات کے موافق حکم کرنے والے گزر چکے۔ آپ ﷺ کی بعثت کے بعد کسی کو حتی کہ صاحب توراۃ کو بھی حق حاصل نہیں اسکی تبلیغ کا (۲) "وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ یُسَبِّحْنَ وَالطَّیْرَ" الانبیاء ۷۹۔ تسبیح داؤد کی زندگی تک ہی رہی پھر مسدود ہوگئی مگر ہر جگہ صیغہ مضارع کا ہے۔ (۳) "وَاُوْحِیَ اِلَیَّ ھٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَکُمْ بِهٖ وَمَنْ بَلَغَ" انعام ۱۹ چنانچہ حضور ﷺ ایک زمانہ تک ڈراتے رہے مگر اب بلاواسطہ آپ کی انذار وتبشیر مسدود ہے۔

غرض یہ کہ عالم ارواح کے واقعہ کی حکایت ہے۔نہ کہ حضور خاتم النبیین ﷺ کے بعد نبوت جاری ہونے کی خبر!

مرزائی عذر۔ا

> اس آیت میں حضور ﷺ کے زمانہ کے بعد بنی آدم کو ہی خطاب ہے جیسے ''یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ خُذُ وْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ''میں کیونکہ اس میں مسجد کا لفظ ہے اور یہ لفظ محض امت محمدیہ ہی کی عبادت گاہ کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

جواب:۔

امم سابقہ کے لئے بھی مسجد کا لفظ استعمال کیا گیا ہے جیسا کہ سورہ کہف میں ہے ''قَالَ الَّذِیْنَ غَلَبُوْ عَلٰٓی اَمْرِھِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَیْھِمْ مَّسْجِدًا'' (کہف ۲۱)

بالفرض والتقدیر اگر اس آیت کو اجرائے نبوت کی دلیل مان بھی لیا جائے تب بھی مرزا غلام احمد قیامت کی صبح تک نبی قرار نہیں دیا جاسکتا۔کیوں کہ وہ بقول خود آدم کی اولاد ہی نہیں اور یہ آیت تو صرف بنی آدم سے متعلق ہے۔مرزا نے اپنا تعارف بایں الفاظ کرایا ہے۔ملاحظہ ہو

کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں
ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار

(براہین احمدیہ پنجم خ ص ۱۲۷ ج ۲۱)

اب اگر وہ بنی آدم میں سے تھا جیسا کہ ہمارا اسکے بارے میں ابھی تک خیال ہے تو پھر اسنے اپنی آدمیت کا انکار کر کے سفید جھوٹ بولا ہے اور جھوٹا آدمی نبی نہیں ہوسکتا۔اور اگر وہ واقعی دائرہ آدمیت سے خارج تھا تو پھر یابنی آدم والی آیت سے اسکی نبوت نہیں ثابت کی جاسکتی۔اس لئے مرزائیوں کا اس آیت سے اجراء نبوت کی دلیل پیش کرنا سراسر لاحاصل کوشش ہے۔

شعر میں تاویل

مذکورہ بالا شعر میں مرزائی یہ تاویل کرتے ہیں کہ دراصل ہمارے حضرت صاحب بہت ہی منکسر المزاج تھے۔ اس کسر نفسی کی بنا پر انھوں نے یہ شعر کہہ دیا اس سے اپنا تعارف کرانا مقصود نہ تھا۔ لہٰذا یہ شعر ہماری بحث سے خارج ہونا چاہئے۔

تاویل کا تجزیہ

پہلی بات تو یہ ہے کہ کوئی عقل مند آدمی ایسی تواضع نہیں کرتا کہ اپنے آدمی ہونے ہی کا انکار کردے، اور ساتھ میں اپنے کو بشر کی جائے نفرت (شرمگاہ) قرار دے۔ دوسری بات یہ کہ جو شخص متواضع ہوتا ہے وہ ہر جگہ اپنی تواضع اور کسر نفسی کا اظہار کرتا ہے۔ یہ نہیں کہ ایک جگہ اپنے آدمی ہونے کا ہی انکار کردے اور دوسری جگہ اپنے کو دنیا کا سب سے عظیم المرتبت انسان قرار دینے لگے۔ لیکن اس الٹی منطق کا ارتکاب مرزا جی ایک نہیں بے شمار جگہ کرتے ہیں۔ چند ایک انکی نام نہاد تواضع کا نمونہ ملاحظہ فرمایئے۔ جو مرزائیوں کی تاویل کا منہ چڑا رہے ہیں۔ دیکھئے!

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو   اس سے بہتر غلام احمد ہے!

(دافع البلاء خ ص ۲۴۰ ج ۱۸)

روضہء آدم کہ جو تھا نامکمل اب تلک، میرے آنے سے ہوا کامل بجملہ برگ وبار

(براہین پنجم خ ص ۱۴۴ ج ۲۱)

کربلائے ست سیر ہر آنم
صد حسین است در گریبانم
آدم نیز احمد مختار
در برم جامہ ہمہ ابرار
آنچہ داداست ہر نبی را جام
داد آں جام را مرا بتمام
انبیاء گرچہ بودہ اند بسے
من بعرفاں نہ کمترم زکسے

(نزول المسیح خ ص ۴۷۷ ج ۱۸)

خود ہی سوچئے! کیا کوئی ہوشمند انسان ایسے متکبر اور گھمنڈی کو منکسر المزاج کہہ سکتا ہے؟
مرزا نے کہا، کربلائے ست سیر ہر آنم، تو مرزا کے بیٹے مرزا محمود نے اس پر یہ رنگ چڑھایا:
''حضرت مسیح موعود (مرزا مردود) نے فریا کہ میرے گریبان میں سو حسین ہیں۔لوگ اس کے یہ معنی سمجھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ میں سو حسین کے برابر ہوں۔

> لیکن میں کہتا ہوں کہ اس سے بڑھ کر اس کا مفہوم یہ ہے کہ سو حسین کی قربانی کے برابر میری ہر گھڑی کی قربانی ہے۔وہ شخص جو اہل دنیا کی فکروں میں گھلا جاتا ہے جو ایسے وقت میں کھڑا ہوتا ہے جبکہ ہر طرف تاریکی اور ظلمت پھیلی ہوئی ہے۔اور اسلام کا نام مٹ رہا ہے۔وہ دن رات دنیا کا غم کھاتا ہوا اسلام کو قائم کرنے کے لئے کھڑا ہوتا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ اس کی قربانی سو حسین کے برابر نہ تھی۔یہ تو ادنیٰ سوال ہے کہ حضرت مسیح موعود امام حسین کے برابر تھے یا ادنیٰ۔ (خطبہ محمود مندرجہ اخبار الفضل قادیان ۲۶ جنوری ۱۹۲۶ء)

اب قادیانی بتائیں کہ کیا یہ منکسر المزاجی تھی؟

۲-کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں اگر یہ عاجزی ہے تو تمام مرزائی اجتماعی طور پر مرزا قادیانی کی سنت پر عمل کر کے عاجزی کریں اور اعلان کریں کہ وہ آدم زاد نہیں

۳-ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار،، تو انسان کی جائے نفرت دو مقام ہیں۔مرزائی وضاحت کریں کہ وہ کون سی جگہ تھا۔ (لاحول ولاقوۃ الا باللہ)

مغالطہ:۲۔

> بعض مرزائی جہلاء بحوالہ تفسیر کبیر مغالطہ دیتے ہیں کہ یہاں آیاتی سے مراد صرف قرآن ہے یعنی اب جن رسولوں کی آمد کا وعدہ دیا جارہا ہے وہ سب غیر تشریعی ہونگے جنکا کام قرآن پڑھ پڑھ کر سنانا ہوگا۔ (تبلیغی پاکٹ بک ۲۵۹)

جواب:۔

واضح رہے کہ امام رازیؒ نے یہاں تین اقوال ذکر کئے ہیں
'فقِیلَ تِلْکَ الآیاتُ ھی القرآن وقِیلَ الدلائلُ وقِیلَ الاحکامُ و الشرائعُ والاَوْلیٰ دخولُ الکلِّ فِیهِ لِاَنَّ جَمیعَ ھٰذہ الاشیاءِ الآیاتُ.

معلوم ہوا کہ امام رازیؒ نے قرآن کے ساتھ تخصیص نہیں کی یہ قادیانی دیانت داری کے دیوالیہ ہونے کی شہادت اور قادیانیوں کا نِرا مغالطہ ہے اور بس۔ تفصیل کے لئے امام رازیؒ کی آیت سے متعلق مکمل تفسیر اخیر میں ملاحظہ فرمالیجئے:

مغالطہ ۳-

دھوکہ باز مرزائی نے یہاں پر مضارع اور نون تاکید کی بحث میں الجھا کر بیضاوی کی ایک عبارت نقل کی ہے "اتیان الرسل امر جائز غیر واجب" اور ترجمہ یوں کیا کہ 'رسولوں کا آنا جائز ہے اگرچہ ضروری نہیں' اس سے معلوم ہوا کہ نبی کا آنا ممکن ہے۔

جواب:۔

مرزائی پادری اپنے مقصد کا جملہ نقل کرتے ہیں اور اسی کے آگے جملہ **کماظنہ اھل التعلیم** کو چھوڑ دیتے ہیں جس سے صاحب بیضاوی کا مقصد اور مراد، واضح ہوتا ہے۔ بہر کیف شہاب علی البیضاوی نے کیا خوب قادیانیوں پر چپت رسید کی ہے ملاحظہ ہو۔

ذکرہ بحرف الشرط.ارسال الرسل لھدایۃ البشر واقع ولیس بواجب عندنا وقالت الفلاسفۃ انہ واجب علی اللّٰہ لانہ یجب علیہ تعالیٰ ان یفعل الاصلح وھم یُسمون اھل التعلیم ......ولیس المراد بالرسل نبینا ﷺ وبنی آدم امتہ کما قیل فانہ خلاف الظاھر (شھاب علی البیضاوی ص۱۶۶)

کہ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ اس آیت میں "رسل" سے مراد حضور ﷺ اور "بنی آدم" سے مراد حضور ﷺ کی امت نہیں۔ دوسری بات یہ کہ **امر جائز غیر واجب** سے صاحب بیضاوی فلاسفہ کا رد کر رہے ہیں جو رسولوں کا بھیجنا خدا تعالیٰ پر واجب قرار دیتے ہیں نہ کہ مرزا جیسے بدطینت کے لئے نبوت جاری کر رہے ہیں۔ اسی مرزائیت کو تو کہتے ہیں۔ چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد!

بیضاوی شریف درسی کتاب ہے، اس کی کئی ایک شروحات ہیں۔ کیا مرزائی اپنے من گھڑت معنی ومطلب کی تائید میں ان کی کوئی ایک سطر پیش کرنے کی جرات کریں گے؟ **ولن تفعلوا فاتقوا النار التی اعدت......**

کیا فرماتے ہیں مفسرین:

معارف القرآن۔ (ص۵۵۳ج۳)

بیان القرآن:

(ہم نے عالم ارواح ہی میں کہہ دیا تھا) اے اولادِ آدم کی اگر تمہارے پاس پیغمبر آویں جو تم ہی میں سے ہوں گے جو میرے احکام تم سے بیان کریں گے سو (ان کے آنے پر) ے جو شخص (تم میں ان آیات کی تکذیب سے) پرہیز رکھے اور (اعمال کی) درستی کرے (مراد یہ کہ کامل اتباع کرے) سو ان لوگوں پر (آخرت میں ھی نہ کچھ اندیشہ (کی بات واقع ہونے والی) ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور جو لوگ (تم میں سے) ہمارے ان احکام کو جھوٹا بتاویں گے اور ان (کے قبول کرنے) سے تکبر کریں گے وہ لوگ دوزخ (میں رہنے) والے ہوں گے اور وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔"

تفسیر ماجدی۔

ترجمہ: اے اولاد آدم اگر تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول آئیں (جو) تم سے میرے احکام بیان کریں، سو جو کوئی تقویٰ اختیار کرے اور (اپنی) اصلاح کر لے تو ان لوگوں پر نہ کوئی خوف واقع ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (۴۷)۔

تفسیر:۔

(۴۷) (ایسے آدم زادوں کو اپنی اصلی میراث یعنی جنت حاصل کر لینا کچھ بھی دشوار نہیں) یبنی آدم۔ یہ ذکر ارواح کا ہے۔ یہ مخاطبہ انسان سے اس وقت ہوا تھا جب اس کی آفرینش ابھی عالم ناسوت میں ہوئی بھی نہ تھی اور ابھی وہ عالم ارواح ہی میں تھا۔ اِمّا۔ اِن شرطیہ ہے اور ما صلہ کا۔ ماصلة ای ان یاتکم (قرطبی) ان شرطیة ضمت الیهاماموکدة بمعنی الشرط (کشاف) ایٰتی۔ یعنی میرے احکام وہدایت۔ ای فرائضی واحکامی (قرطبی) جن علماء محققین کا مسلک یہ ہے کہ قیامت میں مومنین و مطیعین کو کوئی خوف وغم نہ ہوگا وہ اسی آیت سے استشہاد کرتے ہیں (کبیر)۔

ترجمہ کنز الایمان۔

ترجمہ: اے آدم کی اولاد اگر تمھارے پاس تم میں کے رسول آئیں (۵۳) میری آیتیں پڑھتے تو جو پرہیز گاری کرے (۵۴) اور سنورے (۵۵) تو اس پر نہ کچھ خوف نہ کچھ غم۔

تفسیر:۔

(۵۳) مفسرین کے اس میں دو قول ہیں ایک تو یہ کہ رسل سے مراد تمام مرسلین مراد ہیں دوسرا یہ کہ سید عالم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں جو تمام خلق کی طرف رسول بنائے گئے ہیں اور صیغہ جمع تعظیم کے لئے ہے۔ (۵۴) ممنوعات سے بچے (۵۵) طاعات وعبادات بجالائے۔

تفسیر ثنائی۔

ترجمہ: ''اے آدم کے بیٹو! اگر تمھارے پاس تمھیں میں سے میرے رسول آویں تو جو تم کو میرے احکام سناویں تو جو ایمان لاوینگے اور صالح بنیگے ان پر نہ تو خوف ہوگا اور نہ غمزدہ ہونگے''

تفسیر:۔

میں (خدا) نے پہلے ہی سے حکم دے رکھا ہوا ہے کہ اے آدم کے بیٹو! اگر تمھارے پاس تمھیں میں سے میرے رسول آویں جو تم کو میرے احکام سناویں۔ تو سنو! جو ایمان لاویں گے اور صالح بنیں گے انپر نہ تو خوف ہوگا اور نہ کسی نقصان اعمال سے رنجیدہ اور غمزدہ ہونگے۔

تفہیم القرآن۔ (ص ۲۵ ج ۲)

ترجمہ: اے بنی آدم، یاد رکھو، اگر تمھارے پاس خود ہی تم ہی میں سے ایسے رسول آئیں جو تمھیں میری آیات سنا رہے ہوں، تو جو کوئی نافرمانی سے بچے گا اور اپنے رویّے کی اصلاح کرلے گا اس کے لئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں ہے۔ اور جو لوگ

ہماری آیات کو جھٹلائیں گے اور اُن کے مقابلہ میں سرکشی برتیں گے وہی اہل دوزخ ہونگے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔(۲۸)۔

تفسیر:۔

(۲۸) یہ بات قرآن مجید میں ہر جگہ اس موقع پر ارشاد فرمائی گئی ہے جہاں آدم وحوا علیہا السلام کے جنت سے اتارے جانے کا ذکر آیا ہے (ملاحظہ ہو سورہ بقرہ، رکوع ۴، طٰہٰ، رکوع ٦) لہذا یہاں بھی اس کو اسی موقع سے متعلق سمجھا جائیگا، یعنی نوع انسانی کی زندگی کا آغاز جب ہوا تھا اسی وقت یہ بات صاف طور پر سمجھادی گئی تھی

(ملاحظہ ہو سورہ آل عمران حاشیہ)

جامع البیان: (ص ج۵)

:یقول تعالیٰ ذکره معرفاً لخلقه ما أعدّ لحزبه وأهل طاعته والإيمان به وبرسوله، وما أعدّ لحزب الشيطان وأوليائه والكافرين به وبرسله: ﴿يَابَنِيٓ ادَمَ اِمَّايَاتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنكُمْ﴾يقول: إن يجيئكم رسلي الذ ين أرسلهم إليكم بدعائكم إلىٰ طاعته والإنتهاء إلى أمري ونهيي منكم، يعني من أنفسكم، ومن عشائركم وقبائلكم. ﴿ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ ايٰتِىْ﴾يقول: يتلون عليكم آيات كتابي، ويعرّفونكم أدلتي، وأعلامي علىٰ صد ق ما جاء ركم به من عندي، وحقيقة ما دعوكم إليه من توحيدي. ﴿فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ ﴾ يقول: فمن آمن منكم بما أتاه به رسلي مما قصّ عليه آياتي وصدّ ق واتقى الله، فخافه بالعمل بما أمره به والإنتهاء عما نهاه عنه، على لسان رسوله ﴿وأصْلَحَ﴾يقول. وأصلح أعماله التي كان لها مفسد اً قبل ذلک من معاصي الله بالتحوُّب منها﴿ فَلَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ﴾يقول: فلا خوف عليهم يوم القيامة من عقاب الله اذا وردوا عليه﴿ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾على ما فاتهم من دنياهم التي تركوها، وشهواتهم التي تجتنبوها، اتباعاً منهم لنهي الله عنها إذا عاينوا من كرامة الله ما عاينوا هنالک.

۱۴۱۳۱۲ –حد ثني المثنى، قال: ثنا إسحاق، قال: ثنا هشام أبو عبد الله، قال: ثنا هياج، قال: ثنا عبدالرحمٰن بن زياد، عن أبي يسار السلمي، قال: إن الله جعل آدم وذريته في كفه فقال: ﴿يَابَنِيٓ ادَمَ اِمَّايَاتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنكُمْ

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ ايٰتِيْ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴾ ثم نظر إلى الرسل فقال: ﴿يا أيها الرسل كلوا من الطيبات واعملوا صالحاً إني بما تعملون عليم وإن هذه أمتكم أمة واحد ة وأنا ربكم فاتقون﴾ ثم بثهم.

فإن قال قائل: ماجواب قوله: ﴿ اِمَّايَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنكم﴾ قيل: قد اختلف أهل العربية في ذلک، فقال بعضهم في ذلک: الجواب مضمر، يدلّ عليه ما ظهر من الكلام، وذلک قوله: ﴿ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ﴾ وذلک لأنه حين قال: ﴿ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ﴾ كأنه قال: فأطيعوهم.

وقال آخرون منهم: الجواب: " فَمَنِ اتَّقٰى "لأن معناه، فمن اتقى منكم وأصلح قال: ويدلّ على أن ذلک كذلک، تبعيضه الكلام، فكان فى التبعيض إكتفاء من ذكر "منكم" القول في تأويل قوله تعالىٰ:

﴿وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا اُوْلٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ﴾

يقول جل ثناؤه: وأما من كذب بأنباء رسلى التي أرسلتها إليه وجحد توحيدي وكفر بما جاء به رسلي واستكبر عن تصديق حججي وأدلتي، ﴿اُوْلٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ﴾ يقول لإهم فى نار جهنم ماكثون، لا يخرجون منها أبداً.

تفسیر کشاف:

﴿إما يأتينكم ﴾ هى"إن" الشرطية ضمت إليها "ما" مؤكدة لمعنى الشرط. ولذلک لزمت فعلها النون الثقيله أو خفيفة. فإن قلت: فما جزاء هذا الشرط ؟ قلت: الفاء وما بعده من الشرط والجزاء. والمعنى: فمن التقى واصلح منكم، والذين كذبو منكم. وقرئ. تأتينكم، بالتاء.

تفسیر معالم التنزیل: (ص۱۵۸ج۲)

قوله تعالىٰ: ﴿يا بني آدم إما يأ تينكم رسل منكم﴾، أي: إن يأتكم، قيل: أراد جميع الرسل. وقال مقاتل: أراد بقوله: ﴿يابني آدم﴾ مشركي العرب وبالرسل محمداً ﷺ وحده، ﴿يقصون عليكم آياتي﴾، قال ابن عباس: فرائض وأحكامي، ﴿فمن اتقى وأصلح﴾، أي: اتقى الشرک

وأصلح عمله، وقيل: أخلص ما بينه وبين ربه ﴿فلاخوف عليهم﴾، أذا خاف الناس، ﴿ولاهم يحزنون﴾ أي أذا حزنوا.

تفسیر کبیر۔(ص۲۳۵ج۵)

اعلم أنه تعالى لما بين أحوال التكليف وبين أن لكل أحد أجلاً معيناً لايتقدم ولايتأ خر بين أنهم بعد الموت كانوا مطيعين فلا خوف عليهم ولاحزن وأن كانوامتمردين وقعوا في أشد العذ اب وقوله: ﴿إما يأتينكم﴾ هي إن الشرطية ضمت إليها ما مؤ كد ة لمعنى الشرط ولذ لك لزمت فعلها النون الثقيلة وجزاء هذا الشرط هو الفاء وما بعده من الشرط والجزاء، وهو قوله: ﴿فمن ا تقى وأصلح﴾وإن كان خطاباً للرسول عليه الصلاة والسلام وهو خاتم الأنبياء عليه وعليهم السلام لأنه تعالى أجرى الكلام على ما يقتضيه سنته في الأمم و إنما قال: ﴿منكم ﴾ لأن كون الرسول منهم أقطع لعذ رهم وأبين للحجة عليهم من جهات: أحدها : أن معرفتهم بأحواله وبطهارته تكون متقدمة. وثانيها : أن معرفتهم بما يليق بقدرته تكون متقد مة فلاجرم لايقع في المعجزات التي تظهر عليه شك وشبهة في أنهاحصلت بقد رة الله تعالى لابقد رته فلهذ السبب قال تعالى: ﴿ولو جعلناه ملكاً لجعلناه رجلاً﴾ [الأنعام: ۹]. وثالثها : ما يحصل من الألفة وسكون القلب إلى أبناء الجنس، بخلاف ما لايكون من الجنس، فإنه لايحصل معه الألفة .

وأما قوله: ﴿يقصون عليكم آياتي﴾ فقيل تلك الآيات هي القرآن وقيل الدلائل، وقيل الأحكام والشرئع والأولى دخول الكل فيه، لأن جميع هذه الاشياء آيات الله تعالى لأن الرسل إذ ا جاؤا فلا بد وأن يذكروا جميع هذه الأقسام، ثم قسم تعالى حال الأمة فقال: ﴿فمن اتقى وأصلح﴾ وجمع ها تين الحالتين مما يوجب الثواب لأن الملتقي هو الذي يتقي كل ما نهى الله تعالى عنه، ودخل في قوله: ﴿وأصلح﴾ أن أتى بكل ما أ مر به .

ثم قال تعالى في صفته: ﴿فلا خوف عليهم﴾ أي بسبب الأحوال المستقبلة ﴿ولاهم يحزنون﴾ اي بسبب الأحوال الماضية لأن الإنسان، إذا جوز وصول المضرة إليه في الزمان المستقبل خاف وإذا تفكر فعلم

أنه وصل إليه بعض ما لاينبغي في الزمان الماضي، حصل الحزن في قلبه، لهذا السبب والأولى في نفي الحزن أن يكون المراد أن لايحزن على ما فاته في الدنيا، لأن حزنه على عقاب الآخرة يجب أن يرتفع بما حصل له من زوال الخوف، فيكون كالمعاد و حمله على الفائدة الزائدة أولى فبين تعالى أن حاله في الآخرة تفارق حاله في الدنيا، فإنه في الآخرة لايحصل في قلبه خوف ولاحزن ألبتة، واختلف العلماء في أن المؤمنين من أهل الطاعات هل يلحقهم خوف، وحزن عند أهوال يوم القيامة فذهب بعضهم إلى أنه لايلحقهم ذلک، والدليل عليه هذه الآيه، وأيضاً قوله تعالى: ﴿يحزنهم الفزع الأكبر﴾ [الأنبياء:۱۰۳]وذهب بعضهم إلى أن يلحقهم ذلک الفزع لقوله تعالى: ﴿يوم ترونها تذ هل كل مرضعة عما أرضعت وتضع كل ذات حمل حملها وترى الناس سكارى وماهم بسكارى﴾ [الحج: ۲] أي من شد ة الخوف.

وأجاب هؤلاؤ عن هذه الآية : بأن معناه أن أمرهم يؤل إلى الامن والسرور، كقول الطبيب للمريض: لابأس عليک، أي أمرک يؤل إلى العافية والسلامة، وإن كان في الوقت في بأس من علته، ثم بين تعالى أن الذ ين كذ بوا بهذه الآيات التي يجيء بها الرسل واستكبروا أن أنفوا من قبولها وتمردوا عن إلتزامها فأولئک أصحاب النار هم فيها خالد ون وقد تمسک أصحابنا بهذه الآية على أن الفاسق من أهل الصلاة، لا يبقي مخلداً في النار، لأنه تعالىٰ بين أن المكذ بين بآيات الله والمستكبرين عن قبولها، هم الذين يبقون مخلدين في النار،وكلمة ﴿هم﴾ تفيد الحصر، فذالک يقتضي أن من لا يكون موصوفاً بذلک التكذ يب والإستكبار، لا يبقى مخلداً في النار. والله اعلم.

تفسیر ابن کثیر:(۲۸۵ج۲)

ثم أنذ ر تعالى بني آدم أنه سيبعث إليهم رسلاً يقصون عليهم آياته وبشر و حذر، فقال ﴿فمن اتقى وأصلح﴾ أي ترک المحرمات وفعل الطاعات ﴿فلاخوف عليهم ولاهم يحزنون والذين كذبوا بآياتنا واستكبر وا عنها﴾أي كذبت بها قلوبهم واستكبروا عن العمل بها ﴿أولئک اصحاب النار هم فيها خالدون﴾أي ماكثون فيها مكثاً مخلداً.

آیت:(۹)

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعاً وَّخُفْيَةً اِنَّه لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ. وَلاَ تُفْسِدُوْا فِي الأَرْضِ بَعْدَ إِصْلاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفاً وَّطَمْعاً اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْب من المحسنيين

(اعراف:۵۵،۵۶)

ترجمہ: پکارو اپنے رب کو گڑ گڑا کر اور چپکے چپکے۔ اس کو خوش نہیں آتے حد سے بڑھنے والے۔ اور مت خرابی ڈالو، زمین میں اُس کی اصلاح کے بعد۔ اور پکارو اس کو ڈر اور توقع سے۔ بیشک اللہ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں کے۔

خلاصہ:۔

پہلی آیت میں ہر حاجت کے لئے خدا کو پکارنے کا طریقہ بتایا گیا۔ اور دوسری آیت میں خالق و مخلوق دونوں کے حقوق کی رعایت سکھلائی گئی ہے۔ یعنی جب بعثت انبیاء کے ذریعہ دینی اور دنیوی ہر اعتبار سے زمین کی اصلاح کر دی گئی تو اب اس میں خدا کی مرضیات سے ہٹ کر اور کوئی راستہ نہ اپناؤ جو فساد کا موجب ہو۔ اور خوف و رجا کے ساتھ اس کی عبادت میں مشغول رہو، نہ اس کی رحمت سے مایوس ہو نہ اس کے عذاب سے بے فکر ہو کر گناہوں پر دلیر ہو جاؤ۔

قادیانی استدلال:

''اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ'' نبوت بھی ایک رحمت ہے وہ بھی نیکوں کو ملنی چاہیے۔

جواب نمبرا

۱۔اس آیت میں جملہ رحمتیں مراد نہیں اور نہ ہر رحمت ہر ایک کیلئے ضروری ہے۔ ورنہ دولت، سلطنت، بارش وغیرہ سب رحمت ہیں جبکہ اکثر محسنین خصوصاً انبیاء علیہم السلام دولت اور سلطنت وغیرہ کی رحمتوں سے خالی تھے۔ تو کیا وہ نبی نہ تھے؟ معلوم ہوا

کہ بہت ساری رحمتوں کی طرح نبوت بھی ایک رحمت ہے جو باری تعالیٰ کی مرضی پر ہے۔ جب چاہیں اور جس کو چاہیں دیں اور جس پر جس نعمت کی چاہیں بندش فرمادیں۔ قادیانیوں کا استدلال تو خوب ہے لیکن۔

خوش نما الفاظ کا دل پر اثر ہوتا نہیں
جبکہ لفظوں کے پس منظر میں سچائی نہ ہو

۲- وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلاَّ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ (انبیاء ۱۰۷) اس امت کے لئے دنیا میں سب سے بڑی رحمت حضور پاک ﷺ کی ذات اقدس ہے۔ جو شخص اب آنحضرت ﷺ کے بعد کسی اور رحمت، نبوت کو تلاش کرتا ہے یا جاری کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ اللہ کی سب سے بڑی رحمت محمد عربی ﷺ سے منہ موڑتا ہے اس سے بڑھ کر بدنصیب اور کون ہوگا؟

حضور ﷺ نے فرمایا ہے ''اناحظکم من الانبیاء وانتم حظی من الامم '' نبیوں میں سے میں 'محمدؐ' تمہارے حصہ میں آیا ہوں اور امتوں میں سے تم میرے حصہ میں آئے ہو۔ معلوم ہوا کہ جو شخص کسی اور نبی کی تلاش میں ہے وہ حضور ﷺ کی امت میں نہیں رہے گا گویا وہ اللہ کی سب سے بڑی رحمت اور نعمت سے محروم ہو جائے گا اور جبکہ مرزا نے خود ہی لکھا ہے ''فلا حاجة لنا الی نبی بعد محمد'' (حمامۃ البشریٰ خ ص۲۴۴ ج ۷) تو مرزائیوں کو نیا نبی اور وہ بھی مرزا جیسا کوڑھ مغز نبی ڈھونڈنے کی ضرورت کیا ہے!۔

۳- حضور ﷺ کے بعد جو شخص نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ اپنی وحی کی اتباع کا پابند ہوگا اور حضور ﷺ کی اتباع سے محروم ہوکر خدا کی سب سے بڑی رحمت سے محروم ہو جائے گا۔ اس محروم القسمت بدبخت کے لئے جو حضور ﷺ کی اتباع سے منہ موڑتا ہے مرزائی لوگ قرآن میں تحریف کر کے اس کی نبوت کے لئے دلائل تلاش کرتے ہیں۔ فیا للعجب!۔

۴- پھر جناب اگر نبوت رحمت ہے تو سب سے بڑی رحمت نبوت تشریعیہ ہے۔تو مرزائی اس کو بند کیوں مانتے ہیں؟

۵- آیت ''اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ'' کے ساتھ ملحقہ اگلی آیت ''هُوَ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ'' (اعراف ۵۷) میں بارش کو رحمت کہا گیا ہے۔مگر پوری دنیا کا اتفاق ہے کہ اگر بارش والی رحمت ضرورت سے بڑھ جائے تو رحمت کے بجائے زحمت یعنی عذاب بن جاتی ہے۔لیجئے جناب! اس آیت شریفہ سے ہی قادیانی لغویات کا بھرپور ابطال نکل آیا۔بارش رحمت ہے مگر جو ضرورت سے زیادہ بارش مانگے وہ عذاب خداوندی کو دعوت دیتا ہے۔اسی طرح حضور ﷺ کی نبوت رحمت ہے اس رحمت کے ہوتے ہوئے اگر اور نبوت کی رحمت کو کوئی مانگتا ہے تو وہ بھی عذاب خداوندی کو دعوت دیتا ہے۔

کشادہ ذہن ودل وگوش کی ضرورت ہے
یہ عقائد ہیں یہاں ہوش کی ضرورت ہے

کیا فرماتے ہیں مفسرین:۔

معارف القرآن۔(ص۵۷۵ج۳)

بیان القرآن:۔

تم لوگ (ہر حالت میں اور ہر حاجت میں) اپنے پروردگار سے دعاء کیا کرو تذلل ظاہر کر کے بھی اور چپکے چپکے بھی (البتہ یہ بات) واقعی (ہے کہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند جو (دعا میں) حد (ادب) سے نکل جاویں (مثلاً محالات عقلیہ یا محرمات شرعیہ کی دعاء مانگنے لگیں) اور دنیا میں بعد اس کے کہ (تعلیم توحید اور بعثت انبیاء کے ذریعہ) اس کی اصلاح اور درستگی کر دی گئی ہے، فساد مت پھیلاؤ"

معارف ومسائل:

"دوسری آیت میں ارشاد فرمایا: ولا تفسدوا في الارض بعد اصلاحها۔ اس میں دو لفظ متضاد اور متقابل آئے ہیں، صلاح اور فساد، صلاح کے معنی درستی اور فساد کے معنی خرابی کے آتے ہیں، امام راغب نے مفردات القرآنؒ میں فرمایا کے فساد کہتے ہیں کسی چیز کے اعتدال سے نکل جانے کو، خواہ یہ نکلنا تھوڑا سا ہو یا زیادہ، اور ہر فساد میں کمی بیشی کا مدار اسی اعتدال سے خروج پر ہے، جس قدر خروج بڑھے گا فساد بڑھے گا، افساد کے معنی خرابی پیدا کرنا اور اصلاح کے معنی درستی کرنا ہے اس لئے ولاتفسدوافی الأرض بعد اصلاحها، کے معنی یہ ہوئے کہ زمین میں خرابی نہ پیدا کرو بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی درستی فرمادی ہے"۔

امام راغب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا کسی چیز کی اصلاح کرنا اس کی کئی صورتیں ہوتی ہیں، ایک یہ کہ اس کو اول ہی ٹھیک ٹھیک اور درست پیدا فرمایا، جیسے واصلح بالهم، دوسرے یہ کہ اس میں جو فساد آ گیا تھا اس کو دور کر دیا، یصلح لکم اعمال کم۔ تیسرے یہ کہ اس کو صلاح کا حکم دیا جائے، اس آیت میں جو یہ ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ

نے جب زمین کی اصلاح درستی فرمادی تو اس کے بعد تم اس میں فساد اور خرابی نہ ڈالو، اس میں زمین کی درستی کرنے کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں، ایک ظاہری درستی کہ زمین کو کھیتی اور درخت اگانے کے قابل بنایا، اس پر بادلوں سے پانی برسا کر زمین سے پھل پھول نکالے، اسان اور دوسرے جانداروں کے لئے زمین سے ہر قسم کی ضروریات زندگی اور آسائش کے سامان پیدا فرمائے۔

دوسرا مفہوم یہ ہے کہ زمین کی باطنی اور معنوی اصلاح فرمائی، اس طرح کہ زمین پر اپنے رسول، اپنی کتابیں اور ہدایات بھیج کر اس کو کفر و شرک اور گمراہی سے پاک کیا، اور ہو سکتا ہے یہ دونوں مفہوم یعنی ظاہری اور باطنی ہر طرح کی اصلاح مراد ہو، تو اب آیت کے معنی یہ ہو گئے کہ اللہ تعالی نے زمین کو ظاہری اور باطنی طور پر درست فرما دیا ہے، اب تم اس میں اپنے گناہوں اور نافرمانیوں کے ذریعے فساد نہ مچاؤ، اور خرابی نہ پیدا کرو۔

زمین کی درستی اور خرابی کیا ہے جس طرح اصلاح کی دو قسمیں ظاہری اور باطنی ہیں اسی طرح فساد کی بھی دو قسمیں ہیں، زمین کی ظاہری اصلاح تو یہ ہے کہ اللہ تعالی نے اس کو ایسا جسم بنایا ہے کہ نے پانی کی طرح نرم ہے جس پر قرار نہ ہو سکے، اور نہ پتھر لوہے کی طرح سخت ہے جس کو کھودا نہ جا سکے، ایک درمیانی حالت میں رکھا گیا ہے، تا کہ انسان اس کو نرم کر کے اس میں کھیتی اور درخت اور پھل پھول اگا سکے، اور کھود کر اس میں کنویں اور خندقیں، نہریں بنا سکے، مکان کی بنیادیں مستحکم کر سکیں، پھر زمین کے اندر اور باہر ایسے سامان پیدا فرما دیئے جن سے زمین کی آبادی ہو، اس میں سبزی اور درخت اور پھل پھول اگا سکیں، باہر سے ہوا، روشنی، گرمی، سردی پیدا کی، اور پھر بادلوں کے ذریعے اس پر پانی برسایا جس سے درخت پیدا ہو سکیں، مختلف ستاروں اور سیاروں کی سرد گرم کرنیں ان پر ڈالی گئیں، جن سے پھولوں اور پھلوں میں رنگ اور رس بھرے گئے، انسان کو فہم و عقل عطا کی گئی، جس کے ذریعہ زمین سے نکلنے والے خام مواد لکڑی، لوہا، تانبہ، پیتل، ایلمونیم وغیرہ کے جوڑ توڑ لگا کر مصنوعات کی ایک نئی دنیا بنا ڈالی، یہ سب زمین کی اصلاح ظاہری ہے جو حق تعالی نے اپنی قدرت کاملہ سے فرمائی،

اور اصلاح باطنی اور روحانی کا مدار ذکر اللہ، تعلق مع اللہ اور اس کی اطاعت پر ہے، اس کے لئے اللہ تعالی نے اول تو ہر انسان کے قلب میں ایک مادہ اور جزبہ خدا کی اطاعت اور یاد کا رکھ دیا ہے فالھمھا فجورھا وتقوھا، اور انسان گردوپیش کے ہر ذرے ذرے میں اپنی قدرت کاملہ اور صنعت عجیبہ کے ایسے مظاہر رکھے کہ ان کو دیکھ کر معمولی فہم وادراک رکھنے والا بھی بول اٹھے کہ فتبارک اللہ احسن الخالقین، اس کے علاوہ اپنے رسول بھیجے، کتابیں نازل فرمائیں، جن کے ذریعہ مخلوق کا رشتہ خالق کے ساتھ جوڑنے کا پورا انتظام فرمایا۔

اس طرح گویا زمین کی مکمل اصلاح ظاہری اور باطنی ہوگئی، اب حکم یہ ہے کہ ہم نے اس زمین کو درست کر دیا ہے تم اس کو خراب نہ کرو۔

جس طرح اصلاح کی دو قسمیں ظاہری اور باطنی بیان کی گئی ہیں اسی طرح اس کے بالمقابل فساد کی بھی دو قسمیں ظاہری اور باطنی ہیں، اور اس ارشاد ربانی کے ذریعہ دونوں ہی کی ممانعت کی گئی ہے۔

اگرچہ قرآن اور رسول کریم ﷺ کا اصل وظیفہ اور فرض منصبی اصلاح باطنی ہے، اور اس کے بالمقابل فساد باطنی سے روکنا ہے، لیکن اس دنیا میں ظاہر اور باطن کے صلاح وفساد میں ایک ایسا ربط ہے کہ ایک کا فساد دوسرے کے فساد کا موجب بن جاتا ہے، اس لئے شریعت قرآن نے جس طرح باطنی فساد کے دروازے بند کئے ہیں اسی طرح ظاہری فساد کو بھی منع فرمایا، چوری ڈاکہ، قتل اور بے حیائی کے تمام طریقے دنیا میں ظاہری اور باطنی ہر طرح کا فساد پیدا کرتے ہیں، اس لئے ان چیزوں پر خصوصیت سے پابندیاں اور سخت سزائیں مقرر فرمائی، اور عام گناہوں اور جرائم کو بھی ممنوع قرار دیا، کیونکہ ہر جرم وگناہ کہیں ظاہری فساد کا موجب ہوتا ہے کہیں باطنی فساد کا، اور غور سے دیکھا جائے تو ہر ظاہری فساد باطنی فساد کا سبب بنتا ہے، اور ہر باطنی فساد ظاہری فساد کا موجب ہوتا ہے،

ظاہری فساد کا باطنی کے لئے مستلزم ہونا تو اس لئے ظاہر ہے کہ وہ اطاعت احکام الٰہیہ کی خلاف ورزی ہے، اور خدا تعالی نافرمانی ہی کا دوسرا نام فساد باطنی ہے، البتہ فساد

باطنی کس طرح فساد ظاہری کا سبب بنتا ہے، اس کا پہچاننا کسی قدر غور وفکر کا محتاج ہے، وجہ یہ ہے کہ یہ سارا جہان اور اس کی ہر چھوٹی بڑی چیز سب مالک الملک والملکوت کی بنائی ہوئی اور اس کے تابع فرمان ہے، جب تک انسان اللہ تعالیٰ کا تابع فرمان رہتا ہے تو یہ سب چیزیں انسان کی صحیح صحیح خدمتگار رہتی ہیں، اور جب انسان اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنے لگے تو دنیا کی ساری چیزیں درپردہ انسان کی نافرمان ہوجاتی ہیں، جس کو بظاہر انسان اپنی آنکھ سے نہیں دیکھتا، لیکن ان چیزوں کے آثار وخواص اور نتائج وفوائد میں غور کرنے سے بدیہی طور پر اس کا ثبوت مل جاتا ہے۔

ظاہر میں تو دنیا کی ساری چیزیں انسان کے استعمال میں رہتی ہیں، پانی اس کے حلق میں اترے تو پیاس بجھانے سے انکار نہیں کرتا، کھانا اس کی بھوک رفع کرنے سے نہیں رکتا، لباس اور مکان اس کی سردی اور گرمی کی آسائشوں کو مہیا کرنے سے انکار نہیں کرتا۔

لیکن عواقب اور نتائج کو دیکھا جائے تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے کوئی چیز اپنا کام پورا نہیں کر رہی، کیونکہ اصل مقصد ان تمام چیزوں اور استعمال کا یہ ہے کہ انسان کو آرام وراحت میسر آئے، اس کی پریشانی اور تکالیف دور ہو اور بیماریوں کو شفاء ہو۔

اب دنیا کے حالات پر نظر ڈالئے تو معلوم ہوگا کہ آج کل سامان راحت اور سامان شفاء کی زائد از قیاس فراوانی کے باوجود انسانوں کو اکثریت انتہائی پریشانیوں اور بیماریوں کا شکار ہے، نئے نئے امراض، نئی نئی مصیبتیں برس رہی ہیں، کوئی بڑے سے بڑا انسان اپنی جگہ مطمئن اور آسودہ نہیں ہے، بلکہ جوں جوں یہ سامان بڑھتے جاتے ہیں اسی انداز سے مصائب اور آفات وامراض اور پریشانیاں بڑھتی جاتی ہیں

"مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی"

آج کا انسان جس کو برق وبھاپ اور دوسری رنگینیوں نے مسحور بنا رکھا ہے، ذرا ان چیزوں سے بلند ہو کر سوچے تو اس کو معلوم ہوگا کہ ہماری ساری کوششیں اور ساری مصنوعات اور ایجادات ہمارے اصل مقصد یعنی اطمینان وراحت کے حاصل کرنے میں فیل اور ناکام ہیں، اس کی وجہ بجز اس معنوی اور باطنی سبب کے نہیں ہے کہ

ہم نے اپنے رب اور مالک کی نافرمانی اختیار کی تو اس کی مخلوقات نے معنوی طور پر ہم سے نافرمانی شروع کردی،

چوں از و گشتی ہمہ چیز از تو گشت

کہ ہمارے لئے حقیقی آرام وراحت مہیا نہیں کرتی، مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب فرمایا ہے

خاک و باد و آب آتش بند اند
با من و تو مردہ با حق زندہ اند

یعنی دنیا کی یہ سب چیزیں اگرچہ ظاہر میں بے جان و بے شعور نظر آتی ہیں، مگر حقیقت میں اتنا ادراک ان میں بھی ہے کہ مالک کے تابع فرما کام کرتی ہیں،

خلاصہ۔ کلام یہ ہے کہ جب غور سے دیکھا جائے تو ہر گناہ اور خدا تعالی سے غفلت اور اس کی ہر نافرمانی دنیا میں نہ صرف باطنی فساد پیدا کرتی ہے بلکہ ظاہری فساد بھی اس کا لازمی ثمرہ ہوتا ہے، اسی کو مولانا رومی نے فرمایا ہے،

ابر نا ید از پے منع زکوۃ وز زنا افتد وبا اندر جہالت

اور یہ کوئی شاعرانہ تخیل نہیں، بلکہ وہ حقیقت ہے جس پر قرآن وحدیث ناطق ہے، لیکن سزا کا ہلکا سا نمونہ اس دنیا میں امراض، وباؤں، طوفانوں، سیلابوں کی صورت میں سامنے آتا رہتا ہے

اس لئے **لاتفسدوفی الأرض بعد اصلاحها**، کے مفہوم میں جیسے وہ جرائم اور گناہ داخل ہیں جن سے ظاہر طور پر دنیا میں فساد پیدا ہوتا ہے اسی طرح ہر نافرمانی اور خدا تعالی سے غفلت و معصیت بھی اس میں شامل ہے، اسی لئے آیت مذکورہ میں اس کے بعد فرمایا **وادعوه خوفاً وطمعاً**، یعنی اللہ تعالی کو پکارو خوف اور امید کے ساتھ، یعنی اسطرح کہ ایک طرف دعاء کے ناقابل قبول ہونے کا خوف لگا ہوا ہو اور دوسری طرف اس کی رحمت سے پوری امید بھی لگی ہوئی ہو، اور امید وبیم طریق استقامت میں روح انسانی کے دو بازو ہیں، جن سے وہ پرواز کرتی اور درجات عالیہ حاصل کرتی ہے،

اور ظاہر اس عبارت سے یہ ہے کہ امید وبیم دونوں مساوی درجہ میں ہونا چاہیئے، اور بعض

علماء نے فرمایا کہ مناسب یہ ہے کہ حیات وتندرستی کے زمانہ میں خوف کو غالب رکھے، تاکہ اطاعت میں کوتاہی نہ ہو، اور جب موت کا وقت قریب آئے تو امید کو غالب رکھے، کیونکہ اب عمل کی طاقت رخصت ہو چکی ہے، امید رحمت ہی اس کا عمل رہ گیا ہے، (بحر محیط)

اور بعض محققین نے فرمایا کہ اصل مقصد دین کے صحیح راستہ پر قائم رہنا اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر مداومت کرنا ہے، اور مزاج اور طبائع انسانوں کے مختلف ہوتے ہیں، کسی کو غلبۂ خوف سے یہ مقام استقامت اور دوام طاعت حاصل ہوتا ہے، کسی کو غلبۂ محبت ورجا سے، سو جس کو جس حالت سے اس مقصد میں مدد ملے اس کو حاصل کرنے کی فکر کرے،

خلاصہ یہ ہے کہ دعاء کے دو آداب اس سے پہلی آیت میں بتلائے گئے، ایک عاجزی تضرع کے ساتھ ہونا، دوسرے خفیہ وآہستہ ہونا، یہ دونوں صفتیں انسان کے ظاہر جسد سے متعلق ہیں، کیونکہ تضرع سے ممرر تضرع سے مراد یہ ہے کہ اپنی ہیئت بوقت دعاء عاجزانہ، فقیرانہ بنالے، متکبرانہ، یا بے نیازانہ نہ ہو، اور خفیہ ہونے کا تعلق بھی منھ اور زبان سے ہے،

اس آیت میں دعاء کے لئے دو آداب باطنی اور بتلائے گئے، جن کا تعلق انسان کے دل سے ہے وہ یہ کہ دعاء کرنے والے کے دل میں اس کا خطرہ بھی ہونا چاہیئے کہ شاید میری دعاء قبول نہ ہو، اور امید بھی

ہونی چاہئے کہ میری دعاء قبول ہو سکتی ہے، کیونکہ اپنی خطاؤں اور گناہوں سے بے فکر ہو جانا بھی ایمان کے خلاف ہے، اور اللہ تعالیٰ کی رحمت واسعہ سے مایوس ہو جانا بھی کفر ہے، قبولیت دعاء کی جب ہی توقع کی جاسکتی ہے جب کہ ان دونوں حالتوں کے درمیان درمیان رہے،

پھر آخیر آیت میں فرمایا۔ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ "یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت قریب ہے نیک عمل کرنے والوں سے" اس میں اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ اگرچہ بوقت دعا خوف اور امید دونوں ہی حالتیں ہونی چاہئیں۔ لیکن ان دونوں حالتوں میں سے امید ہی جانب راجح ہے۔ کیونکہ رب العلمین اور رحیم الرحماء کے جود واحسان میں نہ کوئی کمی ہے نہ بخل، وہ برے سے برے انسان بلکہ شیطان کی بھی دعا قبول

کرسکتا ہے ہاں اگر عدم قبولیت کا کوئی خطرہ ہوسکتا ہے تو وہ اپنی بداعمالی اور گناہوں کی نحوست سے ہوسکتا ہے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے قریب ہونے کے لئے محسن یعنی نیک عمل ہونا درکار ہے۔

اسی لئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بعض آدمی لمبے لمبے سفر کرتے ہیں اور اپنی ہیئت فقیرانہ بناتے ہیں' اور اللہ کے سامنے دعاء کے لئے ہاتھ پھیلاتے ہیں' مگر ان کا کھانا بھی حرام ہے پینا بھی حرام' اور لباس بھی حرام کا ہے' سو ایسے دمی کی دعا کہاں قبول ہوسکتی ہے (مسلم' ترمذی عن ابی ہریرۃ)

اور ایک حداث میں ہے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ بندہ کی دعا اس وقت تک قبول ہوتی رہتی ہے جب تک وہ کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے' اور جلد بازی نہ کرے' صحابہء کرام نے عرضکیا جلد بازی کا کیا مطلب ہے' آپ نے فرمایا مطلب یہ ہے کہ یوں خیال کر بیٹھے کہ میں اتنے عرصے سے دعا مانگ رہا ہوں اب تک قبول نہیں ہوئی' یہاں تک کہ مایوس ہوکر دعاء چھوڑ دے۔ (مسلم' ترمذی)

اور ایک حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے جب دعاء مانگو تو اس حالت میں مانگو کہ تمھیں اس کے قبول ہونے میں کوئی شک نہ ہو۔

مراد یہ ہیکہ رحمت خداوندی کو سامنے رکھ کر دل کو اس پر جماؤ کہ میری دعا ضرور قبول ہوگی' یہ اس کے منافی نہیں کہ اپنے گناہوں کی شامت کے سبب یہ خطرہ بھی محسوس کرے کہ شاید میرے گناہ دعاء کی قبولیت میں آڑے آجائیں۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی نبینا وسلم'

تفسیر ماجدی۔

ترجمہ: بیشک اللہ کی رحمت نیکوکاروں کے بہت نزدیک ہے۔ ۸۷۔

تفسیر:۔

(سو تمھیں اجر ہی ملنا یقینی نہیں ہے اس کا جلد ملنا بھی یقینی ہے) ولا تفسدو فی الارض بعد اصلاحھا۔ کائنات کی اصلاح و درستی قانون اسلام کے قبول کرنے اور اس

پر عمل کرنے ہی سے ہوتی ہے اور اس مکمل دستور العمل سے انکار ہی پہلے فساد عقائد اور پھر فساد اعمال' فساد اخلاق' جرائم و معاصی' قتل و خون ریزی ہر قسم کے فسادات کا باعث ہوتا ہے۔ وادعوہ خوفاً و طمعاً۔ خوف تو اس لحاظ سے کہ شرائط قبول دعا میں سے کوئی چیز چھوٹ نہ گئی ہو' اور آرزو اس کی کہ کوئی شرط چھوٹنے نہ پائی ہو۔

ترجمہ کنز الایمان۔

ترجمہ: اور زمین میں فساد نہ پھیلاؤ (۱۰۱) اس کے سنورنے کے بعد (۱۰۲)
اور اس سے دعا کرو ڈرتے اور طمع کرتے بیشک اللہ کی رحمت نیکوں سے قریب ہے"۔

تفسیر:۔

(۱۰۱) کفر و معصیت و ظلم کر کے (۱۰۲) انبیاء کے تشریف لانے حق کی دعوت فرمانے احکام بیان کرنے عدل قائم فرمانے کے بعد"

تفسیر ثنائی۔

ترجمہ: اللہ کی رحمت نیکوکاروں کے بہت ہی قریب ہے۔

تفسیر:۔

کیونکہ جو لوگ اسے ہی پکارتے ہیں اللہ کی رحمت ان نیکوکاروں کے بہت ہی قریب ہے۔ کیا تمھیں اتنا بھی شعور نہیں کہ خالق کو چھوڑ کر مخلوق کے پیچھے مارے مارے پھرتے ہو۔

تفہیم القرآن:۔ (۳۸ج ۲)

ترجمہ: اپنے رب کو پکارو گڑگڑاتے ہوئے اور چپکے چپکے' یقیناً وہ حد سے گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ زمین میں فساد برپا نہ کرو جبکہ اس کی اصلاح ہو چکی ہے ۴۴ اور خدا ہی کو پکارو خوف کیساتھ اور طمع کے ساتھ' ۴۵ یقیناً اللہ کی رحمت نیک کردار لوگوں سے قریب ہے۔

تفسیر:۔

۴۴؎ ”زمین میں فساد برپا نہ کرو“ یعنی زمین کے انتظام کو خراب نہ کرو۔ انسان کا خدا کی بندگی سے نکل کر اپنے نفس کی یا دوسروں کی بندگی اختیار کرنا اور خدا کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنے اخلاق، معاشرت اور تمدن کو ایسے اصول و قوانین پر قائم کرنا جو خدا کے سوا کسی اور کی رہنمائی سے ماخوذ ہوں، یہی وہ بنیادی فساد ہے جس سے زمین کے انتظام میں خرابی بیشمار صورتیں رونما ہوتی ہیں اور اسی فساد کو روکنا قرآن کا مقصود ہے۔ پھر اس کے ساتھ قرآن اس حقیقت پر بھی متنبہ کرتا ہے کہ زمین کے انتظام میں اصل چیز فساد نہیں جس پر صلاح عارض ہوئی ہو بلکہ اصل چیز صلاح ہے جس فساد محض انسان کی جہالت اور سرکشی سے عارض ہوتا رہا ہے۔ بالفاظ دیگر یہاں انسان کی زندگی کی ابتدا جہالت و وحشت اور شرک و بغاوت اور اخلاقی بدنظمی سے نہیں ہوئی ہے جس کو دور کرنے کے لئے بعد میں بتدریج اصلاحات کی گئی ہوں، بلکہ فی الحقیقت انسان کی زندگی کا آغاز صلاح سے ہوا ہے اور بعد میں اس درست نظام کو غلط کار انسان اپنی حماقتوں اور شرارتوں سے خراب کرتے رہے ہیں۔ اسی فساد کو مٹانے اور نظام حیات کو از سر نو درست کر دینے کے لئے اللہ تعالیٰ وقتاً فوقتاً اپنے پیغمبر بھیجتا رہا ہے اور انھوں نے ہر زمانے میں انسان کو یہی دعوت دی ہے کہ زمین کا نظام جس صلاح پر قائم کیا گیا تھا اس میں فساد برپا کرنے سے باز آؤ۔

اس معاملہ میں قرآن کا نقطہ نظر ان لوگوں کے نقطہ نظر سے بالکل مختلف ہے جنھوں نے ارتقاء کا ایک غلط تصور لے کر یہ نظریہ قائم کیا ہے کہ انسان ظلمت سے نکل کر بتدریج روشنی میں آیا ہے اور اس کی زندگی بگاڑ سے شروع ہو کر رفتہ رفتہ اور بنتی جا رہی ہے۔ اس کے برعکس قرآن کہتا ہے کہ خدا نے انسان کو پوری روشنی میں زمین پر بسایا تھا اور ایک صالح نظام سے اس کی زندگی کی ابتدا کی تھی۔ پھر انسان خود شیطانی رہنمائی قبول کر کے بار بار تاریکی میں جاتا رہا اور اس صالح نظام کو بگاڑتا رہا اور خدا بار بار اپنے پیغمبروں کو اس غرض کے لئے بھیجتا رہا کہ اسے تاریکی سے روشنی کی طرف آنے اور فساد سے باز رہنے کی دعوت دیں۔ (سورہ بقرہ، حاشیہ نمبر ۲۳۰)

۴۵۔اس فقرہ سے واضح ہوگیا کہ اجو پر کے فقرہ میں جس چیز کو فساد سے تعبیر کیا گیا ہے وہ دراصل یہی ہے کہ انسان خدا کے بجائے کسی اور کو اپنا ولی اور سرپرست کارساز اور کارفرما قرار دے کر مدد کے لئے پکارے۔اور اصلاح اس کے سوا کسی دوسری چیز کا نام نہیں ہے کہ انسان کی اِس پکار کا مرجع پھر سے محض اللہ کی ذات ہوجائے۔

خوف اور طمع کے ساتھ پکارنے کا مطلب یہ ہے کہ تمھیں خوف بھی ہو تو اللہ سے ہو اور تمھاری امیدیں بھی اگر کسی سے وابستہ ہوں تو صرف اللہ سے ہوں۔اللہ کو پکارو تو اس احساس کے ساتھ پکارو کہ تمھاری قسمت بالکلیہ اس کی نظر عنایت پر منحصر ہے۔فلاح وسعادت کو پہنچ سکتے ہو تو صرف اس کی مدد اور رہنمائی سے، ورنہ جہاں تم اس کی اعانت سے محروم ہوئے پھر تمھارے لئے تباہی ونامرادی کے سوا دوسرا انجام نہیں ہے۔"

جامع البیان۔

يقول تعالىٰ ذكره: ادعوا أيها الناس ربكم وحده، فأخلصوا له الدعاء دون ما تدعون من دونه من الآلهة والأصنام . ﴿تَضَرُّعاً﴾ يقول: تذللاً واستكانة لطاعته. ﴿وَخُفْيَةً﴾يقول: بخشوع قلوبكم وصحة اليقين منكم بوحد انيته فيما بينكم بينه، لا جهاراً مراء اة، وقلوبكم غير موقنة بوحدانيته وربوبيته، فعل لأهل النفاق والخدا ع لله ولرسوله. كما:

١١٤٦٨ —حد ثني المثني، قال: ثنا سويد بن نصر، قال: أخبرنا ابن البمارک، عن المبارک بن فضالة، عن الحسن، قال: إن كان الرجل لقد جمع القرآن وما يشعر جاره، وإن كان الرجل فقد فقه الفقه الكثير وما يشعر به الناس، وإن كان الرجل ليصلي الصلاة الطويلة في بيته وعنده الزوّار وما يشعرون به . ولقد ادركنا أقواماً ما كان على الأرض من عمل يقد رون على أن يعملوه في السر فيكون علانية أبداً. ولقدكان المسلمون يجتهد ون في الد عاء وما يسمع لهم صوت إن كان إلا همساً بينهم وبين ربهم ؛ وذلک أن الله يقول: ﴿ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعاً وَّخُفْيَةً﴾وذلک أن الله ذكر عبداً صالحاً، فرضي فعله فقال: ﴿إِذْ نادَى رَبَّه نِدَاءً خَفِيّاً﴾

١١٤٦٩ –حدثنا ابن حميد، قال: ثناجرير،عن عاصم الأحول، عن أبي عثمان النهدي، عن أبي موسىٰ، قال: كان النبي ﷺ في غزاة، فأشرفوا على واد يكبرون ويهللون ويرفعون أصواتهم،فقال: "أيها الناسُ ارْبَعُوا على أنفسِكُم، إنكُم لا تَدعُونَ أصَمّ ولا غائباً إنكم تدعون سميعاً قريباً معكم"

١١٤٧٠ –حدثنا القاسم، قال: ثنا الحسين، قال: ثني حجاج، عن ابن جريج، عن عطاء الخراساني، عن ابن عباس، قوله: ﴿ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعاً وَخُفْيَةً﴾ قال: السرّ.

وأما قوله: ﴿إِنَّه لا يُحِبُّ المُعْتَدِينَ﴾ فإن معناه: إن ربكم لا يحب من اعتدى فتجاوز حدّه الذي حدّه لعباده في دعائه ومسألته ربه، ورفعه صوته فوق الحدّ الذي حدّ لهم في دعائهم إياه ومسألتهم وفي غير ذلك من الأمور. كما:

١١٤٧١ –حدثني يعقوب ابن ابراهيم، قال: ثنا معتمر بن سلمان، قال: أنبأنا إسماعيل بن حماد بن أبي سلمان عن عباد بن عباد، عن علقمة، عن أبي مجلز: ﴿ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعاً وَخُفْيَةً إنه لا يحبُّ المُعْتَدِينَ﴾ قال: لا يسأل منازل الأنبياء عليهم السلام.

١١٤٧٢ –حدثني القاسم، قال: ثنا الحسين، قال: ثني حجاج، عن ابن جريج، عن عطاء الخراساني، عن ابن عباس: ﴿إنه لا يحب المعتدين﴾ في الدعاء ولا في غيره. قال ابن جريج: إن من الدعاء اعتداء يكره رفع الصوت والنداء والصياح بالدعاء، ويؤمر بالتضرّع والاستكانة. القول في تأويل قوله تعالىٰ:

﴿ وَلاَ تُفْسِدُوا فِي الأَرْضِ بَعْدَ إِصْلاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفاً وَطَمَعاً إِنَّ رَحْمَتَ اللهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ﴾ يعني تعالىٰ ذكره بقوله: ﴿ وَلاَ تُفْسِدُوا فِي الأَرْضِ بَعْدَ إِصْلاحِهَا﴾ لا تشركوا بالله في الأرض ولا تعصوه فيها؛ وذلك هو الفساد فيها. وقد ذكرنا الرواية في ذلك فيما مضىٰ وبينّا معناه بشواهد. ﴿بعد إصلاحها﴾ يقول: بعد إصلاح الله إياه لأل طاعته بابتعاثه فيهم الرسل دعاة إلى الحق، وإيضاحه حججه لهم، ﴿وَادْعُوهُ خَوْفاً وَطَمَعاً﴾ يقول: وأخلصوا له الدعاء والعمل، ولا تشركوا في عملكم له شيئاً غيره من الآلهة والأصنام وغير ذلك، وليكن ما يكون منكم في ذلك خوفاً من عقابه وطمعاً في ثوابه؛ وإن من كان دعاؤه إياه على غير ذلك فهو

بالآخرة من المكذ بين، لأن من لم يخفْ عقاب الله ولم يرج ثوابه لم وبال ماركب من أمريسخطه الله ولايرضاه.﴿إِنَّ رَحْمَتَ اللهِقَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ﴾ يقول تعالىٰ ذكره: إن ثواب الله الذ يي وعد المحسنين على إحسانهم في الدنيا قريب منهم. وذلك هو رحمته ! لأنه ليس بينهم وبين أن يصيروا إلى ذلك من رحمته وما أعد لهم من كرامته، إلا أن تفارق أرواحهم أجسادهم ؛ ولذ لك من المعني ذكر قوله:﴿قريبٌ﴾وهو من خبر الرحمة والرحمة مؤنثة، لأنه أريد به القرب في الوقت لا في النسب ولأوقات بذلك المعني، إذا رفعت أخباراً للأسماء أجرتها العرب مجرى الحال فوحدتها مع الواحد والإثنين والجمع وذكّرتها مع المؤنث، فقالوا : كرامة الله بعيد من فلان، وهي قريب من فلان، كمايقولون : هند قريب منا، والهند ان منا قريب، والهندات منا قريب، لأن معني ذلك : هي في مكان قريب منا، فإذا حذ فوا المكان وجعلوا القريب خلفاً منه، ذكرواه ووحدوه في الجمع، كما كان المكان مذكرا وموحدا في الجمع . وأما إذا أنثوه أخرجوه مثنى مع الإثنين ومجموعاً مع الجميع فقالوا : هي قريبة منا، وهما منا قريبتان،.

الكشاف:

﴿تَضَرُّعاًوَّخُفيَةً﴾ نصب على الحال، أى ذو تضرع وخفية . و كذالك خوفاً وطمعاً. والتضرع تفعل من الضراعة وهو الذ ل، أى تذللاً وتملقا . وقرئ وخفيه وعن الحسن رضى الله عنه : إن الله يعلم قلب التقى والدعاء الخفي، إن كان الرجل لقد جمع القرآن وما يشعر جاره، وإن كان الرجل لقد فقه الفقه الكثير ولا يشعر به الناس، وإن كان الرجل ليصلي الصلاة الطويلة فى بيته وعنده الزوّار وما يشعرون به . ولقد ادركنا أقواماًما كان على الأرض من عمل يقد رون على أن يعملوه في السر فيكون علانية أبداً . ولقدكان المسلمون يجتهدون في الدعاء وما يسمع لهم صوت، إن كان إلا همساًبينهم وبين ربهم . وذلك أن الله تعالىٰ يقول:﴿اُدْ عُوْا رَبَّكُم تَضَرُّعاً وَّخُفيَةً﴾وقد اثنى على زكريا. فقال : ﴿إذْ نادَى رَبَّه نِدَاءً خَفِيّاً﴾بين دعوة السرور ودعوة العلانية سبعون ضعفاً.

﴿ إِنَّه لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِ يْن﴾أى المجاوزون ما أمروا به فى كل شيء من الدعاء وغيره.وعن ابن جريج : هو رفع الصوت بالدعاء .وعنه الصياح في الدعاء مكروه وبدعة . وقيل: هو الإسهاب فى الدعاء . وعن النبى ﷺ سيكون قوم يعتد ون فى الدعاء . وحسب المرء أن يقول: اللهم إنى أسألك الجنة وما تقرب إليهامن قول وعمل، وأعوذبك من النار وما قرب إليها من قول وعمل، ثم قرأ قوله تعالىٰ﴿ إِنَّه لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِيْن﴾ ﴿ إِنَّ رَحْمَتَ اللهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ كقوله. (وإنى لغفار لمن تاب وآمن وعمل صالحاً) وإنما ذكر ﴿قريب﴾على تأويل الرحمة بالرحم أو الترحم، أو لأنه صفة موصوف محذ وف، أى شيء قريب، أو على تشبيهه بفعيل الذى هو بمعنى مفعول كما شبه ذلك به، فقيل قتلاء وأسراء، أو على أنه بزنة المصدر، الذى هو النقيض والضغيب، أو لأن تأنيث الرحمة غير حقيقي.

تفسیر معالم التنزیل:(ص١٦٧ج٢)

﴿ولا تُفسدُ وا في الأرض بعد إصلاحها﴾ أي لا تفسد وا فيها بالمعاصي والدعاء إلى غيرطاعة الله بعدإصلاح الله إيّاها ببعث الرسل وبيان الشريعة . والدعاء إلى طاعة الله، وهذ امعنى قول الحسن والسّدي والضحاك والكلبي . وقال عطية : لا تعصوافي الأرض فيُمسك الله المطرويُهلك الحرث بمعاصيكم .فعلى هذامعنى قوله:﴿بعد إصلاحها ﴾ أي: بعدإصلاح الله إيّاهابالمطروالخصب.﴿وادعُوه خوفاً وطمعا ﴾، أي: خوفاًمنه و من عذ ابه وطمعاًفيما عند ه من مغفرته وثوابه . وقال ابن جريج:خوف العدل وطمع الفضل.﴿إن رحمة الله قريب من المحسنين﴾ ولم يقل قريبة، قال سعيد بن جبير: الرحمة ههنا للثواب فرجع النعت إلى المعنى دون اللفظ كقوله : ﴿ وإذاحضَرَالقِسْمَةَ ألوالقُربىٰ واليَتامىٰ والمساكين فارْزُقُوهُم مِنه﴾، ولم يقل منهالأنه أرادالميراث والمال.وقا ل الخليل ابن أحمد: القريب والبعيد يستوي فيهما المذكر والمؤنث والواحد والجمع. قال أبو عمروبن العلاء: القريب فى اللغة يكون بمعنى القرب وبمعنى المسافة، تقول العرب: هذه إمرأة قريبة منك إذاكانت بمعنى القرابة، وقريب منك إذاكانت بمعنى المسافة.

تفسیر کبیر:۔(ص٢٨٣۔٢٨٦ج٥)

ثم قال تعالىٰ:﴿وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا﴾معناه لاتفسدو ا شيئاً في الأرض، فيدخل فيه المنع من إفساد النفوس بالقتل وبقطع الأعضاء، وإفساد الأموال بالغصب والسرقة ووجوه الحيل، وإفساد الأديان بالكفر والبدعة، وإفساد الأنساب بسبب الإقد ام على الزنا واللواطة وسبب القذف، وإفساد العقول بسبب شرب المسكرات، وذلك لأن المصالح المعتبرة في الد نيا هي هذ ہ الخمسة : النفوس والأموال والأنساب والأديان والعقول . فقوله:﴿ولا تفسد وا﴾ منع عن إدخال ماهية الإفساد في الوجود، والمنع من إدخال الماهية في الوجود يقتضي المنع من جميع أنواعه وأصنافه، فيتناول المنع من الإفساد في هذہ الأقسام الخمسة، وأما قوله:﴿بعد إصلاحها﴾فيحتمل أن يكون المراد بعد أن أصلح خلقتها على الوجه الطابق لمنافع الخلق والموافق لمصالح المكلفين، ويحتمل أن يكون المراد بعد إصلاح الأرض بسبب إرسال الأنبياء وإنزال الكتب كأنه تعالىٰ قال: لما أصلحت مصالح الأرض بسبب إرسال الأنبياء وإنزال الكتب وتفصيل الشرائع فكونوا منقادين لها، ولا تقد موا على تكذ يب الرسل وإنكار الكتب والتمرد عن قبول الشرائع، فإن ذلک يقتضي وقوع الهرج والمرج في الأرض، فيحصل الإفساد بعد الإصلاح ، وذلک مستکرہ فی بد اهة العقول .

المسألة الثانية: هذہ الآية تد ل على أن الأصل في المضار الحرمة والمنع على الإطلاق.إذا ثبت هذ ا فنقول: إن وجد نا نصاً خاصاً دل على جواز الإقد ام على بعض المضار قضينا به تقد يماً للخاص على العام وإلا بقي على التحريم الذي دل عليه هذا النص.

واعلم أنا كنا قد ذكرنا في تفسير قوله:﴿قل من حرم زينة الله التي أخرج لعباده والطيبات من الرزق﴾[الاعراف:٣٢]أن هذه الآية تد ل على أن الأصل في المنافع واللذات الإباحة والحل، ثم بينا أنه لما كان الأمر كذلک دخل تحت تلک الآية جميع أحكام الله تعالىٰ، فكذ لک في هذه الآية أنها تد ل على أن الأصل في المضار والآلام ؛ الحرمة .

وإذا ثبت هذا كان جميع أحكام الله تعالىٰ داخلاً تحت عموم هذه الآية، وجميع ما ذكرناه من المباحث واللطائف في تلك الآية فهي موجودة في هذه الآية، فتلك الآية دالة على أن الأصل في المنافع الحل، وهذه الآية دالة على أن الأصل في جميع المضار الحرمة، وكل واحدة من هاتين الآيتين مطابقة للأخرى مؤكدة لمدلولها مقررة لمعناها، وتدل على أن أحكام جميع الوقائع داخلة تحت هذه العموما ت، وأيضاً هذه الآية دالة على أن كل عقد وقع التراضي عليه بين الخصمين، فإنه إنعقد وصح وثبت،لأن رفعه بعد ثبوته يكون إفساداً بعدالإصلاح، والنص دل على أنه لايجوز .

إذا ثبت هذا فنقول: إن مدلول هذه الآية من هذا الوجه متأكد بعموم قوله:﴿وأوفوا بالعقود﴾[المائدة: ١]وبعموم قوله تعالىٰ:﴿ لم تقولون ما لا تفعلون–كبر مقتاًعندالله ما لا تفعلون﴾ [الصف: ٢ ، ٣ ،] وتحت قوله : ﴿واللذ ين هم لأماناتهم وعهدهم راعون ﴾ [المؤمنون:٨، المعارج: ٣٢] وتحت سائرالعمومات الواردة في وجوب الوفاء بالعهود والعقود .

إذا ثبت هذا فنقول: إن وجدنا نصاً دالاً على أن بعض العقود التي وقع التراضي به من الجانبين غير صحيح، قضينافيه بالبطلان تقديماً للخاص على العام، وإلا حكمنا فيه بالصحة رعاية لمدلول هذه العمومات، وبهذا الطريق البين الواضح ثبت أن القرآن واف ببيان جميع أحكام الشريعة من أولها إلى آخرها .

ثم قال تعالىٰ:﴿وادعوه خوفاً وطمعاً﴾وفيه سؤالات:

السؤال الأول: قال في أول الآية:﴿ادعوا ربكم﴾ثم قال:﴿ولا تفسدوا﴾ثم قال:﴿ادعوه﴾وهذا يقتضي عطف الشيء على نفسه وهو باطل.

والجواب: أن الذين قالوا في تفسير قوله:﴿ادعوا ربكم تضرعاً ﴾ أي اعبدوه إنما قالوا ذلك خوفاً من هذا الإشكال.

فإن قلنا بهذا التفسير فقد زال السؤال، وإن قلنا المراد من قوله: ﴿ادعوا ربكم تضرّعاً﴾هو الدعاء كان الجواب أن قوله:﴿ادعُوا ربَّكُم تضرُّعاً وخفية﴾ يدل على أن الدعاء لا بد وأن يكون مقروناً بالتضرع وبالإخفاء، ثم بين في قوله﴿وادعوه خوفاً وطمعاً﴾أن فائدة الدعاء هوأحد هذين الأمرين، فكانت الآية الأولى في بيان شرط صحة الدعاء، وا لآية الثانية في بيان فا ئدة الدعاء ومنفعته.

السؤال الثاني: إن المتكلمين إتفقوا على أن من عبد ودعا لأجل الخوف من العقاب والطمع في الثواب لم تصح عبادته، وذلك لأن المتكلمين فريقان: منهم من قال التكا ليف إنما وردت بمقتضى الإلٰهية والعبودية، فكونه إلٰهاً لنا وكوننا عبيداً له يقتضي أن يحسن منه أن يأمر عبيده بما شاء كيف شاء، فلا يعتبرمنه كونه فيٕنفسه صلاحاً وحسناً، وهذا قول أهل السنة . ومنهم من قال: التكاليف إ نما وردت لكونها في أنفسهامصالح ؛ وهذا هوقول المعتزلة .

إذا عرفت هذا فنقول: أما على القول الأول : فوجه وجوب بعض الأعمال، وحرمة بعضها مجرد أمرالله بماأوجبه ونهيه عما حرمه، فمن أ تى بهذ ه العبادات صحت . أمامن أتى بها خوفاً من العقاب، أوطمعاً في الثواب، وجب أن لايصح، لأنه ماأتى بها لأجل وجه وجوبها، وأما على القول الثاني: فوجه وجوبها هوكونها في أنفسها مصالح، فمن أتى بها للخوف من العقاب، أو للطمع في الثواب فلم يأت بها لوجه وجوبها، فوجب أن لاتصح،فثبت أن على كلاالمذهبين من أتىبالدعاء وسائر العبادات لأجل الخوف من العقاب،والطمع فيالثواب،وجب أن لا يصح.

إذاثبت هذا فنقول : ظاهر قوله:﴿وادعوه خوفًا وطمعاً﴾ يقتضي أنه تعالىٰ أمرالمكلف بأن يأتي بالدعاء لهذ الغرض، وقد ثبت بالدليل فساده، فكيف طريق التوفيق بين ظاهر هذه الآية وبين ماذكرناه من المعقول.

والجواب : ليس المراد من الآية ماظننتم، بل المراد : وادعوه مع الخوف من وقوع التقصير، في بعض الشرائط المعتبرة في قبول ذلك الدعاء، ومع الطمع في حصول تلك الشرائط بأسرها، وعلى هذالتقدير فالسؤال زائل ؟

السؤال الثالث: هل تد ل هذ ه الآية على أن الداعي لابد وأن يحصل في قلبه هذالخوف والطمع ؟

والجواب:أن العبدلايمكنه أن يقطع بكونه آتياًبجميعالشرائط المعتبرة في قبول الدعاء، ولأجل هذ المعنى يحصل الخوف، وأيضاً لايقطع بأن تلك الشرائط مفقودة، فوجب كونه طامعاً في قبولها فلاجرم قلنا : بأن الداعي لايكون داعياً إلا إذاكان كذلك فقوله:﴿خوفا وطمعاً﴾أي أن تكونوا جامعين في نفوسكم بين الخوف والرجاء في كل أعمالكم، ولا تقطعوا أنكم وإن اجتهد تم فقدأديتم حق ربكم . ويتأكد هذا بقوله:﴿يُؤ تون ماآتو وَقُلوبُهم وَجِلَة﴾[المؤمنون: ٦٠]

ثم قال تعالى:﴿إن رحمة الله قريب من المحسنين﴾ وفيه مسائل:

المسئلة الأولى: اختلفوافي أن الرحمة عبارة عن إيصال الخير و النعمة أوعن إرادة إيصال الخيروالنعمة، فعلى التقديرالأول تكون الرحمة من صفات الأفعال، وعلى هذالتقد يرالثاني تكون من صفات الذات، وقدا ستقصينا هذه المسئلة في تفسير﴿ بسم الله الرحمن الرحيم﴾ [الفاتحة: ١]

المسئلة الثانية: قال بعض أصحابنا: ليس لله في حق الكافررحمة ولانعمة . واحتجوابهذ ه الآية، وبيانه: أن هذ ه الآية تد ل على أن كل ماكان رحمة فهي قريبة من المحسنين، فيلزم أن يكون كل مالا يكون قريباً من المحسنين، أن لايكون رحمة، والذي حصل في حق الكافر غير قريب من المحسنين، فوجب أن لا يكون رحمة من الله ولا نعمة منه .

المسئلة الثالثة: قالت المعتزلة: الآية تدل على أن رحمة الله قريب من المحسنين، فلما كان كل هذ ه الماهية حصل للمحسنين وجب أن لايحصل منها نصيب لغيرالمحسنين، فوجب أ ن لايحصل شيء من رحمة الله في حق الكافرين، والعفوعن العذ اب رحمة، والتخلص من النار بعد الدخول فيها رحمة، فوجب أن لا يحصل ذلك لمن لم يكن من المحسنين، والعصاة وأصحاب الكبائر ليسوا محسنين، فوجب أن لا يحصل لهم العفوعن العقاب، وأن لايحصل لهم الخلاص من النار.

الجواب: أن من آمن بالله وأقر بالتوحيد والنبوة، فقد أحسن بد ليل أن الصبي إذا بلغ وقت الضحوة، وآمن بالله ورسوله واليوم الآخر، ومات

قبل الوصول إلى الظهر فقد أجمعت الأمة على أنه دخل تحت قوله: ﴿للذين أحسنوا الحسنىٰ﴾[يونس:٢٦]ومعلوم أن هذاالشخص لميأت بشيء من الطاعات سوى المعرفة والإقرار، لأنه لما بلغ بعد الصبح لم تجب عليه صلاة الصبح،ولما مات قبل الظهر لم تجب عليه صلاة الظهر، وظاهره أن سائر العبادات لم تجب عليه فثبت أنه محسن، وثبت أنه لم يصدر منه إلا المعرفة والإقرار، فوجب هذا المقدارإحساناً، فيكون فاعله محسناً.

إذا ثبت هذا فنقول:كل من حصل له الإقرار والمعرفة كان من المحسنين، فوجب بحكم هذه الآية أن تصل إلى صاحب الكبيرة من أهل الصلاة رحمة الله، وحينئذ تنقلب هذه الآية حجة عليهم .

فإن قالوا: المحسنون هم الذين أوتو بجميع وجوه الإحسان . فنقول: هذا باطل، لأم المحسن من صد ر عنه مسمى الإحسان وليس من شرط كونه محسناً أن يكون آتياً بكل وجوه الإحسان كما أن العالم هو الذي له العلم وليس من شرطه أن يحصل جميع أنوا ع العلم فثبت بهذا أن السؤال الذي ذكروه ساقط وأن الحق ما ذهبنا إليه.

المسألة الرابعة: لقائل أن يقول مقتضي علم الإعراب أن يقال: إن رحمت الله قريبة من المحسنين فما السبب في حذف علامة التأنيث ؟ وذكروا في الجواب وجوهاً: الأول: أن الرحمة تأنيثها ليس بحقيقى وما كان كذلک فإنه يجوز فيه التذكير والتأنيث عند أهل اللغة.الثاني: قال الزجاج: إنما قال:﴿قريب﴾ لأن الرحمة والغفران والعفو الإنعام بمعنى واحد فقوله:﴿إن رحمة الله قريب من المحسنين﴾بمعنى إنعام الله قريب وثواب الله قريب فاجرى حكم أحد اللفظين على الآخر. الثالث: قال النضر بن شميل: الرحمة مصد ر ومن حق المصادر التذكير كقوله : ﴿فمن جاء ه موعظة﴾[البقرة:٢٧٥]فهذا راجع إلى قول الزجاج لأن المو عظة أريد بها الوعظ، فلذلک ذكره قال الشاعر:

إن السماحة والمروء ة ضمناً—قبراً بمرو على الطريق الواضح

قيل: أراد بالسماحة السخاء وبالمروء ة الكرم. والرابع: أن يكون التأويل إن رحمة الله ذات مكان قريب من المحسنين كما قالوا:حائض

ولابن وتامر أي ذات حيض ولبن وتمر. قال الواجدي: أخبرني العروضي عن الأزهري عن المنذري عن الحراني عن ابن السكيت قال: تقول العرب : هو قريب مني وهما قريب مني وهم قريب مني وهي قريب مني؛ لأنه في تأويل هو في مكان قريب مني وقد يجوز أيضاً قريبة وبعيدة تنبيهاً على معنى قربت وبعدت بنفسها.

المسألة الخامسة: تفسير هذ ا القرب هو أن الإنسان يزداد في كل لحظة قرباً من الآخرة، وبعد اً من الدنيا، فإن الدنيا كا الماضي، والآخرة كالمستقبل، والإنسان في كل ساعة ولحظة ولمحة يزداد بعداً عن الماضي، وقرباً من المستقبل ولذلك قال الشاعر:

فلا زال ما تهواه أقرب من غد–ولازال ما تخشاه أبعد من أمس

ولما ثبت أن الدنيا تزداد في كل ساعة، وأن الآخرة تزداد قرباً في كل ساعة، وثبت أن رحمة الله إنما تحصل بعد الموت، لا جرم ذكر الله تعالىٰ: ﴿إن رحمة الله قريب من المحسنين﴾بناء على هذا التأويل.

تفسیر ابن کثیر: (ص۲۹۷ج۲)

وقوله تعالىٰ﴿ولا تفسدوا في الأرض بعد إصلاحها﴾ينهى تعالىٰ عن الفساد في الأرض وما أضره بعد الإصلاح فإنه إذا كانت الأمور ماشية على السداد ثم وقع الإفساد بعد ذلک كان أضر ما يكون على العباد فنهى تعالىٰ عن ذلک وأمر بعبادته ودعائه والتضرع إليه والتذلل لديه فقال﴿وادعوه خوفاً وطمعاً﴾أى خوفاً مما عند ہ من وبيل العقاب وطمعاً فيما عنده من جزيل الثواب ثم قال﴿إن رحمت الله قريب من المحسنين﴾ أي إن رحمته مرصدة للمحسنين الذين يتبعون أوامره ويتركون زواجره كما قال تعالىٰ﴿ورحمتي وسعت كل شيء فسأكتبها للذ ين يتقون﴾الآية وقال قريب ولم يقل قريبة لأنه ضمن الرحمة معنى الثواب أو لأنها مضافة إلى اللهفلهذا قال قريب من المحسنين وقال مطر الوراق استنجزوا موعوداللہ بطاعته فإنه قضى أن رحمة الله قريب من المحسنين. رواه ابن أبى حاتم.

آیت:(۱۰)

ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ یَکُ مُغَیِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰی قَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (انفال ۵۳)

ترجمہ: اس کا سبب یہ ہے کہ اللہ ہرگز بدلنے والا نہیں اُس نعمت کو جو دی تھی اس نے کسی قوم کو، جبتک وہی نے بدل ڈالیں اپنے جیوں کی بات، اور یہ کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

خلاصہ:۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنا ایک عام قانون بیان فرماتے ہیں اپنی بے اعتدالی کے سبب جب لوگ اپنی فطری استعداد کو بدل ڈالتے ہیں تو حق جلّ مجدہ اپنی نعمتوں کو چھین لیتے ہیں اور انعام کو انتقام سے بدل دیتے ہیں۔ جیسا کہ کفار و مشرکین میں بھی اللہ نے ایمان لانے کی نعمت ودیعت فرما رکھی تھی لیکن جب انکار و مخالفت کر کے انھوں نے اس نعمت کی قدر نہ کی تو اللہ تعالیٰ نے اس نعمت سے انھیں محروم کر دیا اور ان کے کفر کے سبب ان کے دلوں پر مہر لگا دی۔

قوت فکر و عمل پہلے فنا ہوتی ہے
پھر کسی قوم کی عظمت پہ زوال آتا ہے

نعمت چھیننے کے لئے تو یہ اصول ہے لیکن نعمت دینے کے لئے اللہ کا کوئی اصول نہیں بغیر کسی سبب کے بھی وہ نعمتوں سے نوازا کرتے ہیں۔ اور جس کو جتنا چاہتے ہیں نوازتے ہیں۔ مثلاً بن مانگے اللہ نے قادیانیوں کو اپنے پیارے حبیب محمد ﷺ کی امت میں پیدا کیا۔ اور آپ کی نبوت قیامت تک جاری رکھ کر مرزائیوں کو بھی یہ موقع دیا کہ آپ ﷺ کی نبوت کے تابع ہو کر اپنی دنیا اور آخرت بنالیں۔ لیکن جب مسلسل وہ اس کی ناقدری کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ یہ نعمت ان سے چھین لیتے ہیں اور وہ مرزا جیسے کوڑھ مغز کی نبوت منوانے کی فکر میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔

قادیانی استدلال-

یعنی اللہ تعالیٰ جس قوم پر کوئی نعمت کرتا ہے تو اس سے وہ نعمت دور نہیں کرتا۔ جب تک وہ قوم اپنی حالت نہ بدل لے۔ اگر اس امت پر خدا نے نبوت کی نعمت بند کردی ہے تو اس کے یہ معنی ہونگے کہ یہ امت بدکار ہوگئی ہے۔

جواب-

اس آیت میں نعمت نبوت کا ذکر نہیں ہے۔ بلکہ دیگر دنیوی نعمت کا ذکر ہے۔ جو آیت کے سیاق وسباق سے معلوم ہوسکتا ہے۔ اس آیت کے پہلے بھی اور بعد میں بھی فرعون وغیرہ کا ذکر ہے کہ خدا تعالیٰ نے انکو کئی نعمتیں بخشی تھیں۔ لیکن انہوں نے نافرمانی کی تو خدا تعالیٰ نے ان پر تباہی ڈالی۔ کہاں نبوت اور کہاں دنیا کی نعمتیں خوشحالی وحکومت وغیرہ۔

قادیانی مغالطہ-

-نبوت بھی ایک نعمت ہے۔ امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے کیوں محروم ہو گئی ہے؟۔

جواب نمبرا-

نبوت تشریعی اور نزول کتاب بھی اس سے بڑھ کر نعمت ہے۔ کیا آپ ﷺ کے بعد کوئی نئی کتاب یا کوئی نئی شریعت نازل ہوسکتی ہے؟۔ نہیں تو پھر وہی اعتراض لازم آیا کہ آنحضرت ﷺ کی تشریف آوری کے بعد دنیا فیض شریعت سے محروم کر دی گئی کیونکہ جس طرح انبیاء آتے رہے اس طرح شریعت بھی وقتاً فوقتاً نازل ہوتی رہی۔ اور یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ انعام شریعت بہ نسبت انعام نبوت کے بہت بڑی چیز ہے۔ ع۔ الزام ان کو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا

الغرض نزول کتاب، ونبوت تشریعی بھی ایک بڑی نعمت ہے۔ جب یہ نعمت بوجود بند ہونے کے امت میں نقص پیدا نہیں کرتی تو اگر مطلق نبوت نعمت ہو تو اس کے بند ہونے

کی صورت میں بھی کوئی نقص لازم نہیں آئیگا۔ کیونکہ نعمت اپنے وقت میں نعمت ہوتی ہے۔ مگر غیر وقت میں نعمت نہیں ہوتی ۔ جیسے بارش اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے مگر یہی بارش دوسرے وقت زحمت وعذاب ہوجاتی ہے۔

۲- ہم تو اس کے قائل ہیں کہ وہ نعمت پورے کمال کے ساتھ انسانوں کے پاس پہنچادی گئی ۔ ہم نعمت سے محروم نہیں ہیں بلکہ وہ اچھی صورت میں ہمارے پاس ہے ۔ جس طرح سورج نکلنے سے کسی چراغ کی ضرورت نہیں رہتی اس طرح آنحضرت ﷺ کی تشریف آوری کے بعد کسی نبی کی ضرورت نہیں ہے۔ چنانچہ قرآن مجید میں شجرہ طیبہ (اسلام) کے متعلق ہے کہ: تُؤْتِیْ اُکُلَھَا کُلَّ حِیْنٍ (ابراہیم ۲۵) شجرہ اسلام قیامت تک ثمر بار اور فیضان رساں رہے گا۔ اس کا فیضان قیامت تک منقطع نہیں ہوسکتا۔ قادیانی اگر خود کو اس نعمت سے محروم سمجھتے ہیں تو ان کی یہ بدفہمی ہے اس کی اصلاح کرلیں۔

نیز اگر نبوت نعمت ہی ہے تو مرزا کے بعد بھی اس نعمت کے مظاہر وجود پذیر ہونے چاہئیں۔ وہ کیونکر بند ہوگئے؟۔

ہیں فریب خوردہ اور آرزو نبوت کی
ایسی سادگی سے بڑی ہے کوئی حماقت کیا؟

کیا فرماتے ہیں مفسرین:

معارف القرآن۔ (ص۲۶۰ ج۴)

ترجمہ: اس کا سبب یہ ہے کہ اللہ ہرگز بدلنے والا نہیں اس نعمت کو جو دی تھی اس نے کسی قوم کو جب تک وہی نہ دل ڈالیں اپنے جیوں کی بات اور یہ کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

بیان القرآن:۔

اس سبب سے ہے (کہ ہمارا ایک قاعدہ کلیہ مقرر ہے اور بلا جرم سزا نہ دینا اسی قاعدہ کی ایک فرع ہے اور وہ قاعدہ یہ ہے کہ) اللہ تعالی کسی ایسی نعمت کو جو کسی قوم کو عطا فرمائی ہو نہیں بدلتے جب تک کہ وہی لوگ اپنے ذاتی اعمال کو نہیں بدل ڈالتے اور امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالی بڑے سننے والے بڑے جاننے والے ہیں (پس وہ تغیر قولی کو سنتے ہیں تغیر فعلی کو جانتے ہیں۔ سو ان کو کفار موجودین نے اپنی یہ حالت بدلی کہ ان میں باوجود کفر کے اول ایمان لانے کی استعداد قریب تھی انکار و مخالفت کر کر کے اس کو بعید کر ڈالا پس ہم نے اپنی نعمت امہال کو جو پہلے سے ان کو حاصل تھی مبدل بدار و گیر کر دیا اس کی وجہ یہ ہوئی کہ انہوں نے بطریق مذکور نعمت قرب استعداد کو بدل ڈالا)۔

معارف ومسائل

چوتھی آیت میں حق تعالی نے اپنے انعام وعطاء کے قائم اور باقی رکھنے کا ایک ضابطہ بیان فرمایا ہے۔ ارشاد فرمایا ان اللہ لم یک مغیراً نعمۃ انعمھا علی قوم حتی یغیرو امابانفسھم یعنی اللہ تعالی جو نعمت کسی قوم کو عطا فرماتے ہیں اس کو اس وقت تک بدلتے نہیں جب تک کہ یہ لوگ خود ہی اپنے حالات اور اعمال کو نہ بدلیں۔

یہاں پہلی بات قابل غور یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے عطاء نعمت کے لئے کوئی ضابطہ نہیں بیان فرمایا نہ اس کے لئے کوئی قید وشرط لگائی نہ اس کو کسی کے اچھے عمل پر موقوف رکھا کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو سب سے پہلی نعمت جو خود ہمارا وجود ہے اور اس میں قدرت حق جل شانہ کی عجیب صنعت گری سے ہزاروں حیرت انگیز نعمتیں ودیعت رکھی گئی ہیں یہ نعمتیں ظاہر ہے کہ اس وقت عطا ہوئیں جب کہ نہ ہم تھے نہ ہمارا کوئی عمل تھا۔

ما نبودیم وتقاضا ما نبودیم   لطف تو ناگفتۂ ما می شنود

اگر اللہ تعالیٰ کے انعامات واحسانات بندوں کے نیک اعمال کے منتظر رہا کرتے تو ہمارا وجود ہی قائم نہ ہوتا۔

حق تعالیٰ کی نعمت ورحمت تو اس کے رب العالمین اور رحمان ورحیم ہونے کے نتیجہ میں خود بخود ہے۔ ہاں اس نعمت ورحمت کے قائم اور باقی رہنے کا ایک ضابطہ اس آیت میں یہ بیان کیا گیا کہ جس قوم کو اللہ تعالیٰ کوئی نعمت دیتے ہیں اس سے اس وقت تک واپس نہیں لیتے جب تک وہ اپنے حالات اور اعمال کو بدل کر خود ہی اللہ کے عذاب کو دعوت نہ دے۔

حالات کے بدلنے سے مراد یہ ہے کہ اچھے اعمال اور حالات کو بدل کر برے اعمال اور برے حالا اختیار کرلے یا یہ کہ اللہ کی نعمتیں مبذول ہونے کے وقت جن اعمال بد اور گناہوں میں مبتلا تھا نعمتوں کے ملنے کے بعد ان سے زیادہ برے اعمال میں مبتلا ہو جائے۔

اس تفصیل سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ جن قوموں کا ذکر پچھلی آیات میں آیا ہے یعنی کفار قریش اور آل فرعون ان کا تعلق اس آیت سے اس بنا پر ہے کہ یہ لوگ اگر چہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ملنے کے وقت بھی کچھ اچھے حالات میں نہیں تھے سب کے سب مشرک اور کافر ہی تھے۔ لیکن انعامات کے بعد یہ لوگ اپنی بدعملیوں اور شرارتوں میں پہلے سے زیادہ تیز ہو گئے۔

آل فرعون نے بنی اسرائیل پر طرح طرح کے مظالم کرنے شروع کردیئے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ اور مخالفت پر آمادہ ہو گئے جو ان کے پچھلے جرائم میں

ایک شدید اضافہ تھا جن کے ذریعہ انہوں نے اپنے حالات مزید برائی کی طرف بدل ڈالے تو اللہ نے بھی اپنی نعمت کو نقمت اور عذاب سے بدل دیا۔ اسی طرح قریش مکہ اگرچہ مشرک اور بدعمل تھے لیکن اس کے ساتھ ان میں کچھ اچھے اعمال صلۂ رحمی، مہمان نوازی، حجاز کی خدمت، بیت اللہ کی تعظیم وغیرہ بھی تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر دین و دنیا کی نعمتوں کے دروازکھول دیئے۔ دنیا میں ان کی تجارتوں کو فروغ دیا۔ اور ایسے ملک میں جہاں کسی کا تجارتی قافلہ سلامتی سے نہ گزر سکتا تھا ان لوگوں کے تجارتی قافلے ملک شام ویمن میں جاتے اور کامیاب آتے تھے جس کا ذکر قرآن کریم نے سورہ لایلف میں رحلۃ الشتاء والصیف کے عنوان سے کیا ہے۔

اور دین کے اعتبار سے وہ عظیم نعمت ان کو عطا ہوئی جو پچھلی کسی قوم کو نہیں ملی تھی کہ سیدالانبیاء خاتم النبیین ﷺ ان میں مبعوث ہوئے اللہ تعالیٰ کی آخری اور جامع کتاب قرآن ان میں بھیجی گئی۔

مگر ان لوگوں نے خدا تعالیٰ کے ان انعامات کی شکرگزاری اور قدر کرنے اور اس کے ذریعہ اپنے حالات کو درست کرنے کے بجائے پہلے سے بھی زیادہ گندے کر دیئے کہ صلہ رحمی کو چھوڑ کر مسلمان ہو جانے والے بھائی بھتیجوں پر وحشیانہ مظالم کرنے لگے۔ مہمان نوازی کے بجائے۔ ان مسلمانوں پر آب ودانہ بند کرنے کے عہد نامے لکھے گئے۔ حجاز کی خدمت کے بجائے مسلمانوں کو حرم میں داخل ہونے سے روکنے لگے۔ یہ وہ حالات تھے جن کو کفار قریش نے بدلا۔ اس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں کو نقمتوں اور عذاب کی صورت میں تبدیل کر دیا کہ وہ دنیا میں بھی ذلیل وخوار ہوئے اور جو ذات رحمۃ للعٰلمین بن کر آئی تھی اسی کے ذریعہ انہوں نے اپنی موت وہلاکت کو دعوت دے دی۔

اور تفسیر مظہری میں معتمد کتب تاریخ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ کلاب بن مرہ جو رسول اللہ ﷺ کے نسب میں تیسرے دادا ہیں یہ ابتداء سے دین ابراہیم واسماعیل علیہ

السلام کے پابند اور اس پر قائم تھے اور نسلا بعد نسل اس د دین کی قیادت وسیادت ان کے ہاتھ میں رہی۔قصی بن کلاب کے زمانہ میں ان لوگوں میں بت پرستی کا آغاز ہوا۔ان سے پہلے کعب بن لوی ان کے دینی قائد تھے جمعہ کے روز جس کو ان کی زبان میں عروبہ کہا جاتا تھا سب لوگوں کو جمع کر کے خطبہ دیا کرتے اور بتلایا کرتے تھے کہ ان کی اولاد میں خاتم الانبیاء ﷺ پیدا ہوں گے۔ان کا اتباع سب پر لازم ہوگا۔جوان پر ایمان نہ لائے گا اس کا کوئی عمل قابل قبول نہ ہوگا۔آنحضرت ﷺ کے بارہ میں انکے عربی اشعار شعراء جاہلیت میں مشہور ومعروف ہیں۔اور یہی قصی بن کلاب تمام حجاز کے لئے کھانے اور پانی کا انتظام کرتے تھے۔یہاں تک کہ یہ چیزیں آنحضرت ﷺ کے خاندان میں آپ کے عہد مبارک تک قائم رہیں۔اس تاریخی تشریح سے یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ قریش کی تبدیلی حالات سے یہ مراد ہو کہ دین ابراہیمی کو چھوڑ کر بت پرستی اختیار کرلی۔

بہر حال مضمون آیت سے یہ معلوم ہوا کہ بعض اوقات حق تعالی اپنی نعمت،بعض ایسے لوگوں کو بھی عطا فرماتے ہیں جو اپنے عمل سے اس کے مستحق نہیں ہوتے لیکن عطائے نعمت کے بعد اگر وہ اپنے اعمال کا رخ اصلاح ودرستی کی طرف پھیرنے کے بجائے اعمال بد میں اور زیادتی کرنے لگیں تو پھر یہ نعمت ان سے چھین لی جاتی ہے اور وہ عذاب الہی کے مستحق ہو جاتے ہیں۔

آخر آیت میں فرمایا ان اللہ سمیع علیم یعنی ان کی ہر گفتگو کو سننے والے اور ان کے تمام اعمال وافعال کو جاننے والے ہیں اس میں کسی غلطی یا غلط فہمی کا امکان نہیں۔"

تفسیر ماجدی۔

ترجمہ:یہ(سب)اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی نعمت کو جس کا انعام وہ کسی قوم پر کر چکا ہو نہیں بدلتا جب تک کہ وہی لوگ اس کو نہ بدل دیں،جو کچھ ان کے پاس ہے(۸۲)اور بیشک اللہ خوب سننے والا ہے،خوب جاننے والا ہے(۸۳)

تفسیر:۔

(۸۲)یعنی جب تک کوئی قوم خود اپنی حالت اُس سے مختلف نہ کر لے جو نزول نعمت کے وقت اُسکی تھی اور اپنے اندر بجائے ایمان وطاعت کے کفر وخباثت پیدا کر لے۔نعمت وخبث کا اجتماع خلاف حکمت الٰہی ہے۔ذلک۔یعنی یہی قانون جو اوپر بیان ہوا ہے۔یہ کہ بے جرم شدید اللہ کسی کو سزا نہیں دیتا اور جب سزا دینا چاہتا ہے تو کوئی اسے روک نہیں سکتا۔نعمة کا لفظ عام ہے دنیوی،اخروی،مادّی روحانی،انفرادی قومی،سب ہی طرح کی نعمتیں اس میں آ گئیں۔مرشد تھانویؒ نے فرمایا کہ آیت کے عموم میں وہ صورت بھی داخل ہے کہ سالک سے جب کوئی معصیت سرزد ہو جاتی ہے یا کوئی طاعت ترک ہو جاتی ہے تو اس سے انوار وبرکات مقصودہ بھی منقطع ہو جاتے ہیں۔

(۸۴)چنانچہ وہ ہر تغیر قولی کو سن رہا ہے اور ہر تغیر فعلی کو جان رہا ہے۔

ترجمہ کنز الایمان۔

ترجمہ:یہ اِس لئے کہ اللہ کسی قوم سے جو نعمت انھیں دی تھی بدلتا نہیں جب تک کہ وہ خود نہ بدل جائیں ۱۰۴ اور بیشک اللہ سنتا جانتا ہے۔

تفسیر:۔

۱۰۴ اور زیادہ بدتر حال میں مبتلا نہ ہوں جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے کفار مکہ کو روزی دے کر بھوک کی تکلیف رفع کی۔امن دے کر خوف سے نجات دی اور ان کی طرف اپنے حبیب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی بنا کر مبعوث کیا۔انھوں نے ان نعمتوں پر شکر تو نہ کیا بجائے اس کے یہ سرکشی کی کی نبی علیہ الصلوۃ والسلام کی تکذیب کی اُن کی خونریزی کے درپہ ہوئے اور لوگوں کو راہ حق سے روکا۔سدی نے کہا کہ اللہ کی نعمت حضرت سید انبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔:

تفسیر ثنائی:۔

ترجمہ: یہ اس لئے کہ جو نعمت وہ کسی قوم پر انعام کرتا ہے کبھی نہیں بدلا کرتا جبتک وہ اپنے اعمال نہ بدلیں اور اللہ سنتا ہے اور جانتا ہے۔

تفسیر:۔

یہ گت ان کی اس لئے ہوئی کہ اللہ کی جناب میں یہ قاعدہ ہے کہ جو نعمت وہ کسی قوم پر انعام کرتا ہے، کبھی نہیں بدلا کرتا جبتک وہ اپنے اعمال اور اخلاق نہ بدلیں اور اس نعمت کی قابلیت نہ کھودیں اور اللہ سب کی سنتا اور جانتا ہے کسی کے جتلانے یا رپوٹ کرنے کرانے کی اُسے حاجت نہیں۔ خدا نے ان مکہ کے مشرکوں پر جو یہ نعمت کی تھی کہ ان میں رسول پیدا کیا لیکن چونکہ انھوں نے اس کی ناقدری کی خدا نے ان کی ایسی گت کی کہ کسی کی نہ ہو۔ اور یہ نعمت ان سے چھین کر مدینہ والوں کو عنایت کی اور وہ اس خدمت پر مامور ہوئے جس کو انھوں نے پورا کیا۔

تفہیم القرآن: (۱۵۱ج۲)

ترجمہ: یہ اللہ کی اس سنت کے مطابق ہوا کہ وہ کسی نعمت کو جو اس نے کسی قوم کو عطا کی ہو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کہ وہ قوم خود اپنے طرز عمل کو نہیں بدل دیتی۔ ۴۴ اللہ سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے۔

تفسیر:

۴۴ یعنی جب تک کوئی قوم اپنے آپ کو پوری طرح اللہ کی نعمت کا غیر مستحق نہیں بنا دیتی اللہ اس سے اپنی نعمت سلب نہیں کیا کرتا۔

جامع البيان: (ص ج٥)

يقول تعالىٰ ذكره: وأخذنا هؤ لاء الذ ين كفروا بآياتنا من مشركى قريش ببدر بذ نوبهم وفعلنا ذلک بهم، بأنهم غيروا ما أنعم الله عليهم به من ابتعاثه رسوله منهم وبين أظهرهم، بأخراجهم إياه من بينهم وتكذ يبهم له وحربهم إياه ؛ فغيرنا نعمتنا عليهم بإهلاكنا إياهم، كفعلنا ذلک في الماضين قبلهم ممن طغى علينا وعصى أمرنا.

وبنحو ما قلنا في ذلک قال أهل التأويل. ذكر من قال ذلک:

۱۲۵۸٦ - حدثنى محمد بن الحسين، قال: ثناأحمد بن المفضل، قال: ثنا أسباط، عن السدي: ﴿ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَکُ مُغَيِّرًا نِعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَابِاَنْفُسِهِمْ﴾يقول: نعمة الله محمد ﷺ،أنعم به على قريش وكفروا، فنقله إلي الأنصار.

وقوله: ﴿ وَأَنَّ اللهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ﴾يقول: لايخفى عليه شيء من كلام خلقه، يسمع كلام كل ناطق منهم بخير نطق أو بشرّ، عليم بما تضمر صدورهم، وهو مجازيهم ومثيبهم على ما يقولون ويعملون، إن خيراً فخيراً وإن شراً فشراً.

تفسير كشاف:

﴿ذٰلِکَ﴾إشارة إلى ماحل بهم، يعنى ذلک العذ اب أو الإنتقام بسبب أن الله لم ينبغ له ولم يصحُ فى حكمته أن يغير نعمته عند قوم ﴿حَتّٰى يُغَيِّرُوْامَا﴾ بهم من الحال فإن قلت:فما كان من تغيير آل فرعون ومشركى مكة حتىٰ غير الله نعمته عليهم؟ ولم تكن حال مرضية فيغيروها إلى حال مسخوطة قلت: كما تغير حال المرضية إلى المسخوطة، تغير الحال المسخوطة إلى أسخط منها، وأولٓئک كانو قبل بعثة الرسول إليهم كفرة عبدة أصنام، فلما بعث إليهم بالآيات البينات فكذ بوه وعادوه وتحزبو عليه ساعين فى إراقة دمه، غيرو حالهم إلى أسوأ مما كانت، فغير

الله ما انعم به عليهم من الإمهال وعاجلهم بالعذاب﴿ وَأَنَّ اللهَ سَمِيعٌ﴾لما يقول مكذ بو الرسل﴿ عَلِيمٌ ﴾بما يفعلون .

تفسیر معالم التنزیل:(ص۲۵۹ج۲)

﴿ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ یَکُ مُغَیِّرًا نِعْمَةً اَنْعَمَهَاعَلٰی قَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَابِاَنْفُسِهِمْ﴾أراد أن اللهتعالیٰ لا يغير ما أنعم على قوم حتى يغيرو هم ما بهم بالكفر وترک الشكر، فإذا فعلوا ذلک غيّر الله ما بهم، فسلبهم النعمة . وقال السدّي: نعمة الله محمد ﷺ أنعم الله به على قريش وأهل مكة، فكذ بوه وكفرو به فنقله الله إلى الأنصار، ﴿وَأَنَّ اللهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ﴾

تفسیر کبیر:۔(۲۹۲ج۵)

﴿ذلک بأن الله لم یک مغيراً نعمة أنعمها على قوم حتى يغيروا ما بأنفسهم﴾وفيه مسائل:

المسألة الأولیٰ:قوله:﴿لم یک﴾أكثر النحويين يقولون إنما حذفت النون . لأنها لم تشبه الغنة المحضة،فاشبهت حروف اللين ووقعت طرفاً، فحذفت تشبيهاً

بها كما تقول لم يدع ولم يرم ولم يل وقال الواحدي:وهذا ينتقض بقولهم لم يزن ولم يخن فلم يسمع حذف النون ههنا.

وأجاب علي بن عيسى عنه. فقال إن كان و يكون أم الأفعال من أجل أن كل فعل قد حصل فيه معنى كان فقولنا ضرب معناه كان ضرب ويضرب معناه يكون ضرب، وهكذا القول في كل فثبت أن هذ ه الكلمة أم الأفعال . فاحتيج إلى إستعمالها في أكثر الأوقات، فاحتملت هذ ا الحذف بخلاف قولنا لم يخن ولم يزن، فإنه لا حاجة إلى ذكرها كثيراً فظهر الفرق. والله اعلم.

المسألة الثانية: قال القاضي: معنى الآية أنه تعالیٰ أنعم عليهم بالعقل والقد رة وإزالة الموانع وتسهيل السبل والمقصود أن يشتغلوا بالعبادة

والشكر ويعد لوا عن الكفر، فإذاصرفوا هذه الأحوال إلى الفسق والكفر، فقد غيروا نعمة الله تعالىٰ على أنفسهم، فلاجرم استحقوا تبد يل النعم بالنقم والمنح بالمحن قال:وهذامن أوكد مايدل على أنه تعالى لا يبتدىء أحداًبالعذاب والمضرة، والذي يفعله لايكون الأجزاء علىٰ معاص سلفت، ولوكان تعالىٰ خلقهم وخلق جسمانهم وعقولهم ابتداء للنار كمايقوله القوم، لما صح ذلک، قال أصحابنا: ظاهرالآية مشعربما قاله القاضي الإمام إلا أنالوحملنا الآية عليه لزم أن يكون صفة الله تعالى معللة بفعل الإنسان، وذلک لأن حكم الله بذلک التغييروإرادته لما كان لايحصل إلا عند إتيان الإنسان بذلک الفعل، فلو لم يصد ر عند ذلک الفعل لم يحصل لله تعالى ذلک الحكم وتلک الإرادة، فحينئذ يكون فعل الإنسان مؤثراًفي حد وث صفة في ذات الله تعالىٰ، ويكون الإنسان مغيراً صفة الله ومؤثراً فيها، وذلک محال في بد يهة العقل، فثبت أنه لا يمكن حمل هذاالكلام على ظاهره، بل الحق أن صفة الله غالبة على صفات المحدثات، فلولا حكمه وقضاؤه أوّلاً لما أمكن للعبد أن يأتي بشيء من الأفعال والأقوال"

تفسیر ابن کثیر: (ص۴۲۲ج۲)

يخبر تعالىٰ عن تمام عدله وقسطه في حكمه بأنه تعالىٰ لا يغير نعمةً أنعمها على أحد، إلا بسبب ذنب إرتكبه، كقوله تعالىٰ: ﴿إنّ الله لا يغير ما بقوم حتى يغيروا ما بأنفسهم، وإذا أرادالله بقوم سوء اً فلا مردله وما لهم من دونه من وال﴾وقوله﴿كدأب آل فرعون﴾أي كصنعه كعال فرعون وأمثالهم،حين كذ بوا بآياته، أهلكهم بسبب ذنوبهم وسلبهم تلک النعمة التى أسدا اها إليهم، من جنات وعيون وزروع وكنوز ومقام كريم، ونعمة كانوا فيها فاكهين،وما ظلمهم الله في ذلک بل كانوا هم الظالمين.

ہمیں ضرور پڑھیں

تحفظ ختم نبوت اور رد قادیانیت کے موضوع پر آڈیو سی ڈی (Audio CD) مندرجہ ذیل علماء کرام کے بیانات پر مشتمل تیار ہے

۱۔ حضرت مولانا منظور احمد صاحب چنیوٹی مدظلہ فاتح قادیانیت و فاتح ربوہ۔

۲۔ مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری نائب ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند نیز تربیتی کیمپ دارالعلوم دیوبند، تربیتی کیمپ آسام، تربیتی کیمپ مدراس، تربیتی کیمپ بھاگلپور، تربیتی کیمپ بنگلور نیز دیگر مقامات کے اجلاس عام اور اس موضوع سے متعلق مختلف پروگراموں کی بھی سی ڈی تیار کرائی جاتی ہیں۔ خواہش مند حضرات پیشگی آرڈر بک کرائیں۔

اور یہ بھی یاد رکھیں!

قادیانی اپنے باطل مزعومات کو ثابت کرنے کیلئے جن کتب تفاسیر میں تحریف و تلبیس کرتے ہیں وہ تو محدود نہیں البتہ وہ آیات قرآنی ضرور محدود ہیں جن کو مشق ستم بناتے ہیں۔ قادیانی جن آیات کے معانی و مطالب میں تحریف کرتے ہیں اُن سے متعلق کتاب میں مندرج تفاسیر کے علاوہ جن تفاسیر کی آپ کو ضرورت ہو خواہ وہ تفسیر کسی بھی مکتب فکر کی ہو آپ ہم سے رابطہ کریں مطلوبہ تفسیر کی فوٹو کاپی آپ تک پہنچانے میں میں اپنی سعادت سمجھوں گا، اس کیلئے ہمارا ای میل اور ویب سائٹ حاضر ہے۔

والسلام

E-Mail: shahalamgorakhpuri@rediffmail.com
website:www.mtkn-deoband.org
Ph:01336-220345